آباد ہے گی۔ شمس العلماء صاحب کی یہ منطق ہماری سمجھ میں نہیں آتی۔ مرزا سلطان احمد صاحب نے مذہب و قوم کی پیدائش اور نشو ونما کے اصولوں کو بہت عمدہ طریقے سے اپنے مضمون میں بیان کیا ہے۔ مولوی غلام محمد صاحب وکیل مدیر نقد الاعمار نے اپنے مضمون "نہ ختم ہونے والی کہانی" میں ایک بڑی فاش غلطی کی ہے۔ مسلمانوں میں گداگری کی روز افزوں ترقی کے اسباب میں سے ایک سبب آپ ہندوستان کے ہندو اقوام کے پڑوس کے اثر کو بتلاتے ہیں "کیونکہ تفریق ذات نے ان میں اس قسم کے اسباب پیدا کر دیئے تھے کہ بعض لوگ جو اپنے آپ کو شودر کہلائیں، وہ امراء سے مانگ کر گزارا کریں، چنانچہ مسلمانوں میں بھی زیادہ تر پیشہ ور گداگر ان ہی نومسلم اقوام میں ہیں، جو پہلے سے گداگری کیا کرتی تھیں۔" یہ تو ہم کو نہیں معلوم کہ مسلمانوں میں گداگر صرف نومسلم ہی ہوتے ہیں۔ گو اس امر کے متعلق ایک دلچسپ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر ہندوستان کے مسلمان گداگر نومسلم ہیں تو ایران اور وسط ایشیا کے درویش کس زمرہ میں ہیں۔ مگر اس سے قطع نظر کر کے مولوی صاحب کا یہ کہنا کہ ہندوؤں میں گداگری شودروں کا پیشہ ہے البتہ تعجب خیز ہے۔ کیا مولوی صاحب کو اتنا بھی نہیں معلوم کہ ہندوؤں میں بھیک مانگنا خاص برہمنوں کا حق ہے اور شودروں کا فرض دوسروں کی خدمت کر کے اپنا پیٹ بھرنا ہے۔ مولوی صاحب نے ہندوؤں کو مسلمانوں کی گداگری کا ذمہ دار عبث ٹھہرا دیا، مگر اس بات پر غور نہیں کیا کہ جن واقعات پر وہ اپنے اس فیصلہ کی بنیاد رکھتے ہیں وہ بالکل بے اصل ہیں۔

"دلگداز" میں گلزار نسیم کے متعلق ابھی تک بحث جاری ہے۔ یہ بحث زیادہ تر لفظی ہے۔ اس وجہ سے ہم اس کی نسبت کچھ عرض کرنا نہیں چاہتے۔ ہاں مثنوی مذکور کے متعلق مولوی عبدالحلیم صاحب شرر کے دو متضاد بیانات ناظرین کی دلچسپی کے لئے پیش کرتے ہیں۔ مارچ کے پرچہ میں مولانا صاحب نے لکھا تھا کہ "کوئی تعجب کی بات نہیں ہے اگر آتش نے اس دلبستگی کی بنیاد پر جو انہیں اپنے شاگرد سے تھی اس کی تحریک سے یا اس کی مشق اولین دیکھ کے اس مثنوی کو تفنن طبع کے طور پر کہا ہو۔ پھر اس میں متعدد لغزشیں دیکھ کے اسے بجائے اپنے اسی کی طرف منسوب کر دیا ہو جن دنوں یہ مثنوی کہی گئی ہے اُن دنوں شاعری کا یہ رنگ تھا کہ معائب محاسن پر غالب خیال کئے جاتے تھے اور شعراء کو کلام میں خوبیاں پیدا کرنے سے زیادہ فکر اس بات کی ہوتی تھی کہ کلام عیب سے پاک ہو۔ لہٰذا یہ خیال اس بات کا اچھا محرک ہو سکتا تھا کہ آتش

ذکاء اللہ کا مضمون " پریس اور رعایا " پر اور دوسرا خان صاحب مرزا سلطان احمد [illegible]
کا " مذہب اور مذہبی فرقہ بندیوں " پر۔

" شمس العلماء صاحب کی رائے میں تو ہمارے ملک کے انگریزی اخبارات جو ہندوستانیوں کے ہاتھ میں ہیں بالکل بیکار ہیں۔ کیونکہ ان کا بڑا مقصد ہے پولیٹکل ایجی ٹیشن پھیلانا اور یہ کوشش محض بیہودہ ہے کیونکہ آپ کے نزدیک " یہ تعلیم یافتہ آدمیوں کی غلطی ہے کہ وہ اپنی اس بلاغت و فصاحت کو عمل کا قائم مقام سمجھیں وہ خوب سمجھ لیں کہ جو باتیں ملک کے اصلی فائدے اور ترقی کی ہیں ان کا کرنا ان کے حد اختیار سے باہر ہے۔" مولوی ذکاء اللہ صاحب کا یہ فیصلہ ایسا ہے کہ اگر یہ صحیح ہو تو پولیٹکل ایجی ٹیشن کی کمر توڑ دینے کے لئے کافی ہے۔ مگر خوش قسمتی سے آگے چل کر آپ نے خود ہی اس بیان کی تردید کر دی ہے۔ مولوی صاحب فرماتے ہیں " یہ اخبار حکام ضلع کے کاموں کی بیجا خبر لیتے رہتے ہیں جس کے خوف کے سبب سے حکام اب کام پہلے کی نسبت زیادہ احتیاط سے کرنے لگے ہیں۔" اگر ایسا ہے تو نہ تو اخبار بیکار ثابت ہوئے اور نہ تعلیم یافتہ گروہ کی فصاحت و بلاغت رائیگاں گئی۔ کیونکہ ہندوستان ایسے ملک میں اخباروں کا ایک بڑا فرض یہ ہے کہ رعایا کو اس کے حقوق اور فرائض سے آگاہ کر کے اس قابل بنا دیں کہ وہ اپنے فرائض کو احسن طریقے سے انجام دے سکے اور اپنے حقوق کی نگرانی کر سکے اور حقوق کی نگرانی اور حفاظت کے لئے عوام کی رائے (پبلک اوپینین) میں ایسی قوت پیدا کی جاوے کہ حکام اس کا لحاظ کرنے کے لئے مجبور ہوں۔ اگرچہ ہندوستان کے اخباروں نے کسی حد تک یہ بات پیدا کر دی ہے تو جو باتیں اصلی فائدے اور ترقی کی ہیں وہ ان کی حد اختیار سے باہر نہیں ہیں۔

ہم کو یہ دیکھ کر تعجب ہوا کہ گو یہ مضمون عصر جدید میں چھپا ہے۔ مگر اس میں خیرات کے مروجہ بعض طریقوں اور شادی اور غمی کی فضول خرچیوں کی حمایت کی گئی ہے۔ مراسم شادی کی فضول خرچیوں کے نسبت آپ کی یہ رائے کہ " ان فضول خرچیوں پر بعض فرقوں کی معاش موقوف ہے۔ اگر وہ موقوف ہوں تو ان فرقوں پر دفعتاً بڑی مصیبت و آفت آ جائے۔" ہم نہیں جانتے کہ یہ دلیل کیا معنی و مطلب رکھتی ہے۔ کیا اس کے یہ معنی ہیں کہ چونکہ چوری اور قزاقی اور زنا پر بعض فرقوں کی معاش موقوف ہے اس لئے ان کا انسداد دیکھنا نہ چاہئے، ورنہ ان فرقوں پر بڑی مصیبت

صاحب شوق سے ہے۔ آپ ان چند لوگوں میں سے ہیں جن کی ذات پر لکھنؤ کو ناز ہے۔ ایک مدت تک اخبار "آزاد" کے اڈیٹر نامی کے ساتھ رہے ہیں اور پنچ میں جو آپ کے مضامین نکلے ہیں ان کا شمار ہر صورت سے اُردو کے اعلیٰ لٹریچر میں کیا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں آپ ایک کہنہ مشق اور مشہور شاعر بھی ہیں۔ چنانچہ مثنوی ترانۂ شوق آپ سے یادگار ہے اور یہ مثنوی گلزارِ نسیم کے طرز میں آپ نے تحریر فرمائی ہے۔ لکھنؤ میں یہ مشہور ہے کہ ترانۂ شوق گلزارِ نسیم کے جواب میں لکھی گئی تھی اور اس لئے شاید مولوی عبدالحلیم صاحب کو حضرت شوق سے حمایت کی امید تھی۔ آپ نے جو مراسلہ پنچ میں اس بحث کے متعلق بھیجا ہے اور جس کو منشی سجّاد صاحب نے 'قولِ فیصل' مانا ہے ہم اس کو بجنسہٖ درج ذیل کرتے ہیں ــــــ"

ایک نئے رسالہ "المصباح" کا بھی نوٹس لیا گیا ہے :

"جولائی سے ایک نیا اُردو رسالہ "المصباح" نامی جے پور سے جاری ہوا ہے۔ اس رسالہ کی خاص غرض یہ ہے کہ "فلسفۂ جدید اور سائنس کی مدد سے دہریت کے خلاف مذہب پر عموماً اور متنازعہ اُمور پر خصوصاً روشنی ڈالی جاوے۔" مگر علاوہ "روحانی" مسائل کے ورزش، صنعت و حرفت، حفظِ صحت وغیرہ پر بھی مضامین شائع ہوا کریں گے اور "مشاہیرِ ہند کی باتصویر سوانحعمریاں" بھی ہدیۂ ناظرین کی جاویں گی۔ چنانچہ جولائی کے نمبر میں سر سید احمد خاں صاحب کی سوانحعمری شائع کی گئی ہے۔ قیمت سالانہ عام شائقین سے للعہ، طلبہ سے عہ"

جلد ۳ - نمبر ۹ :

سخنورانِ کشمیر: لچھمی رام سرور (از چکبست)۔ اُردو زبان (از دتاتریہ) بہارِ کشمیر:۔ (اس کے تحت بشن نرائن اور اثر لکھنوی کا کلام ہے) ۔ بقیہ پانچ مستقل عنوانات بدستور ہیں۔ "ہمارے معاصرین" کے تحت ایک نئے پرچہ کا نوٹس لیا گیا ہے :

"اس مرتبہ ہمارے پاس ایک نیا پرچہ آریہ سماچار نامی آیا ہے۔ یہ پرچہ دیانند انگلو ویدک کالج ٹرسٹ اینڈ مینجمنٹ سوسائٹی ممالکِ متحدہ کا ماہوار رسالہ ہے اور کانپور سے بابو آنند سروپ صاحب وکیل کے زیرِ اہتمام شائع ہوتا ہے۔ اس کے مضامین اکثر آریہ سماج

اس مثنوی کو کہیں اور اپنے کمسن شاگرد کو دیدیں" اگر ہمارا حافظہ غلطی نہیں کرتا، تو مولوی عبدالحلیم صاحب کی طرف سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس مثنوی میں آتش کے سب شاگردوں کا کچھ نہ کچھ حصہ ہے اب جولائی کے دلگداز میں آپ کہتے ہیں کہ "اعتراضوں کے تسلیم کرنے کے ساتھ ان کے (اڈیٹر ریاض الاخبار کے) اس ارشاد کے نسبت کہ "جو اعتراضات شررؔ نے کئے ہیں گو موجودہ زمانے میں ان کا حرف حرف صحیح ہے مگر جس زمانے میں نسیم تھے اس وقت کی زبان اور طرز کلام اور تصرفات کو دیکھتے ہوئے ہم نسیم کی کوئی خطا نہیں دیکھتے" ہم کچھ کہنا چاہتے ہیں نسیم کو اتنا زمانہ نہیں گذرا کہ انکی طرف سے ایسی عذرداری جائز بھی ہو سکے۔ ایسے تصرفات ایسی لغزشیں اگر اس زمانہ میں جائز تھیں تو ضرور تھا کہ ان کے معاصرین اور دیگر شاگردان ناسخ و آتش کے کلام میں بھی پائی جاتیں"۔ اب ذرا غور طلب امر یہ ہے کہ مولوی عبدالحلیم صاحب کے یہ دونوں بیانات کہاں تک ایک دوسرے کی تنسیخ کرتے ہیں۔ اگر مثنوی آتش کی تصنیف ہے۔ یا اگر اس میں صبا، رند، خلیل کی شرکت ہے، تو اس کے معائب کے ذمہ دار یہ سب شعراء ہیں اور اگر نسیم کے معاصرین کا کلام ایسے تصرفات اور ایسی لغزشوں سے پاک ہے، تو گلزار نسیم میں ان کی شرکت تسلیم نہیں کی جا سکتی۔ معلوم ہوتا ہے کہ جولائی میں مضمون لکھتے ہوئے مارچ والے مضمون کا مولانا کو خیال نہیں رہا کیا ہو؟ غلبۂ ذکاوت سے کبھی کبھی ایسا ہو جاتا ہے۔ مگر ہمکو خوشی یہ ہے کہ اس بحث میں اودھ پنچ نے نہایت ہی بے تعصبی سے کام لیا ہے اور منشی سجاد حسین صاحب ایسے منصف مزاج انشاء پرداز سے امید بھی ایسی ہی تھی کہ منشی صاحب موصوف کی صحت میں فرق آ گیا ہے مگر خلقی ذہانت اور طبیعت داری میں فرق نہیں آیا ہے اور جس زور کے مضامین آپ کے قلم سے اس بحث میں نکلے ہیں ان سے ثابت ہوتا ہے کہ عالمانہ و محققانہ لیاقت کے ساتھ آپ کا آئینۂ دل مذہبی تعصب کے زنگ سے صاف ہے۔ یکم اگست ۱۹۰۵ء کے "اتحاد" میں جو بیہودہ گستاخی مولوی عبدالحلیم شررؔ نے منشی صاحب کی خدمت میں کی ہے اس کا جواب بس یہی ہے کہ :

اللہ ہے نگہباں اسلاف کی آبرو کا — منہ پر پڑا اسی کے جس نے فلک پہ تھوکا

علاوہ اڈیٹوریل مضامین کے اودھ پنچ میں ایک ایسے شخص کا مراسلہ شائع ہوا ہے جس کی طبیعت داری ذہانت اور قابلیت سے حضرت شررؔ اور ان کے ساتھیوں کو بھی انکار نہ ہو گا۔ ہماری مراد منشی

جلد ۴۔ نمبر ۱۔ جنوری ۱۹۰۶ء:

انڈین نیشنل کانگریس: اکیسویں اجلاس کانگریس پر (از چکبست)۔ محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس: ۱۹۰۵ء کے اجلاس کی روداد (از منشی بدرالدین احمد بی۔ اے)۔ ٹمپرنس کانفرنس (از رتن ناتھ کول) انڈین سوشل کانفرنس (از منوہر لال زتشی) نمائش اور انڈسٹریل کانفرنس (از اقبال نرائن گرٹو)۔ ہمارے معاصرین اور دیگر مستقل عنوانات۔

جلد ۴۔ نمبر ۲:

دقیانوسی خیالات (از کول ہلالی)۔ ہندوستان جدید (از کشن پرشاد کول)۔ ہندوستانیوں کی اخلاقی تعلیم (از ترلوکی)۔ این ہم غنیمت است (از ت۔ ن۔ ک) تعلیم نسواں (از سورج نرائن بہادر)۔ بہار کشمیر اور دوسرے مستقل عنوانات۔

جلد ۴۔ نمبر ۳:

مسٹر اومیش چندر دت کی تقریر (از پنڈت اقبال نرائن گرٹو)۔ ہندوستانیوں کی اخلاقی تعلیم (از ترلوکی ناتھ کول)۔ ہمارے معاصرین اور دوسرے مستقل عنوانات۔

تنقید: "بھارت درپن" (از چکبست)۔ "دیسی ولایتی کھانڈ کا مقابلہ" (از ہیرا لال گپتا)۔

جلد ۴۔ نمبر ۴:

سناتن دھرم اور سوشل اصلاح: تقریریں سوشل کانفرنس (از جسٹس چندراورکر)۔ قوم کی موجودہ حالت (از اقبال کشن کول شرر)۔ تاریک خیالات (از کامتا پرشاد عرف سکھیا)۔ کشمیر و دگرہا (از منشی عبدالسلام رفیقی۔ اڈیٹر الرفیق، رنگون۔ فارسی نظم) یہ صرف ایک غیر پنڈت احتشام پورے فائل میں ملتا ہے۔ نظم ہے جو "منقول" ہے۔ دقیانوسی خیالات۔ (از دقیانوس)۔

جلد ۴۔ نمبر ۵:

اڈیٹوریل: مالویہ جی کی مجوزہ ہندو یونیورسٹی پر ـــــ لکھا ہے کہ تعلیم کو مذہب کے ساتھ آمیز کرنا ٹھیک نہیں۔ مضامین نثر (از شرر و شرر)۔ (پروفیسر مولوی سید حمید الدین

سے متعلق ہیں۔ ان میں سے ایک مضمون کا خاص طور سے ذکر کرنا چاہتے ہیں۔ اس کی سُرخی ہے "آریہ سماج بر دلعزیز کیونکر بن سکتا ہے" اور اس میں پنڈت بدری دت صاحب شرما نے جو خود آریہ سماجی ہیں اپنی سماج کی چند نقائص اور کمزوریوں کو نہایت صاف الفاظ میں بیان کیا ہے۔

'خط و کتابت' کے ذیل میں حوالہ ہے کہ "رسالہ کشمیر پرکاش مرحوم ... سب سے اوّل نمبر بابت جون و جولائی ۱۸۹۲ء" تھا۔ سفیر کشمیر کے نمبر مارچ و اپریل ۱۸۹۳ء کا حوالہ ہے۔

جلد ۳۔ نمبر ۱۰:

ہندوستان جدید (از کشن پرشاد کول) ۔مجذوب کی بڑ (از شام پرشاد زتشی) قیصر باغ کا قدیم نظارہ (منقول از زمانہ) خط و کتابت ، بہار کشمیر۔ اخبار قومی وغیرہ۔

'اخبار قومی' کے تحت ایک ذیلی عنوان ہے: نتیجۂ امتحانات الہ آباد یونیورسٹی۔ اس میں بغیر دوسرے کامیاب طلبا کے ناموں کے اندراجات بھی ہیں:

"بی۔ اے۔ پنڈت ہردے ناتھ کنزرو۔ آگرہ۔ درجہ دوئم" بی۔ ایس۔ سی۔ پنڈت ہردے ناتھ کنزرو۔ آگرہ۔ درجہ سوئم"

جلد ۳۔ نمبر ۱۱:

ہندوستان قدیم۔ (از کشن پرشاد کول)۔ تربیت اولاد: (از گوپی ناتھ کنزرو) چارلس ڈارون (منقول از رسالہ سائنس و تعلیم) خط و کتابت ۔ بہار کشمیر وغیرہ۔

جلد ۳۔ نمبر ۱۲:

اڈیٹوریل : ۔ لاجپت رائے اور گوکھلے۔ انگلستان سے واپس (ب) تقسیم بنگال کی ہندو مخالفت کر رہے ہیں۔ گوپال کرشن گوکھلے باتصویر (از اڈیٹر)

انڈین نیشنل کانگریس ۔(... لکھنے والے کے نام نہیں: غالباً اڈیٹر ہی قلم سے) الڈ کرزن کا عہد حکومت ۔۔(از برج نرائن گرٹو)۔ وطن آخر وطن ہے: ایک کہانی لاافریقن (ترجمہ از فرانسیسی ۔ از عبدالقادر) ہمارا سماج (منقول از دعوت ... ... زمانہ) اور دوسرے عنوانات۔

یہ کہ جو مضمون نگار پولیٹکل مقاصد واغراض کے حصول کے لئے کوشش کرنے کو سودے اور جنون سے تعبیر کرتا ہے' وہ دنیا کی تاریخ سے کس قدر ناواقف ہے اور اس نے برٹش گورنمنٹ کے اصول حکومت کے سمجھنے میں کس قدر غلطی کی ہے۔ کسی خاص مضمون یا بحث کا کسی رسالہ کے مقاصد واغراض کے خلاف ہونا اور بات ہے اور بلا سمجھے بوجھے کسی کو گالیاں دینا دوسری بات ہے۔ اسی نمبر میں دو اور مضمون شائع ہوئے ہیں' جو ایک دوسرے کے متضاد ہونے کی وجہ سے ضرور دلچسپ ہیں۔ محمد نبی خاں صاحب نے اپنے مضمون میں مسلمانوں کی تنزل کی وجہ ان کی لامذہبی کو قرار دیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ "اس واقعہ کے تمام پہلوؤں پر نظر کرنے کے ساتھ مجھے ان لوگوں کا بھی خیال پیدا ہوتا ہے جو خلعتِ زیبا سے پابندئ مذہب کو اتار کر سر سے پیر تک برہنہ ہوگئے اور ہمارے علمائے اسلام اور بزرگانِ عظام کے پند و نصائح کو نعوذ باللہ من ذٰلک' مجنون کی بڑ خیال کرتے ہیں" آگے چل کر آپ اپنے مضمون کا ماحصل یوں بیان کرتے ہیں "میری اس تحریر سے عنوان والے سوال (ہماری ترقی کیونکر ہوسکتی ہے) کا جواب حاصل ہو گیا کہ سوائے دین کی پابندی کے ہماری ترقی نہیں ہوسکتی" ان خیالات کا پورا پورا جواب اسی نمبر میں ہم کو تیجی مضمون حمت سے معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ اس میں ایک خاص مسئلہ کو ذہن میں رکھ کر قاعدے کے ساتھ اس پر بحث کی گئی ہے۔ ریڈیکل کی رائے ہے کہ "مذہب کی غایت اور اصل مقصد نبی نوع انسان کی روحانی اصلاح کرنا ہے۔ دنیوی معاملات وسلسلہ سبب ومسبب سے مذہب کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ اور نہ کوئی مذہب ہمیشہ کے واسطے دنیوی معاشرت کا کوئی مستقل کوڈ مرتب کرنے کا ذمہ دار ہوسکتا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ روحانی اصلاح کے واسطے جہاں تک دنیوی معاشرت میں دست اندازی کی ضرورت ہو' اس کے متعلق بھی مذہبی کتب میں کچھ احکام اور ہدایات مل جاویں۔ لیکن وہ احکام عام طور پر زمانہ کے واسطے موزوں اور قابل عمل ہوتے ہیں' جس زمانے میں وہ انسانوں پر نازل کئے گئے تھے۔ ہر زمانہ میں اُن کی پابندی قرین مصلحت اور موصل الی المقصود نہیں ہوسکتی" اس کے بعد اہل فنشیا یونان اور روم ۃ الکبریٰ کی ترقی

بسلسلۂ مضمون مصنفۂ چکبست دبحث ابن چکبست و شرر حکیم برہم وغیرہ — دقیانوسی خیالات (از سورج نرائن بہادر) اس عنوان سے کول جالی شمارہ ۲ میں لکھ چکے ہیں۔

آزادی (از اقبال نرائن بہادر دکشن پرشاد کول) — کشن پرشاد کول کے مضمون پر مراسلۂ اقبال نرائن اور پھر کول کا جواب شائع کیا ہے۔

بہارِ کشمیر، ہمارے معاصرین اور دوسرے عنوانات

'ہمارے معاصرین' کے تحت مخزن، دلگداز' وغیرہ کے علاوہ نئے پرچے تہذیب کا (جس کا مجمل تذکرہ پہلے بھی ہو چکا ہے) بھی تفصیلی حوالہ ہے:

"کئی ماہ سے ایک رسالہ تہذیب نامی رام پور سے شائع ہونا شروع ہوا ہے۔ اس رسالہ کے مئی نمبر میں کئی مضمون قابلِ ذکر ہیں۔ ایک مضمون "لبرل" کا لکھا ہوا ہے۔ جس کی سرخی ہے "تعلیم یافتوں کا رجحان" اور جس میں انگریزی پڑھے ہوئے نوجوانوں کی چند کمزوریاں بیان کی گئی ہیں۔ مثلاً مذہب کی طرف سے بے پرواہی، اسراف، قومی تعصب، وتنگ خیالی، نہ ان کمزوریوں کے وجود سے کسی کو انکار ہوسکتا ہے کہ ان کی اصلاح کو غیر ضروری یا ناپسندیدہ کہہ سکتا ہے لیکن مضمون نگار نے اس جائز شکایات پر اکتفا نہ کرکے پولیٹکل دائرہ میں کام کرنے والوں کو خواہ مخواہ گالیاں دی ہیں۔ مثلاً آپ فرماتے ہیں:۔ "نئے تعلیم یافتہ مذہب اور ملت سے زیادہ عزیز اپنے پولیٹکل مقاصد واغراض کو سمجھتے ہیں۔ جس کا بڑی طرح ان کے دماغوں میں سودا سمایا ہوا ہے۔ کوا چلا ہنس کی چال اپنی رفتار بھی بھولا اور وہ بھی نہ آئی لگا کُدکنے۔ وہی حال اس گروہ کا ہے کہ یورپ کے دولتمند صاحبِ علم وفضل اولوالعزم قوموں کی دیکھا دیکھی ان کو بھی زکام ہوا ہے اور ملک کے اختلافِ قومی وملکی سے غافل ہوکر ہر تعلیم یافتہ ہندو ہو یا مسلمان باغیانہ خیالات سے مدہوش ہو رہا ہے۔ ادب تہذیب متانت سے گذر کر اسی دُھن میں گرفتار ہے کہ ہمارا بھی حکومت کے پانچویں سواروں میں شمار ہو جائے۔" ان فقروں کو پڑھ کر دو قسم کے خیالات پیدا ہوتے ہیں۔ اوّل یہ کہ جو شخص تعلیم یافتہ ہندوؤں اور مسلمانوں کو باغیانہ خیالات سے مدہوش بتلاتا ہے، وہ ہندوستان کے پولیٹکل تحریک کے حالات سے کس قدر غافل ہے۔ دوسرے

نا اور اس کا علاوہ آخرہ اس مقصد کو دی جاتی تھی وہ امور مذہبی کی جانب توجہ کبھی ہرگز
سبب نہ ہوئی اور یہی حال لکھنؤ کی نیشنل کلب کا ہے۔ مراسلہ کشمیر نے سنہ ۱۸۷۲ء کے آخر میں
لیا اور اسی وقت سے تخفیف مصارف شادی کا مسئلہ معرض بحث میں ڈالا گیا۔ ہمارے
بل بحکم بزرگ جناب پنڈت بشمبر ناتھ عرف صاحب نے جن کی بزرگی اور فضیلت محتاج توصیف
نہیں ایک مفصل رسالہ میں اس مسئلہ پر بحث کی اور اسے چھپوا کر مراسلہ کے توسل سے
منظوری لانے کے لئے ساری برادری میں شائع کرایا[1]۔ عرصہ تک مراسلہ کے کالم اس مسودہ
تنقیح و تنقید سے مالا مال نکلتے رہے۔ اس کے چند ماہ بعد ہی ایک اور کتاب میں اس مضمون
اور مضامین کے ساتھ مفصل بحث کی گئی[2] ...

کشمیری پنڈت نیشنل ایسوسی ایشن لاہور ... ...
... ... (جسے بنظر اختصار قومی انجمن لاہور کے نام سے تعبیر کیا جائے گا) سنہ ۱۸۹۱ء کی
۱۲ جنوری کو (کہا جاتا ہے کہ سنکرانت کے مبارک دن) بمقام لاہور قائم ہوئی اور اس کا اعلان
دعوتِ شرکت ایک دو ورقہ گشتی چٹھی کی شکل میں سفر کشمیر بابت ماہ مارچ سنہ ۱۸۹۱ء کے ساتھ
شائع ہوا۔ اس کے صفحہ ۲ پر یہ اصول انجمن لکھے ہوئے تھے۔

- اوّل۔ اتفاق قومی کو پیدا کرنا۔
- دوّم۔ علمی اخلاقی اور صنعتی ذرائع کو تقویت پہنچانا۔
- سوّم۔ سوشل اصلاحات جو مذہب کے خلاف نہ ہوں اور بہبودی قوم کو وسعت دینا۔
- چہارم۔ قوم کی مفلس بیوگان اور بے مددیتیموں کی پرورش کے لئے ایک خیراتی سرمایہ کا بہم پہنچانا۔ ...

اوّل مسئلہ جو انجمن نے ہاتھ میں لیا وہ "تخفیف مصارف شادی کتخدائی دختر" تھا
اور اوّل مضمون جو اس نے شائع کیا وہ "رسم و رواج مہر" تھا[3]۔ یہ مسودہ پنڈت مہر پرشاد صاحب

---

[1] التماس بجز اساس۔ اہلی قوم کی خدمت سراپا افادت میں بزعم فکر اصلاح اسراف تزدیج اطفال کے ۱۸۷۲ء [2] تحفۃ الطالب موسوم بہ گلگیر کشمیر۔ مرتبہ کرشن لال جو ہر مطبوعہ ۱۸۷۳ء۔ [3] یہ مسودہ مضمون اردو کا کشمیری پنڈت ایسوسی ایشن مرتبہ سنہ ۱۸۹۱ء میں درج ہیں۔

کے حالات بیان کر کے لکھتے ہیں :- لیکن ان مشہور قوموں میں کوئی قوم کسی مذہب حق کی پیرو اور کتاب آسمانی کی متبع نہ تھی - حالانکہ خود مسلمانوں نے ابتدا سے ان کی تہذیب اور علمی تحقیقاتوں کو اپنے مذہبی لٹریچر میں نہایت راسخ الاعتقادی کے ساتھ جگہ دے رکھی ہے اور اُن کا منکر بھی ایک رُکن اسلام کے منکر کی طرح کفر والحاد کا مستوجب قرار پاتا ہے ..... مکہ معظمہ کے مسلمانوں کی راسخ الاعتقادی اور پابندِ شرع ہونے میں کس کو شبہہ ہو سکتا ہے - اگر خدانخواستہ وہ بھی پکے مسلمان نہ رہیں، تو پھر کون مسلمان رہ سکتا ہے

چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی

لیکن اہل مکہ کی علمی اخلاقی تمدنی غرضکہ ہر قسم کی حالت نہایت خراب ہے اور تہذیب دنیا میں کسی طرح انکار نہیں ہو سکتا۔ اسی نمبر میں میر ناصر علی صاحب دہلوی کا ایک مضمون "تہذیب اسلام" کے عنوان سے چھپا ہے - بیان تو یہ کیا گیا ہے کہ یہ مضمون مولوی صلاح الدین خدابخش صاحب کی تصنیف Islamic civilization کا ریویو ہے لیکن مضمون کو پڑھ کر یہ خیال آتا ہے کہ اس مضمون کو ایسی قابل وقعت اور قابل غور کتاب کا ریویو کہنا فنِ تنقید کا منہ چڑھانا ہے۔

جلد ۴ - نمبر ۶ :

(۱) پنجاب میں اصلاح قومی۔ (از دتاتریہ) -(۲) جاپان نے کس طرح ترقی کی (از الف-پ) (۳) ہندوستانیوں کی اخلاقی تعلیم (مترجمہ ترلوکی ناتھ کول) -(۴) ہمارے معاصرین - بہارِ کشمیر وغیرہ۔

دتاتریہ کے مضمون "پنجاب میں اصلاح قومی" میں ضمناً چند رسالوں کا تفصیلی تذکرہ آگیا ہے:-

"مراسلہ کشمیر جاریہ جناب پنڈت شیونرائن صاحب بہار مرحوم کے صفِ لوح کی پشت پر اکثر اشاعتوں میں وہ مضامین ہدایتاً لکھ دیئے جاتے تھے جن پر نامہ نگاروں کی طبع آزمائی ہمیشہ مراسلہ کو منظور رہتی - اس فہرست میں اگرچہ ہم "امور مذہبی کی جانب توجہ ہو" بھی لکھا ہوا دیکھتے ہیں لیکن بہ لحاظ مندرجات ضمنی کے جو اہمیت کہ "بملاحظہ قانون کشمیر مصارف شادی کا بہ تخفیف تعین

رائے پنڈت اندر نرائن صاحب گرٹو مرحوم نے لکھا ہے:

"صاحب دہلوی نے الہ آباد سے حال میں جو مراسلہ بنام بنیاد التماس بجز اساس کے تصنیف کیا، ناظرین پر ظاہر ہے کہ وہ ایک کیسا عمدہ مختصر و مفید امتحان نامہ چھاپا گیا ہے۔ اور عجب کیا کہ اگر ارباب ہمت و دولت فہیم و ذی شعور لوگ بدل حامی ہوں ..... مگر تقسیم بالا صرف جو انھوں نے کی ہے، اب بھی رقم کثیر معلوم ہوتی ہے۔ مثلاً .....

پنڈت مدری ناتھ صاحب راز داں معروف بہ ٹوما تحصیلدار ضلع لاہور نے رائے دی:

"آپ پر روشن ہے کہ فضول خرچی بیاہ شادی کی بنیاد بھی زیادہ تر لکھنؤ سے اور اس سے کم دہلی سے اور اس سے کم لاہور سے اٹھی ہے پس بانی مبانی اعلیٰ درجہ کا شہر لکھنؤ ہے .... الاجہاں آپ مراسلہ میں لکھتے ہیں کہ دہلی میں ۱۲ رکا روپیہ اور لکھنؤ میں ہمار کا روپیہ اور لاہور میں ۸ ر کا روپیہ لوازمہ شادی میں صرف ہوتا ہے۔ اس صورت میں لاہور والوں کو ابھی تک ۴ - ۶ ر کا بہ نسبت لکھنؤ کے اور دہلی کے فائدہ ہے۔ پس اگر صاحبان لکھنؤ و دہلی شامل لاہور کے ہو جائیں تو سرِ دست کسی قدر مفاد نہیں حاصل ہو جائے گا۔"

"پنڈت شیام نرائن صاحب کول اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کی رائے ہے:

"..... بیشک یہ اسراف (شادی) ایسا زبوں ہے جس کا بہت جلد دفع کرنا مناسب ہے۔ لہٰذا اس ہیچمداں نے مقصد مطلوب کے حاصل ہونے کی غرض سے ایک محضر دستور العمل مراسم شادی کا تیار کیا ہے ....." (آگے چل کر اس محضر کا مسودہ درج ہے جس پر بہ تعداد صالح دستخط ثبت ہونے تھے۔ مگر اس کا حشر نامعلوم ہے)۔

صاحب خیر طلب از گونڈہ کی رائے بہت تفصیل و تدلیل کے ساتھ ہے۔ خلاصہ سے اس کا لطف جاتا رہے گا۔ لہٰذا بجنسہٖ ملاحظہ ہو:

"پنڈت بشمبر ناتھ صاحب کول شرمز، تحریر می کنند کہ:

"از زمان سلف تا ایں ہنگام بہ آرام کہ نظر بہ تقاریب ماضی و حال نمودہ می آید از آں بخوبی صاف ظاہر کہ بہر دوران سپری کہ مراسم کو خلاف ذکور دوام تا حد امکانات ...

سی طبع سلیم کا نتیجہ تھا اور غالباً اس وقت تک کی اس قسم کی تجاویز کے تجربہ پر مبنی تھا۔ میں پہلے لکھ آیا ہوں کہ یہ تذکرہ اس لئے چھیڑا جاتا ہے کہ آئندہ کارکنوں کو گذشتہ تجربہ سے فائدہ پہنچے۔ اس لئے واقعات پر استدلال افادت سے خالی نہ ہوگا۔ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس مسودہ سے کوئی عملی فائدہ مترتب نہ ہوا۔ ایسا کیوں ہوا اور سب سے پہلے ایسی کوششوں کا کیا نتیجہ ہوا تھا۔ ان سوالوں کے جواب دلچسپی سے خالی نہیں۔

یہی تخفیف مصارف کا مسئلہ جب ۴۰ سال قبل معرض بحث میں آیا تھا تو اس وقت اس پر زیادہ تفصیل کے ساتھ رائے زنی کی گئی تھی۔ جس کے چند نمونے مراسلہ کشمیری کرم خوردہ فائل سے نذر ناظرین کئے جاتے ہیں۔ "صاحب دہلوی" کے "التماس مجز اساس" کے شائع ہوتے ہی اکابرین قوم نے مراسلہ میں اس پر اظہار رائے شروع کر دیا۔ جس کا قدرے انتخاب یہاں بیان کیا جاتا ہے۔

"آگرہ سے ایک صاحب لکھتے ہیں:

"صاحب دہلوی کا ایک رسالہ طبع زاد جو متعلق بہ انسداد اسراف شادی وغیرہ ہے بندہ نے دیکھا۔ ہر چند یہ لاجواب ہے بلکہ عین ثواب ہے (خدا کرے کہ کامیاب ہو) مگر افسوس کہ بالفعل اوس سے کامیابی نظر نہیں آتی۔ کیونکہ ابھی وہ زمانہ نہیں آیا ہے کہ کوئی شخص اپنے تئیں احمق و ترک رسومات میں ہادی قرار دے اور انگشت نمائی جہاں سے خوف نہ کرے۔"

"پنڈت کالکا پرشاد صاحب کچلو مرحوم فرماتے ہیں:

"حقیقت میں اسراف (اصراف) شادی کے جو کچھ فی الحال ہیں، وہ اس درجہ تک پہنچ گئے ہیں کہ آئندہ آٹھ سال کے بعد ان کا بچنا محال معلوم ہوتا ہے اور اس پر بھی قناعت نہیں ہے۔ ہر سال کچھ نہ کچھ کوئی نہ کوئی نیا صیغہ صرف زائد کا نکلتا رہتا ہے ...... لیکن آخر میں (صاحب دہلوی نے) جو تجاویز دربابِ تعین مقدار شادی و دیگر مراتب کے ہیں، وہ ایسے نہیں ہیں کہ دفعتاً اس طرح سے مقبول طبیعت جملہ صاحبان برادران قوم ہو جائیں ...... مدار اس کا (یعنی دین شادی کا) منحصر اوپر بیان مستورات کے ہے لوگوں کا یہ حال ہے کہ زیادتی اور نئی بات میں وہ اپنے دین دنیا کی بھلائی سمجھتی ہیں۔"

"اس رسالہ میں ہندوستان کی پیاری بول چال میں ان باتوں پر بحث کی جائے گی جن
کی تشریح کرنے اور انہیں عمدہ طور پر سمجھانے کی قوم کی مستورات کو از حد مفید ہو۔
... یہ رسالہ صرف اُن رسوم کو جو قوم پر تیرہ و تار ابر سیاہ کی طرح چھائی ہوئی
ہیں صاف کر دے گا۔ بلکہ اس پردۂ تاریک کو جو اس زمانے میں مستورات کے
فہم و فکر پر پڑا ہوا ہے اور جس کی وجہ سے نہایت ضروری امور کے انجام دہی میں
ہرج کامل واقع ہو رہا ہے، دُور کر دے گا۔"

اس کے علاوہ جو کچھ اس رسالہ میں درج ہونا تھا وہ انجمن کی کارروائی تھی" اور بشرط گنجائش اُردو میں مفید مضامین متعلق قوم اور ترقی انجمن"۔ اب یہ قول بالکل صاف ہو گیا کہ کہ انجمن لاہور کے بانیوں نے اصلاح مراسم کے موانعات کی اصلیت کو پہلے سے محسوس اور دریافت کیا اور اس کی بیخ کنی کا سامان اصولی طور پر مہیا کر لیا تھا یعنی زنانہ جہالت کے دور کرنے کے لئے انہوں نے کشمیری پرکاش کی بنیاد ڈالی۔ کئی برس تک پرکاش جس آب و تاب سے نکلتا رہا اور جس پایہ کے مضامین اس میں شائع ہوتے رہے اس کے یاد دلانے کی ضرورت نہیں ہے۔ کیونکہ وہ بہت پرانا معاملہ نہیں ہے۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ جس وقت پرکاش عرصۂ شہود میں جلوہ فرما ہوا تھا اس وقت ایک اور قومی رسالہ یعنی سفیر کشمیر کئی سال کی قامت کی طاقت کے ساتھ نکل رہا تھا اور اس نے مراسلہ کشمیر کے ان بہت سے مضامین نگاروں کو اپنے گرد سمیٹا ہوا تھا جن میں استقلال اور امید کی چمک ابھی تک قلیلے قلیل باقی رہ گئی تھی۔ لیکن کچھ عرصہ بعد سفیر کا چراغ ٹمٹمانے لگا اور قومی ہوا خواہی کے پروانے پرکاش کی نئی شمع کو چراغ ہدایت مان کر اس کے گرد جمع ہونے لگے۔ ہر دلعزیزی پرکاش ہی کا حصہ تھا کہ نہ صرف اس کو ہر جگہ کے آدمیوں نے اپنے اظہارِ خیالات کا مستند آلہ قرار دیا بلکہ قوم کی خواتین نے اسے اپنی تحریروں کا زیور پہنایا۔ یہ وہ تاج ہے جو آج تک کسی اور رسالے کے سر کو نصیب نہ ہوا ہے' نہ ہوا تھا اور پھر لطف یہ ہے کہ یہ مضامین انہیں امور پر تھے جو عورتوں کی فلاح سے متعلق اور پرکاش کی غرض و غایت کا عین مرکز تھے۔ بیاہ کے لین دین بیوگی کی آفتیں وغیرہ وغیرہ سال بسال بڑھ کر اس لئے حیثیت ان مضامین یا مباحثہ نے

ذیل تعین یافتہ معمول شدہ بظہور پیوستند۔ تاآن تاآن تاآن تیلق تیاق - و
تعداد معارف ہر قسم باہم یکدگر مغائر آمدہ۔ پس باصلاح تقرر مراتب کہ غذائی الیناثہ
الاقات شریف را بگماشتن موجب ہرج دیگر اصلاح عادات خلاف اخلاق است۔"

"خیالات ارباب دہلی بموجب ملتمسہ دہلی" ایں سخن دارند۔

قرار دادہ جات دربارہ اسراف شادی اطفال وجبہ با محال ودشوار است۔ باشد
کہ بایں رسم شایستہ طرف دتوع گیرد، ورنہ چنانکہ میگزرد میگزرد۔ واللہ اعلم
بالصواب۔ ظاہر است کہ فی زمانا تمام مرداں کار مغلوب التانیث و زناں ہشیار سر
غالب التذاکیر اند۔ پس ؎

چگونہ حل شود ایں کار مشکل

"التماس ماسی رتن ناتھ لکھنوی"۔ (یہہ تحریر ہندوستان کے لئے سرمایہ ناز عالیجناب پنڈت
رتن ناتھ صاحب "در" موجد فن ناول نگاری اُردو کی ہے۔ جو اوّل سے آخر تک موتیوں سے تولنے
کے قابل ہے۔ آپ لکھتے ہیں :

"مثل علوم متعارف ظاہر من الشمس ہے کہ سب اہل الرائے اصراف واسراف تزویج اطفال
کی طرف سے تہ دل سے متوجہ ہیں اور فضول اخراجات کی بیخ کنی میں سعی وافر اور کوشش
متکاثر کر رہے ہیں .... خالی بکھروں سے کیا ہوگا۔ کچھ نہ ہوگا۔ اصل تو یہ ہے کہ وہ
لوگ جن کو خدا نے پانچ اور سات نان کا مقدرت دیا ہے اگر اس بارے میں پیشقدمی
کریں، تو یہ رسم فوراً جاتی رہے۔ اور غریب آدمی تو اس معاملہ میں بڑے آدمیوں کی
تتبع بخوشی تمام کریں گے "....

رسالہ کشمیر پرکاش : تخفیف مصارف شادی کے متعلق جو کوششیں زمانہ سابق
میں بروئے کار آچکی تھیں۔ اُن کی کامیابی میں جو امر سب امور سے بڑھ کر مانع اور مزاحم
تھا وہ عورتوں کی عدم ہمخیالی تھی۔ اس لئے ارباب پنجاب نے اوّل اسی کی طرف توجہ کی
یعنی اپنی اوّل رپورٹ یا اعلان کے ساتھ ہی "ایک ہندی ماہواری رسالہ کشمیر پرکاش"
شائع کر دیا۔ اس رسالہ کے اغراض حسب ذیل تھیں :

کے لئے کھول دیا جائے گا۔ لیکن اس خاص نقص سے قطع نظر کر کے ہندو کالج کی ترقی ہر طرح سے قابل تعریف ہے اور اس کے معاونین کی کوشش و ہمت کی جس قدر ستائش و صفت کی جائے کم ہے۔ سنہ ۱۹۰۳ء میں اسکول کے طلبا کی تعداد ۳۹۱۔ اور کالج کے طلبا کی تعداد ۱۸۳ تھی۔

جلد ۴ - نمبر ۷

(۱) سوشل ریفارم۔ (از کشن پرشاد کول)۔ (۲) عمل۔ (از ڈی - این - ڈی)
(۳) جسٹس راناڈے کی پونا کی مشہور و معروف تقریر۔ (از پنڈت اقبال نرائن گرٹو)
(۴) ہندوستان جدید ۲ (از کشن پرشاد کول) - (۵) کشمیری بچوں کی تعلیم۔ ہمارے معاصرین - اور دوسرے مستقل عنوانات ۔ " نول کشور پریس الہ آباد میں چھپا "

'ہندوستان جدید' میں ایک پیراگراف یہ ہے:

"پہلا اخبار ہندوستانی زبان میں سنہ ۱۸۲۳ء میں بنگال سے شائع ہوا اور ہندوستان کی اخباری حالت اب تک نہایت طفولیت کے عالم میں ہے۔ اس کی خاص وجہ ملک کی مفلسی، اشتہارات کی کمی، اخبارات کی زیادتی اور خاص کر نالائق ایڈیٹروں کی بھرتی ہے۔ ہندوستانی اخبارات جو انگریزی میں شائع ہوتے ہیں ان میں بعض کی اشاعت مشکل سے ...ہم تک پہنچتی ہے۔ ایک دو ہفتہ وار اخباروں کی اشاعت ...۲ تک بھی پہنچی ہوئی ہے لیکن یہ محض غیر معمولی بات ہے۔ مرہٹی میں کیسری اخبار جس کے باعث کہ دو سال ہوئے اس قدر غوغا مچا تھا اشاعت میں ...۷ سے زائد نہ تھا۔ ان اخبارات میں سے بعض میری نظر سے گزرے ہیں۔ لیکن میں نے ان کو اپنی امیدوں سے نہایت کم رتبہ پایا۔ ہندوستانی اخبار نویس اقتصادی مسئلات و تاریخی حالات سے بالکل ناواقفیت ظاہر کرتا ہے۔ اور اس کے خیالات و طرز تحریر دونوں ذلیل ہیں۔ نہ اسباب و وجوہات میں منطق دلائل کا ڈھنگ ہے نہ عبارت میں ربط و دلکشی۔ نہ بیان میں سلاست۔ صرف بکھرے ہوئے استعارات و مبالغات کے پیوند لگے نظر آتے ہیں۔ یا زیادہ تر اخبار ذاتی حملوں سے بھرا ہوتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستانی اخبار نویس نیویارک و سین فرانسسکو کے اخبارات کی تقلید کرتا ہے"

حاصل کی جو قریبًا دو سال کی مدت تک عورتوں کی تعلیم کی نسبت ہوتا رہا۔ عالمگیر دلچسپی اور خیالات کا ہیجان و جوش و خروش جو اس مباحثہ نے پیدا کیا اپنی آپ نظیر ہے جس کی تشریح کے لئے پرکاش کے کالم صرف ایک کمزور گراموفون کا حکم رکھتے ہیں۔ ان دنوں عورتوں میں اگر کسی بات کا ذکر تھا تو اس کا اور اگر کسی گفتگو سے ملاقاتیں شروع اور ختم ہوتی تھیں تو اس کے ساتھ۔ میری اس مباحثہ میں خاص حیثیت تھی اور میں ان نیچی آنکھوں کو دمکتے ہوئے چہروں کے ساتھ تقریروں کو کبھی نہیں بھولوں گا جن سے میری اندرونی کھٹوئیں جھڑ ہوئی۔

خلاصہ یہ کہ تخفیف مصارف اور تعلیم نسواں سے لے کر اشتہار و مضامین شادی ہوگا اور ہندوستانی برہمن بھنڈاری تک کے مضامین نے پرکاش کے کالموں کو اشاعت و صد دیا یا ..... اب نہ لاہور کی قومی انجمن ہے اور نہ بورڈنگ ہاؤس، نہ کرکٹ کلب اور نہ کشمیر پرکاش۔[1]

اِک شمع ہے دلیلِ سحر، سو خموش ہے

آنند لیس، باقی ہوس

کار دنیا کسے تمام نہ کرد

برجوہن دتاترے [2]

اڈیٹوریل نوٹس کے تحت سنٹرل ہندو کالج کا بھی ذکر ہے جس میں لکھا ہے:

"سنٹرل ہندو کالج میگزین کے ساتویں سال کی رپورٹ ہمارے پاس ریویو کی غرض سے آئی ہے۔ ہم کو یہ دیکھ کر نہایت خوشی ہوئی کہ کالج مذکور استقلال کے ساتھ ترقی کر رہا ہے۔ ہماری ذاتی رائے تو یہ ہے کہ مدرسوں میں مذہبی یا قومی تخصیص کسی قسم کی نہ ہونی چاہئے۔ اور اسی لئے ہم کو اس دن نہایت خوشی ہوگی جس دن ہندو کالج کا دروازہ غیر ہندو طلبہ

---

[1] وہ شور اشوری اس بے نمکی اور وہ گرما گرمی اس سرد مہری سے کیسے مبتدل ہوئی؟ اب کیا [illegible] یہ ایسے مضامین جن پر علیحدہ لکھنے کی ضرورت ہے۔ کشمیر بھائی اس پر غور کریں۔ میں بھی انشاء اللہ کبھی اس مضمون کو اختتام پر پہنچاؤں گا۔"

ہیں۔ گذارہ بھر کو ابھی رقم وصول ہو جاتی ہے۔ ہمارے قوم میں ایسے کم اصحاب ہیں جن کی اپنی دکانیں ہیں۔

"اب رہی ٹھیکیداری۔ ہمارے قوم کے تھوڑے سے اشخاص ٹھیکہ داری میں دخل رکھتے ہیں۔ لیکن اس قلیل تعداد سے بھی زیادہ اشخاص قرض لے کر ٹھیکہ لیتے ہیں۔ جو کچھ نفع ہوتا ہے وہ سود میں چلا جاتا ہے۔ اگر خدانخواستہ نقصان ہو جاتا ہے، تو دیوالہ نکل جاتا ہے اور مکان پر قرقی کی نوبت آ جاتی ہے۔

"اب رہی قرآنی۔ عمرات تو ظاہر ہے دن بھر بیٹھے رہتے ہیں۔ کوئی بھولا بھٹکا آ گیا تو خیر ورنہ اللہ اللہ خیر صلا۔ دودھ بیچنے والے اور پنساری اور نانبائی ان سب کی مالی حالت اتنی ہے جس سے کہ ان سب کا گذارہ چلا جاتا ہے۔

"ہمارے قوم کے بہت سے صاحبوں کو دکانداری کا ایسا شوق ہے کہ دو ایک نسوار کی بوتلیں، تھوڑے سے کپڑے دھونے والے صابون۔ دو ایک منہ دھونے والی صابون کی ٹکیاں۔ آٹا، دس تاگے کی گولیاں اور تھوڑا سا تمباکو لے کر بیٹھ جاتے ہیں۔ ان کی مالی حالت تو صاف ظاہر ہے اور نیز اس سب بیان سے یہ بھی ظاہر ہے کہ ہمارے قوم کی مالی حالت خاطر خواہ نہیں ہے۔ اب تعلیم ملاحظہ ہو:

"حضرات سامعین! ہمارے قوم کی تعلیمی حالت بھی واجبی ہی واجبی ہے۔ ہمارے قوم کی مالی حالت خراب ہونے کی وجہ سے تعلیم حاصل کرنے میں بہت سی رکاوٹیں پیدا ہو گئی ہیں۔ بہت سے طالب علم مڈل تک پڑھ کر تعلیم کو خیرباد کہنے پر مجبور ہو جاتے ہیں اور بہت سے انگریزی کی دو ایک کتابیں پڑھ کر ہمہ فاضل ہو جاتے ہیں اور بہت سے طالب علموں نے انٹرنس سے آگے پڑھنے کی قسم کھائی ہے۔ افسوس کا مقام ہے کہ سٹیٹ ہائی اسکول سے گذشتہ سال دو کشمیری مسلمان لاہور کالج میں داخل ہونے کی غرض سے گئے۔ لیکن ہمارے کشمیری بھائیوں کی ابھی تک باہر جانے کی ہمت نہیں کھلی ہے۔

"کل صوبہ کشمیر میں تین ہائی اسکول ہیں (۱) اسٹیٹ ہائی اسکول (۲) مشن اسکول۔ (۳) ملکہ ہائی اسکول۔ ان تینوں اسکولوں میں ہم کو دیکھنا چاہیے کہ ہر سال انٹرنس کے امتحان میں ہمارے قوم کے کتنے طلبا پاس ہوتے ہیں۔ اس سے تعلیم کا حال صاف معلوم ہو جائے گا۔

جلد ۴ - نمبر ۸ :

(۱) ہندوستانیوں کی اخلاقی تعلیم قسط ۴ (از ترلوکی ناتھ) - (۲) ہماری ضرورت تعلیم نسواں پر ایک بہن کا مراسلہ (از گمنام) (۳) تقریر پنڈت گوپی ناتھ طالب علم ہندو کالج سری نگر (از کشن کول) (۴) ماں ماں کا ایک سین (نظم) (از چکبست) - (۵) خط و کتابت وغیرہ - "نول کشور پریس"

پنڈت گوپی ناتھ کی تقریر کی مندرجہ ذیل سطریں قابلِ ذکر ہیں :

" ہمارے قوم کے بہت سے اصحاب کا آج کل یہ خیال ہے کہ بجلی اور ریل کا کام کھلنے سے ہمارے قوم کے غریبوں کا حال بہتر ہو جائے گا - ع

ایں خیال است و محال است و جنوں

یہ ناممکن بات ہے کیونکہ افسر لیا مستر باہر سے آئیں گے اور ادنیٰ اسامیاں کشمیریوں کے ہاتھ آئیں گی - اور جو کچھ پیدا کریں گے وہ فقط کھانے اور کپڑے ہی پر صرف ہو جائے گا - ترقی کیا ہوگی خاک اور علاوہ اس کے یہ زمانہ مستقبل کی بات ہے - دیکھئے آگے کیا ہو - اب قوم کی مالی حالت دیکھئے -

حضرات سامعین ! ہمارے قوم کی مالی حالت بھی خاطر خواہ نہیں ہے - لوگوں کا خیال ہے کہ ہمارے قوم میں بہت سے دولتمند رئیس ہیں - میں یہ کہنے کو تیار نہیں ہوں - اگر ہیں بھی تو گنتی کے دو چار رئیس ہیں ، وہ بھی دولتمند نہیں ہیں - اگر ہمارے قوم کے رئیس دولتمند ہوتے تو اپنے غریب بھائیوں کی مصیبت کے وقت کچھ نہ کچھ مالی امداد ضرور کرتے - جب سنہ ۱۹۰۳ء میں سیلاب آیا تھا اس وقت کا حال میرے دل پر بخوبی نقش ہے - کسی قومی رئیس کی اتنی بھی ہمت نہ ہوئی کہ دام لیتا یا کسی اور جگہ سے اناج لا کر اپنے غریب بھائیوں کے ہاتھ اصلی قیمت پر فروخت کرتا - اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ہمارے رئیس بھی خود تکلیفوں میں گرفتار ہیں - ایمرا کدل - حبہ کدل - فتح کدل - زینہ کدل - عالی کدل اور مہاراج گنج پر جتنی دکانیں کپڑے کی دیکھتے ہیں اور جن کے دکاندار ہمارے قوم کے بھائی ہیں وہ سب پنجابی ساہوکاروں کا مال بیچتے ہیں یعنی وہ سب مال پنجابی ساہوکاروں کا ہوتا ہے اور یہ فقط بطور ایجنٹ کے کام کرتے

کی جاوے تو اگرچہ یہ کلیہً ہم نہیں ہوں گے۔ پھر بھی بہت کچھ دستیاب ہو جائیں گے۔ زمانہ حال کے قصص، قصیدے، غزلیات وغیرہ اس زبان میں موجود ہیں اور کتب اخلاق و دینی کے ترجمہ کرنے سے اُمید ہے کہ اس کا لٹریچر قائم کرنا بہت مشکل نہیں۔ خصوصاً جب کہ اس کی گرامر (صرف و نحو) ایک عالم فاضل کی سنسکرت ویاکرن کے اصول پر مرتب کی ہوئی موجود ہے۔ یہ سطور بدیں غرض اشاعت کئے گئے کہ بہت سے اصحاب کشمیری زبان کا اس طرح ایک تحریری زبان بنانا ایک اہم کام تصور کرتے ہیں۔ اگرچہ وہ اس کے فوائد کے پورے قائل ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ جناب کا خیال اس بارے میں انجمن کی رائے کے موافق ہے۔"

جلد ۴۔ نمبر ۹:

(۱) مسٹر دادا بھائی نوروجی کے پولٹیکل مشاغل۔ (از "پارسی") (۲) ولایتی خیالات کول جلالی اور اقبال کشن شر غریب (از گمنام) (۳) قوم کی حالت زار (از راست گو) (۴) کشمیری بچوں کی تعلیم (۵) ہمارے معاصرین۔ عصر جدید، مخزن، اُردوئے معلّٰی)۔ اور دوسرے عنوانات ضمیمہ کارروائی جلسۂ سالانہ کشمیری ینگ مینز ایسوسی ایشن۔ تقاریر میں چکبست کی تقریر بھی ہے۔

جلد ۴۔ نمبر ۱۰:

(۱) کاسٹ سسٹم اور ہم (از الف۔پ) (۲) مغربی تعلیم و تہذیب کا اثر (از جگموہن ناتھ صاحب تکو)۔ (۳) برہما کے تیوہار (از مونگ چو) (۴) موجودہ حالت (از فناتم) ____ منروا سے منقول سات صفحے کا طویل مضمون ہے اور ہندو مسلم مسئلہ پر بہت اہم تحریر ہے اور نقل کئے جانے کے لائق ہے۔

(۵) طالب علم اور پالیٹکس۔ منقول از اُردوئے معلّٰی (از طالب علم) (۶) ہمارے معاصرین (اُردوئے معلّٰی، مخزن، عصر جدید، وغیرہ۔

"کاسٹ سسٹم" والے مضمون کا پہلا پیراگراف یہ ہے:

"حال کے ایک صاحب تصنیف نے کسی کتاب میں لکھا ہے کہ اہل اسلام نے ہندو کشمیر کو ہندوؤں کو مسلمان کیا۔ انگریزی عمل داری کی ایسی سیّٰی تحریری ہے کہ لوگ

تین سال سابقہ میں آپ کو بتا سکتا ہوں، غور کر کے سنئے؛

"سنہ ۱۹۰۹ء میں انٹرنس کے امتحان میں ہمارے قوم کے قریب (۱۰) طلباء کے پاس ہوئے تھے
سنہ ۱۹۰۸ء " " " " " " " " " (۹) " " "
سنہ ۱۹۰۷ء " " " " " " " " " (۴) " " " "

"اگر آپ صاحبان سنہ ۱۹۱۱ء کی مردم شماری کی رپورٹ ملاحظہ فرمائیں اور دیکھیں کہ کل صوبہ کشمیر میں کتنی آبادی ہے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ کل صوبہ کشمیر میں ۱۱۵۷۳۹۴ کی آبادی ہے اور کل صوبہ کشمیر میں سناتن دھرم والوں کی تعداد ۶۰۶۸۲ ہے اور اس ۶۰۶۸۲ کی آبادی سے انٹرنس پاس شدہ طلباء کا اوسط سال میں ۸ ہے۔ اس سے ہماری قوم کی جہالت کا اندازہ ہو سکتا ہے اور یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ ہمارے قوم کے لڑکوں کی تعلیم روز بروز گھٹتی جاتی ہے۔"

"آپ صاحبان اس بات کو پتھر کی لکیر جانئے کہ: ـــہ

شد بڑے فارسی کے چلے گا نہ کام اب
دعوتوں سے اور سبیلوں سے ہوگا نہ نام اب"

خط و کتابت کے ذیل میں سکریٹری اے، ایس دھر کا طویل خط، کشمیری ریفارم ایسوسی ایشن سرینگر بابت جس کا ایک مقصد کشمیری زبان کے لئے رسم الخط بھی رواج دینا ہے۔ اڈیٹر نے اپنے نوٹ میں اردو یا ہندی رسم الخط اپنانے پر زور دیا ہے، مکتوب نگار کا یہ پیراگراف اہم ہے:

"جناب پنڈت صاحب مکرم بندہ سلامت۔

نیازمندی۔ واضح رائے مبارک انجناب ہو چکا ہے کہ سری نگر کشمیر میں ایک انجمن مسمی کشمیر ریفارم ایسوسی ایشن" قائم ہوئی ہے۔

کشمیری زبان کے لٹریچر کے پیدا کرنے میں بالخصوص کوشش کی گئی ہے چنانچہ تعلیم نسواں اسی کے ذریعہ سے دی جائے گی۔ زبان کشمیری جیسا کہ جناب کو روشن ہوگا ایک پرانی زبان ہے، تواریخ کشمیر میں یہ باسم پراکرت بھاشا موسوم ہے۔ مہابھارت رامائن و دیگر پرانوں کے ترجمے اس زبان میں کئی سو برس کے بنے ہوئے تھے۔ اگر ان کے جمع کرنے کی کوشش

ہمارے معاصرین اور دیگر مستقل عنوانات -
کلکتہ مہاکانگریس اور ایجوکیشنل کانفرنس پر مضامین نقل کئے جانے کے لائق ہیں۔

جلد ۵ ؛ نمبر ۳ ؛

(۱) تذکرہ قومی (از پران ناتھ گوالیار) - (۲) کشمیر میں تعلیم کی اشاعت (از عبدالسلام رفیقی) (۳) ہماری موجودہ حالت (از نندہ کول) - (۴) بہار کشمیر وغیرہ مستقل عنوانات (۵) "تنقید" کے تحت مرزا محمد سعید کے ناول خواب ہستی پر طویل تبصرہ ہے، جو نقل کئے جانے کے لائق ہے - ایک مختصر تبصرہ بڑھوا بواہ پر بھی ہے، جو ڈاکٹر مرازی لال کان پور کی مرتب تقسیم ہونے والی تصنیف ہے - (۶) ضمیمہ میں: "پنڈت موتی لال نہرو ایڈووکیٹ ہائیکورٹ، صدر نشین جلسہ کی افتتاحی تقریر"

موتی لال نہرو کی یہ تقریر تمام وکمال اس مضمون کے آخر میں درج کی جارہی ہے -

جلد ۵ - نمبر ۴ :

(۱) ماضی و حال (از پنڈت برجموہن دتاتریہ (۲) قدامت پرستی (از پنڈت دوارکا ناتھ صاحب ٹکو - (۳) ایک دلچسپ مکالمہ (از مخبر سنبھل پور) - (۴) ریفارم کی ضرورت (سری کشن گرٹو) - (۵) بہار کشمیر و دیگر مستقل عنوانات (۶) "تنقید" کے تحت دیوان چند ایم اے کی کتاب "دنیا کے ۹ مہاپرش" پر طویل تبصرہ ہے - اختلاف اللسان (مصنفہ وجاہت حسین صاحب جھنجھانوی - "سبھدہ دیوی کی سوانحعمری" مصنفہ سردھ پرکاش جی، اور مکتوبات آزاد پر بھی تبصرے ہیں۔ پنڈت اجودھیا ناتھ کنزرو، اور پنڈت بشن نرائن در کی تصویریں شائع کی ہیں - پنڈت دوارکا ناتھ ٹکو کے انتقال کی اطلاع دی ہے -

منیجر "کشمیر درپن" کا اعلان کہ "آئندہ کشمیر درپن لکھنؤ سے شائع ہوگا۔ اس کے متعلق خط وکتابت پنڈت اقبال نرائن صاحب مسلدان بیرسٹر ایٹ لا گولا گنج لکھنؤ سے کی جاوے - معاصرین بھی مہربانی کر کے اپنے رسالے اور اخبار تبادلہ میں اسی پتہ سے ارسال کریں"

جلد ۵ - نمبر ۵ - ۶

(۱) خلاصۂ تقریر رانا ڈے بہ اجلاس سوشل کانفرنس کلکتہ ۱۸۹۶ء - (۲) نسبانہ موجودہ

بلا ب خاطر ہندو دین سے علیحدہ ہوئے جاتے ہیں اور قیود لازمہ اہل ہنود بلا تردد خود توڑتے جاتے ہیں۔ سوامی دیانند سرسوتی کا خدا بھلا کرے جس نے ہزاروں ہندوؤں کو عیسائی یا مسلمان ہونے سے بچایا اور جو ہوتے ہیں اُن کو شُدّھی کے ذریعہ سے یہ ہندو بنانے کا طریقہ نکالا"

جلد ۴۔ نمبر ۱۱:

(۱) زبان اُردو۔ مخزن کے ایک مضمون "سیر گلفروشاں" پر تنقید۔ (از حق پسند) (۲) قدامت پرستی۔ (از پنڈت دوارکا ناتھ تکو۔ (۳) ہندو مذہب (از پ۔ الف۔ ک۔ کشمیری) (۴) ہمارا سودیشی رتھ کیوں اُڑ گیا ہے (از منوہر ناتھ کول دتاتریہ۔ (۵) مضمون نگار بہنوں سے ایک التجا (از ناصح)۔ (۶) سرگورو داس بنرجی (از درگا پرشاد مشران) (۷) ہمارے معاصرین (مخزن، اُردوئے معلّٰی، عصر جدید) اور دوسرے مستقل عنوانات۔

جلد ۴۔ نمبر ۱۲:

(۱) سوشل اصلاح کے متعلق مہاراجہ گیکواڑ کے خیالات (از جگجیون ناتھ ککرد)۔ (۲) ہندوستان جدید، قسط ۳ (۳) پدمنی: نظم منقول از مخزن (از سرور جہان آبادی) (۴) ہمارے معاصرین (اُردوئے معلّٰی۔ مخزن۔ دکن ریویو)۔ وغیرہ۔

جلد ۵۔ نمبر ۱۔ ۱۹۰۷ء:۔

(۱) دادا بھائی نوروجی (از پنڈت برج نرائن چکبست) (۲) قدامت پرستی۔ (از پنڈت دوارکا ناتھ تکو) (۳) طالب علم اور پالیٹکس (از ابوجہل لکھنوی) (۴) شرر و سرشار (منقول از مخزن) (۵) ہمارے معاصرین اور دوسرے مستقل عنوانات۔

چکبست کا مضمون نقل کئے جانے کے لائق ہے۔

جلد ۵۔ نمبر ۲:

(۱) کلکتہ کی کانگریس پر ایک سرسری نظر (از چکبست) (۲) انڈسٹریل کانفرنس (از سیاست مدن)۔ (۳) نمائش صنعت و حرفت کلکتہ ۱۹۰۶ء (از پنڈت منوہر ناتھ سپرو) (۴) انڈین سوشل کانفرنس (از ماسٹر بشن نرائن گرٹو) (۵) آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کا بیسواں اجلاس (از ظہور احمد) (۶) ہندوستان کی ترقی (از مینڈ ام مکنلام)

ہندوستان کی تعلیمی حالت دیکھ کر یہ امر ضرور باعث خوشی ہے کہ اڈیٹر رسالہ ایک خاتون صاحبہ ہیں۔ اکثر رسالے اور مضامین تعلیم نسواں کی عمدگی کے بیان میں مردوں نے چھاپے۔ مگر عورتوں میں بہت کم ان ممالک اور پنجاب میں ایسی ہیں جن کو کہ تعلیم یافتہ ہونے کا خطاب دیا جا سکتا ہو۔ مگر رسالہ زیر ریویو کی اڈیٹر چونکہ اناث میں سے ہیں۔ لہٰذا بہت اطمینان کی بات ہے اور خوشی بھی ہے کہ ہمارے ملک میں اس قدر تعلیم نسواں نے ترقی کی ہے کہ وہ زمانہ بھی آ گیا کہ عورتیں کار ایڈیٹری کو عمدہ طور پر کرنے لگیں۔ باوجود اس کے ہم انکار نہیں کر سکتے کہ ابھی بہت تعلیم کی ضرورت ہے۔ اس رسالہ میں جس طرح کے مضامین نکلتے ہیں، وہ صرف لڑکیوں کے لئے مفید نہیں ہیں۔ بلکہ سن رسیدہ عورتیں بھی، جن کی تعلیم معقول نہیں ہوئی ہے اس سے فائدہ اٹھا سکتی ہیں۔

"ہندوستان میں ہندو اور مسلمان دو بڑی قومیں ہیں۔ ان کے رسوم اور طریقے قدرے مختلف بھی ہیں۔ اس لحاظ سے مسلمان لکھنے والے کے خیالات ہر موقع پر ہندو دیکھنے والے کے موافق نہ ہوں گے اور یہی وجہ ہے کہ رسالہ 'تہذیب النسواں' میں مضامین زیادہ تر ان ہی حالات اور خیالات کا اظہار کرتے ہیں جو کہ مسلمانوں میں موجود ہیں۔ یا ان میں پیدا کرنے کی کوشش ہے۔ بہرحال جہاں تک ہم نے پڑھا ہم کو معلوم ہوا کہ بحیثیت مجموعی یہ رسالہ ضرور مفید ہے اور ہر عورت کو چاہئیے کہ اس کا مطالعہ کیا کرے۔ مضامین کی زبان شستہ اور عام فہم ہے۔ کاغذ بھی برا نہیں ہے۔ لکھائی بہت صاف اور روشن ہے۔ مگر ہماری رائے میں بجائے کالم کے اگر پورا صفحہ مع جدول ہو تو زیادہ بہتر معلوم ہو۔ اس رسالہ کا چندہ ہے سالانہ ہے اور رفاہ عام اسٹیم پریس لاہور کے مینجر صاحب کو خط لکھنے پر یہ پرچہ مل سکتا ہے۔"

لاہور سے کشمیری میگزین محمد الدین فوق نے غالباً کشمیر درپن کے توڑ میں جنوری ۱۹۰۶ء سے نکالنا شروع کیا جو ۱۹۱۱ء تک جاری تھا۔ کشمیر درپن میں اگر کشمیری پنڈت اہل قلم چھائے ہوئے تھے تو کشمیری میگزین مسلمان مضمون نگاروں سے بھرا رہتا تھا۔ درپن میں کشمیری 'ایک قوم' سمجھے جاتے تھے۔ اور اس قوم میں صرف کشمیری پنڈت شامل تھے (الا ماشاء اللہ)۔

کی دماغی اخلاقی اور سوشل تغیرات (پہلی قسط) : (ترجمہ مضمون پنڈت بشن نرائن در ۳۔)
ماضی و حال کا شامرہ (از ابوجہل۔ لکھنؤ) (۴) پھولوں کی سیر (از کشن کاک (۵) ایک کھلا
خط بنام پنڈت موتی لال صاحب نہرو : موتی لال نہرو کی اسپیچ پر (از جانکی ناتھ اٹل)۔
(۶) ایک خط دیوان چند ایم اے کا ہے جس میں پچھلے شمارہ کی تنقید کا جواب ہے۔اس کے
آخر میں ایڈیٹر کا نوٹ "پنجابی اُردو" پر ہے۔(۷) دولت ہمہ از اتفاق خیزد۔(شیام پرشاد
زتشی)۔ -آزادیٔ خیالات و افعال۔ (از ترلوکی ناتھ کول (۹) نیشنل فنڈ کیوں قائم کیا جائے
اور وہ کس کام میں لایا جائے۔(از جانکی ناتھ اٹل) (۱۰) بہار کشمیر وغیرہ۔

"ماضی و حال کشامرہ" تمام و کمال نقل کئے جانے کے لائق ہے۔لیکن صفحات کی
تنگی حائل ہے۔

جلد ۵۔ نمبر ۷ – ۹ :-

(۱) زمانہ موجودہ کے دماغی و سوشل تغیرات : بشن نرائن در کے مضمون کی دوسری قسط
اور ہنوز ناتمام۔(۲) تعلیم نسواں (۳) دیوالی (از جیون لال مٹو) (۴) قومی حالت (از لہ
(از رام ناتھ آفذ) (۵) سودیشی (از پنڈت جیون لال مٹو) (۶) دیوالی (از پنڈت منوہر لال
کول عرف کیا بی (۷) سفر اورنگ آباد (از برج ناتھ فرفذ) (۸) مسٹر دیوان چند ایم۔اے
اور اُردو کی انشا پردازی۔(از منوہر لال زتشی)۔ پچھلے دو شماروں میں جاری بحث کے
سلسلہ میں (۹) ریویو : ارمغان دیوالی یعنی دریدوزیتی کا ترجمہ (مانک راؤ وٹھل راؤ حیدرآبادی)
(۱۰) چند سبق آموز مضمون : امریکہ کے ایک ماہوار رسالہ سے مندرجہ ذیل عنوانات پر نقل : "زندگی
کیا ہے"، "اپنے اوپر بھروسہ کرنا کامیابی کا راز ہے" اور "مفلسی بھی ایک نعمت ہے"
(۱۱) ایڈیٹوریل نوٹ میں کنیا پاٹ شالہ کا ذکر ہے۔(۱۲) "ترجمہ مضمون ڈاکٹر تیج بہادر سپرو مطبوعہ
ماڈرن ریویو" مضمون پنڈت بشمبر ناتھ پر ہے۔(۱۳) رسالہ "تہذیب نسواں" کا ریویو : جو
مندرجہ ذیل ہے :-

"لاہور سے ہر شنبہ کو رسالہ تہذیب النسواں شائع ہوتا ہے۔اس رسالہ کی ایڈیٹر ایک
شریف بی بی صاحبہ ہیں۔اس عنوان کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ لڑکیوں کے لئے یہ رسالہ جاری کیا گیا ہے

پنڈت موتی لال صاحب نہرو ایڈوکیٹ ہائیکورٹ

صدر نشین جلسہ کی افتتاحی تقریر

للہ الحمد ہر آن چیز کہ خاطر می خواست
آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر پدید

حضرات! آپ نے صوبجات متحدہ کی پہلی پراونشل کانفرنس کا پریسیڈنٹ منتخب کرکے جو عزت مجھ کو بخشی ہے، اس کا میں تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ساتھ ہی اس کے جب میں اپنے ارد گرد ان دوستوں کو بیٹھے ہوئے دیکھتا ہوں، جن میں سے ہر ایک اپنے فرائض کو مجھ سے بدرجہا بہتر انجام دے سکتا ہے، تو مجھ کو بار بار اپنی بے بضاعتی کا خیال آتا ہے۔ لیکن میں آپ کے انتخاب کو فرمانِ قومی سے تعبیر کرتا ہوں اور اس کی تعمیل کو اپنے اوپر فرض سمجھتا ہوں اور محض یہی وجہ ہے کہ میں نے ایک ایسی عزت کو قبول کر لیا ہے، جس کے قابل میں اپنے تئیں نہیں سمجھتا۔

میں آپ کو اس کامیابی پر مبارکباد دیتا ہوں، جو اس پہلی پراونشل کانفرنس کے منعقد کرنے میں حاصل ہوئی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ ممالک متحدہ کی طرف سے کانگریس کے اجلاسوں میں خصوصیت سے دلچسپی ظاہر کی گئی، چار مرتبہ اس قومی مجلس کو ہم اپنے صوبہ میں مدعو کر چکے ہیں۔ جہاں جہاں سالہائے گذشتہ میں کانگریس منعقد ہوئی، وہاں وہاں ہمارے صوبہ کے منتخب اشخاص خاص مجلسوں میں شریک ہو کر اپنے ملک اور قوم کی پوری پوری خدمت کی، لیکن ساتھ ہی اس کے ہم کو ماننا پڑیگا

یو پی میں
انڈین نیشنل کانگریس کی پہلی صوبائی کانفرنس
کا
خطبۂ صدارت

"وہ کون سی بات ہے جو دو بھائیوں کو خوشی خوشی ملنے اور پیاری ماں کی خدمت کے لئے تیار ہونے سے مانع آتی ہے؟ اس کی وجہ بجز اس کے کہ حکام والا شان سے خوشنودی مزاج کے پروانے حاصل کئے جاویں اور کچھ نہیں ہے۔ اور ایسی جیسی ذلتیں کہ اس جد و جہد میں نصیب ہوتی ہیں اس کا حال کچھ چوٹ کھائے ہوئے دلوں سے پوچھئے۔ اے میرے مسلمان دوستو! ذرا اپنے عنایت فرماؤں سے ہوشیار رہنا۔ گو دو چار اعلیٰ عہدے آپ کے ہم مذہبوں کو مل گئے، تو کیا ہوا، بحیثیت مجموعی مسلمانوں کا اس میں نفع نہیں ہے بلکہ نقصان ہے۔ قومی ترقی سرکاری عہدوں کے بھروسے نہیں ہو سکتی۔ اس کا راستہ دوسرا ہے:

چھو لیا دھوکے سے دامانِ صبا تو نے تو کیا
غنچۂ گل کبھی مٹھی میں ہوا آتی ہے

ضرورت اس بات کی ہے کہ آپس کی بے اعتباری دور ہو اور دونوں جماعتوں کے لیڈر خلوص اور نیک نیتی کے ساتھ مل کر کام کرنے کی کوشش کریں۔"

پنڈت موتی لال نہرو

ضروریات اور تجاویز ہوتی ہیں، جو مقامی ہونے کی وجہ سے انڈین نیشنل کانگریس میں پیش نہیں ہو سکتیں اور جن کے طے کرنے کے لئے پروانشل کانفرنسوں کا ہونا ضروری ہے۔ ان دو فوائد کے علاوہ تیسرا فائدہ اس تحریک کا یہ ہے کہ اس کے ذریعہ سے ملک میں پولیٹکل تعلیم پھیلتی ہے۔ ہم میں سے جن لوگوں کو کانگریس سے قبل کا زمانہ یاد ہے وہ جانتے ہیں کہ اس زمانے میں پولیٹکل مسائل کا چرچا محض برائے نام تھا۔ اس کے برخلاف آج دیکھئے کہ ہر طرف سے پولیٹکل تحریکوں کی صدا آ رہی ہے۔ اس عظیم تغیر کے کیا باعث ہیں۔
اس میں شک نہیں کہ تعلیم کی اشاعت نے ایک حد تک اس کام میں مدد دی ہے، لیکن کیا ہم بغیر کانگریس کی ایسی مجلس کے اپنے مشترکہ اور مجموعی اغراض کا یکجائی اظہار کر سکتے تھے؟ کیا بغیر کانگریس کی قومیت کا پاکیزہ خیال ہندوستانیوں کے دلوں میں جگہ پا سکتا تھا؟ وہ کونسی قوت ہے جس نے ہماری پولیٹکل زندگی کے چھوٹے چھوٹے چشموں کو مجتمع کر کے آج اتنا بڑا بحر ذخار بنا دیا ہے کہ جس کی صولت کا ہمارے کافرے کافر نکتہ چین تک کو اقرار کرنا پڑتا ہے؟ اس قوت کا نام "کانگریس" ہے۔ میں انڈین نیشنل کانگریس کو عملی پالیٹکس کے صیغہ میں ہندوستان کا قومی دارالعلوم خیال کرتا ہوں۔ کانگریس تو اپنا کام کر رہی ہے لیکن اس کام کے تکمیل کے لئے ضروری ہے کہ کانگریس کے ماتحت مختلف صوبوں میں مقامی انجمنیں قائم کی جائیں اور اس لئے میں آپ کو پروانشل کانفرنس کے انعقاد پر مبارکباد دیتا ہوں۔
لیکن جس طرح کہ کانگریس سال میں ایک مرتبہ ہونے کی وجہ سے ہماری ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ناکافی ہے، وہی حال پراونشل کانفرنسوں کا بھی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ کچھ نہ کچھ کام برابر سال بھر تک ہوتا رہے۔ اور یہ تب ہی ہو سکتا ہے جب ہر سال کانفرنس میں ایک سنٹرل کمیٹی مقرر کی جاوے۔ اور ہر ضلع میں ایک ایک مقامی انجمن اس غرض سے منعقد ہو کہ وہ اپنے ضلع کے حالات اور ضروریات سے برابر سنٹرل کمیٹی کو مطلع کرتی رہے۔ کچھ دن ہوئے ان صوبجات میں ایک انجمن یونائیٹڈ پراونسز ایسوسی ایشن کے نام سے اسی غرض سے قائم کی گئی تھی۔ لیکن یہ انجمن کچھ شروع ہی سے بجھی سی ہوئی تھی، اس طرح کی کارروائی سے اب کام نہیں چل سکتا۔ کیا یہ ہماری ذلت نہیں ہے کہ پروانشل کانفرنسیں اور صوبوں میں برسوں سے قائم ہیں۔ لیکن اس کا افتتاح ہمارے یہاں آج ہو رہا ہے؟ اگر ہم اپنی سستی دور کر کے اب بھی کام کرنے کے لئے کمربستہ نہیں ہو سکتے، تو یہ کانفرنس محض بازیچۂ اطفال ہے۔ لیکن جس جوش اور خلوص کا اظہار آج ہو رہا ہے اس سے مجھے یقین ہوتا ہے

کہ ان سالانہ جلسوں کی شرکت کے علاوہ اپنے خاص صوبہ کی ضروریات کے پورا کرنے کے لئے ہم نے ابھی تک کچھ نہیں کیا ہے۔ یہ سچ ہے کہ بہت سی ہماری خاص ضرورتیں ملک کی عام ضرورتوں کے ساتھ مشترک ہیں۔ لیکن چاہے ضرورتیں عام ہوں یا خاص، مقامی انجمنوں اور مقامی جلسوں کے فائدے سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا۔

نیشنل کانگریس کا جلسہ سال میں ایک مرتبہ ہوتا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ اس قومی مجلس کا جلسہ سال میں ایک مرتبہ سے زیادہ نہیں ہو سکتا۔ لیکن شاید آپ جانتے ہوں گے کہ انگریزوں کی ایک فطری خاصیت ہے کہ یہ لوگ نہ جلدی سنتے ہیں اور نہ جلدی سمجھتے ہیں۔ سال میں ایک مرتبہ جب کانگریس کا شور و غل ان کے کانوں تک پہنچتا ہے، تو یہ حضرات ایک دفعہ چونک پڑتے ہیں اور ان میں سے اکثر سوچنے لگتے ہیں کہ ہو نہ ہو کچھ دال میں کالا ہے، لیکن قبل اس کے کہ وہ ہمارے اغراض و مطالب کو پوری طرح سے سمجھ سکیں، کانگریس کا اجلاس ختم ہو جاتا ہے اور سال بھر کے لئے پھر خاموشی کا عالم طاری ہو جاتا ہے۔ میرے اس کہنے سے آپ لوگ یہ نہ سمجھیں کہ میں کانگریس کی کوشش کو بیکار یا بیسود خیال کرتا ہوں، کانگریس کو بیشک دو صیغوں میں ایک معقول حد تک کامیابی حاصل ہوئی ہے، اوّل ہمارے اہلِ ملک کو بیدار کرنے میں، اور دوسرے حکامِ وقت سے چند اصلاحوں کے حاصل کرنے میں۔ اگر اس دوسرے صیغے میں خاطر خواہ کامیابی نہیں ہوئی، تو میرے لئے میں اس کی وجہ یہ ہے کہ اہلِ انگلستان کی توجہ ہماری طرف پوری طور سے مبذول نہیں ہوئی ہے۔ یہ میرا عقیدہ ہے کہ انگلستان کے لوگوں کی نیت بخیر ہے اور یہ عقیدہ صرف میرا ہی نہیں، بلکہ میرے ان تمام ذی وقار ہم وطنوں کا بھی یہی خیال ہے، جنہوں نے انگلستان جاکر خود اپنی آنکھوں سے وہاں کے لوگوں کو دیکھا ہے۔ جیسا کہ میں اوپر عرض کر چکا ہوں، اہلِ انگلستان بات کو ذرا دیر میں سمجھتے ہیں۔ لیکن جہاں ایک مرتبہ بات ان کے سمجھ میں آگئی پھر کوئی شخص ان کو حق بات کہنے اور کرنے سے باز نہیں رکھ سکتا۔ البتہ اس بات کی ضرورت ہے کہ اگر آپ ان کو کوئی بات سمجھانا چاہتے ہیں، تو اس کو بار بار صبح سے شام تک ان سے کہتے رہیے۔ لہٰذا ہمارے لئے ضروری ہے کہ علاوہ انڈین نیشنل کانگریس کے ہم ہر صوبہ میں اور اگر ممکن ہو تو ہر ضلع میں چھوٹی چھوٹی کانگریسیں منعقد کیا کریں، چاہے اس میں ہم کو محض ایک ہی بات کو بار بار دہرانا پڑے۔ لیکن ہم کو یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ علاوہ ان مشترکہ اغراض کے جن کا ذکر ہر کانگریس اور کانفرنس میں ہوتا ہے، ہر صوبہ کے متعلق کچھ نہ کچھ خاص

جو اپنے حقوق حاصل کرنے کے لئے زبردست اور ناپسندیدہ طریقے عمل میں لانا چاہتا ہے۔ اس کا
نام لوگوں نے فریقِ گرم رکھا ہے اور معتدل گروہ فریقِ نرم کے نام سے موسوم ہے۔ الٰہ آباد کے طلبہ
میں اکثر فریقِ گرم کے پیرو موجود ہیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ آنریبل مسٹر گوکھلے کے حکیمانہ اقوال اور
نیک صلاح پر ان اصحاب نے کچھ نہ کچھ غور کیا ہوگا۔ لیکن ہنوز ہم اپنے طریق عمل پر تمام و کمال متفق نہیں
ہیں۔ حضرات! اس وقت میری یہ خواہش نہیں ہے کہ میں ان اصحاب کو اپنا ہم خیال بنانے کے لئے
آپ صاحبوں کے سامنے وعظ دوں۔ یہ کام اُن اصحاب کا ہے جو مجھ سے زیادہ قابل اور لائق ہیں۔
اور ظاہر ہے کہ مسٹر گوکھلے سے زیادہ فائق واعظ معتدل اُصولوں کا نہیں ہو سکتا۔ میں ہرگز اس
امر کا ادعا نہیں کر سکتا کہ اس مسئلہ کے ہر پہلو کو میں اس سے زیادہ وضاحت کے ساتھ پیش کر سکتا
ہوں جیسا کہ انہوں نے اپنے بلیغ اور مدلل لکچروں میں حال ہی میں ان صوبجات کے مختلف حصص
میں بیان فرمایا ہے۔ میرے لئے یہ کہنا کافی ہوگا کہ میں اپنے غیر معتدل احباب کے اکثر و بیشتر اصولوں
سے متفق نہیں ہوں، اور یہ کہ میں نہایت خلوص کے ساتھ امید اور یقین کرتا ہوں کہ میرے اہلِ ملک کی
کثیر جماعت ایسا ہی کرے گی۔ مگر اس کے ساتھ ہی میں غیر معتدلین کو موجودہ کیفیات اور ملک کا
فطرتی نتیجہ سمجھتا ہوں۔ وہ تحریک جس کے وہ محرک ہیں، بنگال میں پیدا ہوئی۔ جہاں گذشتہ چند سالوں
کے رنجیدہ واقعات نے ایک بڑے گروہ کو قعرِ ناامیدی میں گرا دیا ہے۔ یہ گرم اور معتدل فریق
اسی ناامیدی کا خلق کیا ہوا ہے اور یہ نتیجہ ہے ان مصنوعی اسباب کا جن سے زبردستی رعایا کا گلا
گھونٹا جاتا ہے۔ میرے خیال میں فریقِ گرم کی پیدائش سے آثارِ زمانہ کا اظہار ہوتا ہے، اور اس
سے گورنمنٹ اور رعایا دونوں کو سبق حاصل کرنا چاہیئے۔ ایک طرف تو اس فریق کی موجودگی اس
بے چینی کا پتہ دیتی ہے، جو اس وقت سارے ملک میں پھیلی ہوئی ہے اور دوسری طرف اس کا طرزِ عمل
ثابت کرتا ہے کہ ناامیدی اور یاس کے جوش میں جو طریقہ کام کرنے کا تجویز کیا گیا ہے، وہ ایک نوعمر
اور ہونہار قوم کے شان کے ہرگز شایاں نہیں ہے۔ میرا مطلب اس جگہ فریقِ گرم کے چند خاص اطوار سے
ہے۔ کیونکہ ان کے بعض طریقے جائز پسندیدہ اور ہر محبِ وطن کے اختیار کرنے کے قابل ہیں۔
پس ہم کہہ سکتے ہیں کہ باوجود نقائص کے ہمارے گرم دوست ہمارے لئے ترقی اور بہبودی کا
پیغام لے کر آئے ہیں۔ نتیجہ اس کا یہی ہوگا کہ [illegible]

کہ دوسرے صوبہ جات کی طرح ہمارے صوبہ کے باشندے بھی اب واقعی بیدار ہو چلے ہیں اور میں امید کرتا ہوں کہ ہم نہ صرف اس کانفرنس اور اس کی کمیٹیوں کو مستحکم اور مضبوط بنیاد پر قائم کریں گے۔ بلکہ اپنی کوشش اور محنت سے اس کمی کو پورا کریں گے جو کہ دیر سے کام شروع کرنے سے پیدا ہو گئی ہے۔

گو ہم نے کام دیر سے شروع کیا ہے تاہم اس کانگریس کے لئے یہ ایک فال نیک ہے کہ اس کا افتتاح ایک ایسے حاکم کے عہد میں ہوتا ہے کہ جس کے دور حکومت میں ہم کو ہمدردی اور ترقی حاصل کرنے کی پوری پوری امید ہے اور اس لئے میں اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ ان صوبہ جات کی جانب سے اس اجلاس میں سر جان ہیوٹ صاحب بہادر کا خیر مقدم کروں۔ سر جان ہیوٹ کا زمانۂ ملازمت سنہ ۱۸۷۷ء میں انہیں صوبہ جات میں شروع ہوا تھا اور گو اس وقت وہ یہاں صرف سات برس ادنیٰ عہدوں پر متعین رہے تاہم میں وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ جن لوگوں پر ان کو آخر میں حکومت کرنا تھا ان کے لئے اسی وقت سے ان کے دل میں ہمدردی شروع ہو گئی تھی۔ سر جان ہیوٹ سنہ ۱۸۸۴ء میں ان صوبہ جات سے نکل گئے اور اب کئی ایک اعلیٰ اور معزز عہدوں پر کام کرنے کے بعد وہ ہمارے صوبہ میں لفٹیننٹ گورنر ہو کر تشریف لائے ہیں ایسے عالی دماغ اور تجربہ کار مدبر سے ہم صرف یہی نہیں امید کرتے ہیں کہ وہ ایک منتظم حاکم ہوگا، بلکہ ہم کو یہ بھی امید ہے کہ اس کے زمانۂ حکومت میں انصاف سے کام لیا جاوے گا۔ ہماری پہلی کانفرنس کا ایک ایسے دور حکومت کے شروع میں افتتاح ہونا ایک اچھا شگون ہے۔ ہماری نئی کانفرنس اور یہ نیا دور حکومت، دونوں ہونہار نظر آتے ہیں اور مجھے قوی امید ہے کہ اپنے اپنے ادائے فرض میں دونوں اس طرح کاربند ہوں گے کہ ایک کو دوسرے سے نفع اور تقویت حاصل ہوگی۔

اب مجھ کو ان فرائض کے متعلق عرض کرنا ہے جن کو کانفرنس ادا کرے گی۔ یہاں تک کہ کسی گورنمنٹ یا کسی انجمن سے اصول عامہ کا تعلق ہے سب صاحب اس سے واقف ہیں اور مجھ کو اس کے متعلق بیان کرنے کی کچھ ضرورت نہیں ہے۔ لیکن اس کانفرنس کے اغراض و مقاصد اور طریقۂ کار کے متعلق کچھ کہنا میرا فرض ہے۔ آپ لوگ اس اختلاف سے واقف ہوں گے جو کہ ہمارے گزشتہ دنوں چند روز سے پیدا ہو گیا ہے اور جس کی نسبت کہ میں مختصر طور سے کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

ملک میں آج کل ایک جدید فرقہ پیدا ہو گیا ہے۔ جو غیر معتدل اصول کی پیروی کرتا ہے اور

سودیشی اور بائیکاٹ ایک حد تک مشترک ہیں، کیونکہ سودیشی اشیاء کے استعمال کے معنی یہی ہیں کہ غیر ممالک کی چیزیں خریدنے سے پرہیز کیا جائے۔ لیکن بائیکاٹ کے اصلی معنی یہ نہیں ہیں اور نہ ہمارے دوست اس لفظ کو محض ان معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔ بائیکاٹ کو ان لوگوں نے دو حصوں میں تقسیم کر رکھا ہے۔ اوّل تجارتی، دوم پولیٹیکل۔ اگر آپ محض تجارتی بائیکاٹ کا خیال کیجئے تو اس سے سودیشی تحریک کو کچھ نہ کچھ مدد ملتی معلوم ہوتی ہے۔ لیکن کیا حب الوطنی کے پاک اور روحانی جذبہ کی جس پر سودیشی کا دارومدار ہے۔ ذاتی قوت کافی نہیں ہے کہ ہم اس میں دشمنی اور عداوت کے ادنیٰ جذبوں کو شریک کرتے ہیں؟ اگر واقعی حالت یہ ہے تو مجھ کو یہ کہنے میں ذرا بھی تامل نہیں ہے کہ ساری دنیا کی خصومت اور دشمنی سودیشی تحریک کو قائم نہیں رکھ سکتی۔ آپ کا جوش قوانین قدرت پر غالب نہیں آسکتا، یہ قدرت کا مسلمہ قانون ہے کہ کشاکش حیات میں قوی، کمزور پر غالب آتا ہے۔ اگر ایک بالشت بھر کا بونا، چاہے اس کے دل میں دنیا بھر کی عداوت اور خصومت بھری ہوئی ہو، ایک تنکا لے کر ایک ایسے دیو سے مقابلہ کرنے کو کھڑا ہو جو اچھے سے اچھے اسلحۂ جدیدہ سے مسلح ہو تو اس کا حشر کیا ہوگا؟ انگریزی مال کے بائیکاٹ کے یہ معنی ہیں کہ آپ دنیا کی سب سے بڑی تجارتی قوت سے، جو اس وقت آپ پر حکمراں بھی ہے، مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہیں۔ مگر یہ کہنا کہ چونکہ آپ کے دل میں خصومت اور عداوت کے جذبے بھرے ہوئے ہیں اس لئے آپ اپنے ننھے ننھے کرگھوں اور ٹوٹے پھوٹے کارخانوں کے زور سے انگریزی تجارت کو مٹا دیں گے، بچوں کی سی باتیں کرنی ہیں۔ میں اس جوش اور ایثار کی قدر کرتا ہوں جو لوگوں کو اپنے ملک کی خراب اور مہنگی چیزوں کو غیر ممالک کی عمدہ اور سستی چیزوں پر ترجیح دینے پر آمادہ کرتا ہے، اور ایسے لوگوں کی تعداد میں جہاں تک اضافہ ہو اچھا ہے۔ لیکن ذرا ان صوبجات کی آبادی کا خیال کیجئے اور پھر سوچئے کہ ان کروڑوں آدمیوں کے مقابلہ میں ان چند ہزار کی تعداد کیا ہے جو اس قسم کے ایثار سے کمربستہ ہو سکتے ہیں؟ اگر آپ ایسا کریں گے، تو آپ پر ظاہر ہو جائے گا کہ بائیکاٹ کے ذریعے بدیسی مال کی درآمد نہیں رک سکتی۔ بڑے بڑے شہروں میں آپ کو چند آدمی ایسے مل جائیں گے جو اس قسم کے ایثار پر تیار ہوں لیکن بدیسی اشیاء اب ہر ضلع کے دور افتادہ مقامات تک میں پہنچ گئی ہیں، اور ان کا روکنا کسی کے بس کی بات نہیں۔ کسی کے بس میں زیادہ

قائم رہے گی۔ لوگ جوش و خروش کے ساتھ ناپسندیدہ طریقے اختیار کرتے جاویں گے اور ان ناپسندیدہ طریقوں پر کارروائی کرنے کی ضرورت پڑے گی۔

میں سمجھتا ہوں کہ ان نئے طریقوں کا ذکر مجھ کو کسی قدر تفصیل کے ساتھ کرنا چاہیئے۔ جہاں تک سودیشی کا تعلق ہے مجھ کو یہ کہنے میں ذرا بھی تامل نہیں ہے کہ اس طریقے کو اختیار کرنا ہر محب وطن کا فرض ہے۔ بقول مسٹر گوکھلے کے سودیشی کے اعلیٰ ترین معنی ہیں۔ وطن کا پُر جوش اور کامل عشق۔ ظاہر ہے کہ ایسی سودیشی سے کس کافر کو انکار ہو سکتا ہے۔ انگریز تو اس کے ہرگز ہرگز منکر نہیں ہو سکتے کیونکہ وہ خود پکے سودیشی ہیں۔ اگر آپ انگلستان جایئے تو وہاں ریلوے اسٹیشنوں پر تھیئٹروں کے باہر گاڑیوں پر، غرض کہ ہر چیز پر لکھا ہوا ملے گا "اپنے ملک کی چیزیں خریدو" اور آج تک کسی انگریز کی، حتیٰ کہ لارڈ کرزن کی بھی یہ ہمت نہیں پڑی کہ وہ سچی اور خالص سودیشی کے خلاف ایک حرف بھی زبان سے نکالیں۔ بلکہ وہ لوگ اور ان میں لارڈ کرزن بھی شامل ہیں بار بار سودیشی کی امداد کا وعدہ کرتے رہے ہیں۔ سودیشی کا خیال تو ہمارے ملک میں عرصہ سے موجود ہے لیکن اس نئی تحریک نے جس کا میں نے اوپر ذکر کیا ہے اس میں ایک نئی رُوح پھونکی ہے، اور اس کے اثر سے ملک کے مختلف حصص میں بہت سے نئے کارخانے کھل گئے ہیں اور دستی حرفتوں کی ترقی کی از سر نو فکر ہونے لگی ہے۔ اس نئے جوش کے ساتھ نئے نئے کارخانے ہمارے ملک میں قائم ہوں گے، ملک کی خام پیداوار بجائے ملک کے باہر جانے کے ملک کے اندر ہی رہے گی، اور آخر کار ہم ایک نہ ایک دن اس قابل ہو جاویں گے کہ غیر ممالک کے لوگوں سے تجارت میں کھلے بندوں مقابلہ کر سکیں۔ سچ تو یہ ہے کہ بدیشی چیزوں کی آمد تب ہی قطعی بند ہو سکتی ہے جب سودیشی چیزیں اُن سے اچھی اور سستی بننے لگیں، جب ہم اس قابل ہو جاویں گے، تو بدیشی چیزوں کی آمد روکنے کے لئے بائیکاٹ کی کوئی ضرورت نہ رہے گی اور ہم کو اپنے اغراض حاصل کرنے کے لئے ناپسندیدہ اور ناجائز طریقے استعمال نہیں کرنے پڑیں گے۔ یہ ہے وہ ترقی کا معیار جس کے لئے ہر ہندوستانی کو کوشش کرنی چاہیئے اور جہاں تک اس کے حصول میں فریق گرم مدد دیتا ہے، وہاں تک میں اس کا مشکور ہوں، لیکن جب وہ سودیشی سے گذر کر بائیکاٹ کی اشاعت شروع کرتا ہے، تو مجھ کو مجبوراً اُس کا ساتھ چھوڑ دینا پڑتا ہے۔

بعض لوگ کہتے ہیں بائیکاٹ سودیشی میں شامل ہے۔ اور بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ

ایسے سیاسی حربہ سے جو ایک خاص غرض کے حصول کے لئے استعمال کیا جاتا ہے تعبیر کیا تھا، اور یہ بھی ارشاد فرمایا تھا کہ لحاظ اقتضاتِ موجودہ ہمارے بنگالی احباب اپنے اس فعل کے لئے معذور ہیں۔ واقعات موجودہ کی تشریح انہوں نے یوں فرمائی تھی :

"ہم سب جانتے ہیں کہ جب ہمارے بنگالی بھائیوں کو یہ معلوم ہوا کہ سابق وائسرائے کو کوئی چیز تقسیم بنگالہ سے باز نہیں رکھ سکتی اور اخبارات اور لکچروں میں اس کا اظہار بیزاری ان کی سب موضداشتیں بجنسہٖ معروض الیہ و سکریٹری ہند و پارلیمنٹ بیکار ہیں اور یہ کہ گورنمنٹ اپنی جابرانہ قوت ان کے دلی خوبیوں کو کچلنے اور ان کو نقصان پہنچانے میں صرف کرے گی، اور کہیں سے کسی قسم کا بچاؤ ان کو نہیں مل سکا تو مجبوراً و بالآخر انہوں نے تحریک بائیکاٹ سے کام لیا۔ اس کانگریس میں مسٹر سریندرو ناتھ بنرجی و دیگر مقررین نے ایسی ہی تقریریں کیں اور اس تمام بحث کا نتیجہ ذیل کی تجویز کی شکل میں ظاہر ہوا، تجویز ہوا کہ یہ کانگریس نہایت زور سے اپنی بیزاری کا اظہار اُن جابرانہ کارروائیوں کے خلاف کرتی ہے جو حکام نے بنگالہ میں اس وقت کیں جب کہ وہاں کے باشندے بدیسی اشیاء کے بائیکاٹ پر بطور آخری اظہار بیزاری مجبور ہو گئے تھے اور اُن کے لئے کوئی مناسب و جائز وسیلہ اہلِ انگلستان کی توجہ گورنمنٹ ہند کی حرکات کی طرف مائل کرنے کا باقی نہیں رہا تھا۔"

حضرات! اب ایک لحظہ کے لئے آپ یہ سمجھ لیں کہ موجودہ گورنمنٹ الہام سے متنبہ ہو کر سابق گورنمنٹ کی اس بڑی بھاری ناانصافی سے واقف ہو جائے، جو ہمارے بنگالی بھائیوں کے ساتھ کی گئی ہے اور تقسیم بنگال کے حکم کو منسوخ کر دے کیا ایسی صورت میں ہمارے بنگالی بھائیوں کا یہ فرض نہ ہوگا کہ وہ بائیکاٹ سے درگذر کریں؟ اور پھر سودیشی تحریک کا کیا حشر ہوگا جب کہ وہ اتنی بڑی حد تک بائیکاٹ پر منحصر ہے؟ یا تو اس کا وجود بغیر بائیکاٹ کے ممکن ہے یا ناممکن اگر ناممکن ہے تو کیا آپ سودیشی ملت کو جس کی بنیاد خالص عمیق اور محیط محبتِ وطن پر ہے حصولِ انتقام پر قربان و نثار کر دیں گے؟ بائیکاٹ کا منشا جیسا کہ مسٹر سریندرو ناتھ بنرجی نے بیان

استعمال کرنے والے عوام الناس ہی ہوا کرتے ہیں۔ اس لئے جب تک عوام میں بھی ایثار کا وہی جوش نہ پیدا ہو جیسا کہ اُس عالی نثار جماعت میں ہے جس کا میں نے ابھی تذکرہ کیا ہے اس وقت تک کوئی بیچ کی مال درآمد میں نہیں ہو سکتی۔ ہم اور آپ دونوں ہی اس امر سے خوب واقف ہیں کہ جماعت عامہ کو افلاس کی بیماری نے ایسا تباہ کر رکھا ہے کہ وہ باوجود اپنی دلی خواہش کے ایسا کرنے پر مجبور ہیں۔

ابھی اس امر کو بہت زمانہ باقی ہے کہ کسی دیہاتی کے قلب پر خیالات نقش کی جاسکے کہ اُسے اپنے ملک کے فائدہ کی غرض سے لنکا شیر کی بنی ہوئی دھوتی لینے سے پرہیز کرنا چاہیئے، اور اپنے خاندان کو اشد ضروریات پر ترجیح دے کر دیسی اشیاء پر اپنی گاڑھی کمائی کا زیادہ تر حصہ صرف کرنا چاہیئے۔ خیر یہ بھی سہی، ہم ایک قدم اور بڑھ کر تھوڑی سی دیر کے لئے مانے لیتے ہیں کہ ایک معمولی ہندوستانی گنوار کو آپ ایسا یقین دلانے میں کامیاب ہو بھی گئے۔ مگر تب اس سوال کا جواب کیا ہوگا کہ کیا صدا اُس طلب کے لئے کافی بھی ہوگی جسے ہم یوں معرض وجود میں لاتے ہیں؟

حضرات! کسی تجارتی کاروبار کی کامیابی تجارتی ہی اصول پر منحصر ہے اور سیاسی اصول کا اس میں دخل نہیں ہو سکتا۔ جب تک کہ انسانی فطرت برقرار ہے وہی تاجر کامیاب ہوگا، خواہ اُس کے سیاسی اصول اور اُس کی قومیت کچھ ہی کیوں نہ ہو، جس سے خریدار کو اپنی قیمت کے معاوضہ میں سب سے اچھی اور سستی چیز وصول ہوتی ہے۔

علاوہ بریں یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ ایسا صناع اپنی کاریگری میں کچھ ترقی نہ کرے گا جس کی بھونڈی اور بھدی اشیاء غیر مکمل ناقص اوزاروں سے بنی ہوئی آسانی سے فروخت ہو جایا کرتی ہیں۔ اس کی آزادی سے سرپرستی کرنے کا یہ نتیجہ ہوگا کہ آپ نہ صرف اپنی کاریگری اور اپنی ساختہ اشیاء کو دائماً ناقص رکھنے میں مدد دیں گے۔ بلکہ اُس سے اس کی قوت محرکہ کو بھی چھین لیں گے محض جس پر اُس کی ترقی کا دارومدار ہے۔ پھر یہ بھی ظاہر ہے کہ وہ حضرات جو سودیشی اور بائیکاٹ کے تو شل کے قائل ہیں۔ اول الذکر تحریک کے مقصد اور غرض کو بھولے ہوئے ہیں۔ ان کے قول کے مطابق بطور ایک سیاسی اسلحہ کے استعمال کیا گیا ہے اور تجارتی کا معیار سے اس کو کچھ نوعی نہیں۔ آنریبل مسٹر گوکھلے نے اپنی صدارتی تقریر میں بمقام بنارس بائیکاٹ کو ایک

اب ہمیں اس مسئلہ پر غور کرنا ہے کہ کیا ان صوبہ جات میں ہم کو بائیکاٹ کی بلا سیاسی حربہ کے، ضرورت ہے؟ اور کن کن صورتوں میں بائیکاٹ کا استعمال جائز ہے؟ ہم متذکرہ بالا ہر دو بنگالی کے بجنسہ الفاظ اس سوال کے جواب میں نقل کرنا چاہتے ہیں۔ مسٹر سریندر ناتھ بنرجی فرماتے ہیں:

"بائیکاٹ ایک سیاسی حربہ ہمارے قبضہ میں ہے اور ہم اشد ضرورت پر اس کے استعمال پر آمادہ ہیں۔ مگر اس وقت کہ جب اور سب کوششیں بیسود ہو چکی ہوں اور عوام الناس کی کافی اور قوی حمایت اس کے استعمال کو جائز اور اس کی کامیابی کو یقینی قرار دے۔"

مسٹر گوکھلے فرماتے ہیں:

"ایسے حربہ کو خاص خاص اوقات کے لئے رکھ چھوڑنا چاہیئے، اس کی ناکامیابی نہایت پُرخطر ہے اور کامیابی کے لئے عوام میں غیر معمولی جوش و خروش کی ضرورت ہے۔ جب بائیکاٹ کا استعمال کیا جائے گا، تو جن کے خلاف بائیکاٹ ہوگا ان سے ضرور دشمنی پیدا ہوگی اور کوئی شخص بلا خاص اور اشد ضرورت کے ایسے جذبات کے پیدا کرنے کی ذمہ داری نہیں لے سکتا۔"

حضرات اب آپ ذرا اس مسئلہ پر غور فرمایئے کہ ہمارے صوبہ میں کوئی ایسی خاص اور اشد ضرورت ہے کہ جو ہم کو گورنمنٹ کے خلاف ایسا خطرناک حربہ استعمال کرنے کے لئے مجبور کرتی ہے کہ جس سے ہم کو زخمی ہونے کا اندیشہ ہے؟ کوئی صاحب مجھ کو یہ بتلائیں کہ اس صوبہ میں عوام میں وہ غیر معمولی جوش و خروش گورنمنٹ کے خلاف کہاں ہے کہ جس کے بھروسہ پر ہی خواہانِ ملک اس پُرخطر طرزِ عمل کے اختیار کرنے کی صلاح دیں جس سے فریقِ ثانی کے دلوں میں غصہ اور دشمنی پیدا ہونا لازمی ہے؟ یہ ضرور ہے کہ ہم کو گورنمنٹ سے اکثر شکایتیں ہیں ہماری جائز اور ضروری درخواستوں پر توجہ نہیں کی جاتی اور ہمارے ساتھ حکام کا سلوک اچھا نہیں ہوتا۔ لیکن ہم نے ان شکایات کے دور کرنے کی اب تک کیا تدابیر کیں ہیں؟ سچ تو یہ ہے کہ سوائے کانگریس میں چند تجاویز پاس کر دینے کے ہم نے کچھ بھی نہیں کیا ہے۔ پس ہم کو کیا حق ہے کہ ہم باقاعدہ اور جائز طریقوں سے بیزاری ظاہر کرکے بائیکاٹ ایسے ناپسندیدہ طریقے کے پیچھے دوڑیں؟ دوسرا سوال یہ ہے کہ اگر ہم کو اپنے صوبہ میں کوئی ایسی خاص شکایت نہیں ہے، تو کیا ہم کو اہلِ بنگال سے ہمدردی ظاہر کرنے کے لئے اس طریقے کو اختیار کرنا چاہیئے؟ میں اس موقعہ پر اس سوال پر بحث نہیں

کیا ہے صرف اہلِ برطانیہ کی اس لاپروائی کے خلاف جو ان میں ہندوستانی اُمور سے ہوا کرتی ہے ناراضی کا اظہار کرنا ہے۔ اگر یہ غرض حاصل ہو گئی تو ایمانداری اس بات کی مقتضی ہو گی کہ اس کو بند کر دیا جائے اور اس کے خاتمے کے ساتھ ہی سودیشی کی ساری عمارت کا خاک میں مل جانا لازمی ہے۔ لیکن اگر سودیشی بعد تنسیخ تقسیم بنگالہ کے بغیر بائیکاٹ کے معرض وجود میں رہ سکتی ہے اور سچ تو یہ ہے کہ سودیشی ملت محبت وطن کی سب سے اعلیٰ تخیل کا نتیجہ ہے اور یہ ذرہ برابر بھی بائیکاٹ پر منحصر نہیں ہے۔ آخر الذکر اگرچہ ایک نہایت عمدہ قومی سیاسی آلہ ہو۔ مگر تاہم وہ ادنیٰ جذبات نفرت و انتقام سے منتج ہے، تجارتی و اقتصادی حیثیت سے سودیشی اور بائیکاٹ کا کوئی تعلق نہیں ہے، واحد اور سچا ذریعہ سودیشی تحریک کی مدد کا یہ ہے کہ ملکی حرفتوں اور صنعتوں کو زمانۂ جدید کے مطابق ترقی دی جائے، ہم کو اپنی ساری قوتیں اس میں صرف کرنی چاہئیں اور ہمارے مہاجنوں کو نئے کارخانے قائم کرنے اور ملکی اجناس خام کو ملک کے اندر ہی صرف کرنے کے تدابیر میں روپیہ خرچ کرنا چاہیئے۔ ایسے پرانے زمینداروں اور تعلقہ داروں کو جن کے پاس اب بھی سونا چاندی بہت گڑھا ہوا ہے اپنے مال و دولت کو نکال کر اس طرح صرف کرنا چاہیئے کہ انہیں اور اُن کے وطن دونوں ہی کو فائدہ پہنچے، کیونکہ ایسے باہمت اور اولوالعزم اصحاب کی تعداد بہت ہی قلیل ہے، جو اپنے وطن کی محبت میں اپنی دولت خرچ کر ڈالیں۔ ہم اپنے ملک میں ایسے دارالصناعات بنا دیں، جن میں ہمارے نوجوان کو جدید صنعت و حرفت کی تعلیم و تربیت دی جائے۔

حضرات! اس قسم کے چند اصلی اور واقعی طریقے ہیں۔ جن کی مدد سے سودیشی کی بنیاد مستحکم ہو سکتی ہے۔ آپ اس تحریک کو چند روز کے غصہ اور جوش سے فائدہ نہیں پہنچا سکتے۔ جس سے ایک جھوٹی خواہش تو پیدا ہو جاوے گی لیکن علت کے معدوم ہونے پر وہ خود بھی غائب ہو جاوے گی۔ ہماری اصلی مشکل کچھ تو ہمارے ہی اہلِ ملک بالخصوص دولتمند حضرات کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اور کچھ سرکار سے کافی مدد ابتدائی اور صنعتی تعلیم کی توسیع کے نہ ملنے سے بائیکاٹ ہماری خفیہ قوتوں کو بیدار نہیں کر سکتی اور ہندوستانی اہلِ دوَل کے پرانے تعصب کو دور نہیں کر سکتی۔ مگر اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اس کی وجہ سے سرکار کی ہمدردی بالکل مفقود ہو جائے گی۔ پھر میں سمجھ نہیں سکتا کہ سودیشی کے مقاصد عُلویٰ کو اس کی کیا ضرورت ہے اور کیا حاجت ہے۔

انگریزوں کی حکومت کے شروع میں یہی سبب کہ اسکولوں میونسپل بورڈوں اور کونسلوں کے ہندوستانی ممبروں کا وجود بھی نہ تھا۔ یہ حالت اُس حالت سے خراب ہوگی۔ یہ یاد رکھئے کہ جو کچھ ہمکو پچھلے سو برس میں ملا ہے اس کا ہم کو نہایت بیش بہا معاوضہ دینا پڑا ہے۔ اگر ہم اِن چیزوں سے بلا سوچے سمجھے دستکش ہو جاویں گے تو بالواسطہ اور بلاواسطہ دونوں طرح ہمارا سخت نقصان ہوگا۔ اس تمام بحث کا نتیجہ یہ ہے کہ گو سودیشی کا کشادہ پیشانی سے خیر مقدم کرنا چاہیئے۔ لیکن بائیکاٹ ایسے پُرخطر حربہ کو ہاتھ نہیں لگانا چاہیئے۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنی تحریک کو جائز اور پسندیدہ طریقوں تک محدود رکھیں، میں تو یہاں تک کہوں گا کہ ان صوبجات میں ہم کو اپنا کام گورنمنٹ کے ساتھ ہمدردی اور اس کی نیت پر بھروسہ رکھ کر شروع کرنا چاہیئے۔

حضرات! میں گورنمنٹ کا طرفدار نہیں ہوں اور نہ گورنمنٹ کا وکالت نامہ میرے پاس ہے۔ میں آپ سے یہ ہرگز نہیں کہتا کہ آپ ذلت اور کمینہ پن کے ساتھ گورنمنٹ کی خوشامد کیجئے۔ آپ مرد ہیں اور مردانگی آپ کا جوہر ہے۔ آپ اپنے حقوق کے مالک ہیں اور ان حقوق پر آپ کو مردانگی کے ساتھ قائم رہنا چاہیئے۔ آپ کو جو کچھ شکایتیں ہیں ان کو مردانگی کے ساتھ بیان کرنا چاہیئے، جو اصلاحیں آپ چاہتے ہیں ان کو بیان کرنے میں اور نیز عملی جامہ پہنانے میں جرأت، ہمت اور استقلال سے کام لینا چاہیئے حق بات کہنے اور کرنے میں کسی کا خوف نہ کیجئے، اس کا مرتبہ کتنا ہی اعلیٰ ہو۔ حق کی قوت پر بھروسہ کیجئے اور اس کو نہ چھوڑیئے، چاہے اس کے پیچھے جان ہی کیوں نہ جاتی رہے۔ اپنے دل میں ارادہ کر لیجئے کہ آئندہ ہندوستان کے ساتھ ناانصافی نہ ہونے دیں گے۔ اور اس ارادہ کو پورا کرنے کے لئے نئے قوت اور قابلیت کہیں باہر سے نہیں پیدا ہوگی۔ بلکہ رفتہ رفتہ آپ ہی کے سرشت سے پیدا ہوگی بشرطیکہ آپ ایثار کے واسطے تیار ہوں۔ جس قوت اور قابلیت کا میں نے ذکر کیا ہے اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ آپ حکام کو گالیاں دینا شروع کر دیں۔ حاکم وقت سے مؤدبانہ برتاؤ کرنا مردانگی کے خلاف نہیں ہے۔ ہماری جو کچھ شکایتیں ہیں ان کے اصلاح کی فکر ضرور کرنی چاہیئے مگر ہم کو یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ انگریزی حکومت میں ہم کو بہت سی برکتیں بھی حاصل ہوئی ہیں، جو کہ اس کے پیشتر ہم کو نصیب نہیں تھیں۔ مثلاً ہم سب پبلک کے جلسوں میں جمع ہو کر حکام وقت پر نکتہ چینی کر سکتے ہیں ہم کو چاہیئے کہ جو حقوق رفتہ رفتہ ہم کو مل چکے ہیں اس کے لئے شکر گذار ہوں اور انصاف اور حق پسندی کے

سنا چاہتا کہ اہل بنگال کا یہ فعل کہاں تک معقول اور قابل تعریف ہے؟ مگر ان لوگوں نے جو کچھ کیا ہے
بنی پوری ذمہ داری محسوس کر کے کیا ہے اور اُن کا بیان ہے کہ ان کے صوبہ میں عوام میں اس قدر جوش و
خروش موجود ہے کہ جو اس طریقہ کو عمل میں لانے کے لئے ضروری ہے۔ لیکن ہمارے یہاں تو جوش و خروش عامہ
ن کی موجودگی کامیابی میں شرط ہے مفقود ہے اور جب یہ کیفیت ہے تو ہم اس حربہ کے استعمال سے اہل بنگال
کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتے۔ ہمارے لئے بائیکاٹ کا طریقہ جاری کرنا پتھروں سے سر ٹکرانا ہے۔ ہندوستان
کسی اور صوبہ نے اس شکل میں بنگال سے ہمدردی نہیں ظاہر کی ہے اور ہمارے لئے بھی یہی بہتر ہے
ہم بالفعل اپنے سے زیادہ ترقی یافتہ صوبوں کی تقلید کریں۔

میں نے ابھی تک یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ بائیکاٹ اس "نرم" صورت میں بھی
جس کو کانگریس کی دو پچھلی اجلاسوں میں پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے) ہمارے صوبہ کے لئے
سب نہیں ہے، لیکن فریق گرم جس بائیکاٹ کا وعدہ کرتا ہے وہ اس "نرم" بائیکاٹ سے کہیں
ھ کر ہے۔ اس کا مطلب بائیکاٹ سے محض تجارتی بائیکاٹ نہیں ہے بلکہ وہ ہر انگریزی چیز کو بائیکاٹ
نے کی صلاح دیتا ہے اور کہتا ہے کہ ہم گورنمنٹ کا انتظام چلنے نہیں دیں گے۔ کبھی یہ بزرگ مزاحمت
ل (Passive Resistance) کا ذکر بھی کرتے ہیں جو معلوم تو اس قدر معنی خیز ہوتا ہے
در اصل بالکل بے معنی ہے۔ لیکن جب آپ سے یہ کہا جاتا ہے کہ گورنمنٹ سے کوئی تعلق نہ رکھئے تو اس
ایک نا ئک سا فرق بھی نکالا جاتا ہے، اور وہ یہ کہ محض اعزازی عہدوں کو چھوڑنے کی صلاح دی جاتی
لیکن فرائض حب الوطنی کے ادا کرنے کے لئے تنخواہ اور درماہہ کی رکاوٹ کیا معنی۔ ایک صاحب
تے ہیں کہ اگر طوائف الملوکی کے ساتھ آسودگی ہو تو طوائف الملوکی اس امن سے بہتر ہے جس کے ساتھ
س موجود ہو۔ لیکن بھلا کوئی ان سے یہ پوچھے کہ طوائف الملوکی کی حالت میں سوائے چور ٹھگوں کے
ہ حال کون ہو سکتا ہے؟ یہ بیانات اس قدر لغو ہیں کہ زبان سے نکلتے ہی ان کی تردید خود بخود ہو جاتی
مگر تعجب یہ ہے کہ ایسی لغویات سنجیدگی کے ساتھ بیان کی جاتی ہیں۔ میں تو یہ صاف صاف کہتا ہوں
رے ملک کی اس حالت پر خیال کرتے ہوئے دل دہلتا ہے جبکہ سب سرکاری اور امدادی اسکول اور
بند ہو جاویں گے، میونسپل اور ڈسٹرکٹ بورڈ ٹوٹ جاویں گے اور ہماری مجالس واضعان قانون
بلیا میں ہندوستانی نظر نہ آوے گا۔ اس وقت ہماری کیا حالت ہوگی "ناگفتہ بہ" جو کچھ ہماری حالت

میں سودیشی اور بائیکاٹ کی بحث کو اس قدر طول نہ دیتا اگر آج کل ملک میں ان کا اس قدر چرچا نہ ہوتا۔ اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ ہم اپنی پہلی پراونشل کانفرنس میں ان دونوں مسائل کے متعلق اپنی رائے کو صاف صاف ظاہر کردیں میں نے اپنی رائے آپ کے سامنے بیان کردی:

اب مان نہ مان تو ہے مختار

اب میں آپ کی توجہ ایک ایسے مسئلہ کی طرف منعطف کرنا چاہتا ہوں جس کو میں خصوصاً ان صوبجات میں اور تمام مسائل سے زیادہ ضروری خیال کرتا ہوں اور یہ ہندو مسلمانوں کے اتحاد واتفاق کا مسئلہ ہے۔ اس اتحاد سے جیسا کچھ نفع ہوگا اس سے کبھی کسی نے انکار نہیں کیا ہے اصولاً تو ہر شخص اس کے ماننے کے لئے تیار ہے۔ ہندؤں اور مسلمانوں کے واجبی اور جائز تعلقات کا اظہار سر سید احمد خاں مرحوم نے نہایت پسندیدہ پیرایہ میں ذیل کے الفاظ میں کیا ہے:

"ہندو اور مسلمان، ہندوستان کی دو آنکھیں ہیں، اگر ایک کو ضرر پہنچے گا، تو دوسرے کو بھی کچھ نہ کچھ نقصان ہوگا"

ایک دوسرے موقع پر بھی صاحب موصوف نے اپنی رائے ظاہر کی تھی کہ:

"ہندو مسلمانوں کو مل کر کام کرنا چاہیئے اگر متفق ہو کر رہیں گے، تو ایک دوسرے سے مدد پہنچے گی، ورنہ دونوں پر تباہی آوے گی"

یہ سچ ہے کہ بعد میں سر سید احمد خاں صاحب نے کانگریس سے مخالفت کی تھی لیکن میں نے ان کی جس رائے کا اوپر ذکر کیا ہے اور جس کا اظہار انہوں نے ۱۸۸۴ء میں کیا تھا اس کی صداقت میں کبھی فرق نہیں آسکتا۔

ہز مجسٹی امیر کابل ابھی تھوڑے دن ہوئے ہندوستان تشریف لائے تھے ان کی عزت جیسے کہ مسلمانوں نے کی ویسے ہی ہندؤں نے کی اس مشرقی بادشاہ نے جس فراخدلی کا اظہار کیا اس پر کسی مغربی حکمران کو ناز ہو سکتا ہے۔ ہز مجسٹی امیر کابل نے ایک آن واحد میں کل معاملہ کو سمجھ لیا اور بار بار ہندو مسلمانوں کے اتحاد و اتفاق پر زور دیتے رہے۔ کلکتہ میں انہوں نے پشتو کا ایک شعر پڑھا تھا جس کے معنی ہیں کہ: کوئی گلی کوچہ کوئی جگہ ایسی نہیں ہے کہ جہاں ہندو مسلمان مل کر نہ رہ سکتے ہوں۔

اس شعر کا جو کچھ مطلب ہے ظاہر ہے، اس قول کی صداقت اظہر من الشمس ہے لیکن افسوس

اصولوں سے قوت مزید حاصل کر کے آئندہ اور حقوق طلب کریں۔

آپ جانتے ہیں کہ یہ ہماری پہلی کانفرنس ہے اگر میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ اپنا کام گورنمنٹ سے ہمدردی کے ساتھ شروع کیجئے، تو اس کے معنی یہ نہیں ہیں کہ آپ گورنمنٹ کے ساتھ شرفا کا برتاؤ کیجئے۔ ہم اپنی پولیٹیکل تحریک میں جائز اور صحیح طریقے برتنے چاہتے ہیں اور ہمارا منشا یہ ہے کہ حکام وقت کے ذریعہ سے اصلاحیں عمل میں لائی جاویں۔ اس حالت میں ہم کو گورنمنٹ سے قدم قدم پر سابقہ ہے۔ حکام وقت بھی آخر انسان ہیں اور ان کا یہ امید کرنا کہ آپ مہذبانہ اور معتدل طریقے سے اپنی خواہشوں کا اظہار کریں گے کچھ بے جا نہیں ہے۔ اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ آپ جو حقوق طلب کریں وہ جائز اور مناسب ہوں اور آپ کا طرز گفتگو جادۂ اعتدال سے تجاوز نہ کرے۔ جب وکیل زیادہ شور و غل مچاتا ہے، تو جج فوراً سمجھ جاتا ہے کہ اس کا مقدمہ کمزور ہے۔ یہ تو آپ کو ماننا پڑے گا کہ حکومت کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ گورنمنٹ بھی اپنی دقتوں اور مصیبتوں میں مبتلا ہے اور اس کا منشا ہے کہ جس طرح آپ یہ چاہتے ہیں کہ گورنمنٹ آپ کی دقتوں کو محسوس کرے اسی طرح آپ کو اس کی دقتیں بھی محسوس کرنی چاہئیں۔ جو کچھ کہ میں نے آپ کے سامنے گورنمنٹ اور رعایا کے تعلقات کی نسبت بیان کیا ہے اس کا اطلاق خصوصاً اس وقت ہماری کانفرنس اور ہمارے صوبہ کی گورنمنٹ پر ہوتا ہے۔ ہماری کانفرنس نئی ہے اور ہمارے صوبہ کا حکمران بھی نیا ہے اور ابھی تک کوئی صریح اور معین پالیسی ایک نے دوسرے کے خلاف یا موافق اختیار نہیں کی ہے۔ میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ آپ اپنی کارروائی میں یا اپنی تجاویز میں کوئی بات ایسی نہ کیجئے کہ جس سے گورنمنٹ خواہ مخواہ آپ سے بھڑک جاوے۔ گورنمنٹ کو موقع دیجئے کہ وہ آپ کی مدد کرے۔ اگر اس کے بعد بھی آپ کی امیدوں کی برآری نہ ہو، تو آپ کو اختیار ہے کہ آپ اپنے حقوق کے حصول کے لئے پوری کوشش اور جد و جہد کیجئے۔ ساتھ ہی اس کے یاد رکھئے کہ اگر جو کچھ آپ چاہتے ہیں وہ آپ کو اپنی زندگی میں نہ ملے، تو یاس کا کوئی سبب نہیں ہے۔ اپنی اولاد کے لئے آپ بہترین ورثہ بھی چھوڑ سکتے ہیں کہ جو پیڑ آپ لگاتے ہیں وہ ان کے زمانے میں بارآور ہو۔ میں پھر آپ سے بصد ادب کہوں گا کہ تحریک کو کامیاب بنانے کے لئے ناجائز نہیں بلکہ جائز طریقے اختیار کیجئے۔ جو کچھ کہو تہذیب کو کام میں لائیں۔ اپنی عزت کا گر ساتھ ہی دوسرے کی عزت کا بھی خیال رکھئے۔

بڑھتا جاتا ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ وہ ایسا دیدہ دانستہ کرتے ہیں۔ ہندو اور مسلمان دونوں کی پرانی تہذیب اور علم و ادب میں بہت سی ایسی باتیں ہیں کہ جو قابلِ ستائش و تعریف ہیں، ممکن ہے کسی حاکم کو ان میں سے ایک کے علم و ادب کے تحصیل کرنے کا شوق ہو اور اس وجہ سے اس کو ایک خاص گروہ سے خاص دلچسپی پیدا ہو گئی ہو۔ ممکن ہے کہ کسی حاکم نے محض عدل اور انصاف پسندی کے بنا پر بلا تفریق مذہب و ملت محض قابل اور لائق اشخاص کو ان کی قابلیت اور لیاقت کا صلہ دینا چاہا، لیکن اس فعل سے بلا اس کے ذاتی ارادے کے ایک گروہ بمقابلہ دوسرے گروہ کے زیادہ نفع پہنچا ہو۔ یہ ناممکن ہے کہ کسی حاکم کا تقرر ایسے حاکم کی جگہ پر ہوا ہو جو ہندوؤں کا طرفدار مشہور تھا اور اس حاکم کو بار بار یہ سنایا گیا ہو کہ مسلمانوں کی امیدیں اس کی ذات سے وابستہ ہیں اور آخر کار وہ یہ سنتے سنتے مسلمانوں کا طرفدار ہو گیا ہو۔ جہاں تک ان حکام کی ذات کو تعلق ہے یہ باتیں قابلِ اعتراض نہیں معلوم ہوتیں، لیکن رعایا کے دلوں میں اس قسم کی اعانت اور مخالفت سے دشمنی اور حسد پیدا ہوتا ہے۔ اگر سچ پوچھیے تو حکام کی طرفداری سے واقعی فائدہ کسی گروہ کو نہیں ہوتا ہے۔ اگر ایک گروہ کو دو چار عہدے زائد مل گئے یا کوئی برائے نام رعایت اس کے ساتھ کر دی گئی تو اس سے نہ تو اس گروہ کی اصلی ترقی میں اضافہ ہوتا ہے اور نہ گروہ مخالف کی واقعی ترقی رک سکتی ہے۔ فرض کیجیے کہ ایک حاکم ہندوؤں کا طرفدار ہو اور اس کے بعد مثل حکام نے مسلمانوں کی اعانت کی تب بھی قانونِ مساوات کے مطابق چند سال میں لیکھا ڈیوڑھا برابر ہو جاوے گا اور آخر میں دونوں کی حالت وہی ہو جاوے گی جو اعانت اور مخالفت شروع ہونے کے قبل تھی۔ یہ سب کچھ صحیح لیکن آئینہ دل میں زنگ کدورت باقی رہتا ہے اور خصومت و عداوت کا خمیازہ نسلاً بعد نسلاً ہم کو اٹھانا پڑتا ہے۔ اس سب کی وجہ یہ ہے کہ سرکاری نوکری کے معاملہ میں سمجھدار بھی ناسمجھی سے کام لے کر ایک دوسرے سے جھگڑا کرتے ہیں اور ان حکام کو جنہیں ہندوستان کے متحد اور متفق دیکھنے کی زیادہ خواہش نہیں ہے، مسرور کرتے ہیں۔ میری رائے میں سر ہنری کاٹن نے اپنی کتاب "نیو انڈیا" (ہندوستانِ جدید) میں جو کچھ اس مسئلہ پر لکھا ہے اس سے اس مرض کی جڑ کا پتہ لگتا ہے۔ صاحب موصوف فرماتے ہیں:

"سید احمد کے سے ذی عقل آدمی نے فوراً محسوس کیا کہ جب پولیٹیکل تحریک سے حکام ناراض ہیں اس کی مخالفت کر کے ایک قلیل جماعت قومی نفع حاصل کر سکتی

یہ ہے کہ ہم ایسے کام کرنے والے نہیں پاتے اس اعلیٰ قول پر عمل کرنے میں اور اس اعلیٰ خیال کو عمل میں لانے کے لئے کوشاں ہوں۔ آخر اس کی وجہ کیا ہے؟ مجھ کو مجبوراً قبول کرنا پڑتا ہے کہ گو مجھے اس بات کا یقین اعتقاد کے درجہ تک ہے کہ ہندوستان قعرِ ذلت سے نکل کر ضرور ترقی کرے گا اور گو ناامیدیوں سے میں جلدی گھبراتا نہیں ہوں تاہم جس وقت میں ہندو مسلمانوں کے نفاق کے اصلی اسباب پر غور کرتا ہوں اس وقت صبر و استقلال اور امید کا دامن مجھ کو اپنے ہاتھوں سے چھوٹتا نظر آتا ہے۔ اکثر اوقات حق بات کڑوی معلوم ہوتی ہے۔ لیکن سچ تو یہ ہے کہ موجودہ حالت دونوں گروہوں کے لیڈروں کے لئے باعثِ شرم ہے، خصوصاً اس وجہ سے کہ جو کچھ کشیدگی ہے وہ جہلا کی جہالت کا نہیں، بلکہ تعلیم یافتہ اصحاب کی غلطیوں کا نتیجہ ہے۔ کسی گاؤں میں جائیے آپ ہندو مسلمانوں کو ہنسی خوشی زندگی بسر کرتے ہوئے دیکھیں گے۔ اس کے برخلاف بڑے شہروں میں تعلیم و تہذیب کے اثر سے ظاہری برتاؤ تو آپ اچھا پاویں گے لیکن ذرا سے غور کے بعد آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ ایک کو دوسرے کی طرف سے بے اعتباری ہے اور ہر وقت یہ خوف لگا رہتا ہے کہ فریق مخالف کسی سازش کی فکر میں ہے۔ ظاہر ہے کہ اس کیفیت کا اثر عوام پر بھی پڑتا ہے کیونکہ بہت سی باتوں میں عوام خواص کے مطیع ہوتے ہیں اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جہلا میں بعض وقت جنگ و جدل تک نوبت آ جاتی ہے۔

لیکن گو میں نے لیڈروں کو اس معاملہ میں قصوروار ٹھہرایا ہے تاہم میں گورنمنٹ کے حکام کو بالکل بے قصور نہیں کہہ سکتا۔ ۱۷ مارچ ۱۹۰۷ء کو زمینداران بنگال کے سالانہ جلسہ میں مہاراجہ دربھنگہ نے اسی خیال کو ان الفاظ میں ظاہر کیا تھا:

> "ہم اس بات کو پوشیدہ نہیں رکھ سکتے کہ اکثر لوگوں کا یہ خیال ہے کہ گو دراصل یہ غلط ہی کیوں نہ ہو کہ کہیں کہیں حکام کی طرف سے ہندوؤں کو مسلمانوں سے اور مسلمانوں کو ہندوؤں سے لڑانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔"

ممکن ہے کہ یہ کوشش ہر جگہ جان بوجھ کر نہ کی جاتی ہو۔ لیکن ان صوبجات میں ہم ایسے کلکٹروں، کمشنروں حتیٰ کہ لفٹنٹ گورنروں سے واقف ہیں کہ جو اپنے زمانۂ حکومت میں ہندو یا مسلمانوں کی طرفداری کرتے تھے اور کرتے ہیں، اور جن کے حرکات کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہندو مسلمانوں میں قیلولہ

لحاظ کر کے چند روز کے لئے "خاموشی" کی پالیسی قائم کرنے کی ترغیب دی تھی۔ وہ اسباب اب موجود نہیں ہیں اور سرسید کی پالیسی آزمائش کے بعد غلط ثابت ہو چکی ہے، پھر آخر کیا وجہ ہے کہ ساری آزمائشوں کے بعد بھی آپ اس بات کے روادار نہیں ہیں کہ "ہندوستان کی دو آنکھوں" میں ایک دوسرے کے لئے ہمدردی پیدا ہو؟ وہ کون سی بات ہے جو دو بھائیوں کو خوشی خوشی ملنے اور پیار سے ان کی خدمت کے لئے تیار ہونے سے مانع آتی ہے؟ اس کی وجہ سوائے اس کے کہ حکام والاشان سے خوشنودیٔ مزاج کے پروانے حاصل کئے جاویں اور کچھ نہیں ہے۔ اور جیسی جیسی ذلتیں کہ اس جدوجہد میں نصیب ہوتی ہیں اس کا حال کچھ چوٹ کھائے ہوئے دلوں سے پوچھئے۔ اے میرے مسلمان دوستو خدا اپنی عنایت فرمائے سے ہوشیار رہنا۔ اینگلو انڈین اخبارات اس وقت اپنے مطلب کے لئے تمہاری خوشامد کر رہے ہیں ان کے فقرے میں کہیں نہ آ جانا یہ یقین رکھئے کہ جس دن آپ کے گروہ میں اصلی قومی زندگی کے آثار پیدا ہوں گے اس دن آپ کو بھی "تلواروں کی آنچ" کی دھمکی دی جاوے گی۔ گو دو چار اعلیٰ عہدے آپ کے ہم مذہبوں کو مل گئے، تو کیا ہوا! بحیثیت مجموعی مسلمانوں کا اس میں نفع نہیں ہے۔ بلکہ نقصان ہے۔ قومی ترقی سرکاری عہدوں کے بھروسے نہیں ہو سکتی۔ اس کا راستہ دوسرا ہے: ؎

چھو لیا دھوکے سے دامنِ صبا تو نے تو کیا غنچۂ گل کہیں مٹھی میں ہوا آتی ہے

ضرورت اس بات کی ہے کہ آپس کی بے اعتباری دور ہو اور دونوں جماعتوں کے لیڈر خلوص اور نیک نیتی کے ساتھ مل کر کام کرنے کی کوشش کریں۔ جس دن یہ ہوا اس دن ہندوستان کے سارے مسلمان اور ہندو شیر و شکر ہو جاویں گے اور اتفاق کی قوت ان کو ایسا قوی بنا دے گی کہ دنیا دیکھ کر عش عش کرے گی۔ اگر ایسا نہ ہوا اور مسلمان اور ہندو ایک دوسرے سے اسی طرح لڑتے جھگڑتے رہے، تو وہ کبھی اس قعرِ ذلت سے نہیں نکل سکیں گے جس میں کہ اس وقت دونوں پڑے ہوئے ہیں۔

زمانۂ گذشتہ میں جو کوششیں دونوں جماعتوں کے لیڈروں کو یکجا کرنے کی، کی گئیں، وہ بے سود ثابت ہوئیں۔ مثلاً ۱۸۸۵ء میں شاہزادہ سر جہان قدر مرزا محمد واحد علی بہادر نے کونسل میں سوال کر کے یہ خواہش ظاہر کی تھی کہ لوکل گورنمنٹوں کو ہدایت کی جائے کہ وہ مسلمانوں اور ہندوؤں میں اتحاد و اتفاق بڑھانے کے لئے مختلف شہروں میں کمیٹیاں مقرر کریں۔ گورنمنٹ کی طرف سے اس کا یہ جواب دیا گیا تھا کہ گورنمنٹ کا کام ملک میں امن و امان قائم رکھنا ہے۔ ہندو مسلمانوں میں اتحاد پھیلانے

> ہے اور یہ سمجھ کر انہوں نے اپنی پوری قوت اس قومی تحریک (یعنی انڈین نیشنل کانگریس) کی مخالفت میں صرف کردی۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کے ہم مذہبوں کے ایک گروہ کثیر نے ان کے مشورہ پر کاربند ہونا پسند کیا۔"

کوئی ایسی پالیسی جو مصلحتِ وقت پر مبنی ہو، دیرپا نہیں ہو سکتی۔ لیکن شروع شروع میں حکامِ وقت کی طرف سے جس طرح کانگریس کی مخالفت کی گئی ہے اس کو خیال کر کے سر سید احمد ایسے دور اندیش بزرگ کو بھی ایک حد تک ہم معذور خیال کر سکتے ہیں۔ مگر اب زمانہ بدل گیا ہے کانگریس کی پولیٹکل تحریک کے جواز پر موجودہ سکریٹری آف اسٹیٹ اور دوسرے انگریزی مدبروں کی مہر لگ چکی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ ہمارے پرانے عنایت فرما اینگلو انڈین اخبارات وہی پرانا "لداگ الاپے جاتے ہیں" اور جب پرانے فرسودہ دلائل بیان کرتے کرتے تھک جاتے ہیں تو تلوار کی آنچ کی دھمکی دینے لگتے ہیں۔ لیکن ان صاحبوں کی "ایڈیٹرانہ" تلوار کی آنچ ہماری نظروں میں وہی وقعت رکھتی ہے، جو ان کے قلم سے نکلا ہوا زہر۔ ہندوستان میں آج کل مختلف قسم کی وبائیں پھیلی ہوئی ہیں اینگلو انڈین اخبارات کا شمار بھی انہیں میں ہے۔ سا اینگلو انڈین اخبارات کو چھوڑ کر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ عموماً انگریز چاہے وہ سرکاری عہدیدار ہوں یا نہ ہوں، کانگریس کی تحریک کو جائز اور واجب خیال کرتے ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ جس چیز نے سر سید احمد کو کانگریس کی مخالفت پر آمادہ کیا تھا وہ اب نہیں ہے۔ سر سید کے شاگرد بیس برس سے اسی پالیسی پر چل رہے ہیں لیکن آج بھی ان کی پولیٹکل حالت ویسی ہی ہے جیسی کہ پہلے ہی دن تھی۔ صرف یہی نہیں بلکہ جہاں تک پولیٹکل تحریک سے پرہیز کرنے کا تعلق ہے ہمارے مسلمان احباب بھی سر سید کے مشورہ پر کاربند ہونے کو آمادہ نہیں ہیں۔ انہوں نے اپنا کعبہ الگ بنانا شروع کیا ہے اور اس نئی کانگریس کے ذریعہ سے وہی حقوق اب طلب کئے جاویں گے جن کو ۲۰ برس سے مانگتے مانگتے ہندوؤں کا گلا بیٹھ گیا ہے۔ یہ سب کچھ صحیح مگر مسلمان احباب اس بات پر اڑے ہوئے ہیں کہ انڈین نیشنل کانگریس میں نہ شریک ہوں گے۔ اس اسلامی کانگریس کا نام "آل انڈیا مسلم لیگ" ہے۔ لیکن بقول شیکسپیر کے گلاب کا نام آپ کچھ ہی رکھیئے رنگ و بو میں فرق نہیں آوے گا۔

> وہی اک ریسماں ہے جس کو ہم تم تار کہتے ہیں   کہیں تسبیح کا رشتہ کہیں زنار کہتے ہیں

اصلیت یہ ہے کہ جیسا میں اوپر عرض کر چکا ہوں جن اسباب نے سر سید کو مصلحتِ وقت کا

ممکن ہے کہ وہ ہندوؤں کے بالکل برابر نہ ہوں، لیکن وہ روز بروز ترقی کر رہے ہیں، ان میں اچھے
مدبّر، جج اور مقنن پیدا ہو چکے ہیں۔ ابتدائی تعلیم میں ہندو اور مسلمان دونوں یکساں پیچھے ہیں۔ ان صوبوں
کی پچھلی مردم شماری سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوؤں میں دس ہزار میں ۱۹۷، اور مسلمانوں میں ۱۸۲ ایسے
ہیں جو پڑھ لکھ سکتے ہیں۔ دس ہزار میں پندرہ کا فرق کچھ بھی نہیں ہے۔ اصلی فرق دونوں گروہوں کی
تعداد میں ہے۔ اگر ہم ان صوبجات کی آبادی کو لیویں تو دس ہزار میں ۸۵۲۲ ہندو اور ۱۲۱۱ مسلمان
اور باقی جَین، سِکھ، آریہ اور بدھسٹ ہیں، جن کو اگر سچ پوچھیے تو ہم ہندوؤں میں شامل کر سکتے
ہیں۔ دونوں جماعتوں کی جب تعداد میں اس قدر فرق ہے، تو اعلیٰ تعلیم پانے والوں کی تعداد
کیونکر برابر ہو سکتی ہے۔ تعلیم یافتہ ہندوؤں کی تعداد ضرور مسلمانوں سے زیادہ ہوگی۔ اس وجہ سے
نہیں کہ مسلمان تعلیم میں پیچھے ہیں، بلکہ اس وجہ سے کہ ہندوؤں کی آبادی مسلمانوں سے کئی گنا زیادہ
ہے۔ پس امتحان مقابلہ کے خلاف جو دوسرا اعتراض پیش کیا جاتا ہے، وہ بھی کچھ وقعت کے
قابل نہیں ہے۔ جو تناسب اس وقت فریقین کے تعلیم یافتہ گروہوں کی تعداد میں قائم ہے وہ ہمیشہ
قائم رہے گا اور امتحان مقابلہ کے لئے جتنے مسلمان آج تیار ہیں تعداد کا لحاظ کر کے اس سے
زیادہ تیار کبھی نہیں ہو سکتے۔ اور جتنا ہی جلد وہ ہندوؤں کے ہم آواز ہو کر مقابلہ کے امتحان
کی اجرا کی کوشش کریں، اتنا ہی ملک کے لئے بہتر ہے۔ نامزدگی کا طریقہ جو آج کل جاری ہے
اس کے معنی محض یہ ہیں کہ سرکاری نوکری میں خاص خاص حکّام کے آوردوں کی بھرتی کی جاوے۔
اور پھر یہ بھی سوچیے کہ ملازمت سرکاری سے کسی قوم کا بیڑا پار نہیں ہو سکتا، اب وقت
آگیا ہے کہ ہندو اور مسلمان اپنی توجہ دوسرے شعبوں کی طرف مائل کریں۔ سرکاری عہدوں کی تعداد
اتنی بھی تو نہیں ہے کہ اگر وہ محض ایک ہی جماعت کے لوگوں کو دیئے جاویں، تو اس جماعت کے کل
تعلیم یافتہ لوگوں کے لئے کافی ہوں۔ اس لئے ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں کو یا تو وکالت، طبابت، ڈاکٹری
اور دیگر علمی پیشوں کی طرف توجہ کرنی چاہیئے، یا صنعت اور حرفت کے میدان میں قدم رکھنا چاہیئے۔
اگر کام کرنے والا ہو تو اس میدان میں ابھی بہت گنجائش ہے۔ سرکاری عہدوں کے لئے جھگڑنے میں
جو وقت اور قوت صرف ہوتی ہے، وہ اگر کسی اچھے کام میں لگائی جاوے، تو اس سے کچھ نفع حاصل
ہو سکتا ہے۔ ہندوؤں کو اس معاملہ میں مسلمانوں کے ساتھ رعایت کرنی چاہیئے۔ اس حقیقی مسئلہ

ان کے لیڈروں کا کام ہے، تاہم گورنمنٹ کے طرف سے خصوصاً ممالک مغربی و شمالی میں مذہبی ا[illegible] دور کرنے کی غرض سے لوکل کمیٹیاں قائم کی جا رہی ہیں۔

جو کچھ گورنمنٹ نے مذہبی اختلافات پر کہا تھا، وہی پولیٹکل اختلافات پر بھی صادق آ[illegible] مجھ کو نہیں معلوم کہ ان لوکل کمیٹیوں کا کیا حشر ہوا، اور ان کو اپنے کام میں کہاں تک کامیابی حاصل بہرحال اس وقت اس قسم کی کمیٹیاں موجود نہیں ہیں اور مذہبی جھگڑوں کے دور کرنے کے لئے ان کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ خوش قسمتی سے مذہبی جھگڑے روز بروز کم ہوتے جاتے ہیں۔ لیکن اگر اس قسم کی کمیٹیاں یا انجمنیں پولیٹکل اختلافات کے دور کرنے کے لئے قائم ہوں تو ان سے بہت کچھ فائدہ کی امید ہو سکتی ہے۔ آپ کو یاد ہوگا کہ میں نے اپنی اسپیچ کے شروع میں کانفرنس کے متعلق لوکل کمیٹیاں قائم کرنے کی رائے دی ہے، ہر ضلع کے ہندو اور مسلمان لیڈروں کو ان کمیٹیوں میں شریک ہونے کی دعوت دی جا سکتی ہے اور یہی کمیٹیاں اتحاد و اتفاق کا آلہ بن سکتی ہیں۔ بشرطیکہ جو لوگ ان میں داخل ہوں، وہ داخل ہوتے وقت اس بات کا صدق دل سے وعدہ کریں کہ مذہبی اختلافات و تعصبات کو کمیٹی سے دور رکھیں گے۔

یہاں تک تو کچھ زیادہ دقت نہیں ہے، اصل مشکل اس وقت پڑتی ہے جب کہ ہندو مسلمانوں کے پولیٹکل اختلاف پر غور کیا جاتا ہے۔ اختلاف زیادہ تر دو معاملوں کے نسبت ہے اول امر کا تعلق نوکریوں سے دوسرے کونسلوں، میونسپل بورڈوں اور ڈسٹرکٹ بورڈوں میں ممبروں کا انتخاب۔ یہ سب مانتے ہیں کہ سرکاری کام بہترین طریقے سے اسی وقت ہو سکتا ہے جب کہ لائق سے لائق آدمی جو مل سکیں نوکر رکھے جائیں۔ اسی بنا پر ہندو چاہتے ہیں کہ امتحان مقابلہ سرکاری ملازمت کا ذریعہ قرار دیا جاوے۔ مسلمان اس کے خلاف دو اعتراض کرتے ہیں۔ اوّل یہ کہ مقابلہ کے امتحان میں ہر طرح کی قابلیت، لیاقت کا پورا پورا اظہار نہیں ہو سکتا اور دوسرے یہ کہ مسلمان ہندوؤں سے تعلیم میں پیچھے ہیں۔ پہلا اعتراض صحیح ہے۔ لیکن دقت یہ ہے کہ امتحان مقابلہ گو ناقص ہے تاہم لیاقت کی لیاقت دریافت کرنے کا کوئی طریقہ اس سے بہتر آج تک دریافت نہیں ہوا ہے۔ انگلستان میں سرکاری ملازمت کے لئے اور نیز انڈین سول سروس کے لئے یہی طریقہ رائج ہے۔ دوسرا اعتراض اس کے متعلق مجھ کو یہ عرض کرنا ہے کہ مسلمان ہندوؤں سے اتنے پیچھے نہیں ہیں، جتنا کہ وہ سمجھتے ہیں

فائدہ و نفع کے لئے کیا ہے، اس پر اظہار شکر و امتنان کیا جائے۔ گذشتہ چند روز کے اندر گورنمنٹ کی طرف سے چند ایسی کارروائیوں کا جو عمل میں آچکی ہیں یا جو عنقریب عمل میں لائی جائیں گی، اعلان کیا گیا ہے۔ نمک کا محصول تخفیف ہو کر ایک روپیہ فی من رہ گیا ہے۔ جس کے لئے سچے دل سے ہم احسان مند ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آئندہ اس محصول کی تنسیخ کی طرف قدم اٹھایا جائے گا۔ کیونکہ یہ محصول گو کتنا ہی قلیل کیوں نہ ہو، ہمیشہ غرباء کے لئے باعثِ تکلیف ہے۔

اس کے بعد انتظام قحط کے متعلق ایک نظام جدید کی اشاعت کی گئی ہے۔ اس کا انتظام یوں ہو گا کہ ہر صوبہ میں ایک مستقل فنڈ قائم کیا جائے گا اور سالانہ ایک رقم خاص ہر صوبہ کو دی جایا کرے گی تاکہ ضرورت کے وقت اور حالت قحط و تکلیف میں کام آئے۔ اس کا بھی انتظام کیا گیا ہے کہ اگر سخت قحط پڑنے کی وجہ سے کسی خاص صوبہ کی جمع شدہ امانت ختم ہو جائے، تو ملکی خزانے سے نصف خرچ ادا کیا جائے گا۔ ان صوبجات کو ساڑھے چار لاکھ روپیہ سالانہ اس فنڈ کے لئے ملے گا اور کل رقم جمع ہو کر آخر میں تیس لاکھ ہو گی۔ یہ بیشک ایک نہایت عادلانہ انتظام ہے اور موجودہ طریقہ سے کہیں بہتر ہے۔ جس کی وجہ سے اکثر صوبوں کا قریب قریب دیوالیہ نکل جایا کرتا تھا اور لہٰذا ہم کو انتظام جدید کے لئے شکر گذار ہونا چاہیئے۔ لیکن اگرچہ یہ انتظام عین سخاوت پر مبنی ہے، تاہم اس کا مجوزہ علاج کافی نہیں ہے۔ ابھی کچھ اور کرنا باقی ہے، جس کا ہم کو نہایت بے چینی کے ساتھ انتظار ہے۔ وہ یہ کہ خوشحالی کے زمانہ میں اس قسم کی امداد رعایا کو دی جائے کہ تکلیف یا مصیبت کے وقت وہ اس کی چنداں پرواہ نہ کریں اور اس کا مقابلہ زیادہ آمادگی کے ساتھ کر سکیں اور اس کی صرف یہی ایک صورت ہے کہ سرکاری مال گذاری کا بوجھ ہلکا کر دیا جائے۔

صیغۂ تعلیم میں جو اصلاح عنقریب رائج ہوا چاہتی ہے وہ بھی نہایت اہم اور قابلِ غور ہے۔ ابتدائی تعلیم تمام ہندوستان میں بلا فیس جاری کر دی جائے گی۔ اس کا ذکر سب سے پہلے آنریبل مسٹر بیکر نے اپنی تقریر میں وائسرائے کی کونسل میں بجٹ پیش کرتے ہوئے ۲۰ تاریخ ماہ حال کو کیا تھا۔ اس امر کا اعلان کیا گیا ہے کہ اگرچہ بجٹ میں کوئی رقم اس مد میں متعلق مہیا نہیں کی گئی ہے جس کا خرچ تنسیخ فیس ہائے ابتدائی مدارس کی وجہ سے بڑھ جاوے گا۔ تاہم سکریٹری آف اسٹیٹ ہند نے یقین دلایا ہے کہ اگر مالی حیثیت سے کوئی مناسب انتظام و ترکیب قابلِ عمل تجویز کی گئی تو وہ سال کے اندر ہی اس کا نفاذ

کا حل یوں ہی ممکن ہے کہ دونوں طرف سے رعایت کا خیال پیدا ہو اور دونوں کو ایک دوسرے کا پاس خاطر مدنظر ہو۔ امتحان مقابلہ کے ساتھ ہی ساتھ یہ بھی ممکن ہے کہ مسلمانوں کی خاطر سے ہر دو فریق کے لئے ایک خاص تعداد سرکاری عہدوں کی مقرر کر دی جائے۔ مگر یہ تبھی ہو سکتا ہے جب ہندو اور مسلمان لیڈر نیک نیتی اور خلوص کے ساتھ ایک جگہ جمع ہو کر اس کے طے کرنے کی کوشش کریں۔ ایسے موقع پر ہندوؤں پر فرض ہو گا کہ وہ ملازمت سرکاری کے معاملہ میں آبادی کے تناسب پر زور نہ دیں اور مسلمانوں کا یہ فرض ہو گا کہ آبادی کے تناسب کا خیال رکھ کر مساوات کا خیال چھوڑ دیں۔

دوسرا سوال کونسلوں کے ممبروں کے انتخاب کے متعلق پیدا ہوتا ہے، اور اس کے لئے بعض ہمارے مسلمان دوستوں کے بڑے بڑے دعوے ہیں۔ ان کی طرف سے یہ خواہش ظاہر کی گئی ہے کہ نہ صرف مسلمان ممبروں کے انتخاب کے لئے مسلمانوں کی انتخاب کرنے والی جماعتیں الگ مقرر کی جاویں بلکہ باوجود آبادی کے بین فرق کے ہندو مسلمان ممبروں کی تعداد مساوی رکھی جاوے۔ یہ ضرور ہے کہ جس گروہ کی تعداد کم ہو اس کے حقوق کی حفاظت کا خاص طور سے خیال رکھا جانا چاہیئے۔ لیکن ساتھ ہی اس کے انتخاب کا اصول اس بات کی اجازت نہیں دے سکتا کہ جس گروہ کی آبادی زیادہ ہو اس کے حقوق کو کم تعداد والے گروہ کے مقابلہ میں قربان کر دیا جاوے۔ اس موقعہ پر اس مسئلہ کی بحث فضول ہے۔ کیونکہ یہاں اس صوبہ کے مسلمان لیڈر موجود نہیں ہیں اور ان کی غیر حاضری میں کوئی نتیجہ اس مباحثہ سے پیدا نہیں ہو سکتا۔ میں صرف اس قدر کہہ دینا کافی سمجھتا ہوں کہ یہ قضیہ بھی طے ہو سکتی ہے۔ بشرطیکہ ہندو اور مسلمان لیڈر ایک جگہ جمع ہو کر خلوص اور نیک نیتی کے ساتھ اس کے طے کرنے کی کوشش کریں۔

حضرات! اب تک میں نے آپ کا عزیز وقت اور گراں بہا توجہ پر مداخلت بیجا ایسے امور کے متعلق کی ہے، جنہیں اندرونی یا داخلی کہہ سکتے ہیں۔ میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ پہلے ہم اپنے گھر کا انتظام درست کریں اور اس کے بعد خارجی اصلاحات شروع کی جاویں۔ آپ نہایت قابلیت کی تقریریں، مختلف تجاویز کی تائید میں جو کانفرنس کے سامنے پیش ہوں گی، سنیں گے، اس لئے میں نہایت ضروری مسائل زیر غور پر اس وقت مختصر سی بحث کرنا کافی تصور کرتا ہوں۔

ان مسائل پر بحث کرنے سے قبل اور سب سے پہلے ہمارا یہ فرض ہے کہ جو کچھ سرکار نے ہمارے

[illegible] کالج کو آئندہ تعلیم پہنچانا۔ دہلی کے [illegible] کالج [illegible] سکول میں تعلیم علم الٰہیات کے لئے وظیفہ کا تقرر اور صوبہ کی صنعتوں اور دستکاریوں کو ترقی دینے کے لئے کمیٹی پر اس کی منظوری کی بابت صوبہ [illegible] مالی تخمینہ جو کہ شب گذشتہ کو کونسل میں پیش ہوا تھا اور جس پر بحث ہوگی میں اس پر اس وقت تفصیلی بحث کرنا نہیں چاہتا۔ لیکن تین خاص مدات پر میں توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کیونکہ وہ واقعی نہایت تعجب انگیز ہیں۔ وہ مدیں حسب ذیل ہیں:

ہز آنر لیفٹننٹ گورنر کے لئے ایک نئی ٹرین کی تیاری کا خرچ ۷۰۰۰۰

لکھنؤ میں گورنمنٹ ہاؤس کے باغ کی توسیع ۱۵۰۰۰

دہرہ دون میں نئی سرکٹ ہاؤس کی تعمیر ۷۵۰۰۰ میزان ۲۹۵۰۰۰

اب ملاحظہ فرمائیے کہ اس تقریباً تین لاکھ روپے کی منظوری کو اس ۲۵۰۰۰ کی رقم سے کیا نسبت ہے جو ۰۰۰۰۰۰ [illegible] کی صنعتی و حرفتی ترقی کے لئے منظوری ہوئی ہے۔ ہم کو امید کرنی چاہیے کہ آئندہ اس سے بہت بڑی رقم حرفت و صنعت کی ترقی اور فوری اصلاحات کے لئے منظور کی جاوے گی۔

اب میں چند دیگر سوالات کی جانب متوجہ ہوتا ہوں جن پر ہمیں غور کرنا ہے اور جو بہت ہی فوری اور مفید ہونے کے علاوہ نہایت ہی وسیع بھی ہیں۔ وہ مسائل یہ ہیں:

صوبہ کی مالی حالت ۔ لوکل اور میونسپل بورڈوں کی حالت ۔
مال گذاری۔ تعلیم ۔ مجالس وضع قوانین۔ سرکاری ملازمت۔
عدالت۔ تحریک سودیشی۔ ہائی کورٹ اور عدالت جوڈیشنل کمشنر کا
الحاق۔ طریقہ بیگار۔ آبپاشی۔ آبکاری۔ اور تیسرے درجہ
کے مسافرین ریل کی تکلیفات۔

یہ سب وہ امور ہیں جن پر ہم بحث کریں گے۔ میں نے ابھی ان میں سے چند کا ذکر گورنمنٹ کے طرز عمل کے متعلق کیا ہے۔ اگر میں ہر ایک مسئلہ پر کچھ نہ کچھ بحث کروں تو میری تقریر بہت زیادہ طویل ہو جائے گی۔ مگر میں مختصراً [illegible] صوبہ کی مالی حالت اور تعلیم کے متعلق جو ہم [illegible] [illegible]

[illegible] کے اس اعلان کے بعد ہی نہایت قابلِ تعریف سرعت اور تیزی کے ساتھ گورنمنٹ ہند نے ایک ڈکسٹی چٹھی تمام لوکل گورنمنٹوں کے نام ان کی رائے دریافت کرنے کی غرض سے جاری کی ہے۔ یہ بلاشبہ ایک ایسی اصلاح بجملہ دیگر اصلاحات کے ہے جس کے لئے ہم کو موجودہ لبرل گورنمنٹ کا نہایت شکرگزار ہونا چاہیئے۔ فیس کی تنسیخ کے بعد جبریہ تعلیم کا نمبر ہے۔ جب ہماری معلومات بتلاتی ہے کہ مفت کی تعلیم کا انگلستان سے ملک پر اس وقت تک چنداں اثر نہیں پڑا اور نہ اس کو کافی ہی سمجھا گیا جب تک وہ جبریہ قرار نہ دی گئی، تو ہم یہ نتیجہ اخذ کرسکتے ہیں کہ ہندوستان کے عوام الناس بھی اس سے بغیر بالائی جبر و دباؤ کے منتفع نہ ہوں گے۔ نظر بریں امر کہ تجویز زیر غور کا نفاذ صرف موجودہ مدارس سے متعلق ہوگا جن کی تعداد اس وقت بہت زیادہ نہیں ہے، میرے خیال میں خرچ کے لحاظ سے بہت تھوڑا فرق ہوگا اگر ان خطوں میں جہاں ابتدائی مدارس موجود ہیں، لڑکوں اور لڑکیوں کی تعلیم جبریہ کردی جائے۔ یہ تو اصلاح کی ابتدا میں ہو، اور بعد ازاں اس انتظام کو ان حصص ملک میں بھی جاری کیا جائے جہاں فی الحال اسکولوں کا وجود نہیں ہے۔ بلکہ ہمارا یہاں تک منشاء ہے کہ ہندوستان میں ہر درجہ و طبقہ کے لئے ابتدائی تعلیم جبریہ قرار دی جاوے۔

دو اور نہایت ضروری اور بڑی اصلاحیں گورنمنٹ کے زیر غور ہیں۔ یعنی اصلاح و توسیع مجلس واضعان قوانین اور ایگزیکٹو و جوڈیشل اختیارات کی علیحدگی۔ ابھی یہ نہیں معلوم کہ دونوں مسئلے کس طرح کی صورت و شکل اختیار کریں گے، لیکن اینگلو انڈین ممبر پارلیمنٹ کی گھبراہٹ ان اصلاحات کے متعلق کچھ دیتی ہے کہ ان کے متعلق کوئی مفید تغیر جلد واقع ہونے والا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ گورنمنٹ ہند کی مراسلت مجلس واضعان قوانین کی اصلاح کے متعلق انگلستان روانہ ہوچکی ہے، لیکن اس کی کیا ضرورت ہے کہ ہم فیصلہ قطعی کے انتظار میں ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہیں۔ ہمیں اپنے دعاوی و خواہشات کے اظہار کو برابر جاری رکھنا چاہیئے، جن کا بجا ہونا اب بلاشبہ تسلیم کرلیا گیا ہے۔

یہ دو نہایت ضروری اصلاحیں ہیں، جن کا افتتاح گورنمنٹ کے ہاتھوں سے ہوا ہے۔ لیکن ہم اپنے صوبہ کی گورنمنٹ کی ان مساعی کو جو اس جانب ہوئیں نظرانداز کرنا نہیں چاہتے بلکہ ان کے نہایت شکرگزار ہیں۔ ان مساعی کی تفصیل یہ ہے کہ ترقی زراعت کی انتظام میں روپیہ خرچ

برابر نا قابل برداشت حد تک بڑھتا جا رہا تھا، بہ الفاظ دیگر [illegible]۔

تعلیمی معاملات میں مسٹر گوکھلے صاحب کی معلومات [illegible] بہت بڑے معلومات تھے۔ ۱۹۰۱ء کے سالانہ بجٹ میں انہوں نے اس صوبے کی تعلیمی ضرورتوں کو بیان کیا جو اس وقت اشد ضروری خیال کی جاتی تھیں۔ ان سب اصلاحات و ترقیات کے اجرا کے واسطے جن کی انہوں نے سفارش کی تھی (جن میں فنی تعلیم، صنعتی و حرفتی، عام ابتدائی و ثانوی تعلیم اور خرچ تعمیر وغیرہ سب شامل تھے) ۲۴ لاکھ سالانہ [illegible] تخمینہ کیے گئے تھے اور یہ بھی کہا گیا کہ باوجود اس ضروریات کے بھی کل خرچ تعلیم پر سرکاری خزانے سے ۱۰ لاکھ سالانہ یعنی آبادی کے فی کس [illegible] پر پڑتے تھے اس پہلے سے اگر سب نہیں تو اکثر صوبوں میں تعلیم کا خرچ بڑھتا جا رہا ہے۔ مگر اس صوبے کی گورنمنٹ اس قدر خرچ کو منظوری بھی نہ دے گی۔

تین سال کے بعد اسی مضمون پر بحث کرتے ہوئے اپنی بجٹ تقریر میں مسٹر گوکھلے نے ذکر کیا کیا کہ میں اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ سرکار کی توجہ اس بدانتظامی کے جانب مبذول کراؤں جو سب خرابیوں کی وجہ موجب ہے۔ اس بمبئی [illegible] میں تعلیمی مد میں [illegible] خرچ کم ہوتا ہے جو اس نسبت کم ہے جو اسی مد میں دیگر حصص ہندوستان میں ہوتا ہے۔ میرے پاس صحیح [illegible] کوئی بحث کی نہیں ہے تاہم یہ ظاہر ہے کہ اصل حالت واقعات تک ابھی کوئی نہیں پہنچا ہے۔ ہندوستان کے تمام حصص میں صوبجات متحدہ کو چھوڑ کے کم کی گئی ہے اور اس کو ۸۰ روپیہ فی ہزار آبادی پر تعلیمی خرچ کے لئے ملتا ہے۔ حالانکہ بمبئی میں [illegible] روپیہ فی ہزار آبادی پر اسی غرض کے لئے صرف ہوتا ہے۔ یہ حالت دور ہو جانی چاہئے کہ ترقی مسٹر گوکھلے کا بیان ہے اس نقص کو دور کرنے اور صوبجات متحدہ کی خاطر خواہ حد تک پہنچانے کے لئے تعلیمی خرچ کو [illegible] لاکھ کے بجائے ایک کروڑ [illegible] کر دینا چاہئے۔

اس کمی کے متعلق چند منصفانہ زبردستی کو ظاہر کرنے کے بعد مسٹر گوکھلے فرماتے ہیں:

[illegible]

کا مطالبات جاری کرنا بہت کچھ ادب پر منحصر ہے۔ کوئی اصلاح خواہ کتنی ہی ضروری ہو
ہم شروع نہیں کر سکتے جب تک کہ اس کے اجراء کے لئے ہمارے پاس روپیہ موجود نہ ہو۔
مختلف صوبوں کی گورنمنٹیں بہت کچھ کثرت اور کاشت جات اپنی آمدنی کے اس حصہ میں کیا کرتی
ہیں جو موجودہ معاہدہ کے مطابق گورنمنٹ ہند ان کو عطا کرتی ہے۔ کیونکہ اسی کے اندر ان کو سب خرچ
پورا کرنا پڑتا ہے۔ لیکن جو سلوک گورنمنٹ ہند اس معاملہ میں ہمارے صوبجات کے ساتھ کیا کرتی ہے
وہ نہایت ہی قابل شرم ہے۔ ہم شاہی خزانے کو سب سے بڑی رقم ادا کرتے ہیں اور اس کے عوض
میں اس قدر قلیل عطیے ہمیں ملتے ہیں کہ وہ ہمارے روزافزوں ضروریات کے لئے بالکل ناکافی ہیں۔
ان قلیل عطیات کا نتیجہ یہ ہے کہ ضرورت کے موافق ہم تعلیم، حفظ صحت، لوکل سلف
گورنمنٹ اور دوسری اندرونی انتظامات میں ترقی نہیں کر سکتے۔ گورنمنٹ ہند کے اس ناواجب
سلوک کے مقابلے میں لوکل گورنمنٹ اور مختلف محکموں کے حکام کی ہمدردی ہمارے طرفدار ہوں
نے وقتاً فوقتاً ناکامیابی کے ساتھ مگر نہایت زور سے اس معاملہ میں ہماری وکالت کی ہے۔ مگر ہم
موجودہ حالت پر صبر و شکر کئے بیٹھے ہیں ایک لفظ بھی اس کی مخالفت میں نہیں زبان پر لائے۔
پانیر نے مجبوراً اس عطیہ کے متعلق جو امداد قحط کے لئے گورنمنٹ ہند نے اس صوبہ کو دیا ہے یہ کہا کہ
گورنمنٹ ہند بھی بالآخر مجبوراً ہوئی کہ ان مصیبت زدہ صوبجات کی حالت پر غور فرمائے جو باقاعدہ
حکومت کا ایک نمونہ ہیں اور جن سے ایام گذشتہ میں دل کھول کر روپیہ وصول کیا گیا ہے۔ سچ ہے
نیکوں کے ساتھ اکثر ایسا ہی سلوک کیا جاتا ہے۔
کسی مہذب ملک کی گورنمنٹ کا سب سے پہلا اور مقدم فرض یہ ہے کہ مناسب ذرائع تعلیم
اور حفظ صحت کے بہم پہنچائے۔ جو جسمانی اور دماغی ترقی کے لئے اشد ضروری ہے۔ مگر انہیں معاملات
میں ہم نہ صرف دوسرے ممالک کے بلکہ خود ہندوستان کے دیگر صوبجات سے کافی فنڈ نہ ہونے
کی وجہ سے بہت ہی پیچھے ہیں۔ اگر اب تک کوئی بات بیماریوں کے متعلق یقینی دریافت
ہوئی ہے تو وہ یہ ہے کہ بیماری ایسی ہی جگہوں پر پھیلتی ہے جہاں کہ حفظ صحت کا انتظام حسب
اطمینان نہیں ہوتا۔ مگر تاہم مقامی لوکل میونسپل مجالس کو طاعون اور تپ کا مقابلہ چھوڑ دیا گیا ہے کہ
وبا کو دور کرنے کے لئے اپنی محدود ذرائع سے کام لیں۔ یہاں کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ...

ہے کہ یہ کانگریس صوبہ کی اپنی حیثیت سے فرض سے سبکدوش کر دیتا ہے

سائمن جن صاحبان کا گمان ہے کہ حکومت مرکزی ہی ہے اس کے دلائل پر مسٹر ہیوس کے گمان کا اظہار ہوتا۔ ان

تعلیم بلا فیس کے مسئلہ پر مسٹر گورنمنٹ ہند کے اس چٹھی کا تذکرہ کیا ہے جو لوکل گورنمنٹو

کے نام جاری ہوئی ہے۔ بلا فیس تعلیم دیئے جانے کے موافق تحریک اب برابر تیزی سے پھیل رہی

ہے جیسا کہ مسٹر ہیوس نے لکھا تھا فیس کی آمدنی کا میزان ابتدائی مدارس میں نہایت قلیل ہے

یہ رقم ۱۹۰۶-۰۷ء میں صرف ۱۳۴۸۰ روپیہ تھی اور چونکہ شرح فیس اپر پرائمری درجوں

میں زیادہ ہے لہٰذا ہم کہہ سکتے ہیں کہ نصف صرف ۳۰۰۰۰ روپیہ آمدنی لوئر پرائمری درجوں کی

فیس سے ہوتی ہے جن میں ⅞ حصہ کل طلبہ کا پایا جاتا ہے۔ اس لئے گورنمنٹ کو بہت ہی

تھوڑا خرچ کرنا پڑے گا، جس سے لوکل بورڈ اس قابل ہو جاویں گے کہ ہر جگہ ابتدائی تعلیم

بلا فیس دی جا سکے اور اگر تھوڑا سا روپیہ خرچ کیا جاوے تو تمام صوبہ میں ادنیٰ اور اعلیٰ

دونوں ہی قسم کی تعلیم بلا فیس ہو سکتی ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ خرچ اس ترقی کے مقابلہ میں کچھ

بھی نہیں ہے جو تعلیم کو بحیثیت مجموعی حاصل ہوگی ہم لوکل گورنمنٹ پر زور ڈالنا چاہتے

ہیں کہ وہ گورنمنٹ ہند کی اس تحریک کا بڑی گرمجوشی سے استقبال کرے اور اس کی تائید

کرے۔ ابتدائی تعلیم کو جبریہ قرار دینے کے متعلق ہمارا یہ فرض ہے کہ گورنمنٹ پر یہ اچھی طرح سے

واضح کر دیا جائے کہ رائے عامہ نہ صرف اس کا اعادہ (؟) کے لئے آمادہ ہے بلکہ عملاً اور نہایت

جوش و خروش سے دعویٰ کرتی ہے کہ اس پر فی الفور سرعت سے عمل کیا جائے۔

اب ہم تعلیم نسواں کی طرف متوجہ ہوتے ہیں مسٹر ہیوس کے اس رپورٹ پر

نظر ڈالتے ہوئے جس میں انہوں نے بیان کیا تھا کہ لڑکوں کی طرح سے تعلیم نسواں کے لئے یہ صوبہ

دیگر صوبہ جات کے بہت پیچھے ہے گورنمنٹ نے اپنی حمایت کی کوشش ان الفاظ میں کی ہے:

"ہز آنر صاحب کہتے ہیں کہ تعلیم نسواں پر بھی اس صوبہ جات میں بہ نسبت

دیگر صوبہ جات کے [illegible] صرف میں نہیں خرچ کیا جاتا

[illegible] پیدا کرنے کے لئے

[illegible]

"ہندوستان کو سیاسی تعلیمی خصوصیت اس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتی نہ ہو سکتی جب تک کہ ان صوبجات کے بعد تعلیمات کی کوئی ترقی نہ کی جائے جو بلحاظ تعلیم کے ہندوستان کے کسی صوبہ سے کم نہیں ہیں۔"

ایک سال بعد اپنی آخری رپورٹ میں قبل از پنشن لینے کے مسٹر [illegible] صاحب نے مفصلہ فرما کر واقعی حالات کا بیان یوں فرماتے ہیں:

"آٹھ سال کے بعد اب بھی ہم صوبجات متحدہ کو اسی حالت میں پاتے ہیں جس میں کہ وہ ابتدا میں تھے اور اس کی جگہ اب بھی باستثناء جدید صوبہ سرحدی کے فہرست کے آخر میں ہے۔ لیکن آخر الذکر بھی ابتدا ہی میں اس منزل کے قریب پہنچ گیا ہے جہاں ہمارا صوبہ مقیم ہے۔ یہ سچ ہے کہ اس آٹھ سال کے زمانہ میں فی ہزار آبادی پر تعلیمی خرچ ۸۰ روپیہ سے بڑھ کر ۹۹ تک پہنچ گیا ہے لیکن اس کے مقابل میں بمبئی کا خرچ جس کا نمبر اول ہی ۱۶۳ روپیہ سے بڑھ کر ۲۲۵ روپیہ کی رقم پر جا پہنچا ہے۔"

ان سب واقعات پر غور کر کے اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ ہمارے صوبہ کے ساتھ نہایت بے انصافی ہوئی ہے۔ یہ عین موقع ہے کہ اس بے انصافی کو لوکل گورنمنٹ ہند دور کرے۔ آخر الذکر کے ساتھ ہمارے معاہدے کی ترمیم ضرور ہونی چاہیئے جس کا وقت سال رواں میں آئے گا، تاکہ تعلیمی اخراجات کے لئے زیادہ رقم مہیا کی جا سکے۔

میری رائے ہے کہ ہم لوگوں کو مسٹر [illegible] کا نہایت مشکور ہونا چاہیئے کہ انہوں نے اپنے زمانہ ڈائرکٹری میں برابر مردانہ وار ان واقعات کو گورنمنٹ کے سامنے پیش کرتے رہے اور یہ کہتے رہے کہ [illegible] تعلیم کی رقم کے مقرر کرنے میں انصاف سے کام لیا جانا چاہیئے۔ چنانچہ اپنی رپورٹ میں مسٹر [illegible] لکھتے ہیں:

"میں کہا بہت مضبوط [illegible] لیکن اس کے [illegible] صوبجات کو [illegible] اور جن کے حقوق [illegible]

یہ کرنا باقی ہے کہ تعلیم داں کو خلاف ہونا ہے دہ کوئی کارروائی کر کے اس کو عملی شکل میں تبدیل کرا دیں کم از کم اس ترمیم شدہ نظام کو جو ترقی تعلیم نسواں جیسا کہ ڈاکٹر صاحب نے تیار کیا تھا عمل میں لا دے۔

الغرض ہم کو یہ کبھی فراموش نہ کرنا چاہیے کہ اس نیک کام میں ہم کو خود بھی بہت کچھ کرنا ہے۔ سب سے پہلا کام یہ ہوگا کہ عوام میں دلچسپی پیدا کریں اور بعد ازاں گورنمنٹ کو عملی اور ہمدردانہ مدد دیں جس کے بغیر ہماری عورتوں کی تعلیم کا مسئلہ جو ہمارے وطن کے لئے بہت ضروری اور مفید ہے اطمینان کے ساتھ حل نہیں ہو سکتا۔

صنعتی تعلیم و تربیت کا مسئلہ میری رائے میں ان سب مسائل میں بہت زیادہ ضروری اور مفید ہے جس پر اس کانفرنس کی توجہ مبذول کی جائے گی۔ اس کے فائدہ کا انحصار صرف اس کے اس اثر پر ہے جو ملک کی اصلی اور تجارتی فلاح پر پڑے گا بلکہ اگر اس سے زیادہ نہیں تو کم از کم اسی قدر اس عام اثر پر بھی جو ہماری تمامی قومی زندگی پر پڑے گا۔ کیونکہ جب تک ہمارے یہ نوجوان یہ یقین رکھیں گے کہ اس جہان میں نشو و نما حاصل کرنے کے لئے اصلی اور اعلیٰ درجہ کا طریقہ اگر سرکاری ملازمت کے سوا کچھ ہے تو وہ طبابت اور پیشہ قانونی ہے اس وقت تک یہ ناممکن نظر آتا ہے کہ سچا جوش آزادی کا اور اپنے اوپر بھروسہ کرنے کا قوم میں پیدا ہو سکے۔ اگر ہمارے نوجوان سرکار کی ماتحتی میں حصول معاش پر نظر رکھیں گے تو یہ ظاہر ہے کہ وہ تمام عمر دوسروں پر بھروسہ کرتے رہیں گے اور حکام کے عنایات پر ترقی اور حصول معاش پر نظر رکھیں گے تو یہ ظاہر ہے کہ وہ تمام عمر دوسروں پر بھروسہ کرتے رہیں گے اور حکام کے عنایات پر ترقی اور حصول معاش کے لئے ان کی نظر رہے گی، اور بدیں وجہ وہ اپنے پیروں پر کھڑے نہیں ہو سکیں گے۔ اور یاد رکھنا چاہیے کہ یہ حالت برابر جاری رہے گی خواہ کتنی ہی زیادہ تعداد عہدوں کی کیوں نہ ہو اور کتنے ہی اعلیٰ درجہ کے عہدے ہندوستانیوں کے قبضہ میں کیوں نہ ہوں جب تک کہ ہماری تعلیم یافتہ جماعت ان بیڑیوں میں پھنسی ہے اس وقت تک کامل زندگی اور خود مختار اور خود عمل کا احساس حاصل نہیں ہو سکتا علاوہ بریں سالہائے جدید ملک میں اصلی عمل بغاوت اور شریف بزدل ان طبقوں سے نکالا جاتا ہے جو سرکاری ملازمت کی تعلیم

ممکن ہے کہ ۱۹۰۲ء میں اس بیان میں کچھ صداقت ہو۔ لیکن کیا یہ بات بدیہی حقیقت
دو ہے؟ جیسا کہ ۱۹۰۴ء کی رپورٹ میں نہایت شرح طور سے مسٹر لیکس نے ظاہر کیا
ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ اب تعلیم نسواں کی ترقی کے لئے معتد بہ رقوم کا مہیا کرنا ایک ساتھ
کرنے کے طریقے اور راستے موجود ہیں۔

کوئی شبہ نہیں ہو سکتا کہ لوکل گورنمنٹ نے واقعی اس امر کو تسلیم کر لیا ہے کہ اس
کمیٹی کی قابل تعریف رپورٹ جو بصدارت رائے بہادر بابو گیندر ناتھ چکرورتی گورنمنٹ
کو عملی اور یقینی طریقہ توسیع تعلیم نسواں کے متعلق صلاح دینے کے لئے منعقد ہوئی تھی صرف
یہ بات ہی ظاہر نہیں کرتی کہ اب تعلیم نسواں کی مانگ تیزی سے بڑھ رہی ہے بلکہ یہ بھی
واضح کرتی ہے کہ کیونکر عقلاً و نقلاً اس کو ترقی دی جائے اور نیز قابل عمل طریقوں کا نہایت
مفید خاکہ بھی اس میں موجود ہے۔ اس کی تمام سفارشوں پر واقعی اور پورے طور سے عمل کرنے
میں مسٹر لیکس کے بیان کے بموجب چھ لاکھ روپیہ سالانہ کا صرف ہے اور یہ رقم ایسے کام
کے لئے کسی طرح زیادہ نہ تھی، لیکن چونکہ یہ رقم گورنمنٹ کے بساط سے بڑھ کر تھی
اس لئے مسٹر لیکس نے ایک ترمیم شدہ نظام تیار کیا جس کے متعلق نصف رقم یعنی صرف
تین لاکھ سالانہ خرچ کرنا پڑتا۔ لیکن یہ رقم بھی بہت زیادہ تھی اور گورنمنٹ نے افسوس
کے ساتھ اعلان کیا کہ سال آئندہ کے واسطے نظام مذکورہ کے لئے روپیہ موجود نہیں ہے۔

اس موقع پر پھر وہی بدنصیب پالیسی ان صوبجات میں صیغہ تعلیم کو بیکار کر دینے
کی برتی گئی جو متعدد بار ظاہر اور موجود ہو چکی ہے۔ بیشک یہ زیادہ تر بوجہ ہمارے معاہدہ کی
اور سخت شرائط کے ہے جو گورنمنٹ ہند سے کیا گیا ہے اور جیسا کہ میں نے ابھی بیان
کیا ہے اس کی زیادہ انصافانہ اور مساویانہ شرائط پر ترمیم کرنے کے لئے زور دینا چاہیئے
جو ہماری آبادی اور محصولات کے حسب حال ہو۔ لیکن ہماری لوکل گورنمنٹ بھی الزام سے
بری نہیں ہو سکتی۔ یہ ہمارا فرض ہے کہ اس معاملہ کو ہم ہر طریقہ اور ہر ذریعہ سے اپنے حکام کے
قلب پر نقش کر دیں۔ بلا نظام مذکورہ کے عام تعلیم نسواں [illegible] کرنا
قسم کی تعلیم کے متعلق ہماری گورنمنٹ کا برتاؤ [illegible]

بتا دیں گے کہ بہت حد تک تعلیمی حیثیت سے بلند ہے جو دوسرے صوبوں کے لئے پہلے ہی سے اسکیم ... اس معاملہ میں ان سے کیا جاتا ہے اور اپنے منصفانہ اور معقول دعوٰی کو گورنمنٹ کے سامنے بغرض توجہ برابر پیش کرتے رہیں گے۔

درین حرف نیز اصطلاحی بخاطر نیست -

(ر)

رنگ مارنا - بفتح اوّل و نون غنہ و کاف عجمی: از حریف بازی بردن است و مجازاً موقع مستعمل - آبرو گوید:

کھیلے تھے رات چوسر گوٹیاں ہوا تھا پیارا　　ہائے رقیب سارے ہم نے ہی

رفو چکر میں آجانا - حیران ماندن بمشاہدہ امر عجیب، و عوام بازاراستعمال کنند - سراج

رفوگر کو کہاں طاقت کہ زخم عشق کو ٹانکے　　اگر دیکھے مرا سینہ رفو چکر میں آ

رتّی چمکنی - بفتح اوّل و تشدید فوقانی بیای معروف: مراد از یاوری بخت و مساعد مولف گوید:

لہو کی بوند بھی اشکوں میں اک دن اب ٹپکتی ہو　　دلا خوش ہو کہ تیری آج کل رتّی

رنگ رلیاں - بکاف فارسی: کنایہ از اختلاطی کہ با معشوق میسر شود - ہدایت گوید

بہار آئی ہے تم کو بلبلو یہ دن مبارک ہو　　چمن میں آج کل کر لو گلوں کی سا

(ز)

زمین پکڑنی - کنایہ از فرط اصرار برامری و ہم بمعنی استقلال - محمد عابد دل گوید

تمہارے در پہ جو درباں نے آستیں پکڑی　　برنگ نقش قدم ہم نے بھی

زمین میں گڑ جانا - بکاف فارسی و رای ہندی: کنایہ از کمال منفعل شدن و نمر آمد انعام اللہ خان یقین گوید:

قامت رعنا سے تیرے بسکہ شرماتا ہے سرو　　دیکھ کر تجھ کو زمین کے بیچ گڑ جا

مرزا رفیع درہجو کوتوال فرماید :

پہنچ سکے کیونکر اب کسی کی شے ملا مسجد کا صبح خیز یا ہے

صفائی بتانی - جواب دادن و ناکام گذاشتن، مولف گوید :

خطا کے آنے سے دعوان عارضوں کا یہ کھڑا آپ اب کیونکر بتادیں گے صفائی مجھ کو

صفائی —— بمعنی فاقہ مصطلح - مرزا عظیم بیگ عظیم گوید : شماباعی

نواب کے گھر میں گو غدائی ہوگی اور عرش بریں تلک بھی رسائی ہوگی

جوں آئینہ آب و نان دیکھو نہ عظیم خلقت پہ صدا یونہی صفائی ہوگی

(ض)

این نیز مثل چند حروف سابق شاذ است -

(ط)

طمانچہ سے منہ لال رکھنا - کنایہ از غیرت داخفای نادارلیست - میر گوید :

گل ترے روزگار خوبی میں منہ طمانچہ سے لال رکھتا ہے

ودرین مقام وجہ ناداری ظاہر چہ معشوق آنقدر رنگین تر واقع شدہ کہ گل نسبت

او نہایت بیرنگ افتادہ وازبسکہ با معشوق دعوی تساوی دارد بدین تقریب رنگ

بروی خودمی آرد و درین معنی لازم غیرت ظاہر -

طوفان ہونا - بمعنی معروف : آفت انگیز بودن است و در مدح وذم ہر دو مستعمل -

ہدایت گوید :

اشک گلگوں جیب و دامن پر مرے طوفان ہیں اس زمانہ کے تو لڑکے بھی کوئی طوفان ہیں

(ظ)

ظالم - معنی لفظی معروف و اصطلاحی کنایہ از معشوق در فارسی و ہندی ہر دو مشترک

ازہر گوید :

سراپا فن بے مہری و بے رحمی کے عالم ہو پھر اس پر دل رُبا ہو کیا کہوں کوئی مخمظ ظلم ہو

سر دُھننا ۔ بالکسر و سکون حاء و دال ہندی مضموم و نون اوّل ساکن و دوم بالف کشیدہ: کنایہ از متاسف شدن است ۔ شرف الدین مضمون گوید:

گر حرف حق ہماری زبان سے کبھو سنے ۔ احوال اپنا دیکھ کے حلاج سر دُھنے

سر کھجانا ۔ بضم کاف ہندی: کنایہ از تنبیہ طلبیست ۔ مولف گوید:

وہ کافر عدو ہو، کہتا ہے تیرا سر کھجاتا ہے ۔ کسی کا ہاتھ بھی گر سر تلک بہر سلام آوے

سر سے کفن باندھنا ۔ دست از جان شستن، و آمادہ مرگ بودن ۔ مولف گوید:

دیکھیں گے کوئی کیونکر روکے گا جانے کو ۔ اب باندھ کے ہم بھی یہاں سر سے کفن نکلے

(ش)

شام کے مُردے کو کب تک روئیے ۔ در ندامت امری گویند کہ حسرت آن تمام عمر متصور باشد ۔ یکی از شعرا گوید:

پھنس چکا دل زلف میں بس سوئیے ۔ شام کے مُردے کو کب تک روئیے

شاخ زعفران کہنا کسی کو ۔ طنز بر کبر و نخوت او کردن است ۔ محمد تقی میر فرماید:

تازہ چمن وہی ہے بلبل سے گو خزاں ہے ۔ ٹہنی جو زرد بھی ہے سو شاخ زعفراں ہے

شہد اشکستہ ۔ یعنی خراب خستہ، ہدایت گوید:

شہید تیغ ابرو ہے، اسیر دام گیسو ہے ۔ ہدایت بھی میاں کوئی نرا ہی شہد اشکستہ ہے

شرم سے پانی ہونا: عرق آوردن از خجالت، ظاہرا ترجمہ ترآمد نست کہ در فارسیان مصطلح ۔ محمد تسلیم گوید:

بارش گریہ کی اُس رات طغیانی ہوئی ۔ جو گھٹا آئی تغافل شرم سے پانی ہوئی

شگوفہ پھولنا ۔ در وقوع امر ناگہانی بسبیل طنز گویند ۔ محمد تقی میر فرماید:

اُس چہرے کی خوبی سے عبث گل کو جتایا ۔ یہ کون شگوفہ سا چمن زار میں لایا

(ص)

صبح خیزئی ۔ فرقہ ایست از دزدان کہ علی الصباح برخیزند و ہر چہ یابند دستبرد کنند ۔

یا بعکس آن ـ قلندر بخش جرأت گوید :

گئے تھے چھپ کے شب کہیں تم غرض کر لیجے قسم تمہارے ـ یہی ہے حال تو اچھا بس نہ تم ہمارے نہ ہم تمہارے

قرآن پر ہاتھ دہرنا ـ کنایہ از قسم یاد کردن است اعم ازین کہ در اقرار امری باشد و یا در انکار

مولف گوید : قطعہ

جھپک سے پنجۂ مژگاں کی اس کے مصحف رو پر ـ قیاسا دل میں ہم اپنے یہی معلوم کرتے ہیں
کہ میرے قتل سے جو مردم چشم اس کے ہیں منکر ـ قسم کھانے کے تئیں قرآن پر یہ ہاتھ دھرتے ہیں

(ک)

کریال میں غلیلا لگنا ـ کنایہ از تخلیست کہ در عین حصول مقصود رو دہد ـ سجاد گوید :

بیٹھے اگر خوشی سے آ کر چمن میں بلبل ـ کریال میں غلیلا ایسا لگے کہ اڑ جائے

کترا کر چلنا ـ بفتح اول و سکون فوقانی : از ہمرہی رمیدن و بیگانگی ورزیدن ـ سجاد گوید :

خط کترا کے آج قینچی سے ـ ہم سے ملنے میں جائے ہے کترا

کان پکڑنے ـ معترف شدن و اقرار بر عجز خود نمودن ـ سید عبد الولی عزلت گوید :

دیکھ کر موتی وہ بالے کا بتوں نے پکڑے کان ـ شمع رو میرا یہ سب آتش رخوں کی ناک ہے

جملہ معترضہ اینکہ شعلہ رخ در محاورہ البتہ بنظر گزشتہ و آتش رخ خالی از غرابت نیست ـ

کفن پھاڑ کے بولنا ـ کنایہ ایست از کمال بیتابی در ضبط سخن در حالتی کہ امر عجیب مشاہدہ گردد ـ سید عبد الولی عزلت گوید :

پیر ہو کر جو ہوا شیخ مرید اطفال ـ مردے سب بولے کفن پھاڑ قیامت آئی

کان کاٹنے ـ سبقت بردن است بر کردار نا ہنجار کسی ـ مرزا رفیع سودا در بدمستی و بی انتظامی شہر گوید :

فیض بازار کا جو سینے سیان ـ آن سنے نردک کے کاٹ ڈالے کان

'نردک' سمت پنجاب در نواح پٹیالہ و کرنال جاییست کہ اکثر راہگیران و مسافران بتعدی قطاع الطریق و رلن میدان بغارت میرسند و این لفظ ہم در عرف حال مثل

(ع)

عشق ہے - یعنی احسنت و ہزار احسنت - ہدایت گوید:

دل اس سے تیرے آنکھ لڑانے کو عشق ہے اور چوری چوری نظریں ملانے کو عشق ہے

(غ)

غصہ سے بھوت ہو جانا - کنایہ از خشمناک شدن و سرگرم در آتش غضب گشتن شرف الدین مضمون گوید:

مضمون تو شکر کہ ترا نام سن رقیب غصہ سے بھوت ہو گیا لیکن جلا تو ہے

ظاہر احباب محمد تقی میر دریں شعر دخل فرمودہ اند کہ در تذکرہ تالیف خود بجای نام لفظ اسم نوشتہ اند - چہ در اصطلاح اہل دعوت مخصوص اسم مصطلح و بدیں اعتبار واقعی خالی از لطف نیست۔

(ف)

فلک کو خبر نہ ہونی کسی کی - کنایہ از کمال غفلت و بیخبری کسان باشد میر عبداللہ تجرد گوید:

بجھ رو میں لطف ہے سو ملک کو خبر نہیں خورشید کیا ہے اس کی فلک کو خبر نہیں

(ق)

قہر قیامت - درمدح و ذم ہر دو مصطلح - محمد تقی میر گوید:

مت کچھ پوچھو باتیں اپنی کہیے تو تم کو ندامت ہے قد قامت تو یہ کچھ ہے تمہارا پر کوئی قہر قیامت ہو

قران کرنا - بالکسر بعمل آوردن، امر نیست کہ وقوعش کمال تعجب بخشد - محمد تقی میر گوید:

شرمندہ ہو نہیں طالع خورشید و ماہ دونوں خوبی نے تیرے منہ کی ظالم قران کیا ہے

سوای معنی اصطلاحی تشنیہ ماہ و خورشید براعات لفظ قران نیز ظاہر۔

قدم لینا - اقرار بر کمال طرف ثانی نمودن اعم از ینکہ در صفات نیک کامل باشد

(کھ)

...کا۔ بمعنی خار خار۔ شہزادۂ عالم پناہ مرزا جہاندار شاہ فرماید :

گُل کو ہے ایک خار کا کھٹکا — بلبلوں کو ہزار کا کھٹکا

...نا۔ بضم؛ کنایہ از بیحجاب شدن۔ اخوی و مشفقی مرزا فضل سبقت سلمہ اللہ تعالیٰ فرماید :

بات اس پر جو ڈھکی تھی اب تک کھلی سو کھل گئی — بزم میں اس کی میں ایسا مے کو پی کر کھل گیا

(گ)

...بھڑی دل کی ۔ کنایہ از گرہ خاطر۔ شرف الدین مضمون گوید :

ہنسی تیری پیارے پھلجھڑی ہے — یہی غنچہ کے دل میں گلجھڑی ہے

...ر پہ گور کرنی ۔ قایم بر مقام دیگری شدن بخلاف استحقاق، و این نیز مختص بمحاورۂ زنان است ناجی گوید :

نچانا میں کوئی مرتا ہے اس پر — عبث کرنے گیا میں گور پہ گور

...شت ناخن ہونا ۔ عبارت از کمال اتحاد و یگانگی است و مجازاً در محل قرابت مستعمل۔ عبدالحی تاباں گوید :

تیرے ابرو سے مرا دل نہ چھٹے گا ہرگز — گوشت ناخن سے کہو کیونکہ جدا ہوتا ہے

...کترنے ۔ افترا کردن و تہمت بستن۔ مرزا رفیع در ہجو امیر بخیل زبانی خانساماں گوید :

کیا کہوں میں رکابدار کی بات — اس کی گزرے ہے کس طرح اوقات

نوکری میں نہیں کچھ اس کی حصول — کترے ہے میرے حق میں نت گل پھول

...ا باندھنا کسی سے ۔ خود را وابستہ در قید کسی نمودن است خواہ در قید محبت باشد یا غیر آن۔ مثال معنی اوّل مشفقی و مکرّمی مرزا رضا قلی آشفتہ فرماید :

جنوں آمیز نکلے ہے صدا کچھ اپنے نالے سے — گلا اپنا بندھایا ہم نے کیوں زنجیر والے سے

از شوق کلام چنین مستفاد میشود کہ ظاہر اشعر حالی و معنی وقوعی باشد۔ مثال معنی دویم محمد بقا گوید :

کل دست محتسب سے جوں توں بچھ چھڑایا — شیشہ نے میری خاطر اپنا گلا بندھایا

تلاوٹی کہ در حرف تای منقوطہ گزشت عموماً ہمین معنی مصطلح ۔

کالا بال ۔ کنایہ از موی نہا راست ۔

کالا بال لینا سمجھنا کسی کو ۔ کسی را کمال حقیر و ذلیل دانستن ۔ مرزا رفیع در ہجو کوتوال گوید :

پچو رکیب اس کا زور ملتے ہیں ۔ کالا بال اُس کو اپنا جانتے ہیں

چوں کوتوال مذکور نہایت سیاہ فام بود، وقوع تشبیہ خالی از کیفیت نیست ۔

کانٹے بونے ۔ تخم بدی کاشتن کہ عاقبت الامر ندامت بخشد ۔ ہدایت گوید :

دل لگا مژگاں سے اُس کے رات دن رویا کیا ۔ اپنے حق میں آپ میں کانٹے سدا بویا کیا

کان ہونے ۔ متنبہ شدن و عبرت گرفتن ۔ میر گوید :

دعوی خوش دہنی گرچہ اسے تھا لیکن ۔ دیکھ کر منہ کو ترے گل کے تئیں کان ہوئے

کانٹا سا نکل جانا ۔ کنایہ از رفع خلش کہ عبارت از خار خار خاطر باشد ۔ محمد تقی میر گوید :

مر رہتے جو گل بن تو سارا یہ خلل جاتا ۔ نکلا ہی نہ جی ورنہ کانٹا سا نکل جاتا

کانٹوں پہ کیوں گھسیٹتے ہو ۔ در مقام انکسار و ہضماً لنفسہ گویند، مولف راست

میں کون اور تمہارے مژہ کا مجھے خیال ۔ کانٹوں پہ کیوں گھسیٹتے ہو مجھ غریب کو

کان میں تیل ڈالنا ۔ تجاہل در سماعت ذکری نمودن ۔ محمد قایم گوید :

سوز پروانہ یوں سنے ہے چراغ ۔ کان میں جیسے تیل ڈالا ہے

کوّے اڑانی بتانا ۔ کنایہ از معطل داشتن با کمال بی رنگی است وقول افسانہ گوی ہندلیست ۔ اکثر گویند کہ چون بادشاہ کلاغ مغضوب نمود بدین خدمت مامور فرمود ۔ ہدایت گوید

دیکھا خزاں کے روز جو میں بلبلوں کا رنگ ۔ پھرتی تھیں جیسے باغ میں کوّے اڑاتیاں

مخفی نماند کہ در وقوع این تشبیہ مشبہ بہ را ضمیر تانیث لازم افتادہ چنانچہ ضمیر بلبل ہم در ہندی بتانیث استعمال دارد و مراد خایل درینجا از بیکاری و تحیر او ست ۔

گلیا میں گڑ پھوڑنا ۔ کنایہ از اخفا نمودن امریست کہ فی نفسہ قابلیت اخفا نداشتہ باشد

مرزا رفیع در ہجو فوقی گوید :

گھر میں شیخی کرنی کچھ رکھتی ہے طول ۔ گلیا میں گڑ پھوڑنے سے کیا حصول

وظاہرا در اہل ولایت ہم این معنی مصطلح کہ سیدای اشرف گوید :

از نشینندگان کسی چو نماند — عاقبت خود نشست خانۂ ما

گھڑی میں تولا گھڑی میں ماشا — شخص متلون المزاج را گویند۔ مولف گوید :

مزاج زود گذر بیچ کا ہم نے جو خوب دیکھا تو یہ تماشا — نہیں ہے اک حال پر وہ قائم گھڑی میں تولا گھڑی میں ماشا

(ل)

لونی لگنی — بواو مجہول و نون بیای معروف ؛ کنایہ از شورہ بستن دیوار است کہ در ایام برسات بر دیوار لگی عارض گردد۔ شاہ عزیز اللہ عزیز گوید :

کانِ نمک ہوا ہوں ترا حسن سبز دیکھ — لونی برہ کی جب سے لگی گل گیا ہوں میں

لال — اطفال صغیر را گویند۔ ہدایت گوید :

کچھ تو بھی بول غنچۂ گل عندلیب سے — کیوں میرے لال کیا ترے منہ میں زباں نہیں

وتشبیہ طفل بغنچہ نہایت مربوط و موید این معنی کلام۔ مرزا رفیع نیز در مثنوی گرما فرماید :

پانی کو بلبلیں پھریں بھٹکی — طفل غنچہ کو لگ گئی چٹکی

و اینکہ بعضی ناعاقبت فہمان بدین لفظ معشوق را مخاطب کنند خیلی نازیبا است و اگر گویند کہ در اشعار اساتذہ فارسی بمعنی امرد بسیار جا خطابی لفظ پسر واقع شدہ، گوییم ہر ملکی و رسمی ۔

لَو — بفتح واو مخفف ؛ زبانۂ شمع و زبانۂ شعلہ را گویند۔

لو لگنی — بتمامہ در اصطلاح عبارت از تکرار ذکریست کہ تا دیر بر زبان دارند خواہ ذکر معشوق بر زبان عاشق و خواہ یاد الٰہی بر زبان بیمار در حالت اخیر کہ عبارت از اللہ اللہ باشد۔ میر حسن گوید :

جوں شمع سحر حسن بتوں کے غم میں — اللہ سے اب تو لَو لگی ہے اپنی

لگ چلنا — بفتح اول وکاف عجمی ؛ کنایہ از آمیزش و اختلاط۔ محمد تقی میر گوید :

گرچہ آوارہ جوں صبا ہیں ہم — لیک لگ چلنے کو بلا ہیں ہم

لالے پڑنے — لام اول بالف کشیدہ و ثانی بیای مجہول رسیدہ و فتح بای عجمی و سکون رای ہندی و

گرد ہونا ۔ بخاک یکسان شدن و این معنی در انحطاط مرتبہ مدعی متقابل استعمال کنند۔ محمد تقی میر

روئے سے میرے ابر کا ہنگامہ سرد ہے   آنکھیں اگر یہی ہیں تو دریا بھی گرد ہے

گلے کا ہار ہونا ۔ گلوگیر شدن، ہدایت گوید : مصرع

ہر لخت دل گلے کا مرے ہار ہو گیا

گلے پڑنا ۔ نیز از ہمان عالم ۔ شاہ وحید تنہا تخلص گوید :

دست جنوں سے کرنا کڑے اُسے بجا تھا   کیوں پیرہن ہمارے ناحق گلے پڑا تھا

گل کھانا ۔ آنچنانست کہ اکثری از نوجوانان عاشق تن در عالم لاف عشق از فلوس در روپیہ و انگشت و امثال آن در آتش گرم کردہ بر بند دست داغ کنند و باعتقاد خود ازین حرکت چشمِ تاثیر از جانب معشوق دارند ۔ محمد تقی میر گوید :

گل کھائے جن کے واسطے میں جسم زار پر   دو پھول بھی نہ لائے وہ میرے مزار پر

گریبان میں منھ ڈالنا ۔ اعتراف نمودن و منفعل بر قصور خود بودن است ۔ ہدایت گوید :

تو اس غنچہ دہن کے آگے اے گل خوار خستہ ہے   گریباں میں منہ اپنا ڈال کیا منہ لے کے ہنستا ہے

گردن کا ڈورا ۔ یکی از حرکات چہرہ بازی معشوق است و خاصہ از فرقہ طوایف کہ در عالم رقص بارادۂ اظہار خوش ادائی اکثر این حرکت بعمل می آید و بکثرت عادت از بعضی بیساختہ ہم واقع شود ۔ بالجملہ این لطف بیرون از بیان است ۔ من فہم فہم ۔ مولف گوید :

کیا شوخ بھی لیتی ہے گردن کا غضب ڈورا   کیے ڈومنی میں یارو یہ ڈومنی پن نکلے

(گھ)

گھر جانا ۔ کنایہ از خانہ ویران شدن ۔ حقایق و معارف آگاہ حضرت شاہ قدرت اللہ

ہم پر ایّام مصیبت آج پھر آنے لگا   یار گھر جانے لگا اے وائے گھر جانے لگا

لطیفہ ملفوظی و مکتوبی ہر دو واقع ۔

گھر بیٹھ جانا ۔ نیز ہمین عالم است ۔ جناب حضرت درد قدس سرہٗ فرماید :

جس سمت کو تو نے آنکھ اٹھا کر دیکھا   مانند حباب گھر کے گھر بیٹھ گئے

خورشید رو نے جس گھڑی آنکھیں نکالیاں — مہتاب کے بھی پھر گئیں منہ پر ہوائیاں

منہ پر موتی پرونے۔ ظاہراً ترجمہ دُر فشانیست و در مدح نہ ذم ہر دو مستعمل مولف گوید:

سن سن کے ذکر اشک و مژہ مجھ سے یوں کہا — جب تب نہ آپ ایسے ہی موتی پرونے لگے

منہ پر گرم ہونا۔ کنایہ مقابل شدن باکسی کہ از خود بزرگ تر باشد و اکثر شوخ چشمان عادت پیشہ باین صفت متصف اند۔ میر سوز گوید:

کیوں طفل اشک تجھ کو آنکھوں میں میں نے پالا — اس پر بھی میرے منہ پر تو گرم ہو کے آیا

منہ اتر جانا۔ حالتی کہ از فرط نقاہت و ہم از فکر بر بشرہ ظاہر شود۔ جرأت گوید:

یہ کون تیرے جیت پہ چڑھا ہے بتا مجھے — جرأت پچھاڑوں میں ترا منہ اتر گیا

منہ پر چڑھنا۔ عبارت از مقابل شدن۔ حضرت درد فرماید:

چمن میں باغباں سے صبحدم کہتی تھی یہ بلبل — گلوں کے منہ پہ یوں چڑھتی ہے دیدہ دیکھو شبنم کا

منہ بسورنا۔ بکسر بای موحدہ و سین مہملہ: حالتی کہ طفل را پیش از گریہ رو دہد۔ ہدایت گوید:

دہن سے اس کے مرا دل جو دور رہتا ہے — تو شکل غنچۂ گل منہ بسور رہتا ہے

منہ پیچ کی راہ۔ کنایہ از کجی راہ۔ محمد حسین کلیم گوید:

رکھتا ہے زلف یار کا کوچہ ہزار پیچ — اے دل سمجھ کے جائیو ہے راہ منہ پیچ

منہ دیکھے کی الفت۔ الفتیست کہ فیما بین دو کس عند المواجہ بظہور آید و برین الفت اعتماد نشاید۔ مرزا رفیع سودا گوید:

نہ بھول اے آرسی گر یار کو تجھ سے محبت ہے — بھروسا کچھ نہیں اس کا یہ منہ دیکھے کی الفت ہے

مورکھ۔ یعنی بیخبر و ناقدر شناس، و این لفظ شل کوے اڑانی از مصطلحات افسانہ گویانست۔ ناسخ گوید:

کیوں ستاتا ہے زلف کو پیارے — دیکھ تجھ کو کہتے ہیں سب مورکھ

منہ مانگی موت۔ بکاف پارسی: مقولہ خریداران و این در محلی گویند کہ فروشندہ انچہ قیمت کند بر بہاں اصرار دارد۔ مولف گوید:

کل یار نے مجھ سے پوچھی قیمت دل کی — میں نے قتل اپنی اس کی قیمت میں کہی

کہنے لگے سودا نہ بنے گا یہ شش — منہ مانگی تجھے موت بھلا کس نے دی

نوں بیاسی جھولنا — کنایہ از حالت اضطرار است کہ در تمنای مقصود باشد و بکمال بیقراری قدری ہم از مدعا آرزو کنند و بر آں قناعت ورزند محمد تقی میر گوید:

اس اسیری کے نہ کوئی اے صبا پالے پڑے — یک نظر گل دیکھنے کے بھی ہیں لالے پڑے

لٹا لٹا کر مارنا — بضمتین و ہر دو تای ہندی بالف کشیدہ۔ تشدد در زجر و تنبیہ کردن است میر گوید:

یخجر گہیں تجھ سے جو نیم کشتہ چھوٹا — حسرت نے اس کو مارا آخر لٹا لٹا کر

لگانا بجھانا — بکاف فارسی و جیم ہندی؛ کنایہ از آتش افشانیست کہ خاصہ منافقین اشرار نفس باشد۔ مولف گوید:

ہوا دولت سی آنکھوں کی اب بیزار مجھ سے دل — کہ یہ ہی اس کو اب کچھ کچھ لگاتی او بجھاتی ہیں

(م)

منھ موڑنا — کنایہ از بیرونی و چشم پوشی است۔ میر محمد حسن شاگرد مرزا رفیع گوید:

قاتل اگر کہے کہ سسکتا ہی چھوڑ یو — خنجر تو ایک دم کے لئے منھ نہ موڑ یو

ماپا شوربا اور گنی ڈلیاں — کنایہ از قلت طعام است در مقدار، و عموماً در جمیع محل صرف مستعمل۔ ہدایت گوید:

نہیں ہم پاس بجز خون دل و لخت جگر پیارے — مثل مشہور ماپا شوربا ہے اور گنی ڈلیاں

منھ کی لوئی جانی — عبارت از رفتن شرم و حیا است۔ محمد تقی میر گوید:

آتی ہے شمع آگے منھ پر ترے یہ کہکر — منھ کی گئی جو لوئی تو کیا کرے گا کوئی

منھ تھتھانا — چین بر جبین زدن۔ میر حسن گوید:

تمکین نہ ہو حسن تو یہ نانہے تجھی پر — یوں اور کے تو آگے وہ منھ تھتھا کے بیٹھے

مینڈک کی کو زکام ہونا — کنایہ از نخوت و عالیجاہی ناکسانست۔ میر حیدر علی حیران گوید، قطعہ:

جو نہیں اٹھ کر چلا وہ مجلس سے چھینکا کوئی او میرا نام لیا — ہنس کے بلاکر وا اچھر سے یوں جی مینڈکی کو بھی زکام ہوا

منھ پر ہوائی پھر جانی — کنایہ از تغیر رنگ رو است، اعم از اینکہ در مقام خطرہ و دہشت و یا در عالم نقاہت بسبب حرکت۔ ہدایت گوید:

منھ لگنا ۔ کنایہ از قرب حاصل کردن ۔ میر گوید:

کیا حرف دلنشیں ہو مرا شعر خط لام
اغیار روسیاہ ترے منھ لگا کئے

منھ لے کے پھر جانا ۔ محروم گشتن و روی تلطف ندیدن ۔ یکی از شعرا گوید:

بعد مدت ترے کوچہ میں جو آجاتا ہوں
اپنا سا منھ لئے پھر وہیں چلا جاتا ہوں

موج مارنی ۔ کنایہ از فارغ بالی شخص معطل ۔ محمد بقا گوید:

سیل سرشک اپنا جب سر پا پیچ مارے
طوفان نوح تنہا گوشہ میں موج مارے

منھ پانا ۔ توجہ خاطر دریافتن ۔ حضرت درد فرماید:

منھ تمہارا بھی اگر پاوے گا
تو یہ منھ اپنا بھی دکھلاوے گا

(ن)

نیند بھر سونا ۔ کنایہ از خواب راحت ۔ خواجہ محمد خان ظاہر گوید:

پھر زلیخا نہ نیند بھر سوئی
جب سے یوسف کو خواب میں دیکھا

نصیب لڑنا ۔ در مقامی گویند کہ کسی را در امید یک امر مطلوب اتفاق باشد و ہر کی نصیب خود انتظار کشد ۔ سعادت علی سعادت گوید:

یار سے جو رقیب لڑتے ہیں
یہ ہمارے نصیب لڑتے ہیں

نیچے سُروں سے بولنا ۔ کنایہ از آواز خفیف و بسبیل مطایبہ مصطلح میر کاظم آوارہ گوید:

کلاونتی ترے گانے سے دق ہوں
بہت نیچے سروں سے بولتی ہے

ننگی شمشیر ۔ بمعنی مصطلح ۔ گاہی کنایہ از شخص صاحب جلال باشد و اطلاق این بیشتر بر فقرای صاحب تاثیر آید، گاہی بر شخص بیباک و صاف گو، و گاہی عبارت از بلا مطلق ہر دو معنی موصوف مثالیں میر سجاد گوید:

سپہ داری اس کی کسی سے نہ ہو
یہ ابرو ترا ننگی شمشیر ہے

نظروں سے گرا دینا ۔ بی اعتبار کردن است ۔ معروف گوید:

جوں اشک تو نظروں سے کیونکر نہ گرا دیوے
آنکھوں میں تری پہلے ہر وقت کھٹکتا ہوں

نیل بگڑنا ۔ بمعنی مصطلح عوامی کنایہ از بد وضعی روزگار و عالی بمعنی مرزا علی نقی محشر گوید:

موج آجانی ۔ بفتح میم، خیالی بخاطر گذشتن عن بعض الشعرا:

دریا دلی سے دم میں دیا خانماں بباد　　کیا جانئے حباب کو کیا موج آگئی

منھ لے کے رہ جانا ۔ ساکت شدن در حالت انفعال نظر بانحطاط مرتبۂ خود ۔ ہدایت گوید:

دیکھا جو اس کے چشم و دہن کو تو شرم سے　　منھ اپنا لے کے پستہ و بادام رہ گئے

من مار رہنا ۔ بہ صبر پیرداختن و بہ حزن و ملال گذرانیدن ۔ ہدایت گوید:

نہیں رہتا ہے اس کی زلف بغیر　　میں بہت اپنے من کو مار رہا

موم دل ہونا ۔ یعنی رقیق القلب بودن ۔ ہدایت گوید:

سوزِ دل سن سن مرا آخر کو اُس نے رو دیا　　شمع کافوری کا دل دیکھا تو گویا موم تھا

موم کی ناک ۔ شخصی متلون المزاج را گویند ۔ ناجی گوید:

جو کوئی کچھ کہے پگھل جائے　　شمع رو ہے ہمارا موم کی ناک

مرنا ۔ کنایہ از دل دادن و آرزومند بودن ۔ افصح الفصحا مرزا رفیع سودا گوید:

کسی کی مرگ پہ اے دل نہ کیجیے چشم تر ہرگز　　بہت سا رو دیئے اونکو جو اس جینے پہ مرتے ہیں

منھ کا نوالا ۔ امر سہل الحصول ۔ میر حسن گوید:

تعجیل نہ کر لے دل آنے تو لگا ہے وہ　　مل جائے گا بوسہ بھی کیا منھ کا نوالا ہے

منھ سے پھول جھڑنے ۔ کنایہ از دشنام ملفوظ شدن و بسبیل طنز مستعمل ۔ انشاء اللہ خاں انشا گوید:

گالیاں دے کر اب بگڑتے ہیں　　واہ کیا منھ سے پھول جھڑتے ہیں

ماتھا ٹھنکنا ۔ معلوم شدن انجام کار در آغاز کار بوقوع علامتی متعلق باد باشد، و از جملہ مصطلحات زنانست ۔ محمد تقی میر گوید:

بھولوں نہیں تم جس دن سج نکلے تھے اک بیجا　　اس دن ہی تمہیں دیکھے ماتھا مرا ٹھنکا تھا

حاصل معنی بقصد قایل اینکہ اگر بہیں کج وضعیست بر در سفاک و قتال خواہی شدن ۔

منھ چھپانا ۔ کنایہ از چشم پوشی است، مولف گوید:

طاقت نے تو تھا ہی جی چرایا ہم سے　　دل صبر و خرد نے بھی اٹھایا ہم سے

یہ تو تھے ہی پہ رنگ رو نے بھی طپش　　یک بارگی اب ہے منھ چھپایا ہم سے

ہوا لگنی — کنایہ از تغیر مزاج، ہدایت گوید:

پھرتا ہے تیرے ساتھ نسیم صبا لگی   تجھ کو بھی باغ دہر کی گلگو ہوا لگی

ہوا پھرنی — بکسر ہای ہندی، مذون بیای معروف؛ کنایہ از تغیر اوقات مدام از آنکہ پریشانی
جمعیت مبدل خود یا بالعکس آن۔ مثال معنی اول مولف گوید:

آنکی اس کے دے کے جواب صبا پھری   خوش ہو دلا کہ آج ہماری ہوا پھری

ومثال دوم، جعفر علی حسرت گوید:

شب بہار آئی تھی وہ کچھ ابھی سے یہ جو ہے   کل کی ہوا کچھ اور تھی اور آج کی کچھ اور ہے

ہاتھ پتھر تلے دبنا — کنایہ از متعلق بودن بوضعیت کہ موجب الزام شمیت باشد۔ مولف گوید:

دل کو تجھ سے نکال لے لوں تو دکھلاؤں مزہ   دب رہا ہے ہاتھ ابھی میرا پتھر کے تلے

ہوا ہونا — کنایہ از فنا شدن۔ حضرت درد فرماید:

ٹھہر جا ٹک بات کی بات اے صبا   کوئی دن کو ہم بھی ہوتے ہیں ہوا

ہا ہا کرنا — سماجت نمودن۔ میر سوز گوید:

منتیں میری قبول اس نے نہ کیں   عجز سے ہر چند میں ہا ہا کیا

ہاتھ پر دھرے رہنا ایک چیز کا — کنایہ از سر دست ماندن چیزی۔ مولف گوید:

چاہو جو چھینو دست حنا بستہ سے یہ دل   ایسا سو دل کسی کا دھرا ہاتھ پر نہیں

ہاتھ پاؤں پھول جانے — عبارت از سراسیمگی و بی حواسی است۔ میر حسن در گلزار ارم گوید:

ہر اک گل سے وہ صورت دیکھی قبول   کہ برے ہاتھ پاؤں سب گئے پھول

(ی)

یاری کٹ کرنی — بضم کاف تازی و سکون تای ہندی۔ کنایہ ایست از ترک آشنائی
کردن، و این مصطلح اطفال مکتبیست۔ میر سوز گوید: رباعی

لی چپکے سے جب کہ میں نے اس کی چٹکی   بولا کہ پڑے جان پہ تیری ٹھکی
پھر دانت تلے کلک کے ناخن یہ کہا   چل آج سے ہم نے تجھ سے یاری کٹ کی

یہ رنگ ڈھنگ آج سا فلک کا نہیں ایسا ہی کچھ قدیم سے گو ناز بیل ہے

و معنی دویم موافق اعتقاد عوام مرزا محمد شہرت گوید :

ملنے کی ہوئی میرے اسباب کی شہرت شاید کچھ نیل آسمان کا بگڑا

نچوڑ ـ بالکسر چیم پارسی بلاد جہول و سکون واو ہندی : بدو معنی مصطلح ، گاہی کنایہ از پاداوگار! و گاہی از مدار کار ـ و این شعر میر جامع این ہر دو معنی است ـ میر گوید :

جیب اور آستیں سے رونے کا کام گذرا سارا نچوڑ اب تو دامن پہ آرہا ہے

(و)

وادی پر اپنی آنا ـ بعادت خود کار کردن ـ میر گوید :

وحشت میں ہوں بلا گر وادی پر اپنی آؤں مجنوں کی محنتیں سب میں خاک میں ملاؤں

وہ آنکھیں نہ ہونی ـ کنایہ از تغیر سلوک میر حسن گوید :

اب کچھ ہمارے حال پہ تم کو نظر نہیں یعنی تمہاری ہم سے وہ آنکھیں نہیں رہیں

(ھ)

ہاتھ لگانے ـ کنایہ از تنبیہ کردن ـ مصطفےٰ خاں یک رنگ گوید :

زبانِ شکوہ ہے مہندی کا ہر پات کہ خوبوں نے لگائے ہیں مجھے ہاتھ

قافیہ پات با ہاتھ کردن ہر چند از روی اصول قوافی خالی از عیب اکفا نیست لیکن ریختہ گویان جائز داشتہ اند ـ

ہاتھوں ہاتھ لے جانا ـ عبارت از جلد دستی است در بردن چیزی سید عبد الوہاب گوید :

مرا دل گل زرد اپنے ساتھ لے گئے حنا کی طرح ہاتھوں ہاتھ لے گئے

ہاتھ پڑنا ـ گویا بہ قابو آمدن است ـ سید عبد الولی عزلت گوید :

ہاتھ کا ہاتھ مرے دھوکے چلے آئے ساتھ دیکھ طالع کی مدد آج مرے ہاتھ پڑے

ہاتھ اٹھانا ایک چیز سے ـ دست بر داشتن از امری است مصطفےٰ خان گوید :

ہاتھ اٹھا جور او جفا سے تو یوں گو یا سلام ہے تیرا

مصطلحات حضرت دهلی، با اعتقاد راقم بر تمام رشته‌هاست - و ضبط همگی مستند و مستشهد اکثر جا بجا منقولات از کلام موزونان بهر سه جا معین مختصر ثبت گردانیده - و آن نیز متنوع بعد و نوع بعضی بیک معنی و برخی بچند معنی - ناقدان بصیر بحسب قرینه تمیز از هم کنند و اگر ناخبیر نظر بر مقام تفرقه نخند - بالجمله مختصریست مفید جهت استفادهٔ طالبان این مقصد و غنیمتست مغتنم بنابر انتفاع پژوهندگان این مطلب و عبارتش از ان اغلاق لفظی ندارد و تا نسخه عام الفیض و عموم الفهم باشد و هر عامی و مبتدی فواید معنوی بر دارد - حالیا استدعا از دیده وران بخلاف آنست که من اوله الی آخره بچشم انصاف و درد مندی در نگرند و بخیال من صنف حق استمداد التماس در حسن بیان باعتساف آنکه هرجا بمقتضای بشریت سهو خطای یابند از طعن و تعریض در گذرند - چه انسان هر آیینه جایز الخطا است و شیوهٔ عیب جوئی خیلی نازیبا -

غلام همت آن عارفان با کرم ‖ که یک صواب ببینند و صد خطا بخشند

والحمد لله علی الاتمام والصلوٰة والسلام علی نبیه و آله الکرام و اصحابه العظام -

---

لله الحمد والمنة که این نسخه نادر البیان مسمّی به مخمس البیان فی مصطلحات الهندوستان من تالیف ابلغ البلغای زمان متخلص به طپش مرزا جان بتاریخ بیست و پنجم شهر ذی الحجه سنه یک هزار دو صد و شصت و شش من هجرة النبویه علی صاحبها الف الف تحیة در بلدهٔ فرخنده بنیاد مرشد آباد واقع محله قطب پور از مطلع مطبع آفتاب عالم تاب طالع و ضیا بخش طبایع خاص و عام گردید -

یاقسمت — در مقام رضا و تسلیم گویند۔ مولف راست:

ہو اجز صد و غم ہر گز نہ کبھی دل پہ یاقسمت — یہی تھا قسمت ناسازی میں تقسیم یاقسمت

والحمد فی الاولیٰ والآخرۃ کہ دریں بحث این اقل الحقیقۃ علی قدر منوبہ صرف گردید و بسبب قوت بتقبل رسید و انصاف داند کہ در ترتیب این نسخہ چہ گرامی انفاس صرف شد تا پیرایہ اہتمام یافت و چہ خرالیف اوقات بسر رفت تا بہ تو انتظام یافت۔ صحت این مقام بر محاورہ دانان مبین و صدق این دعویٰ بر صاحب مذاقان متیقن چہ کہ از بدو رواج ریختہ الیٰ یومنا ہذا ہیچ نسخہ در بیان بتحریر نرسیدہ و رسالہ بدین نہج مرتب نگردیدہ۔ مثنوی:

حبذا نسخۂ فصیح بیان — جامع اصطلاح ہندوستان
اس میں جو ہیں فصیح و غیر فصیح — من وعن ہے ہر ایک کی تشریح
بلکہ تفریق جائز و ممنوع — واسطے جس کے یہ ہوا موضوع
ہر یک اپنے مقام پہ ہے رقم — تا مبین ہو امتیاز از ہم
صفحہ صفحہ بیان ہوئی تحقیق — اہل تحقیق سمجھے یہ تدقیق
اصطلاحات دہلوی یکسر — ثبت کیں اس میں کھا کے خون جگر
یک قلم جان و دل کیے تالیف — تب یہ تالیف ہوئی بطرز تصنیف
جو ممیز ہو اس کا قدر شناس — اس جگر کاوی کو کرے وہ قیاس
گرچہ کوئی کہ رہا نہیں معیار — سرد ہر اک ہنر کا ہے بازار
لیک صد شکر ایک ہے ممدوح — وصف جس کے نہ ہوسکیں مشروح
جو ہوا اس کا باعث تالیف — جس کا مادح ہے یہ ضعیف نحیف
جس کے ارشاد سے ہوا یہ خیال — نام جس کا رہے گا تا صد سال
یعنی نقاد علم امیر الملک — جامع جود و علم امیر الملک
ہے سخن سنج اور قدر شناس — قدر ہر فن کی ہے اسی کے پاس
بیشک اس کا وہ قدر داں ہوگا — اجر کب اس کا رائیگاں ہوگا

اکنون بیان دیگر چند فقرہ کہ از متعلقات این کتاب است [illegible] آمدہ باید دانست کہ

یا مصطلحات بیان کرنے کے تعرف تھر کا ذکر جاری رکھا، تھو یہ یا تو انہیں کوئی محاورہ ملا نہیں، یا لکھنے سے رہ گیا۔ جیسا اس طرح ہے۔ "ٹ : دین نیز بردو قسم۔ اما از فرط بعض تحقیقات ویسے کسی حرف میں کوئی محاورہ یا سند یافتہ محاورہ نہیں مل سکا ہو تو مصنف نے یہ التزام رکھا کہ کم سے کم یہ ظاہر ضرور کر دیں۔

ضمہ کی جگہ صرف واؤ کا استعمال اس عہد میں عام تھا۔ نئے املا میں اب ایسے الفاظ کو بغیر واؤ ہی کے لکھتے ہیں۔ مثلاً اُدس کے بجائے اس۔ چنانچہ حسب ضرورت ہر جگہ ترمیم کر دی گئی ہے لیکن اُودھیڑنا، اودھیڑبن، اُوٹھائی گیرا حتیٰ کہ دل گُودہ تک میں ضمہ والا واؤ ہم نے ویسے ہی رہنے دیا۔ کیونکہ مصنف ان الفاظ کے تلفظ کی تصریح کرتے وقت واؤ کو داخل حروف کیا تھا، جس کے سبب ہم اسے ترک کرتے تو مصنف کے تعریفی بیان میں بھی کچھ ترمیم کرنی پڑتی۔

صریح اغلاط املا کی تصحیح کر دی گئی ہے۔ مثلاً پھول جھڑتے (بجائے جھڑنے) تخالہ (بجائے خالہ) نوالا (بجائے نوالن) ہماں (بجائے ہمہ صفحہ ۱۶۳) بقسمتین (بجائے بقسمین) وغیرہ۔ لیکن پلیتھن بیای معروف کی بجائے کو ہم اصلاح رہنے دیا کہ ممکن ہے یای مجہول کے بجائے یہی رائج الوقت تلفظ ہو۔ اسی طرح استاذی کو ہم استادی نہیں کیا کہ یہ کتابت کی غلطی نہیں استعمال اور رواج کی بات ہے۔

اشعار میں جہاں جہاں اغلاط پائے گئے، انہیں درست کر دیا گیا ہے۔ مثلاً مونکھ کے ذیل میں ناجی کا جو شعر سند دیا گیا ہے اس میں پہلا مصرع "کیوں سنبلستان ہے زلف کو پیارے" میں سنبلستان عمر کی غلطی ہے، اسے سنبلستان کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح جرأت کا ایک شعر منہ اُتر جانا کے ذیل میں غلط قرأت کے ساتھ دیا گیا تھا جسے درست کر دیا گیا ہے۔

ایک شعر جو پلیتھن کے ذیل میں سودا کی ایک ہجو مثنوی سے دیا گیا ہے، اس میں اصلاً میں لگاؤں گا، لگاؤں گا کے قوافی آئے تھے: "پکانا" پیش کے ساتھ اور "چگنا" زبر کے ساتھ لغت میں ملتا ہے لیکن متعلقہ معنی میں وہ بھی نہیں، اس لئے پکاؤں گا کو ہم نے "پکاؤں گا" پڑھ لیا ہے جس کا تذکرہ یہاں ضروری سمجھا گیا۔

اسی طرح ایک اور شعر کا ذکر ضروری ہے۔ نیل بگڑنا کے ذیل میں جو شعر ہے اس کا دوسرا مصرع اصلاً یہ تھا: "شاید کہ کچھ نیل آسمان کا بگڑا"۔ ہم نے کچھ سے پہلے "کر" کو اُٹھا دیا ہے۔ صفحہ ۱۲۸ پر جو آخری قطعہ آسمان ... [illegible] ... منہ دیکھو کی لغت کے تحت شعر

تصریحات

شمس البیان میں الفبا کی ترتیب میں ایک خاص طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔ اس طور پر کہ ب کے بعد پ اور اس کے بعد بھ پھر پھ کے مصطلحات دیئے گئے ہیں۔ ت کے بعد ٹ اور پھر ٹھ، تھ اسی طرح ج کے بعد چ پھر جھ اور چھ؛ د ڈ دھ ڈھ؛ ک کے بعد گ پھر گھ اور گھ کے بعد کھ۔ ہم نے نئی ترتیب کے ساتھ جو اب عام طور سے رائج اور معروف ہے ان سب کو ب بھ پ پھ ت تھ ٹ ٹھ ج ۔ جھ چ چھ د دھ ڈ ڈھ ک کھ گ گھ کی ترتیب میں کر دیا ہے۔ اس لئے ص ۱۴۱ کے آخری پیرا کے بیان کے بعد ص ۱۴۲ پر آپ کو بھ کے بجائے صرف پھ ملے گا۔ کیونکہ بھ اپنی متعلقہ جگہ یعنی ب کے بعد پہنچا دیا گیا ہے۔

اپنی مخصوص ترتیب کی، مصنف کو ہر اس طرح کے موقع پر وضاحت بھی کرنی پڑتی تھی مثلاً پ کے بعد بھ اور پھر پھ نہیں ہے تو ان دو نوع کے ذکر کے بعد توضیح مزید اس طرح شروع ہوگی :- "اما از نوع اول بھیگتے جانا ...." یا ٹھ اور تھ کا سلسلہ آغاز کرنا ہے، تو ٹ کے بعد اس طرح شروع کریں گے :- "واین نیز بر دو قسم اما از نوع دوم تھتھانا...." یا ج کے بعد جھ اور چھ کو: "اما از نوع اول (جھ) .... اما از نوع دوم (چھ)...." اب چونکہ ہم نے حرفوں کی قدرتی ترتیب قائم کر دی ہے اس لیے یہ زائد جملے محذوف کر دیے گئے ہیں۔

حروف کی تقطیع جو موجودہ صورت دی گئی ہے وہ اصلاً اس طرح تھی کہ مثلاً ک اصلاً حرف الکاف تازی تھا یا مثلاً ط حرف الطاء مہملہ تھا نہ حرف الضاد معجمہ وقس علیٰ ہذا۔

دو جگہ کتابت کی غلطی سے لغات آگے پیچھے ہو گئے، جس سے کوئی خاص اثر نہیں پڑتا ہے لیکن نقل مطابق اصل نہیں رہا اس لئے ذکر کرنا ضروری ہے؛ وہ کلمات یہ ہیں:

چل سکنا۔ یہ اصل میں چبا چبا کے باتیں کرنی کے بعد تھا۔

چراغ ٹھنڈا کرنا۔ یہ اصل میں حرف چ کا سب سے آخری اندراج تھا۔ جس کے بعد اصلاً چھ شروع ہوتا تھا۔

ٹ کو مصنف نے دو قسموں میں بانٹ کر ٹھ اور تھ کی بنا ڈالی تھی لیکن محاورات

سید عبدالباری
لکچرر شعبۂ عربی مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

مخدوم الملک ملا عبداللہؒ سلطان پوری کی تصنیف

صحت نامہ شمس البیان فی مصطلحات الہندوستان

صفحہ/سطر	غلط	صحیح	صفحہ/سطر	غلط	صحیح
۱۳۱ / ۸	بجنود	بجنود	۱۵۰ / ۲۱	سے	سیتی
۱۳۲ / ۷	بلا	بلاد	۱۶۷ / ۴	قاحت	وقاحت
۱۳۳ / ۸	موضوع	موزون	۱۶۷ / ۱۷	یار کو تجھ سے	یار سے تجھکو
۱۳۴ / ۵	دھرلتے	دھراتے	۱۶۷ / ۱۹	سنداتا؛ کہتے	منڈاتا؛ کہتے
۱۳۶ / ۶	تحقر	تحقیر	۱۶۸ / ۱۳	نوالا	نوالہ
۱۳۸ / ۲۱	کے	کی	۱۷۲ / ۳	والحمد	لنا الحمد
۱۴۱ / ۲۱	حرف	حروف	۱۷۵ / ۱۰	نوالا بجای نوالہ	اے فرزند بجا بجو۔
۱۴۷ / ۲	لاہبت	ملاعبت	۱۷۵ / ۱۶	بسنداتا	منڈاتا
۱۴۷ / ۱۸	سا	سے			
۱۴۸ / ۸	ہمہ	ہم			
۱۵۱ / ۲۳	وحق	حق			

شیخ عبداللہ بن شمس الدین الانصاری صوبہ پنجاب قصبہ سلطان پور (نزد لاہور) میں پیدا ہوئے۔ ان کے آباء و اجداد صوبہ سندھ کے شہر ٹھٹھہ سے اٹھ کر جالندھر چلے گئے تھے۔ وہاں سے ان کے والد سلطان پور پہنچے۔ تعلیم کا سلسلہ بچپن سے ہی شروع ہوا۔ انہوں نے ابتدائی تعلیم کے بعد سرہند پہنچ کر دینی علوم کی تکمیل مولانا عبداللہ سرہندی سے کی۔ اس کے بعد دہلی پہنچے اور شیخ ابراہیم ابن المعین الحسینی الایرجی سے حدیث کا درس لیا۔ تکمیل تعلیم کے بعد اپنے قصبہ سلطان پور واپس لوٹ آئے۔ وہاں تدریس تصنیف اور تذکیر میں مشغول ہوئے۔ اسی زمانہ میں ان کی علمی صلاحیتوں اور دینداری کا شہرہ عام ہوا۔ مغل بادشاہ ہمایوں ۱۵۳۰ - ۵۶ء

میں ... پھول، پچھول بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ ... پر سودا کی ہجو کا قول سے جو شعر لیا گیا ہے اس میں ... کی جگہ سودا کے دیوان میں 'جی' ہے مگر ہم نے بحالہ رہنے دیا ہے۔ ... پر سند کے شعر میں 'اوقات' کا ... کا ... اور کے ... دوسری طرح پڑھا جا سکتا ہے۔ ہم نے 'کٹی' کو ترجیح دی ہے لیکن صرف ترجیح!

مصنف نے متعدد جگہ اصلی کے ساتھ ذیلی لغات بھی دیے ہیں اور ہر جگہ ذیلی لغت کو اصل ... کے علاوہ پر اس کے بیان کے تسلسل میں ہی درج کر دیا ہے۔ مثلاً: 'چٹلی' اور 'چٹلی کا تار اکرنا' ایک اصلی اور ذیلی لغت کے طور سے درج تھے۔ اسی طرح چند اور جگہوں پر بھی مثلاً 'چھیکا' اور 'چھیکا گننا' ... ہم نے ہر دو کو مستقل حیثیت دے دی ہے۔

اس ذیل میں ایک جگہ 'صفائی بتانی' کے بعد ذیلاً 'صفائی' کا لغت تھا۔ جس کے ساتھ 'ف' ... بھی لکھا تھا۔ اب چونکہ ہم نے اس لغت کو مستقل حیثیت دیدی اس لئے 'فقط' ختم کر دیا گیا۔

سند میں شعر دینے سے پہلے ہر جگہ 'شعر' لکھا ہوا تھا جسے شروع میں مثلاً برقرار رکھنے کے بعد ... جگہوں پر اڑا دیا گیا ہے۔

'تصحیح اغلاط شمس البیان' کے عنوان سے آخر میں چار صفحوں میں جو تصحیحات تھیں ان کو ملحوظ رکھ کر ... تیار کیا گیا ہے اس لئے اب اس کا شمول بے معنی تھا۔

طپش کے مربی اور شمس البیان کے منتسب نواب شمس الدولہ کے سلسلے میں ایک قابلِ اعتماد بیان:

"حکیم حبیب الرحمٰن (ڈھاکہ) نے اس لغت کے سلسلے میں اپنے ایک مضمون مطبوعہ رسالہ 'ادیب' الہ آباد ۱۹۱۰ میں لکھا ہے: 'اس وقت دہلی کے اہلِ کمال ایک ایک کر کے لکھنؤ اور مرشد آباد چلے آ رہے تھے۔ طپش بھی لکھنؤ پہنچے اور مرزا جواں بخت جہاندار شاہ خلف عالمگیر ثانی ... ہو گئے ... مرشد آباد کے صوبہ داران دونوں نواب مبارک الدولہ تھے اور ان کے عزیز نواب شمس الدولہ بھی وہیں مقیم تھے۔ نواب شمس الدولہ کا پورا نام مع لقب امیر الملک شمس الدولہ سید احمد علی خان بہادر ذوالفقار جنگ تھا اور یہ نواب جسارت خان والیِ ڈھاکہ کے نبیرہ تھے۔ شمس الدولہ اپنے بھائی نواب نصرت جنگ کے ہمراہ خود بھی نائب ناظم بنگالہ مقرر ہوئے تھے۔ ڈھاکہ میں آخر عمر تک رہے۔ طپش تقریباً ۱۲۰۳ میں ڈھاکہ چلے گئے اور نواب نصرت جنگ نائب ناظم ڈھاکہ کی رفاقت میں رہے۔ ۱۲۱۲ھ میں جب شاہزادہ دہلی مرزا محمد ظہیر الحسن اظفری تخلص والا قلعہ سے مرشد آباد پہنچے ہیں، اس وقت مرزا طپش کو نواب نصرت جنگ مرحوم نے بطور سفارت شاہزادہ کے پاس بھیجا تھا۔ شاہزادہ موصوف نے اپنے سیاحت نامہ میں طپش کی بڑی تعریف کی ہے اور اس کے ذکر میں قریباً ایک صفحہ رنگ دیا ہے۔ (... طپش ... (کذا) ... شمس البیان ... جب ... مصنف ... ...

مخدوم الملک اپنی دینی رواداری اور عالمانہ شان برقرار رکھتے ہوئے اسلام شاہ کے نائب خاص کی حیثیت سے اپنے دیرینہ محسن کا پُرتپاک خیر مقدم کرتے ہیں[1]۔ پھر جب اسلام شاہ کے انتقال کے بعد (۹۶۰ھ) افغانوں کی حکومت میں طوائف الملوکی در آتی ہے۔ تو ہمایون دوبارہ ہند پر قابض ہو جاتا ہے۔ مخدوم الملک کو پہلا سا اعزاز و اکرام دوبارہ تفویض ہوتا ہے۔ اور ہمایون انہیں "شیخ الاسلام" کا لقب دیتا ہے[2]۔ ہمایوں کے بعد جب اکبر کا زمانہ آتا ہے، تو ان کی قدر و منزلت میں اور اضافہ ہوتا ہے۔ اکبر انہیں دیگر کل علماء پر فوقیت دیتے ہوئے "مخدوم الملک" کے مشہور لقب سے نوازتا ہے[3]۔ حکومت کے سبھی اہم معاملات میں ان کا مشورہ ضروری ہوتا ہے۔ ایک وقت وہ بھی آیا، جب اکبر نے انہیں فی الحال دیوان شاہی کا "وکیل" اور "وزیر" مقرر کر دیا[4]۔ ان کی تنخواہ اس عہد کے مروجہ سکہ میں ایک لاکھ دام مقرر ہوئی[5]۔ اس طرح گویا مخدوم الملک کو اپنے عہد کا سب سے بڑا سیاسی عہدہ حاصل ہوا۔ اب وہ دینی امور میں اور اسلامی عقائد کی سربراہی کے ساتھ ساتھ مُلکی سیاست میں بھی پورے طور پر دخیل ہو گئے۔ اکبر نے ان کی سیاسی بصیرت سے خاصہ فائدہ اٹھایا۔

مخدوم الملک کا اقتدار، اکبر اعظم پر ان کی اثر اندازی اور عوام میں مقبولیت نے ہمعصر علماء میں خصوصیت سے وہ علماء جنہیں ان سے کوئی اختلاف تھا یا جنہوں نے کچھ زک اٹھائی تھی رشک و حسد کا جذبہ پیدا کر دیا۔ ان علماء میں خاص طور پر ملا مبارک ناگوری اور ان کے فرزند ابوالفضل نے شروع سے معاندانہ رویّہ رکھا۔ اکبر کی مذہبی بدعات کے خلاف جب مخدوم الملک نے اظہار ناراضگی کیا، تو موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ابوالفضل اور اس کے ہمنواؤں نے اکبر کو یہ باور کرایا کہ دین الٰہی کو چلانے سے پہلے مخدوم الملک کی دینی سیاست اور عوام میں ان کے عقیدتمندانہ اثرات کو ختم کرنا ہوگا۔ کیونکہ مخدوم الملک اور ملا عبدالنبی صدر الصدور کو ہٹائے بغیر دین کے معاملے میں شاہ وقت بھی اپنی مرضی کے احکامات نہیں چلا سکتا۔ بلاشبہ مخدوم الملک اور ملا عبدالنبی نے اپنے عہد تک مذہبی اور دینی نظامت کو شاہ وقت کی دسترس اور دست درازی سے محفوظ و مامون رکھا۔ بقول بدایونی جب ملا ناگوری کے تیار کردہ محضر نامے پر جس کی رُو سے شاہ وقت کی حیثیت اسلام میں مجتہد اعظم کی ہو گئی تھی، دستخط کے لئے مخدوم الملک سے سختی برتی گئی، تو انہوں نے جبراً دستخط

۱۔ مرزا کامران، ص ۴۵۔ ۲۔ مآثر الامراء، ج ۳، ص ۲۵۵

۳۔ طبقات اکبری، ص ۳۹۰، نول کشور ۱۸۰۵ء ۴۔ بدایونی: منتخب بحوالہ بزم تیموریہ، ص ۱۳۱

۵۔ نزہت الخواطر ج ۳، ص ۷۔ ۲۰۶

کی نظرِ انتخاب ان پر پڑی اور محکمۂ قضا کی ذمہ داری سونپی گئی[1]۔ ان کی دینداری اور صوفیانہ زندگی دیکھ کر ہمایوں نے انہیں "مخدوم الملک" کا خطاب بھی عطا کیا[2]۔ اسی اثناء ہمایوں کے بھائی مرزا کامران سے ان کے روابط ہوئے اور ان کی پنجاب کی گورنری کے زمانہ (۳۸-۱۵۳۷ء) مخدوم الملک "صدرِ پنجاب" ہوئے۔ قرینہ اغلب ہے کہ پنجاب میں جن دنوں دینی امور کی قیادت مخدوم الملک کے ہاتھ میں تھی انہیں کے حکم سے پنجاب میں شراب کا استعمال ممنوع ہوا[3]۔

۱۵۳۹ء میں جب شیر شاہ سوری نے ہمایوں کو شکست دے کر دلی پر قبضہ کر لیا تھا، پنجاب کو بھی خطرہ لاحق ہوگیا۔ حالات کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے مخدوم الملک کی قیادت میں ایک سفارت ہمایوں کے ایماء پر شیر شاہ کے پاس بھیجی گئی۔ تاکہ اسے مصالحت کی دعوت دی جائے اور پنجاب پر فوج کشی سے روکا جائے[4]۔

سفارت کامیاب رہی۔ پنجاب کی طرف پیش قدمی رک گئی۔ اندازہ ہوتا ہے کہ انہیں دنوں مخدوم الملک کی علمی اور سیاسی صلاحیتوں سے شیر شاہ کو آگاہی ہوئی ہوگی۔ شیر شاہ کا خطرہ پنجاب کی طرف سے فوری طور پر تو ٹل گیا۔ لیکن ہمایوں اور مرزا کامران میں اختلافات کی خلیج بڑھ گئی۔ شیر شاہ کو جب ان حالات کا اندازہ ہوا تو وہ پنجاب کی طرف بڑھ آیا اور بالآخر اُسے اپنے حدودِ سلطنت میں داخل کر لیا۔ مرزا کامران نے افغانستان کی حکومت سنبھالی اور ہمایوں مایوس ہو کر ۹۵۱ھ میں ایران چلا گیا۔ ۱۵۴۱ء - ۱۵۴۵ء تک مخدوم الملک نے شیر شاہ کے دورِ اقتدار میں محکمۂ قضاء کو سنبھالا۔ شیر شاہ نے بھی ان کی عالمانہ شان سے متاثر ہو کر انہیں "صدر الاسلام" کے لقب سے نوازا[5]۔ جب شیر شاہ کا انتقال ہوا اور اس کا لڑکا اسلام شاہ تخت نشین ہوا، تو ان کی قدر و منزلت میں مزید اضافے ہوئے۔ اِس بادشاہ نے انہیں "صدر الصدور" کے عہدے پر مامور کیا[6]۔ امورِ سلطنت میں یہ اس قدر دخیل ہوئے کہ بغیر ان کے مشورہ کے سلطنت کے اہم مسائل طے نہیں ہوتے تھے۔ اسلام شاہ انہیں تخت شاہی پر اپنے ساتھ جگہ دیتا تھا[7]۔ ہمایوں جب ایران سے واپس لوٹ کر مرزا کامران کو شکست دیتا ہے، تو وہ بھاگ کر اسلام شاہ کے پاس مدد حاصل کرنے پہنچتا ہے۔

۱- نزہتہ الخواطر ج ۴ - ص ۵ - ۲۰۶ حیدر آباد ۱۹۵۴ء ۲- بدایونی : منتخب انگریزی ترجمہ ج ۳، ص ۱۱۴

۳- آفتاب عالم خان مرزا کامران، ص ۱۷-۴۔ نزہتہ الخواطر، ج ۴، ص ۲۱ ۵- ماثر الامراء، ج ۳، ص ۲۵۵؛

سیر المتاخرین جلد اول بحوالہ انتخاب سیر المتاخرین از قاضی تصدق حسین ص ۷۰ لاہور

۶- بدایونی : منتخب انگریزی ترجمہ جلد ۱ - ص ۵۰۶ ۷- ایضاً۔ بحوالہ بزم تیموریہ ص ۴۰۹

ن کے بعد شیخ محدث دہلوی کا نام آتا ہے تعجب ہے کہ مخدوم الملک کی اس فن پر ایک مستقل کتاب کے
تے ہوئے بھی اس کا تذکرہ سیرت کے باب میں نہیں آیا ہے۔ ان کی چوتھی کتاب "شرح العقیدۃ الحافظیہ"
ہے۔ گمان اغلب ہے کہ یہ آٹھویں صدی ہجری کے مشہور حنفی فقیہ و مفسر ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود حافظ الدین
نسفی (متوفی ۷۱۰ھ) کی "الاعتماد فی الاعتقاد" یا "اعتماد الاعتقاد" کی شرح ہے۔ حاجی خلیفہ
نے کشف الظنون میں اس کتاب کا نام "اعتماد الاعتقاد" لکھا ہے (دیکھئے جلد اول ص ۱۱۹ استنبول
۱۹۴۱ء)۔ پانچویں تصنیف "کشف الغمۃ عن بصائر الائمۃ" ہے۔ اس کے علاوہ ایک رسالہ
"رسالہ فی تفضیل العقل علی العلم وغیرہ" اور "شرح ملا" پر تصنیف کردہ حاشیہ ہے۔
بعض تذکرہ نویسوں نے "عفیفۃ الانبیاء" یا "عفۃ الانبیاء" نامی کتاب بھی مخدوم الملک
سے منسوب کی ہے۔ مگر میرے خیال میں "عصمۃ الانبیاء" کی تحریف ہے حقیقت میں کتاب ایک ہی ہے۔

عصمۃ الانبیاء کی تصنیف اور انتساب کے اسباب: مصنف کے قول کے مطابق کتاب
مذکور مغل شہنشاہ ہمایوں کے بھائی مرزا محمد کامران کو پیش کی گئی ہے۔ تاریخی حقائق کی چھان بین سے اندازہ ہوتا
ہے کہ یہ کتاب مرزا کو اس وقت پیش کی گئی ہوگی، جب وہ افغانستان کی گورنری کا (۳۷–۱۵۳۰ء) کے فرائض
انجام دے رہے تھے۔

مرزا کامران کے جس عہد کا ذکر ہے اس وقت عالم اسلام تین بڑے بلاکوں میں منقسم ہو گیا تھا
ایران و خراسان میں شیعی صفوی حکومت تھی۔ اس کے مشرقی جانب ہندوستان میں مغولی سنی اور مغرب میں
عثمانی اتراک کی سنی حکومت قائم تھی۔ سیاست کی رسہ کشی میں شیعی و سنی عقائد بھی علیحدہ نہیں کئے جا سکتے
تھے چنانچہ عقائد کا اختلاف بھی نمایاں تھا، جس کے اثرات ملکی سیاست پر بھی نمایاں ہو رہے تھے۔ بابر
نے ایرانی تسلط سے افغانستان کو بچانے کی خاطر مرزا کامران کو قندھار کی حفاظت پر مامور کیا چنانچہ

۱- الثقافۃ الاسلامیہ ص ۹۰، ترجمہ حدائق الحنفیہ ص ۳۶۸- ۲- نزہۃ الخواطر ج ۴، ص ۲۰۶-۲۰۷
۲- عمر رضا کحالہ: معجم المؤلفین ج ص - نزہۃ الخواطر ج ۴، ص ۲۰۶-۲۰۷- حدائق الحنفیہ ص ۳۶۸
۴- نزہۃ الخواطر ج ۴، ص ۲۰۶- ۵- صمصام الدولہ، مآثر الامراء ج ۳، ص ۲۵۳
۶- فقیر محمد: حدائق الحنفیہ ص ۳۶۸؛ البغدادی- ہدیۃ العارفین ج ۱، ص ۲۴۳

کے ساتھ دستخط کیے۔ اس دستخط کے بعد ہی انہیں حج بیت اللہ کے لئے چلے جانے کا حکم صادر ہوا[1]۔ یہ ایک ایسا حکم تھا جس کی رو سے ان کے لئے بلا شاہی اجازت نامہ کے ہندوستان کی واپسی ممکن نہ تھی۔ چنانچہ اکبر کے ۲۴ ویں سال جلوس انہیں عبد النبی کے ساتھ حجاز روانہ کر دیا گیا[2]۔

وطن سے باہر بھی ان کی عزت و احترام میں کمی واقع نہیں ہوئی۔ چنانچہ جب یہ مکہ معظمہ پہنچے تو وہاں اکابر علماء نے ان کا زبردست خیر مقدم کیا۔ عالم اسلام کے مشہور دینی رہنما شہاب الدین ابن حجر مکی (متوفی[3]) نے ان کی دینی عظمت اور علمی بزرگی کو دیکھتے ہوئے غیر موسم حج میں خانۂ کعبہ کا دروازہ کھول دیا[4]۔ چند سال بعد یہ دوبارہ ہندوستان لوٹ آئے اور گجرات کے نواح میں مقیم ہوئے۔ یہ زمانہ اکبر کے خلاف مرزا محمد کی شورشوں کا تھا۔ بادشاہ کو ان کی آمد کا پتہ چل گیا۔ ملکی سیاست میں ان کے اثر و رسوخ سے خوف زدہ ہو کر حکومت نے ان کی گرفتاری کے احکامات صادر کئے۔ گجرات میں نظر بند ہوئے اور وہیں انتقال فرما گئے۔ بعض روایتوں میں ہے کہ انہیں حکومت کی ایماء پر زہر دیا گیا جس سے موت واقع ہو گئی[5]۔ کہا جاتا ہے کہ مخفی طریقے پر ان کی لاش پنجاب لے جائی گئی اور وہیں دفن کئے گئے[6]۔ ان کی سن وفات میں مورخوں کا اختلاف ہے۔ بقول صاحب "حدائق الحنفیہ" ان کی موت ۱۰۰۶ھ میں واقع ہوئی اور ان کی تاریخ وفات "شمع شب افروز" سے نکلتی ہے[7]۔ صاحب ماثر الامراء کے مطابق ان کی وفات ۹۹۱ھ میں ہوئی[8]۔ بدایونی نے ان کی وفات گجرات میں ۱۵۸۲ء میں بتایا ہے[9]۔

تصانیف : مخدوم الملک کثیر التصانیف عالم تھے۔ بقول بدایونی ان کی اچھی تصانیف میں سے "عصمۃ الانبیاء" اور "شرح شمائل النبی" کو غیر معمولی شہرت نصیب ہوئی[1]۔ ان کی تیسری اہم تصنیف سیرۃ النبی پر "منہاج الدین" ہے۔ ہندوستان میں سیرۃ النبی پر لکھنے والوں میں مخدوم الملک سے پہلے صرف چند علماء کا نام ہمیں مولانا عبد الحی کی کتاب "الثقافۃ الاسلامیۃ" میں ملتا ہے

۱- بدایونی: منتخب ج ۳ ص ۴۴ + اکبر نامہ: ج ۳، ص ۲۷۸، بحوالہ بزم تیموریہ ص ۴۱۶
۲- ایضاً " " " ج ۳، ص ۳۸۷ " " " ص ۴۱۷
۳- ماثر الامراء ج ۳، ص ۲۵۶ ۴- ہدایۃ العارفین: اسمٰعیل پاشا بغدادی ج ۱، ص ۴۷۳
۵- انتخاب، ترجمہ سیر المتاخرین ص ۴۷ ۶- حدائق الحنفیہ ص ۳۶۸ ۷- ماثر الامراء ج ۳، ص ۲۵۱
۸- بدایونی: منتخب انگریزی ترجمہ ج ۳، ص ۱۴۱ ۹- بدایونی: منتخب ج ۳ ص ۷۰، بحوالہ بزم تیموریہ ص ۲۲۰

عصمۃ کل نبی ورسول واہم ما یوثق علیہ فی ابتناء الفروع
والاصول ودامر صرف ظواہر ما نسب الیہم من المسموع والمنقول و
النفی عنہم ما وشی علیہم مما یاباہ صحاح العقول بتاویل بدیع
موافق المقطوع الدلیل ومحمد صحیح ہو شفاء العلیل ودواء
الغلیل وہدی الی سواء السبیل ولا یبقی فیہ محل القال والقیل
حتی یسد طریق الافتراء ویغلق باب الانکار دلہ بمن یجب حسن
الاعتقاد بہم وکمال الاعتقاد علیہم لکون نشاۃ الدین عن
حرکاتہم وسکناتہم"

عِصمۃُ الانبیاء :- کتاب کا مختصر تعارف خدا بخش لائبریری کے مخطوطات کے کیٹلاگ نمبر ۱۰ میں صفحہ ۶۹ پر درج ہے۔ مخطوطہ کا نمبر ۵۶۹ ہے۔ یہ کتاب کل ۱۴۹ فولیوز پر مشتمل ہے۔ سطریں ۱۹، اور سائز ۷ $\frac{1}{2}$ × ۵ $\frac{1}{2}$؛ ۶ $\frac{1}{2}$ × ۲ $\frac{1}{2}$ ہے۔ کتاب کی سن تاریخ ۱۱۳۲ھ ہے۔ کتاب قدرے کرم خوردہ ہے، اگرچہ حرمت کا گئی ہے۔ بعض حروف غائب ہیں۔ مگر متن پڑھ کر ان کی تصحیح آسانی کے ساتھ کی جاسکتی ہے۔ حاشیہ پر حل طلب الفاظ کے معنی اور متنوں کی مختصر تشریح ملتی ہے۔ دو جگہوں پر حواشی میں فارسی کا استعمال بھی ہے۔ تعارفی نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ "عصمۃ الانبیاء" پر علیحدہ سے لکھی جانیوالی اس کتاب کا ذکر کسی کیٹلاگ میں نہیں ملتا ہے۔ میں بھی اس کتاب کا کوئی دوسرا نسخہ تلاش کرنے میں ہنوز ناکام ہوں۔ اس کتاب کا دوسرا اہم پہلو یہ ہے کہ ہندوستان میں اس سے پہلے دوسری کوئی کتاب اس خاص موضوع سے متعلق نہیں لکھی گئی۔ ہاں عالم اسلام میں مخدوم الملک سے قبل بھی اس موضوع پر کتابیں اور رسالے لکھے گئے ہیں۔ لیکن ان کی تعداد بھی بہت ہی مختصر ہے۔ ان لکھنے والوں میں سب سے اہم نام مشہور عالم اور فلسفی امام فخرالدین رازی (متوفی ۶۰۶ھ) کا ہے۔ انہوں نے "عصمۃ الانبیاء" کے نام سے ایک کتابچہ چند فصلوں پر مشتمل لکھا[1] ہے۔ اس کا ایک نسخہ برلن (مخطوطہ ۲۵۲۸) میں محفوظ[2] ہے۔ اس کے علاوہ شیخ احمد بن مصلح الدین الشہیر بالمرکز کی

۱- حاجی خلیفہ: کشف الظنون ج ۲، ص ۱۱۳۹، ۱۱۴۳ء — ۲- خدا بخش لائبریری کیٹلاگ: ج ۱۰، ص ۶۹

مرزا کا سات سال مسلسل ایرانیوں کے خلاف محاذ آرائی میں گذر گیا۔ ایران میں علوم نقلی اور فلسفہ کا بڑا زور تھا۔ عقائد کے لحاظ سے ایرانی فکر کا ان دنوں ہندوستان پر اثر انداز ہونے کا خاصہ امکان تھا۔ ممکن ہے مخدوم الملک نے انہیں خدشات کو مدنظر رکھتے ہوئے سُنی عقائد کی اصلاح سے متعلق اپنی کتاب عصمۃ الانبیا مرزا کامران کو پیش کیا ہو۔ کیونکہ وہ سُنی عقاید کا پیرو، صاحب فکر، علم دوست اور ایک اچھا عالم بھی تھا۔

مخدوم الملک کا زمانہ جیسا کہ میں نے قبل بھی تذکرہ کیا ہے، عالم اسلام میں سیاسی انتشار اور اسلامی عقائد میں ایک عام اضمحلال کا زمانہ ہے۔ ہندوستان بھی ان اثرات سے خالی نہیں رہ سکتا تھا۔ چنانچہ یہاں بھی اوہام پرستی اور بدعات کا خاصہ چلن ہو گیا تھا۔ سندھ کے نواح میں قرامطہ اور اسماعیلی فرقوں نے اسلامی عقائد میں ایسی باتیں داخل کر دی تھیں، جو حنفی مسلک میں بدعات کے دائرے میں آجاتی تھیں[1]۔ ہندی فلسفہ و عقائد نے بھی مسلمانوں کے کچھ طبقوں کو متاثر کیا۔ صوفیوں کا ایک جاہل طبقہ بدعات میں مبتلا ہو کر طرح طرح کے اوہام و خرافات میں مبتلا تھا خصوصیت سے مہدویت کے چرچے نے ایک بڑے فتنے کی شکل اختیار کر لی تھی۔ مہدویت کے پیرو کار اشخاص نے غلو سے کام لے کر مہدوی جماعت کے بعض اصولوں کو قوانین شرع کا رنگ دیدیا۔ بانی مہدویت نے کہا تھا کہ مال کسی فرد واحد کا نہیں ہو سکتا، اسے رفیقوں پر خرچ ہونا چاہیئے۔ مگر آگے چل کر معتقدین نے یہ کہا کہ مال پر سب کا حق ہے، تو پھر ورثہ اور ترکہ کیا؟ انہیں پیروؤں نے اپنے غیر معصوم پیشواؤں کے اقوال و احوال کو بمنزلۂ اصل مرکز حق و یقین بنا لیا[2]۔

اس طرح کے فتنوں نے اسلامی عقائد کی دنیا میں ہلچل پیدا کر دی تھی، ضرورت تھی کہ عقائد کی اصلاح مضبوط فکری بنیادوں پر کی جائے تاکہ اوہام و بدعات کا مکمل سدباب کیا جاسکے۔ اسی ضرورت کا احساس عصمۃ الانبیاء کی تصنیف کا سبب ہو سکتا ہے۔ کتاب مذکور کے مقدمہ میں بھی اس بات کا واضح اشارہ ملتا ہے، ملاحظہ ہو:

"اسراء التقلید للاحوبین من التائید والتسدید یحومون حول اقاصیص الانبیاء ویعرجون عرصات الاصفیاء من غیر ان یفرقوا بین ما هو قریب الصواب وبین ما هو بعید بین ما هو سدید وبین ما هو ابید من المنهج الرشید ...... فحاولت ان اؤسس اساس

۱۔ الثقافۃ الاسلامیہ: عبدالحی ص ۲۱۳۔ ۲۔ تذکرہ: مولانا ابوالکلام آزاد۔ ص ۴۴، مطبوعہ لاہور۔

اس کتاب میں تین ابواب اور دس فصلیں ہیں۔ فرشتوں اور فرشتوں پر ایمان لانے کے مباحث کے ساتھ ساتھ دیگر اعتقادی مسائل بھی زیر بحث لائے گئے ہیں۔[1] اس کتاب کا ایک قلمی نسخہ (نمبر ۱۲۷۵) بوڈلین لائبریری میں محفوظ ہے۔[2] امام تورپشتی اپنے عہد کے جلیل القدر اور کثیر التصانیف عالموں میں شمار ہوتے ہیں۔ امام بغوی الشافعی (م ۵۱۶ھ) کی مشہور تصنیف "مصابیح السنۃ" کی شرح کثیر علماء نے کی ہے جن میں علامہ بیضاوی (۶۸۵ھ) اور علی احمد طیبی (م ۷۴۳ھ) کا نام بھی شامل ہے۔ امام تورپشتی نے بھی اس کی شرح عربی میں "المیسر" کے نام سے کی ہے۔[3] زبان و بیان کی خوبیوں کے علاوہ اس قدر مفید ہے کہ بیشتر علماء نے اپنی شرح میں اس کتاب سے مدد لی ہے۔ خصوصیت سے علامہ طیبی کی شرح مصابیح السنۃ تو گویا امام موصوف کی "المیسر" کا ہی چربہ معلوم ہوتی ہے۔ اس بات سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ان کی نظر عقاید اور علوم اسلامیہ پر کتنی گہری تھی۔ مگر اس کے باوجود ان کی کتاب "المعتمد" علماء کی عام روش سے ہٹ کر ہونے کی بناء پر مقبول نہ ہو سکی۔ چنانچہ اندازہ ہے کہ اس کتاب کی طباعت ۱۲۸۸ھ میں پہلی اور آخری بار صرف ہندوستان میں ہو سکی۔[4]

مخدوم الملک کی کوشش اس سلسلے میں یقیناً قابل تعریف ہے کہ انہوں نے علم عقلی کے زبردست اثرات کے خلاف سینہ سپر ہو کر امام تورپشتی کی تحریک کو "عصمۃ الانبیاء" کے ذریعہ آگے بڑھایا۔ چنانچہ اپنی اس کتاب میں انہوں نے مباحث کی تائید میں امام تورپشتی کے اقوال ان کی کتاب "المعتمد" سے نقل کئے ہیں۔ خوش قسمتی سے مخدوم الملک کی اس کتاب کو اپنے عہد میں شہرت بھی نصیب ہوئی۔[5] یہ ان کی عالمانہ عظمت کی دلیل ہے۔ یہ امر اس قدر مستحسن تھا کہ اس تحریک کو عبدالحق محدث دہلوی کے ہاتھوں ان کی کتاب "تکمیل الایمان و تقویۃ الایقان" میں مزید زندگی و تابندگی نصیب ہوئی۔ محدث دہلوی صاحب نے اس کتاب کے مقدمہ میں خود لکھا ہے کہ عقائد پر اس کتاب کو انہوں نے بحث و جدال کے طریقے سے ہٹ کر بطریق سنت لکھا ہے۔ یہ دراصل دلائل کلامیہ اور تحقیقات فلسفہ کی تجزیہ ہے۔[6] ان کا

۱- کیٹلاگ آف پرشین مینوسکرپٹ - بوڈلین لائبریری، تحقیق ج ۱، ص ۱۰۲۳، نمبر ۱۲۷۵ - آکسفورڈ ۱۸۸۹ء

۲- ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ جلد اول - نسخہ نمبر ۱۲۷۵ - ص ۱۰۲۳

۳- حاجی خلیفہ، کشف، ج ۲، ص ۱۶۹۸، استانبول ۱۹۴۳ء ۴- فہرست کتب خانہ

۵- ۔۔ ۔۔ ص ۲۱۰ ۶- تکمیل الایمان و تقویۃ الایقان ص ۲، مطبع ۔۔ لکھنؤ

"عصمۃ الانبیاء" و "تحفۃ الاصفیاء" ہے۔ احمد بن سہل البلخی (متوفی ۳۲۲ھ) اور ابو عثمان سعید الحداد کا نام بھی "عصمۃ الانبیاء" پر علیحدہ سے لکھنے والوں میں لیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ مخدوم الملک کے ہمعصر عالم محمد بن عبداللہ بن احمد خطیب بن محمد خطیب تمرتاشی غزی (خواندمی) کا ایک چھوٹا رسالہ "عصمۃ الانبیاء" کے نام پر ہے۔ موصوف جید عالموں میں شمار ہوتے تھے اور کثیر التصانیف تھے۔

مخدوم الملک کی "عصمۃ الانبیاء" کے بعد ہندوستان میں ایک عرصہ دراز تک اس موضوع پر تصنیف کردہ علیحدہ سے کسی کتاب کا پتہ نہیں چلتا۔ البتہ انیسویں صدی کے اواخر میں ملا دوست محمد بن ملا امیر محمد کابل ٹونکی (متوفی ۱۲۲۸ھ) کی کتاب "تحفۃ الاخلاف فی عصمۃ الانبیاء" ملتی ہے جو ۱۲۹۶ھ میں علوی پریس میں چھپی۔ صفحات کی تعداد ۲۴۸ ہے۔ اس کتاب کا بھی ایک قلمی نسخہ رضا لائبریری رامپور میں موجود ہے۔

"عصمۃ الانبیاء" کے موضوع کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ تقریباً سبھی تفاسیر کی کتابوں میں اسے زیر بحث لایا گیا ہے۔ علم کلام میں وجود باری تعالیٰ کے بعد انبیاء کی ذات پر بحث دوسرا سب سے اہم مسئلہ ہے۔ چنانچہ کچھ علماء نے اہمیت کا اندازہ کرتے ہوئے اس موضوع پر علیحدہ سے کتابیں لکھیں۔ مخدوم الملک کی عصمۃ الانبیاء عالم اسلام کی دیگر سبھی تصانیف سے اس حیثیت سے ممتاز و منفرد ہو جاتی ہے کہ اس میں استدلال کی بنیاد عقلیات سے ہٹ کر کلام پاک اور حدیث نبوی کو بنایا گیا ہے۔

جائزہ لینے سے اس نتیجہ پر پہنچا جا سکتا ہے کہ مخدوم الملک سے پہلے عقلیات کی عام روش سے ہٹ کر مباحث کا جواب کتاب و سنت کی روشنی میں دینے کی ابتدا مشہور صوفی عالم اور حنفی فقیہہ ابو عبداللہ شہاب الدین، فضل اللہ بن حسن التورپشتی (متوفی ۶۶۱ھ) سے ہوتی ہے۔ انہوں نے اپنی فارسی کتاب "المعتمد فی المعتقد" میں یونانی فلسفہ اور علوم نقلی سے علیحدہ رہ کر علم کلام کے مباحث کا جواب دینے کی کوشش کی ہے۔ یہ کتاب چھٹے اتابک سلطان ابوبکر بن سعد بن زنگی کو جو ترکستان اور فارس کے حکمراں تھے، بطور ہدیہ پیش کی گئی تھی۔ شیخ سعدیؒ نے گلستان بھی انہیں کے نام سے معنون کی تھی۔

۱- حاجی خلیفہ: کشف الظنون، ج ۲، ص ۱۴۹ ۲- فقیر محمد: ترجمہ حدائق الحنفیہ ص ۳۹۵
۳- رامپور کیٹلاگ: ۲/ ۲۸۵ (عربی مخطوطات) ۴- اسماعیل پاشا البغدادی: ہدیۃ العارفین ج ۱، ص ۸۲۱

باب دوم : فی بیان عصمتہم عن المعاصی التی یجوز للکفر : یہ باب ۳۲ تا ۳۸ اوراق پر مشتمل ہے۔ مخدوم الملک اس باب میں اکابر علماء کلام مثلاً قاضی عیاض، امام قشیری وغیرہم کے دلائل اس بارہ میں پیش کرتے ہیں کہ انبیاء کرام نزول وحی کے قبل اور بعد گناہ کبیرہ وغیرہ کے مرتکب ہوئے ہیں اور وہ معصوم نہیں ہیں اس کے بعد نہایت محققانہ اور عالمانہ شان کے ساتھ ان کے جواب میں اپنے مکتبۂ فکر کے اصحاب کی تائید کے ساتھ چھ دلیلیں پیش کرتے ہیں، جن میں بتایا گیا ہے کہ انبیاء کرام کبائر و صغائر گناہوں سے عمداً معصوم ہیں۔

پہلی دلیل یہ ہے کہ اگر انبیاء کرام سے گناہ سرزد ہوتا، تو امت کے لئے ان کا اتباع ضروری نہ ہوتا، کیونکہ اللہ پاک کا قول ہے :

"واتبعوہ" "قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ و یغفرلکم ذنوبکم" "امنوا باللہ ورسولہ النبی الامی الذی یومن باللہ واتبعوہ لعلکم تہتدون" "ما اتاکم الرسول فخذوہ وما نہاکم عنہ فانتہوا"

دوسری دلیل یہ ہے کہ اگر ان حضرات سے گناہ سرزد ہوتا تو ان کی تنبیہ اور سزا کا ہونا ضروری ہو جاتا کیونکہ امر بالمعروف والنہی عن المنکر کا یہی تقاضا ہے حالانکہ ان کی ایذا دہی حرام ہے۔ اللہ پاک کا قول ہے : "ان الذین یوذون اللہ ورسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والاخرۃ واعد لہم عذابا مہینا"

تیسری دلیل یہ ہے کہ اگر انبیاء کرام گناہ میں ملوث ہوتے، تو ان کا شمار ظالموں میں ہوتا اور ایسی صورت حال میں نبوت کے عالی مقام سے یہ ہٹ جاتے جیسا کہ اللہ پاک کا قول ہے : "لا ینال عہدی الظالمین .... لعنۃ اللہ علی الظالمین"

چوتھی دلیل یہ ہے کہ اگر یہ حضرات گناہ کے مرتکب ہوتے، تو شدید عذاب میں مبتلا کئے جاتے اور امت کے دیگر افراد کی طرح گنہگار ہوتے لیکن ایسی بات کہنا جائز نہیں ہے کیونکہ اللہ پاک نے خود خطاب کیا ہے "اذا لاذقناک ضعف الحیاۃ وضعف الممات" اسی طرح ازواج مطہرات کو خطاب کرتے ہوئے کہا گیا ہے "یا نساء النبی لستن کاحد من النساء من یات منکن بفاحشۃ

1. The Khuda Bakhsh Library Journal is a quarterly journal specialising oriental studies in Arabic, Persian and Urdu languages, covering meaningf research based on the material preserved in the Khuda Bakhsh Oriental Pub Library, or having any concern with it.

2. Articles will be accepted in English, Arabic, Persian and Urdu.

3. Notes and Addenda, by way of corrections and additions to any in tion published in this Journal or in any publication of the Library e.g. will be a regular feature of the Journal.

Rs. 15.00 per copy

Printers : Tara Press, Tripolia, Patna-7 & Label Litho Press, Pa
Publisher : Mahboob Husain, for Khuda Bakhsh O.P. Library, P

میں قاضی عیاض (متوفی ۵۴۴ھ) کی "الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ" کا تذکرہ کرتے ہیں جس میں عصمتِ ملائکہ کی نفی کی گئی ہے۔ پھر مزید دو طریقے پر یہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ ایک فقیہ کے لئے عصمتِ ملائکہ بھی وہی اہمیت رکھتی ہے، جو عصمتِ انبیاء کی ہے۔ اس بحث میں بعض مالکی مسلک کے علماء کے اقوال کی نفی کرتے ہیں۔ اس سلسلے میں علامہ فخر الدین رازی کی "تفسیر الکبیر" کا حوالہ بھی دیتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ امام مذکور بھی عصمتِ ملائکہ کے قائل تھے۔ اس جگہ ایک بات قابلِ غور یہ ہے کہ مخدوم الملک امام مذکور کی کتاب "عصمۃ الانبیاء" کا کوئی حوالہ نہیں دیتے ہیں۔ گمان غالب ہے کہ ان کے علم میں اس وقت یہ کتاب نہیں آسکی تھی۔ اس کے بعد امام رازی کے دوسرے اقوال کے مباحث کو اٹھاتے ہیں اور امام موصوف کے مقابلے میں کلام پاک کی روشنی میں اپنی رائے پیش کرتے ہیں اور تائید میں علامہ بیضاوی کا حوالہ دیتے ہیں۔ یقیناً علمی دنیا میں یہ ایک جرأت مندانہ اور مجتہدانہ اقدام ہے۔ ملائکہ کے معبودِ محض ہونے پر نہایت دلچسپ بحث کا آغاز کرتے ہیں جس میں قاری کی دلچسپی آخر تک قائم رہتی ہے۔

مخدوم الملک موضوع کے مختلف مسائل کو حل کرنے میں علم کلام، فقہ اور تفسیر کے چوٹی کے علماء مثلاً شیخ ابومنصور الاشعری، البیضاوی، ابوعبید، ابوہاشم، الواسطی، القشیری، حجۃ الاسلام، الجنید، الباقلانی، قاضی عیاض، ابواسحٰق اور شیخ ابواسحٰق الکلاباذی وغیرہم کے اقوال و آراء زیرِ بحث لاتے ہیں۔ دینی علوم سے متعلق کتب کے حوالوں میں بھی المواقف، طوالع، الصحاح، الکشاف، التیسیر، بحر الحقائق، بدیۃ الہدایۃ، الشفا، تفسیر مدارک التنزیل جیسی عالمِ اسلام کی مشہور و معروف کتابوں کے حوالے درج کرتے ہیں۔

A second Chishtī collection of *malfūẓāt*, *Khair al-majālis*, was also made by a poet, in this case one who had been admitted to the company of Naṣīr ad-dīn. Ḥamīd Qalandar's work is useful for the information it provides about the life and outlook of a distinguished, early Indian saint. Yet it lacks the simple elegance of *Fawā'id al-fu'ād*. Ḥamīd was a *qalandar* only in name, and a poet only in temperament. His scholarly ambitions were held in check by literary and spiritual shortcomings : he was not a poet of the rank of Amīr Ḥasan, and, unlike the resolutely ascetical Naṣīr ad-dīn, he seems to have been inclined to hesitancy and self-doubt. If Ḥamīd cannot refrain from intruding his own personal frustrations into the pages of *Khair al-majālis*, it is at least in part because he wants to voice the mildly adversary relationship that existed between him and his *pīr*. Two distinctive passages from *Fawā'id al-fu'ād* and *Khair al-majālis* exemplify the difference not only between Amīr Ḥasan and Ḥamīd Qalandar but also between the saints whom they describe[12] :

> One time (reports Amīr Ḥasan) the subject under discussion was *samā'*. "I am perplexed", I said; "no matter how many of the customary acts of devotion, or even how many of the special devotions of the dervishes, I perform, I am frustrated.

Yet when I participate in *samā'*, complete tranquility and peace of mind overcome me. A similar state is produced when I am in the company of my spiritual master, for at that time my heart is free of the passions of the world and the lower self". "Is your heart then also free of attachments ?", asked the Shaykh. "Yes, it is", I replied.

"*Samā'*", the Shaykh commented, "is of two kinds : assaulting and non-assaulting. The first is the kind which assaults the listener when he hears a (beautiful) voice or a line of poetry. It produces an agitation in him and, therefore, is called "assaulting". It is inexplicable. The second is "non-assaulting"; that is to say, it has the effect of transporting the listener to some other place, whether it be to the presence of God, or to the presence of the Shaykh, or to some place which he just happens to recall.

Ḥamīd Qalandar begins his account of the 18th council by saying : "I received the blessings of kissing the feet of the Shaykh". "In this city", "I submitted, "nothing matters to me except the sacred tomb of Shaykh Niẓām ad-dīn and, after that, the blessings of meeting with you". "So long as one does not pursue the path", replied Naṣīr ad-dīn, "he will not arrive at the goal. If you are idle and still hope to reach the goal, you will not reach it. Striving is the precondition for success". "Those who strive in us, surely we will guide them to our paths" (Q. 29, 69). Afterwards he added, "And what is the fruit of this endeavor ? Through striving you obtain the purification of the heart from any object other than God, and you become totally absorbed in the task of conforming your will to His." Then he added, "This is the true meaning of 'There is no god but God'. Purifying the heart from anything other than God is the denial ('there is no god . . . .'), while absorbing oneself in obedience to God is the affirmation (. . . . but God)". "O Master", I rejoined, "this humble creature is in some small measure preoccupied with God, but to practise continual fasting is virtually impossible. The climate of Delhi in the summer is notorious; the wind is like a rain of fire. With every breath, one's thirst increases". "O dervish", exclaimed Naṣīr ad-dīn, "if you cannot keep the fast, at least reduce your consumption of food". And then he added, "Where do you go to busy yourself with God ? To your house, or to some other place ?" "In my house", I replied, "there is

lājīs. Naṣīr ad-dīn, on the other hand, openly voiced his desire go to Mecca. Prostration before the *pīr* or spiritual guide was a ntroversial practice of the early Chishtīs. Naṣīr ad-dīn prostrated nself before his *pīr*, but did not allow his own disciples to prostrate mselves before him. Naṣīr ad-dīn was also indifferent to poetry lukewarm at best in accepting its spiritual value for others. Above it was his approach to *samā'* that separated Naṣīr ad-dīn from ām ad-dīn and other Chishtīs. The following anecdote appears ustify Naṣīr ad-dīn's wariness toward *samā'*, but its very tone also lerscores the extent to which Naṣīr ad-dīn deferred to orthodoxy her than the absolute authority of his *pīr*[8].

> It is recorded that one day several of Niẓām ad-dīn's disciples were sitting together listening to a woman singing and playing a tune on the drum. Naṣīr ad-dīn, who had been sitting with them, got up to leave. His friends urged him to stay, but he refused, saying : "this activity is contrary to accepted practice (*sunnah*)". They replied, "Are you rejecting *samā'*, which is an accepted practice of your own spiritual master'?" "That is not sufficient proof," he rejoined; "you must adduce some supporting evidence from Qur'ān or *ḥadīth*". Some of the disciples reported this matter to Nizām ad-dīn, saying, "Naṣīr ad-dīn said thus and so . . ." The Shaykh, however, had no doubt about the sterling character and probity of Naṣīr ad-dīn. "He has spoken the truth," affirmed the Shaykh.

While in outlook and practice Naṣīr ad-dīn differed from his shtī predecessors, he did produce an array of scholarly disciples. ne, like Qāḍī 'Abd al-Muqtadir and Aḥmad Thānesarī, composed ıbic poetry that won acceptance and praise beyond the borders of ia. Others, like Sadr ad-dīn Ḥakīm and Sayyid Muḥammad b. 'ar, developed elliptical styles of thought and expression without allel in the history of the Chishtī order. It is not clear that Naṣīr dīn designated a successor. His foremost disciple was a saint of ərse talents whom many acknowledged as his de facto successor, pite the suggestion that the Chishtī *tabarrukāt* were buried with īr ad-dīn. In temperament Sayyid Muḥammad Husainī "Gesū 'āz" (d. 1422 A.D.) resembled Niẓām ad-dīn. His predilection for e, his ease of conversation with Hindus and, especially, his atten- to *samā'* as the locus for spiritual growth—all link him to the nplar saint of the Chishtīya rather than to his own *pīr*. At the h of Naṣīr ad-dīn, Gesū Darāz continued the Chishtī tradition elhi. For over 40 years he lived in the capital city of the decli-

ning Tughluq dynasty. Then, in 1398 A.D. presaging Timur's invasion of India, he departed Delhi with a few of his followers. The hardy troupe made brief stops in Gwaliyor and Gujarat before settling in the eastern Deccan at Gulbarga. It was there, at the furthest outpost of medieval Indian Islam, that the Sayyid left his enduring mark, patiently gaining the trust of local rulers, adapting the Chishtī outlook to regional customs and building a spiritual network that persists, with great influence, to the present day.

Literary output of the Early Chishtī Saints :

As an effective missionary agency the Chishtī *silsilah* succeeded. It established numerous regional branches and disseminated the teachings of Sufism throughout the area of Hindustan under Muslim rule. Yet the authentic literature produced by the major Chishtī saints of the Sultanate period is astonishingly meagre. For the whole of the 13th and the first half of the 14th century, we find no book written by the major *shaykhs* from Mu'īn ad-dīn through Naṣīr ad-dīn. It is small wonder that in one of his recorded conversations Niẓām ad-dīn approvingly quotes the precedent of Sayf ad-dīn Bākharzī (d. 1260 A.D.), the illustrious Kubrawī saint. When his *murīds* used to goad him about his sparse literary output, noting that every great *shaykh* had written a book or made some sort of compilation, Sayf ad-dīn would rejoin, "Every verse of mine is equivalent to a book".[9]

Like Sayf ad-dīn, Niẓām ad-dīn wrote only poems or prayers and a few scattered letters. The bulk of reliable information we have about him and his fellow Chishtīs is found in the recorded conversations (*malfūẓāt*) that were collected and frequently embellished by their close followers. Foremost among this literary genre is *Fawā'id al-fu'ād*, a selection of Niẓām ad-dīn's conversations on sundry topics during the evening of his life (1307-22 A.D.)[10]. Though compiled by the poet Amīr Ḥasan, they were edited by the saint himself and may be said to reflect his chaste, understated tone. In style *Fawā'id al-fu'ād* is preeminent among all *malfūẓāt* of medieval Indian Sufism : it exemplifies the virtue of Persian prose as a simple but effective tool for communicating diverse situations, moods and thoughts. It captures the spirit of Niẓām ad-dīn's towering presence, his absolute loyalty to his *pīr*, his taste for poetry and *samā'* and his empathy with the sufferings of his fellowmen. We hear him crying and laughing and praying. Above all, we delight in the stories of which he and his

That saint who gave up his soul on this verse—
Take note : what a rare gem he was,
Those slain by the dagger of submission,
Every moment get a new life from the Unseen.

Quṭb ad-dīn attracted countless people in 13th century Delhi. His closest associate was a Suhrawardī saint, Qāḍī Ḥamīd ad-dīn Nāgaurī, but it was a lonely, ascetical figure from the Punjab who became his principal disciple and the man on whom he conferred his considerable spiritual gifts. Farīd ad-dīn Mas'ūd "Ganj-i-Shakar" (d. 1265 A.D.) enjoyed the formal blessings of both Quṭb ad-dīn and Mu'īn ad-dīn, having received the *barakah* of the Ajmerī saint during one of his infrequent visits to Delhi. On the unexpected death of Quṭb ad-dīn[6], Farīd ad-dīn succeeded him as head of the Chishtī order. He was invited to live in the capital city of the Turkish sultanate. He declined, preferring instead to eke out his meagre existence in Ajodhan, a small town of the Punjab, since renamed in his memory Pakpattan ('the pure village'). Outwardly, his life was tumultuous. Farīd ad-dīn had to weather spiritual competition with the great Suhrawardī saint, Bahā ad-dīn Zakariyā. He contended with political intrigues from jealous, local officials; he even survived assassination attempts from disconsolate visitors. Yet Farīd ad-dīn remained at peace with himself and immersed in the love of God. Like his predecessor, Quṭb ad-dīn, he experienced the most intense moments of spiritual communion during the recitation of verse, whether in *samā'* or in the semi-privacy of his prayer cell. The man who was to become his successor, on frequenting the cell of Farīd ad-dīn, reported[7] :

"Often I would see the Shaykh in a grave demeanor, with his head bared, as he recited the following verse :

خواهم که همیشه در وفاے تو زیم   خاکی شوم و بزیر پاے تو زیم
مقصود من خسته ز کونین توئی   از بهر تو میرم و برای تو زیم

I wish that always I may live in loyalty to You
May I become dust and live under your feet.
My goal, beyond both worlds, is You.
It is for You I die, and for You I live.

After he had finished reciting the verse, he would prostrate himself. Only then would I enter and lay my head at his feet. "Khwāja", he would ask, "what do you wish ?" I would then ask for some spiritual gift, which he would grant. But many times since I have regretted that I did not ask to die in *samā'*.

The saint who reports this story and by it reveals not only hi oyalty to his *pīr* but to the whole Chishtī tradition of affirming an extending the use of *samā*ʻ was Niẓām ad-dīn Awliyā (d. 1325 A.D.) In many ways, Niẓām ad-dīn represents the pinnacle of the ear. Chishtī *silsilah*. He had begun a promising career as a scholar i Delhi, but gave it up to become a disciple and eventually the principa successor of Farīd ad-dīn. There were several stars which comprise the galaxy of Farīd ad-dīn's company. They included the Shaykh' own progeny—5 sons and 3 daughters—many of whom emulated hi ascetical devotions. There was also Jamāl ad-dīn Hānsawī, an eminen poet and astute counseler, Najīb ad-dīn Mutawakkil, the younge brother of Farīd ad-dīn and his alter ego (insofar as either sain could be said to have possessed an ego); and Ṣābir ʻAlī, the myste rious, terrorizing zealot of Kalyar in northern Uttar Pradesh. Al made substantial contributions to the growth of Chishtī influenc among the Indian Muslims of their generation. Yet Niẓām ad-d outshown them : in humor, in pathos, in love and in poetry he wa an exemplar whom many reckon as the greatest Indo-Muslim saint o all time. His stature in Delhi was enhanced through his associatio with the poets, Amīr Ḥasan and Amīr Khusrau, as well as th historian *nonpareil*, Ḍiyā ad-dīn Baranī. The greatest achievemen of Niẓām ad-dīn, however, was to establish the provincial dispersio of the Chishtī order on a firm basis. In the opinion of some, includin Baranī, Niẓām ad-dīn admitted too many men into the Chishtī fol as his disciples. History, none the less, bears out the wisdom of hi open-ended policy, even as it attests to the inspiration of his ceasele quest for truth. To far flung areas of Uttar Pradesh, Rajasthan Gujarat, Bihar, Bengal and the Deccan, Niẓām ad-dīn sent abl disciples well versed in Chishtī practises yet sensitive to the needs o the local populace. Many of them are still venerated in the place where they first planted the Chishtī banner.

Shortly before his death, after having directed the activities o the Chishtī order for more than half a century, Niẓām ad-dīn appo inted as his principal successor a man who, if we accept the testimon of recorded sayings from both saints, was almost opposite to him i temperament. Naṣīr ad-dīn Maḥmūd "Chirāgh-i-Dihlī" (d. 13 A.D.), struggled with the burdens of a Sufi *shaykh*. He constantl longed for the reclusive life which Niẓām ad-dīn had ordered him abandon. At the same time, he relaxed the Chishtī discipline of stri obedience to the *pīr*. Niẓām ad-dīn had never performed the *ḥa* because his own *pīr* had not. Often he had criticized the false prid

presumtptuous or even preposterous). It is reported that by the en of the 12th century A.D. he had travelled through much of the Muslir world. He had met many of the great Sufi shaykhs of his time, an obtained their spiritual *barakāt* or blessings. Then the Prophe Muḥammad appeared to him in a dream, directing him to go to Indi and settle in a place resembling Medina. Obstacles beset him. H persisted, finally reaching Ajmer, then the stronghold of a local Hindu dynasty, situated amid mountains in a desert setting not unlike tha of Medina. The social climate of Rajasthan was indifferent to Islam and probably hostile to its outspoken propagators. Mu'in ad-dīn was very old. Yet he made converts; he trained disciples; he founded a spiritual dynasty. Most of his successors we know only in name; some are so obscured by accretions of legend that no kernel of historical information can be gleaned from their biographies. Two, however, we know comparatively well; Quṭb ad-dīn Bakhtiyār Kākī (d. 1232 A.D.) and Ḥamīd ad-dīn Suwālī Nāgaurī (d. 1276 A.D.)[3]. Like Mu'in ad-dīn, both men traced their lineage to venerable Muslim families outside of India, though Ḥamīd ad-dīn was actually born in Delhi. In his early life, Ḥamīd ad-dīn had been, by his admission, a ne'er-do-well, with profligate tendencies. An encounter with Mu'īn ad-dīn changed the course of his life. Joining the company of men attached to the Ajmerī saint, he subjected his body and his spirit to the rigorous ascesis of Sufism. Once designated to be a successor of Mu'īn ad-dīn, he chose the vocation of a farmer and, together with his wife, settled in Suwal, a village just outside Nagaur, then one of the major commercial centers in Rajasthan. Kings and lesser rulers attempted to assist him (probably to gain spiritual merit for themselves, as was the custom in medieval Islam), but he resisted all such efforts. His rejection of one royal offer epitomizes the poverty and humility for which Ḥamīd ad-dīn has always been renowned[4] :

> The *muqta'* or local administrator of Nagaur offered a plot of land and some cash to him. The Shaykh declined, explaining that none of his elder saints had accepted a government gift. The *muqta'* then reported the matter to Sultan Iltetmish.
> A royal messenger was despatched, with 500 silver *tankahs* and a *farmān* conferring a village (i.e., the income of a village) on the saint. When the *muqta'* approached the saint with the royal gifts, Ḥamīd ad-dīn ran to tell his wife. At that time they were living in such straitened circumstances that she wore a tattered scarf on her head, and the saint, a grimy loin-cloth around his waist. On hearing the news, his wife exclaimed,

"O master, do you want to squander years of spiritual devotion and sacrifice by accepting this gift ? Do not worry. I have spun two seers of yarn. That will be enough to prepare a loin-cloth for you and a scarf for me". Delighted with her reply, Shaykh Ḥamīd ad-dīn reported to the *muqta'* that he had decided not to accept the royal gifts.

While Ḥamīd ad-dīn passed his life as a farmer in far off Rajas-an, the other major successor to Mu'īn ad-dīn settled in the capital ty of the Sultanat. Qutb ad-dīn Bakhtiyār Kākī did not choose elhi as his habitat. He went there at the direction of his *pīr*. The rthodox *ulamā* objected to his presence. They constantly harrassed im. Once he almost quit the city, but when the Sultan interceded n behalf of Qutb ad-dīn, Mu'īn ad-dīn was persuaded to allow his ivorite disciple to remain in the capital.

We know very little about the activities of this reclusive but ıspiring saint. The *majdhūb* element predominated in Quṭb ad-dīn › such an extent that he expired at an early age while listening to a :rse sung in *samā'*. In the Sufi tradition, he became a martyr to ıve, offering his life as selflessly as had the early warriors of Islam. he story of his death itself became part of the lore that was shared mong Indo-Muslim mystics and told and retold in order to inspire thers[5].

One time (relates a medieval hagiographer) Quṭb ad-dīn attended a gathering at the house of 'Alī Sijzī, a dervish who was related to Mu'īn ad-dīn Chishtī. He was a neighbor of Quṭb ad-dīn and now lies buried near him. The *qawwāl* recited this verse of Shaykh Aḥmad Jām (may God have mercy upon him) :

کشتگان خنجر تسلیم را هر زمان از غیب جانی دیگر است

Those slain by the dagger of submission,
Every moment get a new life from the Unseen.

This line so captivated Quṭb ad-dīn that for four days and nights he remained dumbfounded, continually longing to hear this line repeated. On the fifth night, he died. Amīr Ḥasan Dihlawī has referred to the event in a quatrain which is recited to the present day.

جان بردن یک بیت داده ست آن بزرگ آری این گوهر ز کانی دیگر است
کشتگان خنجر تسلیم را هر زمان از غیب جانی دیگر است

DR. BRUCE LAWRENCE

(*b.* 1941, Newton, New Jersey, U. S. A.)

Professor of Religion at the Duke University, U. S. A., his field of specialization both for teaching and research being the historically important subject of Islam in India. He has an excellent background in history having won his A. B. from the Princeton University after long years of work (1958-62) in the field of Near Eastern History. He has also a deep background in religion, having worked on the *Old Testament* for his B. D. for an almost equally long period (1964-67) at the Episcopal Theological School Cambridge. After another long ordeal (1967-71), he was awarded the Ph.D by Yale University for his work on the History of Religions, his field of specialization being Hinduism and Islam.

This lecture, on Indian Sufism, of an American Professor who has devoted the best part of his life to a deep study of the major religions of the world—Judaism, Christianity, Hinduism and Islam—I am sure, will be read with much interest and curiosity.

INTRODUCTION—It was the invading Turkish armies from Central Asia that brought Sufism to India around 1200 A.D. Though graves of martyrs, some of whom are alleged to have been Sufis, exist in Sind, Uttar Pradesh, Gujrat, Rajasthan and the Deccan, they are isolated instances of a sporadic Muslim presence in the sub-continent[1]. The development of Indian Sufism did not begin on a broad scale till *silsilahs* or mystic orders were introduced simultaneous with the expansion of Muslim military and political power into the nothern region of Hindustan. One by-product of the *silsilahs* was a distinctive corpus of Indian Sufi writings. To understand this literature we must first examine the structure of the *silsilahs* from which it arose, to which it continuously related and without which it remains almost incomprehensible.

CHISHTĪ *SILSILAH* :

Foremost among the mystic orders of early medieval India was the Chishtīya[2]. For a period of over 200 years, it was the dominant force in Muslim spiritual life of the sub-continent. Not only did it establish a pattern of discipline and a singular outlook for its own adherents but it made an impact on other mystic orders as well as the Muslim ruling class and even the non-Muslim populace of northern Hindustan. In effect, the genesis of Indian Sufism is synonymous with the development of the Chishtī *silsilah*.

Beyond India the Chishtīs enjoyed only a sporadic success; to the present day they are scarcely known in other areas of the Muslim world, and they cannot be said to have produced any non-Indian saints of lasting fame. But within India they became spiritual kings. Their first standard-bearer was Mu'in ad-dīn Sijzī Ajmerī (d. 1233 A.D.). Stripped of its numerous legendary accretions, his biography still inspires admiration (though to the diehard skeptic it may sound

Our Contributors :

Sir Jadunath Sarkar, M.A., D. Litt., C.I.E. (*b.* 1870 *d.* 1958)

A well known name in Mughal and Maratha historiography, writer of several books, among them : *History of Aurangzeb, 5 Vols.*; *The Fall of the Mughal Empire, 4 Vols.*; *Shivaji and His Times*; *Bihar and Orissa During the Fall of Mughal Empire*; *Anecdotes of Aurangzeb and Historical Essays*; *Ma'asir-i-Alamgiri* (*translated*); *Ahkam-i-Alamgiri* (*translated*).

Dr. Bruce B. Lawrence (*b.* 1941)

Professor of Religion, Duke University, Newton, New Jersey U.S.A. (see p. 2)

Dr. Mukhtaruddin Ahmad, M.A., D. Phil., (*b.* 1924)

Head, Department of Arabic, Aligarh Muslim University, Aligarh. Editor of several books on Arabic and Urdu literature, among them : *Al-Hamasat al-Basariyah, two vols.*; *Risalah al-Mubarrad*; *Karbal Katha*; *Ahwal-i-Ghalib*; *Naqd-i-Ghalib*.

For Others, See Journal, I

An Overview of Sufi Literature in the Sultanate Period (1206-1526 A.D.)

—Bruce B. Lawrence

1. The Khuda Bakhsh Library Journal is a quarterly journal specialising in oriental studies in Arabic, Persian and Urdu languages, covering meaningful research based on the material preserved in the Khuda Bakhsh Oriental Public Library, or having any concern with it.

2. Articles will be accepted in English, Arabic, Persian and Urdu.

3. Notes and Addenda, by way of corrections and additions to any information published in this Journal or in any publication of the Library e.g. Catalogues, will be a regular feature of the Journal.

Rs. 15.00 per copy

Printers : Tara Press, Tripolia, Patna-7 & Label Litho Press, Patna-4
Publisher : Mahboob Husain, for Khuda Bakhsh O.P. Library, Patna.

CONTENTS

An Overview of Sufi Literature in the Sultanate Period (1206-1526 A.D.) ... 1
—Dr. Bruce B. Lawrence

Khuda Bakhsh—The Indian Bodley
—Late Sir Jadunath Sarkar

Persian Poets of the 18th Century : From the unpublished *Majma' un-Nafai's* of Sirajuddin Ali Khan Arzu (Persian) ... 77
—Dr. A. R. Bedar

The *Diwan* of Girami Shamlu (Persian) ... 89
—Mr. Q. A. Wadood (Bar-at-law)

An Introduction to the Rare Manuscript of Risalah *ash-Shua'at* of Al-Kindi (Arabic) ... 109
—Dr. Mukhtaruddin Ahmad

Corrections and Additions : The Library Handlist of Urdu Manuscripts ... 115
—Mr. Q. A. Wadood (Bar-at-law)

Review : *Farhang-i-Asafiyah*—2 (Urdu) ... 117
—Mr. Q. A. Wadood (Bar-at-law)

Autograph Impressions—Leaves from the Visitors' Register of the Library : Dr. Zakir Husain (3rd President of India), Syedna Tahir Saifuddin & Syedna Burhanuddin (Late & Present *Imams* of the Bohra Community), Prof. Humayun Kabir (Writer & Statesman) and Mrs. Shanti Kabir ... 125

خدا بخش لائبریری

جرنل

۴

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

۱۹۷۸ء

Khuda Bakhsh Library

Journal

3

1977

Khuda Bakhsh Oriental Public Library,
PATNA-800 004
(INDIA)

فہرست

میری تنقید — ایک باز دید	از پروفیسر کلیم الدین احمد	۱
رسالہ ادیب (فیروزآباد) — ایک جائزہ	از ڈاکٹر عابد رضا بیدار	۴۳
مراسلہ: دربارۂ مکتوب ابوالکلام آزاد	از جناب محمد یونس خالدی	۱۰۳
تصحیح و اضافہ: دیوان حافظ	از جناب قاضی عبد الودود	۱۰۴
مطبوعات جدیدہ: فرہنگ آصفیہ (۳)	از جناب قاضی عبد الودود	۱۰۵
خدابخش لائبریری کو مصنفین کے تحفے (مطبوعات تازہ)		۱۱۳
نوادر: لائبریری کے وزیٹرز رجسٹر سے ماخوذ عکسی تحریریں [سی۔ وی۔ رمن (سائنسداں)؛ جگدیش چندر بوس (سائنسداں)؛ جان سائمن (چیرمین سائمن کمیشن)؛ اور مارٹیمر وہیلر (ماہر آثار قدیمہ)]		۱۱۵

اسلامی تقویم کی بازیافت (انگریزی)	از ڈاکٹر ہاشم امیر علی	۱

مجلس ادارت

چوتھا شمارہ : ۱۹۷۸ء

اس سہ ماہی مجلے میں انگریزی، اُردو، فارسی یا عربی میں ایسے مضامین شائع ہوں گے جو خدابخش لائبریری کے نادر مواد پر مبنی ہوں۔ یا لائبریری سے کسی نہ کسی قسم کا تعلق رکھتے ہوں۔

قیمت : پندرہ رُوپے

محبوب حسین نے اُردو حصہ پٹنہ لیتھو پریس رمنا لین پٹنہ ۴ - اور انگریزی حصہ تارا پریس ترولیہ میں چھپواکر خدابخش لائبریری سے شائع کیا

سلسلہ خدابخش خطبات ۱۰

ی تنقید

ا بازدید

کلیم الدین احمد

ہمارے مقالہ نگار

پروفیسر کلیم الدین احمد (بی۔اے (کینٹب)، سری کرشنا پوری، پٹنہ (پ ۱۹۰۹ء)

(تفصیل کے لئے ص ۷۱-۷۲)

ڈاکٹر ہاشم امیر علی، ایم۔اے، پی۔ایچ۔ڈی، حیدرآباد (پ ۱۹۰۳ء)

—— دیہی عمرانیات پر شکاگو یونیورسٹی سے پی۔ایچ۔ڈی؛ جامعہ ملیہ اسلامیہ دیہی انسٹی ٹیوٹ کے سابق ڈائرکٹر؛ نظام حیدرآباد کے نجی اور مذہبی اوقاف کے متولی؛ قرآن اور عمرانیات پر متعدد کتابوں کے مؤلف، مثلاً: قرآن؛ طلبہ کے لئے ایک تعارف (انگریزی)؛ نزولی تفسیر؛ قرآن مجید کا نزولی ترتیب کے ساتھ ترجمہ (انگریزی)؛ میوات کے میو لوگ (انگریزی)

جناب محمد یونس خالدی

—— سکریٹری، آزاد میموریل اکادمی، بشیشر ناتھ روڈ، لکھنو۔

بقیہ کے لئے ملاحظہ ہو، جرنل، ۱، ۱۹۷۷ء

۱

گالز وردی نے لکھا ہے کہ کسی جگہ لوگ نہایت آرام و سکون کی زندگی بسر کرتے تھے کہ ایک صاحب کو خبط سوار ہوا۔ آپ نے ایک لالٹین لے کر شہر کی سڑکوں پر اور گلی کوچوں میں ٹہلنا شروع کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ سڑکوں اور گلیوں پر ہر جگہ گندگیاں نظر آنے لگیں۔ اس حرکت سے لوگ بہت خفا ہوئے اور خفا ہونا فطری تھا۔ جہاں انہیں صفائی نظر آتی تھی اب گندگی نظر آنے لگی۔ حُسن کی جگہ بدنمائی نے لے لی۔ جس شہر کو وہ دنیا کا سب سے زیادہ خوبصورت شہر سمجھتے تھے وہ بدنمائی اور گندگی کا گہوارہ نکلا۔ ہاں تو ان لوگوں کا خفا ہونا برحق تھا۔ بھلا یہ کسی سرپھرے شخص کا کام تھا کہ اس حسین اور صاف شہر میں گندگی پھیلائے۔ اس کو پکڑ کر لوگ قاضی کے پاس لے گئے، تو اقبال جرم کے عوض فرمانے لگے۔ "میں بے قصور ہوں اور یہ لالٹین بھی بے قصور ہے۔ میں تو صرف لالٹین لے کر شہر میں چکر لگاتا رہا۔ لالٹین کی روشنی سڑکوں پر پڑتی ہے، تاریک گوشوں کو روشن کرتی ہے۔ اب اس روشنی میں گندگیاں جو پہلے سے موجود تھیں نظر آنے لگیں تو اس میں میرا یا اس لالٹین کا کیا قصور ہے۔" تنقید اسی قسم کی لالٹین ہے۔ اس کی روشنی شہرِ ادب کے قصروں، گلستانوں اور اس کی سڑکوں، گلی کوچوں پر پڑتی ہے اب اگر اس روشنی میں گلستاں خارزار ٹھہرے اور قصر کھنڈر نظر آئے، اور سڑکوں اور گلی کوچوں میں گندگیاں نظر آنے لگیں تو قصور شہرِ ادب کا ہے یا تنقیدی روشنی کا۔ میری تنقید اسی قسم کی لالٹین ہے۔

بہرکیف میری تنقید کی ابتدا 'گل نغمہ' کے مقدمے سے ہوئی۔ 'گل نغمہ' میرے والد کی نظموں کا مجموعہ ہے۔ میں اسکول ہی میں تھا جب میں نے ان نظموں کو پڑھا تھا اور نقل بھی کر لیا تھا۔ جب میں انگلینڈ گیا تو یہ نظمیں میرے ساتھ تھیں۔ میں نے چاہا تھا کہ ان نظموں کو لندن سے شائع کردوں۔ چنانچہ میں نے FOYLES (لندن کے مشہور کتب فروش اور پبلشر) کو ان نظموں کا مسودہ دکھایا تھا۔ لیکن بعض وجہوں سے میں انہیں شائع نہ کر سکا۔ لیکن یہ نظمیں میری ہمدم رہیں۔ پھر ۱۹۴۸ء میں اس طرف دھیان گیا۔ میں نے ان نظموں کی از سرِ نو ترتیب کی، ایک بسیط مقدمہ لکھا اور اشارات کا اضافہ کیا اور ان سب چیزوں کو کاتب کے حوالہ کر دیا۔

خدا بخش توسیعی خطبات ــــ ۱۹۷۸ء

سال طباعت ــــ ۱۹۷۸ء

خدا بخش لائبریری میں پچھلے چند برسوں سے خدا بخش سالانہ خطبات کا ایک سلسلہ قائم ہے۔ ۱۹۷۷ء سے خدا بخش توسیعی خطبات کا ایک سلسلہ مزید شروع ہوا ہے جس میں علوم اسلامیہ کے علاوہ اُردو ادب اور تاریخ ہند کے فاضلوں کے لکچر ہوتے ہیں۔
۱۹۷۸ء میں اس کے لئے پروفیسر کلیم الدین احمد منتخب ہوئے۔

محبوب حسین نے پٹنہ لیتھو پریس رمنا لین پٹنہ ۴ میں چھپا کر خدا بخش لائبریری پٹنہ سے شائع کیا

اسی مقدمے میں وہ بدنامِ زمانہ جملہ میرے قلم سے نکلا تھا: غزل نیم وحشی صنفِ شاعری ہے۔ اس پر ایک شور و غوغا اٹھا تھا گویا میری زبان سے کفر کا جملہ نکل گیا تھا اور آج بھی یہ جملہ کانٹے کی طرح کھٹکتا ہے۔ میں نے چند جملوں میں اس کی تشریح بھی کر دی تھی: وہ جملے سنیئے:

"ربط، اتفاق، تکمیل یہی تہذیب کا سنگِ بنیاد ہیں اور ان سے غزل بالکل مبرا ہے۔ ہر شعر مکمل فرد ہوتا ہے لیکن غزل میں چند مختلف المعنی اشعار اکٹھا کر دیئے جاتے ہیں جن سے یہ اثر زائل ہو جاتا ہے اور ذہن و ادراک پر کسی مکمل تجربے کی تصویر نقش نہیں ہوتی بلکہ چند بے ربط نقوش مرتسم ہو جاتے ہیں جن سے تہذیب یافتہ دماغ کو لطف نہ تربیت یافتہ تخیل کو سرور ممکن ہے۔"

ذرا موضوع سے ہٹ کر میں یہ بتا دوں کہ میں نے یہ جملہ تیس سال کی عمر میں لکھا۔ میں ان لکھنے والوں میں نہیں ہوں جو 'کاتا اور لے دوڑی' کہے جانے کے مستحق ہیں۔ میں نے جو کچھ لکھا وہ وسیع مطالعہ اور برسوں کے غور و فکر کے بعد۔ یہ خیال بھی درست نہیں کہ میری مشرقی ادب سے واقفیت نہیں ہونے کے برابر تھی جب مجھے انگلستان بھیج دیا گیا اور اسی لئے مغربی چھاپ اس قدر گہری پڑی۔ میں نے اس کی ضرورت نہیں سمجھی کہ لکھنے سے پہلے میں ایک شہادتوں کا محضر پیش کروں جن میں میرے qualifications کی تفصیل ہو۔ جس نے 'اپنی تلاش میں' پڑھی ہے وہ کم سے کم یہ تو نہیں کہہ سکتا کہ مشرقی ادب سے میری واقفیت نہیں ہونے کے برابر تھی۔ سچ تو یہ ہے کہ بچپن سے مشرقی ادب میرا اوڑھنا بچھونا رہا اور اب بھی ہے، لیکن اسے کیا کیجئے کہ بقول اقبال

مشکل ہے کہ اک بندۂ حق بین و حق اندیش   خاشاک کے تودے کو کہے کوہِ دماوند

آمدم برسرِ مطلب — تو غزل نیم وحشی صنفِ شاعری ہے۔ اس اجمال کی تفصیل میں نے اُردو شاعری کے تیسرے اڈیشن میں کر دی ہے لیکن مجھے ایسا لگتا ہے کہ یہ جملہ پڑھ کر لوگ ایسا بدک جاتے ہیں کہ وہ آگے پڑھنے کی ضرورت نہیں سمجھتے۔ اس صورتِ حال کا الزام بھی برسرِ غزل ہے۔ غزل نے افتادِ طبیعت ایسی بنا دی ہے کہ ایک شعر، ایک مصرع، ایک فقرے پر ہی توجہ مرکوز ہو جاتی ہے اور آگے نہیں بڑھ پاتی۔ لیکن تنقیدِ غزل نہیں، یہاں توجہ کو آگے بڑھنا ہے۔ یہ سوچنا ہے کہ غزل نیم وحشی صنفِ شاعری ہے تو کیوں ہے اور نیم وحشی کا کیا مفہوم ہے۔

میں اکثر سوچتا ہوں کہ اگر میں نے ساری باتیں کہہ دی ہوتیں اور نیم وحشی کا لفظ استعمال نہ کیا ہوتا تو ردعمل کیا ہوتا۔ آخر میں نے کوئی نئی بات نہیں کہی تھی۔ حالی نے کہا تھا: "غزل میں جیسا کہ معلوم ہے

ان کو کاتب کے حوالے کر کے میں نے "اُردو شاعری پر ایک نظر" کی ابتدا کی۔ اِدھر نظموں کی کتابت ختم ہوئی اور اُدھر "اُردو شاعری" کی کتابت شروع ہوئی۔ اسی لئے "گلِ نغمہ" ۱۹۳۹ء میں نکلی اور "اردو شاعری" اوائل ۱۹۴۰ء میں۔

"گلِ نغمہ" کے مقدمے پر بہت کچھ چہ میگوئیاں ہوئیں۔ حالانکہ مقدمہ بالکل معروضی تھا۔ اس مقدمے کے دو حصے تھے۔ ایک اُردو شاعری سے متعلق تھا اور دوسرا ان نظموں سے۔ دونوں حصے معرضِ بحث بنے اور بہت سی باتیں جو کہی گئیں وہ غیر متعلق تھیں۔ مثلاً یہ کہ میں انگریزی کا پروفیسر ہوں مجھے اُردو ادب سے کیا واسطہ، میں نے اُردو کب پڑھی، مجھے اُردو شاعری کا علم نہیں، مجھے ان نظموں پر مقدمہ خود نہیں لکھنا چاہئے تھا کسی سے لکھوا لینا چاہئے تھا۔

مجھے ان نظموں سے اس لئے دلچسپی تھی کہ میرے خیال میں وہ صحیح معنوں میں نظمیں تھیں۔ ان میں تسلسل تھا، ارتقائے خیال تھا، ابتدا وسط اور انتہا میں ربط تھا یعنی ان میں وہی چیزیں تھیں جو مغربی نظموں کا طرۂ امتیاز ہیں اور پھر خلوص بھی۔ یہ نظمیں انگریزی نظموں کے زیرِ اثر لکھی گئی تھیں اور زبانی لغزشوں کے باوجود یہ نظمیں تھیں، مسلسل غزلیں نہ تھیں، غیر مربوط نظمیں نہ تھیں۔ پھر یہ نظمیں بیسویں صدی کی پہلی دہائی میں لکھی گئی تھیں۔ جب انگریزی کے زیرِ اثر نظمیں لکھی جانے لگی تھیں لیکن ان میں عموماً نظم کی امتیازی خصوصیتیں نہ تھیں اور یہ ان نظموں کی تاریخی اہمیت ہے اور اگر آپ تعصب کی عینک اُتار کر ان نظموں کو پڑھیں — وہ نظمیں جو "گلِ نغمہ" کے پہلے حصہ "رقصِ بسمل" میں ہیں تو آپ کو کبھی کبھار زبانی لغزشوں، محاوروں کی غلطی کے باوجود نظم کا صحیح پیکر ملے گا اور جس نے "اپنی تلاش میں" دیکھی ہے اس نے یہ ضرور محسوس کیا ہوگا کہ میں نے اپنے خاندان اور اپنے رشتہ داروں سے متعلق نہایت صاف گوئی سے کام لیا ہے۔

محمود علی خاں صبا نے لکھا ہے: "انہوں نے "اپنی تلاش میں" جس ہمت، جرأت اور بیباکی کے ساتھ جو کچھ اپنے خاندان اور اپنے ماحول کے متعلق لکھا ہے اسے ان کا شدید سے شدید مخالف بھی شاید لکھنے سے گریز کرتا" قابلِ غور بات یہ ہے کہ کیا "گلِ نغمہ" کی اشاعت کے وقت یہ ہمت، جرأت اور بیباکی ہوا ہو گئی تھیں۔

آج میں نے اس مقدمے کا پہلا حصہ تقریباً ۴۷ سال کے بعد پڑھا یہ حصہ ۱/۲ ۲ صفحوں پر مشتمل ہے۔ مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ جو کچھ میں نے ان چند صفحوں میں کہا تھا اسی کی تفسیر و تشریح میری کتابیں، خصوصاً "اُردو شاعری"، "اُردو تنقید" اور "عملی تنقید" ہیں اور مجھے خوشی ہوئی کہ میں ایک صراطِ مستقیم پر چلتا رہا کبھی اس سے سرِ مو تجاوز نہیں کیا۔ چند مثالوں سے یہ بات واضح ہو جائے گی۔ دیکھئے

آپ جملے کو ختم کر لیں۔

غزل کو نیم وحشی صنفِ شاعری کہیں یا نہ کہیں لیکن اب یہ احساس عام ہو چلا ہے کہ غزل میں صنفی خامیاں ہیں اور میں نے مضامینِ غزل کی یکسانی سے زیادہ ان صنفی خامیوں پر زور دیا تھا۔ مجھے یاد آتا ہے کہ سرور صاحب نے کسی جگہ لکھا ہے کہ میں نے غزل کی صنفی خامیاں بتائی ہیں اور یہ خامیاں واقعی ہیں، خیالی نہیں۔ انہوں نے لکھا ہے:
"غزل کے جواز میں جاپانی شاعری ہائیکو کی مثال دی جاتی ہے۔ کلیم الدین نے واضح کیا ہے کہ "ہر ہائیکو شعر کی طرح اپنی جگہ خود آزاد اور مکمل اکائی ہے اور آزاد اور مکمل اکائیوں کا ایک جگہ اکٹھا کرنا جس طرح غزل میں کیا جاتا ہے تحصیلِ حاصل ہے۔" اسی طرح کسی صاحب نے لکھا ہے کہ "غزل کی صورت کچھ ایسی ہے کہ غزل گو شاعر بڑا شاعر نہیں ہو سکتا ہے۔ اور اگر کسی زبان کی بہترین شاعری اس کی غزلیہ شاعری ہے تو یہ اس زبان کی تہی مایگی کا ثبوت ہے۔" اگر یہ بات صحیح ہے تو اردو شاعری کی لاج کہاں رہی۔

اکثر لوگ مجھ سے پوچھا کرتے ہیں کہ اب آپ کی غزل سے متعلق کیا رائے ہے۔ سرور صاحب نے بھی کسی جگہ لکھا ہے کہ میری مخالفت میں اب وہ شدت نہیں رہی۔ دوسرے حضرات سمجھتے ہیں کہ نئی غزلوں کو پڑھ کر میں نے اپنی رائے بدل لی ہوگی۔ جہاں تک سرور صاحب کی بات کا سوال ہے، میں نے غزلوں کی مخالفت نہیں کی تھی، صنفِ غزل کی خامیوں پر روشنی ڈالی تھی اور اردو شاعری کے تیسرے اڈیشن میں میں نے اس تفصیل سے اپنا نظریہ پیش کر دیا ہے کہ میں اس کے اعادے کی ضرورت نہیں سمجھتا۔ رہے دوسرے حضرات تو مجھے ان کی معصومیت پر ہنسی بھی آتی ہے اور رونا بھی۔ مضامینِ غزل بدل گئے اور بدلتے آئے ہیں لیکن غزل نہیں بدلی ہے۔ میں نے اقبال کی غزلوں پر لکھتے ہوئے کہا تھا کہ ان غزلوں میں مضامین نئے ہیں اور چونکہ اقبال کے خیالات ایک نہج پر پختہ ہیں اس لئے ان میں تسلسل نظر آتا ہے۔ دورِ حاضر کی غزلوں میں مضامین نئے ہیں اور کبھی کبھار شعروں میں تسلسل بھی نظر آ جاتا ہے لیکن غزل آج بھی غزل ہے۔ اس کی صنفی خصوصیات وہی ہیں جو اگلے زمانوں میں تھیں۔ اس لئے اس میں بھی وہی صنفی خامیاں ہیں۔ یعنی آج بھی غزل نیم وحشی صنفِ شاعری ہے۔

میں نے قارئین کی اشک شوئی کے لئے انگریزی شاعر براؤننگ کا حوالہ بھی دیا ہے۔ وہ نظمیں لکھتا ہے، غزلیں نہیں لیکن اس کی نظموں کو بھی Santayana نے نیم وحشی کہا ہے اور انگلستان میں اس اعتراض پر کوئی شور و غوغا نہیں ہوا۔ کیونکہ وہاں غور و فکر کی عادت ہے، وہاں غزل کی عالمگیری کی وجہ سے تنگ خیالی نہیں آئی ہے۔ وہ ایک جملے کو متن سے علیحدہ کر کے اس پر واویلا نہیں مچاتے۔ پھر وہ کسی شاعر یا کسی صنفِ شاعری

کوئی خاص مضمون مسلسل بیان نہیں کیا جاتا۔ الا ماشاء اللہ بلکہ جدا جدا خیالات الگ بیتوں میں ادا کئے جاتے ہیں۔" طباطبائی نے کہا تھا: "ستم کی بات تو یہ ہے کہ شاعر غزل گو کسی مضمون کے کہنے کا قصد ہی نہیں کرتا۔ جس قافیے میں جو مضمون اچھی طرح بندھتے دیکھا اس کو باندھ لیا۔ ایک شعر میں بت پرستی ہے، دوسرے میں توحید و عرفان۔ ابھی ناقوس پھونک رہے تھے، اس کے بعد ہی نعرۂ تکبیر بلند کیا۔ ۔ ۔ ۔ میں خود بھی غزل کہتا ہوں اور رسم زمانہ کے مطابق ایسے ہی بے سر و پا مضامین باندھ لیا کرتا ہوں مگر انصاف یہ ہے کہ جس کلام میں ایسا تناقض و تہافت ہو اس میں کیا اثر ہوگا بھلا۔ اور عظمت اللہ خاں نے کہا تھا: "فرض کیجئے ایک آپ کے معقول، مقطع، تعلیم یافتہ دوست آپ سے اس گونا گونی سے گفتگو کریں۔ ایک جملے میں اپنی معشوق کے لب لعلین کا ذکر کریں، دوسرے میں حمد و قصیدہ کا بیان ہو، ایک میں ناصح پر بھونڈا فقرہ کسیں، دوسرے میں تصوف کی ترنگ میں کوہ طور پر خدا کا جلوہ دیکھیں! غرض اس طرح بے ربط خیالات کا طومار باندھ دیں۔ ۔ ۔ ۔ تو کیا آپ ان صاحب کو یہ سمجھیں گے کہ وہ اپنے آپے میں ہیں؟

ہاں تو میں اکثر سوچتا ہوں کہ اگر میں نے 'نیم وحشی' کا لفظ استعمال نہ کیا ہوتا تو شاید اتنا شور و غوغا نہ ہوتا لیکن مجھے ایسا لگا کہ ان لوگوں کو غزل کی خامیوں کا ادھورا احساس ہے اسی لئے میں نے سوچا کہ بات دوٹوک کہہ دی جائے۔

غزل کے شعروں میں ربط نہیں، غزل میں ارتقائے خیال نہیں، غزل میں کوئی مکمل تجربہ نہیں۔ وجہ یہ ہے کہ غزل نیم وحشی صنف شاعری ہے کیونکہ وحشی اپنے جذبات کے وجود کو ان کے وجود کی کافی وجہ سمجھتا ہے۔ احساسات و اعمال کو وہ غور و فکر پر ترجیح دیتا ہے اسی لئے اپنے آرٹ میں وہ مواد کی زیادتی اور شوکت پر زور دیتا ہے۔ اسے اپنی تشفی کے لئے آپ a series of climaxes کہہ لیں۔ جزئیات کے حسن کو تو وہ سمجھ سکتا ہے، لیکن صورت، فورم کے حسن اور تکمیل سے بے اعتنائی برتتا ہے۔ تفصیل کے لئے دیکھئے "اردو شاعری"۔ جو سوالات میں نے اٹھائے ان کا آج تک کسی نے جواب دینے کی ضرورت بھی نہیں سمجھی۔ کہا تو بس اسی قدر کہ غزل تو کچھ دو تہذیب، انتہائی پختگی کی پیداوار ہے۔ کسی نے یہ ثابت کرنے کی کوشش نہ کی کہ غزل میں حسن صورت ہے، غزل میں ارتقائے خیال ہے، غزل میں مکمل تجربہ ہے۔ غزل میں حسن صورت ہے تو اسی قدر کہ سب شعروں کی بحر ایک ہوتی ہے۔ ردیف قافی کی پابندی ہوتی ہے پھر مطلع و مقطع کی بھی۔ لیکن ظاہر ہے کہ یہ مصنوعی صورت ہے۔ رہا ارتقائے خیال یا مکمل تجربہ تو وہ کسی دوسری دنیا کی چیز ہے پھر بھی اصرار ہے کہ اردو شاعری کی لاج غزل نے رکھ لی۔ اگر ایسا ہے تو ...

"ہر شعر بجائے خود مکمل سہی لیکن اس کی تکمیل بھی نامکمل ہے۔ اگر نظم کو مجسمہ سے تشبیہ دی جائے تو شعرِ مفرد کی مثال محض ایک عضو کی سی ہے۔ مجسمہ مکمل ہے۔ عضو بذاتِ خود مکمل ہو لیکن مجسمے کے مقابلے میں نامکمل ہے۔ شعرِ مفرد بھی مثلِ غزل شاعری کا نیم وحشی عنصر ہے۔"

یہی بات کسی قدر وضاحت سے "اردو شاعری" میں کہی گئی ہے:

"غزل سے قطع نظر اگر ہر شعر کو ایک مکمل نظم تصور کیا جائے، تو شعر پر بھی نیم وحشی صنفِ شاعری ہونے کا الزام عائد ہوگا۔۔۔ وحشی اپنے ہر شعر میں کسی وقتی احساس کی ترجمانی کرتا ہے اور اس ترجمانی سے اس کے جمالیاتی ذوق کی تسکین ہو جاتی ہے۔۔۔ وہ نہ غور و فکر کرتا ہے اور نہ غور و فکر اس کے بس کی بات ہوتی ہے۔ وہ محض اضطراری کیفیت سے مجبور ہو کر اس سے فوری نجات چاہتا ہے اور یہ نجات وہ شعر کی شکل میں حاصل کرتا ہے۔۔۔ (اس لئے) اگر شعرِ مفرد کو نظم کی طرح مکمل سمجھا جائے اور اس کو اپنے جمالیاتی ذوق کی تسکین کا آلہ بنایا جائے تو یہ بھی ایک نیم وحشی صنفِ شاعری ہوگا اور کسی تہذیب یافتہ دماغ کو اس سے پوری تسکین نہیں مل سکے گی۔"

کہا جاتا ہے کہ ہر شعر میں ایک جہانِ معانی پنہاں ہوتا ہے، اس چھوٹے سے کوزے میں بحرِ ذخار موجیں مارتا ہے۔ میں نے غالب کے آرٹ کی یہ خصوصیت بیان کی ہے:

"غالب کوشش کرتے ہیں کہ ایک شعر میں مختلف خیالات و جذبات یا ایک ہی خیال، ایک ہی جذبے کے مختلف پہلوؤں کو سمیٹ لائیں۔ اس ارادے میں جامعیت کے ساتھ کامیابی ممکن نہیں۔ لیکن وہ ایک ترکیب استعمال کرتے ہیں جس سے مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ چند خیالات تو پوری طرح ایک شعر میں نظم نہیں ہو سکتے لیکن غالب ایک بات کو کچھ اس طرح بیان کرتے ہیں کہ دوسری باتوں کی طرف توجہ جا پڑتی ہے اور شعر پڑھ کر ذہن ان دوسری باتوں کی جستجو میں لگ جاتا ہے، گویا شبستانِ خیال کا دروازہ کھل جاتا ہے اور غالب کا شعر اس دروازے کی کلید ہے۔ اگر آپ دریا کے کنارے کھڑے ہو کر دریا کا نظارہ کیجئے، تو ممکن ہے کہ دریا کی سطح پر آپ کو کامل سکون نظر آئے۔ پھر ایک پتھر کا ٹکڑا اٹھا کر پھینک دیجئے تو سطحِ دریا پر ایک لہر نمودار ہوگی۔ یہ لہر دوسری لہروں کو بیدار کرے گی۔ لہروں کا دائرہ بڑھتا جائے گا۔ ایک بھنور کی سی کیفیت نمایاں ہوگی اور یہ لہریں پھیلتے پھیلتے نظروں سے غائب ہو جائیں گی۔ غالب کے اشعار دریائے تخیل میں اسی قسم کی لہریں پیدا کرتے ہیں۔"

مجھے کبھی کبھار ایسا لگتا ہے کہ کسی نے "اردو شاعری" پڑھی نہیں۔ ابتدا ضروری لیکن یہ جملہ پڑھتے ہی کہ غزل نیم وحشی صنفِ شاعری ہے، قارئین کچھ اتنے غضبناک ہو جاتے ہیں کہ وہ کتاب کو فوراً بند کر کے

کیونکہ لوگ اعتراض یا نہیں سمجھنے سے پہلے بحث بنا کر اس کی پروا نہیں کرتے۔ وہ کھلاڑی نہیں کہتے۔ پھر میں نے قارئین کی اطمینان کے لئے یہ بھی کہہ دیا تھا کہ میں نے غزل کو نیم وحشی صنف شاعری کہا ہے۔ غزل گو شعراء کو نیم وحشی نہیں کہا ہے۔ غزل گو شاعر مہذب ہو سکتا ہے البتہ جب وہ صنف غزل میں اس کے مخصوص اوصاف کے ساتھ طبع آزما ہوگا تو نتیجہ ایک نیم وحشی کارنامہ ہوگا۔ میں نے یہ بھی کہا تھا کہ غزل مسلسل ہو سکتی ہے اور ہوتی ہے اور میں نے مثالیں بھی دی تھیں اور میں نے یہ بھی کہا تھا کہ غزل نظم بھی ہو سکتی ہے اور اس کی مثال بھی دی تھی۔ لیکن یہ سب باتیں ان سنی کر دی گئیں۔ جیسے میں نے غزل نیم وحشی صنف شاعری کے علاوہ کچھ اور لکھا ہی نہیں۔

بہرکیف جیسا کہ میں نے کہا ہے مخالفت کے باوجود میری باتیں مان لی گئی ہیں۔ میں دو مثالیں پیش کرتا ہوں :

" ریزہ خیالی اچھی ہو یا نہیں ایک حقیقت ضرور ہے۔ یقیناً ایسا شاعر کس مصرف کا جو ایک ہی غزل یا نشست میں کبھی ہجر میں مبتلا ہے کبھی وصل سے بہرہ مند، کبھی دنیا کے فانی ہونے کا ذکر کرتا ہے تو کبھی عیش کوشی کی تلقین کرنے لگتا ہے۔"

یہ تھی پہلی مثال، اب دوسری مثال ملاحظہ ہو:

" غزل گو شاعر انسان دوستی کے جذبات رکھتا ہے مگر ان سے کوئی بڑا کام نہیں لیتا۔ یہی وجہ ہے کہ وہ بکھری ہوئی تجلیوں اور لپکی ہوئی بجلیوں کا قائل ہے۔ غزل کے نشتروں سے ایک لطیف خلش پیدا ہوتی ہے اور اس سے کام لیا جاتا رہا ہے، ابھی اور بھی لیا جا سکتا ہے۔ مگر یہ نشتر تلوار نہیں بن سکتے۔ غزل کی زبان بڑی ڈھلی منجھی ہوئی چیز ہے۔ مگر اس میں انفرادیت کو پھولنے پھلنے کا موقع مشکل سے ملتا ہے۔ اس کی رمزیت خاصی جامع اور گہری ہے مگر پھاوڑے کو پھاوڑا کہنے کے دور میں زیادہ دور تک کام نہیں دے سکتی۔ اس لئے شاعری کا مستقبل زیادہ تر غزل سے نہیں نظم سے وابستہ ہے۔"

یہ پھاوڑے کو پھاوڑا کہنے کا دور ہو یا نہ ہو، لیکن میں پھاوڑے کو پھاوڑا کہنا پسند کرتا ہوں بالفاظ آلہ نہیں کہتا۔ اسی لئے بکھری ہوئی تجلیوں اور لپکی ہوئی بجلیوں کے ضمن میں غزل کو نیم وحشی صنف شاعری کہتا ہوں۔

غزل چند شعروں سے مرکب ہوتی ہے اور ہر شعر بجائے خود کل ہوتا ہے۔ میں نے "گل نغمہ" کے مقدمے میں لکھا تھا:

نہیں سکتیں حالانکہ یہ بہت سادہ ہیں، ان میں زیادہ پیچیدگی نہیں، محشرِ خیال نہیں۔ اور اگر کہا جائے کہ کیٹس کی 'Ode to a Nightingale' کو یا شیلی کی 'Ode to the west wind.' کو دو مصرعوں میں کہہ دیجئے تو پھر کیا ہو۔ 'گنجینۂ معانی'، محشرِ خیال، شعر کئی نظموں پر بھاری ہے۔ یہ سب صاف کہیے کہ زبانی جمع خرچ ہے اور کچھ نہیں۔ شیکسپیئر کی مشہور سطریں ہیں:

Tomorrow and tomorrow and tomorrow
creeps in this petty pace from day to day
To the last syllable of recorded time;
And all our yesterdays have lighted fools
The way to dusty death. out, out, brief candle!
Life's a walking shadow, a poor player
That struts and frets his hour upon the stage
And then is heard no more. It is a tale
Told by an idiot full of sound and fury
signifying nothing.

آپ حضرات شاعر بھی ہیں، انگریزی اور اردو زبانوں سے جانکاری بھی رکھتے ہیں۔ اگر آپ ان معانی کو دو مصرعوں میں بیان کر دیں تو میں اپنا اعتراض واپس لے لوں۔ یہ ممکن نہیں۔ اس لئے مجھے اقبال کے لفظوں میں تعریف یک لفظ کہنے دیجئے۔ 'دعویٰ بجا بھی کرے کوئی تو لازم ہے شعور' ——— اور مجھے سنتیانا کے لفظوں میں یہ بھی کہنے دیجئے۔ دو مصرعوں میں تکمیل نہیں۔ وضاحت نہیں، وہ چھوٹے چھوٹے مصرع ہیں ٹوٹے ہوئے بنائے گئے ہیں اس لئے کہ پڑھنے والے بازوؤں اور ٹانگوں کی کمی کو پورا کریں۔ ان دو مصرعوں میں ستائش کے لائق جو چیزیں ہیں وہ یہ ہیں: فقروں کی معنی خیزی، جوش واحساس کی تیز جھلک، شاہ پارے کے ٹکڑوں کا ابھار، کبھی کبھار نور کی جھلک اور شعریت کا حسن یہ سب ہی۔ لیکن ایسی کوئی چیز نہیں، جو خالص حسن کے روح میں جذب ہو کر نکلی گئی ہو، جو خلوص کے ساتھ تکمیل کو پہنچائی گئی ہو جو سارا اور قطعی طور پر درست ہو۔

پھندکو دیتے ہیں اور پھر اسے کبھی نہ پڑھنے کی قسم کھا لیتے ہیں غزل کے شعروں کی رمزیت، ایمائیت وغیرہ کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے لیکن کسی نے شاید ہی اتنی وضاحت کی ہے۔ "گویا طلسمستانِ خیال کا دروازہ کھل جاتا ہے اور شعر اس دروازے کی کلید ہے۔ ۔ ۔ ۔ اشعار دریائے تخیل میں اسی قسم کی لہریں پیدا کرتے ہیں۔" یہ سب بجا لیکن میں شعر کو نظم کیسے کہوں۔ شعر چاول پر قل ھو اللہ لکھنے کا فن ہو، شعر miniature painting ہو، لیکن شعر نظم نہیں۔

ایک بار میں علیگڑھ گیا ہوا تھا۔ خواجہ منظور حسین نے مجھے چائے پر بلایا، پھر چائے کے بعد اپنے خانہ باغ میں چہل قدمی کرنے لگے۔ پھر وہی شعر و غزل کی بات نکل آئی۔ کہنے لگے ایک شعر کئی نظموں پر بھاری ہے۔ ایک شعر میں اتنے معانی ہوتے ہیں کہ آپ کو کئی نظموں میں نہیں ملیں گے۔ میں نے کہا: خواجہ منظور صاحب آپ تو انگریزی کے پروفیسر ہیں۔ ورڈزورتھ کی نظم A Slumber did my spirit seal کو نہ جانے آپ نے کتنی بار پڑھا اور پڑھایا ہوگا، جو معانی اس میں ہیں وہ آپ دو مصرعوں میں کہہ دیجیے۔ آپ سب جفوات جانتے ہوں گے۔

وہ نظم یہ ہے:

A slumber did my spirit seal,
I had no human fears,
She seemed a thing that could not feel
The touch of earthly years.

No motion has she now, no force,
She neither hears no sees;
Roll'd round in earth's diurnal course
With rocks and stones and trees.

خواجہ منظور صاحب تو خموش ہو گئے لیکن یہ مسئلہ عام ہے۔ یارانِ نکتہ داں ہوں یا نہ ہوں۔

اسی طرح میں نے اردو شاعری میں پول ویرلین کی 'Arietta'، تھیوفیل گوتی ایر کی 'La dernière Feuille'، سلی پرودم کی 'Ici-bas' کا ترجمہ کیا ہے۔ یہ نظمیں [illegible]

پھر ایک بات یہ بھی ہے کہ میں نے ایک حصہ قطعہ کے لئے وقف کر دیا ہے اور اس کے امکانات حسن کی بالتفصیل وضاحت کی ہے۔ غالب کے مشہور قطعہ جس کا پہلا مصرع ہے: "اے تازہ واردانِ بساطِ ہوائے دل" تفصیلی تجزیہ کر کے اس کی خوبیوں کی وضاحت کی ہے اور قطعہ کے ساتھ مسلسل غزل کے حسن کی طرف بھی اشارہ کیا ہے۔ دو غزلوں کا کچھ تفصیل سے تجزیہ کیا ہے ایک غزل آتش کی ہے: "شبِ وصل تھا چاندنی کا سماں تھا" دوسری نظیر اکبرآبادی کی: "یہ جواہر خانۂ دنیا جو ہے با آب و تاب"۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ میں نے غزل کے ساتھ انصاف کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے اور کہیں ناانصافی نہیں کی ہے۔

"اردو شاعری پر ایک نظر" میں غزل کے علاوہ اور صنفیں بھی ہیں قصیدہ، مثنوی، مرثیہ، ان کی بھی صنفی خامیوں پر روشنی ڈالی ہے اور نمائندہ شعراء پر تفصیل سے لکھا ہے لیکن ان باتوں کے خلاف اتنا شدید ردعمل نہیں ہوا جتنا غزل پر ایک جملہ لکھ دینے سے۔ مرثیہ سے متعلق جو کچھ میں نے لکھا ہے اس کی کچھ شکایت ضرور ہوئی ہے، لیکن پھر بھی ان شکایتوں کا وہ طومار نہیں جو غزلوں سے متعلق ہے حالانکہ مجھے خیال تھا کہ اس کے خلاف زیادہ شدید ردعمل ہوگا کیونکہ یہاں مذہبی جذبات کا سوال تھا، مذہبی جذبات کو ٹھیس لگنے کا سوال تھا اور میں نے اس کی طرف اشارہ بھی کیا تھا اور کوشش کی تھی کہ صرف مرثیہ کی شعری خوبیوں اور خامیوں سے بحث کی جائے اور شاید میں اس میں کامیاب بھی ہوا لیکن میں نے مرثیہ کی دو اہم صنفی خامیوں کو واضح کیا۔ ایک تو یہ کہ مرثیہ Elegy بھی ہے اور پھر رزمیہ یعنی Epic بھی اس لئے اسے ایک مخصوص خطرے سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ یعنی جسے انگریزی میں کہتے ہیں It falls between two stools نہ تو یہ خالص مرثیہ ہوتا ہے اور نہ خالص رزمیہ۔ یہ نہیں کہ رزمیہ میں مرثیہ کی جگہ نہیں اور میں نے فردوسی کے شاہنامہ کا حوالہ بھی دیا تھا اور کچھ اقتباسات بھی پیش کئے تھے، لیکن صنفی طور پر مرثیہ اوّل و آخر مرثیہ ہے، اس کو زبردستی رزمیہ کا رنگ دیا گیا ہے اور میں نے یہ بھی کہا تھا کہ نہ تو دبیر اور نہ انیس میں یہ تعمیری صلاحیت تھی کہ وہ واقعۂ کربلا کو ایک مکمل نظم کی صورت میں پیش کریں۔ شاید وہ کوشش کرتے بھی تو کامیاب نہ ہوتے کیونکہ وہ epic کی architectonics سے واقف نہ تھے۔ ابھی کچھ دن ہوئے میں نے پروفیسر شبیہ الحسن صاحب سے دریافت کیا تھا کہ کسی نے یہ کوشش کی ہے کہ انیس کے ہم بحر مرثیوں کو ترتیب دے کر واقعۂ کربلا کا پورا نقشہ دکھلانے کی کوشش کریں۔ ان کا جواب نفی میں تھا۔ جوش صاحب نے انیس کے مرثیوں کو لے کر ہم بحر مرثیوں کو tick off کر دیا تھا۔ ارادہ تھا اس طرح

اس لئے میں شعر کو نظم نہیں کہہ سکتا۔ میں نے "گل نغمہ" کے مقدمے میں لکھا تھا۔ "شاعر کسی واردات، کسی تصور داخلی، یا کسی مشاہدۂ خارجی کا انکشاف کرنا چاہتا ہے۔ لیکن اس کی نظم بعد تکمیل صرف ایک جذبہ، ایک خیال کا خاکہ نہیں کھینچتی۔ ایک جذبہ دوسرے جذبات کو ابھارتا ہے، ایک خیال دوسرے خیالات کی تحریک کرتا ہے، ایک نقش ظاہری دوسرے نقوش کی یاد تازہ کرتا ہے، ایک لفظ دوسرے الفاظ کی مقناطیسی کشش کرتا ہے۔ اس طرح جو تجربہ شاعر ایک نظم میں پیش کرتا ہے وہ مختلف احساس و تفکرات کا مجموعہ، مختلف نقوش و الفاظ کا گلدستہ ہوتا ہے۔" یعنی نظم میں (۱) تجربہ پیچیدہ ہوتا ہے، مختلف جذبات و خیالات کا مجموعہ ہوتا ہے۔ (۲) اس میں نقوش بھرپور ہوتے ہیں (۳) بہترین الفاظ کی بہترین ترتیب ہوتی ہے (۴) ارتقائے خیال ہوتا ہے، یعنی ابتداء، وسط اور انتہا میں ربط کامل ہوتا ہے۔ (۵) حسن مکمل ہوتا ہے۔ یہ خصوصیتیں نہ تو غزل میں ملتی ہیں اور نہ شعر میں۔ کہا جاتا ہے کہ ایک لفظ بلاغت کا تصور کیجئے تو ساری مشکلیں آسان ہو جائیں گی، سارے اعتراضات مہمل ثابت ہوں گے اور کسی تنقید کی گنجائش باقی نہ رہے گی۔ اگر بلاغت میں یہی جادو تھا تو مولانا روم کی مثنوی نہ ہوتی اور نہ فردوسی کا شاہنامہ اور نہ کوئی اُردو شاعر قصیدہ، مثنوی، مرثیہ یا نظم کی طرف توجہ کرتا۔ اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ غزل پر اعتراض کرنے سے پہلے ہندوستان کے سماجی، سیاسی، معاشی، روایتی، لسانی وغیرہ وغیرہ حالات کو پیش نظر رکھنا چاہیئے۔ یہ سب غیر متعلق باتیں ہیں۔ غزل فارسی سے اُردو میں آئی جیسے قصیدہ اور دوسری صنفیں آئیں۔ یہ محض اُردو شعرا کی تن آسانی تھی کہ انہوں نے آسان ترین صنف کو اپنایا، اسی پر اپنا سارا ذہنی سرمایہ صرف کر دیا اور جو ذہنی سرمایہ تھا وہ دوسری صنفوں کے لئے ناکافی تھا۔

غزل سے متعلق اردو شاعری میں صرف چند صفحے ہیں۔ پہلے حصے میں تفصیل سے چھ شعرا کا ذکر ہے، میر، سودا، درد، ایک طرف تو مومن، ذوق، غالب دوسری طرف اور ان شعرا کی بھرپور تعریف کی ہے، جس کے وہ مستحق تھے۔ یہ ضرور ہے کہ جہاں میں نے ان کی خوبیوں کا بیان کیا ہے وہاں ان کی خامیوں پر بھی روشنی ڈالی ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ Potentially یہ شعرا بزرگ شعرا تھے اگر وہ نظمیں لکھتے۔ پھر میں نے ان کے شعروں کے حسن، ان کی لطافت، ان کی زود اثری پر تفصیل سے لکھا ہے۔ اگر میں سمجھتا کہ یہ صنف بالکل مہمل اور تضیع اوقات ہے تو میں اپنا وقت ضائع نہ کرتا۔ البتہ میں نے اس قسم کی شاعری کی تنگ دامانی کا گلہ کیا ہے۔ جیسا کہ غالب نے کہا ہے "کچھ اور چاہیئے

ناعری کی خوبیوں پر تفصیل سے لکھا، قدامت پرستی، رجعت پسندی کو غیر متعلق قرار دیا اور جتنی تعمیری
نقید، ان کے شعروں سے متعلق میں نے کی وہ پہلے شاید کسی نے نہیں کی تھی۔ لیکن اکبر کا آرٹ مختصر تصویریں یا
نقشے بنانے کا ہے اور یہ تصویریں حسین بھی ہیں اور موثر بھی اور اپنے مقصد میں کامیاب۔ اسی لئے مجھے
لہنا پڑا کہ اگر وہ نظم کے صحیح مفہوم سے واقف ہوتے اور اس بات میں مغرب سے کچھ سیکھتے، تو ان کی شاعری
کی اہمیت زیادہ سے زیادہ ہو جاتی، تو پھر اردو کے شیدائی چلا اٹھے کہ میں نے نظم اور مغرب کا نام
یوں لیا۔ گویا مجھ سے کوئی بڑا گناہ سرزد ہو گیا ہے۔ حالانکہ جو میں نے کہا ہے، وہ بدیہی بات ہے۔ اگر
اکبر نظمیں لکھتے اور اپنا وقت مفرد اشعار اور دو شعروں کے قطعوں پر برباد نہ کرتے، تو ان کے فن میں
عظمت آ جاتی جو ان میں نہیں ہے اور کامیاب نظمیں لکھنے کے لئے مغرب سے استفادہ ضروری تھا۔

سب سے بڑی شکایت یہ ہے کہ میں نے اقبال کو بھی نہ چھوڑا۔ یہاں چھوڑنا نہ چھوڑنا غیر متعلق سی
بات ہے۔ میری thesis یہ ہے: (۱) قومی و ملی شاعری سریع التاثیر ہوتی ہے۔ چند جذبات کو زور
شور سے ابھارتی ہے لیکن اس کی دنیا بہت تنگ ہے۔ (۲) پیغام محض شعر نہیں ہو سکتا۔ پیغام
اور شعر میں کوئی بیر نہیں شرط یہ ہے کہ پیغام شعری تجربہ بن جائے لیکن ایسا کم ہوتا ہے۔ اگر آپ کو ان دونوں
باتوں سے انکار ہے، تو پھر آپ کے اور میرے درمیان کوئی common ground نہیں۔ بہرکیف
میں نے انہیں دو اصول کی روشنی میں اقبال کی نظموں کا جائزہ لیا ہے۔ 'خضر راہ' اور 'طلوع اسلام' کا تجزیہ
کر کے demonstrate کیا ہے کہ خیالات محض اور شعری تجربے میں کیا فرق ہے۔ جہاں خضر راہ کے
پہلے بند میں شعریت ہے جیسے جیسے خیالات آگے بڑھتے ہیں ان کے جوش اور ولولہ انگیزی میں ترقی ہوتی
ہے لیکن شعریت میں کمی ہوتی جاتی ہے۔ میں نے حسب معمول مثالیں دی ہیں:

شب سکوت افزا، ہوا آسودہ، دریا نرم سیر — تھی نظر حیراں کہ یہ دریا ہے یا تصویر آب
جیسے گہوارے میں سو جاتا ہے طفل شیرخوار — موج مضطر تھی کہیں گہرائیوں میں مست خواب
رات کے افسوں سے طائر آشیانوں میں اسیر — انجم کم ضو گرفتار طلسم ماہتاب

اور یہ نثر ہے:

ربط و ضبط ملت بیضا ہے مشرق کی نجات — ایشیا والے ہیں اس نکتے سے اب تک بے خبر
پھر سیاست چھوڑ کر داخل حصار دیں میں ہو — ملک و دولت ہے فقط حفظ حرم کا اک ثمر

ایک یا دو مرثیے کی ترتیب دی جائے لیکن میں اپنی دوسری مصروفیتوں کی وجہ سے اس کام کو مکمل نہ کر سکا۔ اب وہ مرثیے جن پر میں نے نشان لگا دیئے تھے میرے پاس نہیں رہے۔ بہرکیف جیسا کہ میں کہہ رہا تھا اُردو شاعری کے ان حصوں کے خلاف زیادہ شدید ردعمل نہیں ہوا۔ البتہ یہ شکایت ضرور ہوئی کہ میں نے کسی صنف کو نہیں بخشا۔ قصیدہ، مثنوی، مرثیہ سبھی پر نکتہ چینی کی اور قصیدہ، مثنوی، مرثیہ لکھنے والوں کو بھی لیکن ان شکایتوں میں شدت نہ تھی، برہمی خفگی نہ تھی اور کسی نے میرے اعتراضات کا جواب بھی نہیں دیا۔

"اُردو شاعری" کا دوسرا حصہ بھی برہمی کا سبب ہوا۔ جہاں اکبر، حالی، اقبال، جوش، ترقی پسند شعراء زیر بحث تھے اور ان کے ساتھ بھی میرا وہی رویہ تھا جو غزل گو شعراء کے ساتھ تھا۔ مثلاً حالی کی نظم تھی لیکن میں نے کہا کہ اس نظم میں شعریت نہیں اور اچھی نثر بھی نہیں اور کوئی سمجھ بوجھ بھی نہیں، لوگوں کے جذبات کو ٹھیس لگی۔ فراق نے بھی لکھا کیا آپ اس کی ظاہری سادگی اور بے رنگی کا دھوکا کھا گئے لیکن سادگی اور چیز ہے اور شعریت کچھ اور۔ فراق نے یا کسی اور شخص نے یہ ثابت کرنے کی کوشش بھی نہ کی کہ جو مثالیں میں نے دی تھیں ان میں شعریت نہیں تھی۔ اس طرح میں نے کہا تھا کہ اس مسدس میں ربط و تسلسل مکمل نہیں اور ارتقائے خیال بھی فطری نہیں اساسی ہے۔ مضامین پھول کی طرح نہیں کھلے بلکہ ایک اینٹ پر دوسری اینٹ رکھ کر اس کی عمارت بنائی گئی ہے۔ اینٹیں ایک دوسرے سے پیوستہ نہیں، دیواریں ہیں تو ٹیڑھی اور بے ڈھنگی، مینار و سقف میں بھی تناسب نہیں یہاں تک کہ اس کے ٹکڑوں میں بھی، دو مصرعوں، دو بیتوں، دو بندوں میں بھی وہ ربط و تسلسل نہیں جو ہونا چاہیئے اور اپنی بات کے ثبوت میں چار بند پیش کئے تھے اور دکھایا تھا کہ ان چار بندوں اور ان کے مصرعوں کی ترتیب ردوبدل ممکن ہے، جو مثال میں نے دی تھی اسے آج بھی اُردو شاعری میں آپ پڑھ سکتے ہیں اور فیصلہ کر سکتے ہیں کہ میں نے جو بات کہی تھی وہ صحیح ہے یا غلط۔ غالباً کسی کو اس سے اختلاف نہ ہوگا کہ میری باتیں مفصل ہیں اور مثالوں یا ثبوت سے بھرپور۔ مجھے اپنے معترضین سے گلہ یہی ہے کہ وہ پوری باتیں پڑھتے نہیں اور پڑھ کر Point wise ان کا جواب نہیں دیتے۔ بلکہ عام قسم کے اعتراضات کرتے ہیں جن کا میری تنقید سے بہت کم واسطہ ہوتا ہے۔

بخلاف حالی، اکبر کے ساتھ میں نے بقول معترضین ضرورت سے زیادہ ہمدردانہ سلوک کیا، اکبر کو تنگ نظر، کوتاہ بینی والے قدامت پرست، رجعت پسند، مقصود پرست اور نہ جانے اور کیا کیا کہا کرتے تھے میں نے اکبر

ہو رہے تھے شہر میں افسانۂ گویا تمام — ایک دردانگیز صدا ان کی شکست آرزو کا
دل کے دھڑکنے کی ایک آواز — تیرے ناواقفیت، سطح دنیا پر نگاہ
گاہ مرنے کے عزائم گاہ جینے کی امنگ — بس یہی ہلکی سی باتیں بس یہی تھے سو رنگ

میں نے یہ بھی بتایا تھا کہ جوش کی بہت ساری نظموں کا خادم اقبال کی فارسی نظموں سے ماخوذ ہے اور یہ بھی بتایا تھا کہ جو سلیقہ، جو سوجھ بوجھ، جو شعری حسن اقبال کی بعض نظموں میں ہے وہ جوش کی نظموں میں نہیں اور پھر جوش کی ایک نظم جس کا پہلا شعر ہے:

کیا ہند کا زنداں کانپ رہا ہے، گونج رہی ہیں تکبیریں
اکتائے ہیں شاید کچھ قیدی اور توڑ رہے ہیں زنجیریں

کا تنقیدی تجزیہ کر کے تعریف (علی سردار جعفری اور عزیز احمد کی تعریف) اور تنقید کا فرق بتایا تھا اور جو کچھ میں نے کہا تھا اس کا آج تک کسی نے تفصیلی جواب نہیں دیا۔ یہ ثابت کرنے کی کوشش بھی نہ کی کہ جو باتیں میں نے کہی تھیں وہ صحت سے دور تھیں اور پھر میں نے حرف آخر کے ایک حصے کا تفصیلی تجزیہ کیا تھا اور اس نتیجہ پر پہنچا تھا کہ جوش کے مانگے ہوئے افکار تخیلی تجربہ نہیں بن پاتے۔ بات یہ ہے کہ لفظی شاعری نہیں۔ جوش کے پاس الفاظ کا کھوکھلا ڈھول تھا، جسے انہوں نے زور شور سے بجایا جب ہنگامہ فرو ہوا تو اس کا کھوکھلا پن نظر آنے لگا اور جو کچھ میں نے کہا تھا اور جس نتیجہ پر میں پہنچا تھا آج سب لوگوں نے مان لیا۔ آج شاید جوش کا کوئی نام بھی نہیں لیتا۔

اور جب ترقی پسند شاعری کا عروج تھا، اس وقت میں نے ان کی ہنگامہ آرائی کے خلاف آواز بلند کی اور یہ بتایا کہ اقبال نے جن پر وہ مرتے تھے۔ ترقی پسندوں سے پہلے ترقی پسندانہ باتیں کہی تھیں لیکن زیادہ سوجھ بوجھ کے ساتھ زیادہ شاعرانہ ڈھنگ سے اور بہت سی باتیں جنہیں ترقی پسند شعرا اپنی نظموں میں دہراتے تھے وہ اقبال کی نظموں کی صدائے بازگشت تھی اور میں نے اس بات پر زور دیا کہ ہمیں بقول ایلیٹ یہ دیکھنا چاہیے کہ جو ہمارے سامنے ہے وہ شعر ہے یا کچھ اور۔ اور میں نے یہ دکھانے کی کوشش کی تھی کہ زیادہ تر ترقی پسند نظموں میں نعرہ بازی ہے، پروپیگنڈا ہے، فلسفہ ہے، اشتراکیت ہے، سرمایہ داری کی مخالفت ہے، بغاوت ہے اور بہت کچھ ہے، لیکن شاعری نہیں ہے۔ اور پھر بعض شاعروں کی تفصیل
[illegible] جہاں ان کی پروپیگنڈا بازی کی مذمت کی تھی [illegible]

Our Countributors :

Prof. Kalimuddin Ahmad. B.A. (Cantab.) (*b*. 1909)
Sri Krishnapuri, Patna-13 (see pp. 71-72 Urdu Section)

Dr. Hashim Amir Ali, M.A. Ph. D., Hyderabad (*b*. 1903)
Ex-Director Rural Institute, Jamia Millia, Delhi; Trustee of the Private and Religious Trusts of Nizam.
Wrote several books on the *Qur'an* and sociological themes, among them : ***Student's Qur'an : An Introduction; The message of the Quran; Meos of Mewat*** : His life-work, almost his mission, is ***the discovery of the lost Islamic Calendar.***

Mr. Muhammad Yunus Khalidi
Secretary, Azad Memorial Academy, Bashishar Nath Road, Lucknow.

For others, see Journal I.

کہا تھا، میر کی بھی اور اقبال کی غزلوں کے بارے میں لکھا کہ نئی آواز ہے، نئی زبان ہے، نئی باتیں ہیں اور یہ بھی لکھا تھا کہ جس زمانے میں اقبال نے اس انداز میں غزلیں کہیں وہ بہت بڑا کارنامہ تھا، اسی طرح میں نے بتایا کہ جو میر کی غزلوں میں بھی نئی آواز اور نئی باتیں ہیں اور اگرچہ ان کی غزلیں کوئی بڑا کارنامہ نہیں پھر بھی ان میں خلوص کی آواز ہے جو اردو شاعری میں کم ملتی ہے۔

میں پھر بھی کہوں گا کہ کسی نے اردو شاعری کو شروع سے آخر تک پڑھنے کی زحمت گوارا نہیں کی۔ یہ کتاب منتشر خیالات کا مجموعہ نہیں، بلکہ ایک مربوط، منظم اور مسلسل تنقید ہے۔ اسی لئے شاید نیاز فتحپوری نے لکھا تھا کہ یہ اردو شاعری پر پہلی کتاب ہے جس کا ایک ورق بھی بیکار نہیں لیکن قارئین کا ذہن چونکہ غزل کا تربیت یافتہ ہے اس لئے وہ ادھر ادھر سے چند جملے چن کر ان پر اپنی برہمی کا اظہار کرتا ہے اور محض تخریبی تنقید ہے، سراسر تنقیص ہے، مغرب زدگی کا نتیجہ ہے اور اسی قسم کے جملے کہہ کر اپنے دل کی بھڑاس نکال لیتا ہے۔ یہ اس کے بس کی بات نہیں کہ وہ اسے غور سے پڑھے، سمجھنے کی کوشش کرے کہ کیا کہا جا رہا ہے اور کیوں کہا جا رہا ہے۔ کیونکہ یہاں غیر ذمہ دارانہ، نادری احکام نہیں ہیں۔ منطقی باتیں ہیں، منطقی دلائل ہیں، منطق اور سائنسی زبان ہے ان کا جواب جذباتی رد عمل نہیں ہے اور نہ ہو سکتا ہے۔

اصل دشواری یہ ہے کہ اردو میں تنقید سے مراد تعریف ہے، تحسین ہے، تقریظ ہے اور کبھی کبھار نری تنقیص، بیجا نکتہ چینی، بے حاصل خردہ گیری ہے۔ آج بھی یہ کہنے کی ضرورت ہے کہ تنقید ایک قسم کی پرکھ ہے۔ ایک قسم کی کسوٹی ہے جس سے کھرے کھوٹے میں امتیاز کرنا ممکن ہے۔ یہ تنقید نہیں کہ ہم کسی شاعر کی وہ میر ہوں، غالب ہوں، انیس ہوں، اقبال ہوں یا کوئی اور مبالغہ آمیز، محبت سے دور تعریف کریں اور اس میں زمین آسمان کے قلابے ملا دیں۔ تنقید یہ ہے کہ ہم ان شاعروں یا کسی اور شاعر کی خوبیوں، خامیوں اور حدود کو بھی واضح طور پر بے کم و کاست بیان کریں۔ اگر ہم ان کی صرف خامیاں بیان کریں تو یہ تنقیدی بددیانتی ہو گی۔ اسی طرح اگر ہم ان کی خوبیوں کو اچھالیں اور ان کی خامیوں سے چشم پوشی کریں، تو یہ بھی تنقیدی بددیانتی ہو گی، لیکن اردو میں اسی بددیانتی یعنی خوبیوں کو اچھالنا اور خامیوں پر پردہ ڈالنا۔ اسی بددیانتی کو اصل تنقید سمجھا جاتا ہے۔

اور پھر ایک بات یہ بھی ہے کہ اردو میں خطائے بزرگان گرفتن خطاست پر عمل کیا جاتا ہے اور شعراء کا شمار بزرگوں میں ہے۔ اس لئے ان کی خطاؤں کی پردہ داری اصل ایمان ہے لیکن خطا بزرگوں سے سرزد ہو تو

اچھی نظمیں کا فقدان ہی کی تھی اور خصوصاً ان کی دو نظمیں سے متعلق تھی کہ اگر ان میں سے بکھرا مصرعہ بند نکال دیئے جائیں تو وہ بہت اچھی نظمیں ثابت ہوں گی اور وہ نظمیں تھیں " میرے خواب " اور " پتھر " شاید اس سے زیادہ تعمیری تنقید ممکن بھی نہ تھی اور پھر میں نے فیض کو دوسرے ترقی پسند شعراء کے مقابلے میں امتیازی حیثیت دی تھی کیونکہ فیض کو نظم کے فنی تقاضوں کا احساس تھا اور وہ ان تقاضوں کو پورا کرنا چاہتے تھے اور دوسری خصوصیت یہ بھی تھی کہ فیض میں ایک خود فعلی تھی وہ اپنے کو لٹا دیتے تھے اور سر پھرے باغیوں کی طرح اپنے نعروں سے آسمان کو نہیں ہلا دیتے تھے اور میں نے بتایا تھا کہ حسن انقلاب میں کوئی تضاد نہیں ' دائمی مخاصمت اور تصادم نہیں ۔ اگر انقلاب حسن بن جائے ' تو شاعر جو سکتا ہے میں پانی کی فراوانی ہو سکتی ہے ۔

ایک باب آزاد نظم سے متعلق ہے ۔ اس میں میں نے مغربی شاعری کے نقادوں کو یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ جیسا کہ ایلیٹ نے کہا ہے آزاد نظم کم آزاد کوئی نظم نہیں vers is libre for the man who wants to do a good job لیکن آسانی کی خوگر طبیعت کو نظم سے زیادہ غزل دل آویز ہے اور پابند نظم سے زیادہ آزاد نظم عزیز ۔ کیونکہ یہاں ہاتھ باگ پر نہیں اور نہ پاؤں رکاب میں ' خشِ عمر رو میں رہتا ہے ۔ جب تھک جاتا ہے تو رک جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ نظم ، نظم معرّا ، نثری نظم ، شعر نما نثر وغیرہ کا ناموزوں سیلاب ہے :

فریاد کی کوئی لے نہیں ہے   نالہ پابندِ نے نہیں ہے

بہرکیف یہ تو جملۂ معترضہ تھا ۔ اگر میں مغرب زدہ ہوتا ، تو میں آزاد نظم کا پرستار ہوتا اور نظم لکھنے والوں کی مداحی کرتا ۔ لیکن صورتِ حال کچھ اور ہے ۔ وہ فارسی کی پیروی ہو یا انگریزی کی اگر کامیاب ہے تو قابلِ ستائش ہے ورنہ نہیں ۔

آخر میں میں نے غزلوں پر نظر ڈالی تھی اور پانچ غزل گو شعراء کا تفصیلی جائزہ لیا تھا ۔ اصغر ، فانی ، حسرت ، جگر اور فراق ۔ حسرت اور فراق کی خوبیوں کو سراہا تھا ، اصغر اور فانی کو بھی ایک حد تک سراہا تھا ، لیکن جگر پر نکتہ چینی کی تھی اس لئے میں معتوب ٹھہرا کہ میں نے جگر کی تعریف نہ کی ۔ اور یہ بات بالکل نظر انداز کر دی گئی کہ میں نے حسرت اور فراق ، اصغر اور فانی کے محاسن کو تفصیل سے بیان کیا تھا ، لیکن اندھا دھند تعریف نہیں کی تھی ۔ ان کی [illegible]

تجزیہ ہے تو تنقید کا مفہوم آپ کے خیال میں زیادہ تر یہی ہے تو البتہ میری تنقید تجزیاتی ہے لیکن بات یہ ہے کہ اچھی تنقید تجزیاتی نہیں ہوتی یہ ہمیشہ تبصرہ ہوتی ہے وہ کسی صنف سے متعلق ہو یا کسی شاعر سے میں نے ہمیشہ یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ جو چیز پیش نظر ہے وہ کیا ہے اس کی حدود و امکانات کیا ہیں یا اس میں کیا کمی ہے اور کیا ہونا چاہیئے۔ مثلاً غزل کو لیجئے میں نے بتایا اور یہ کوئی نئی بات نہیں کہ اس کی قیاسی خصوصیت یہ ہے کہ اس کے اشعار ایک دوسرے سے بے نیاز ہوتے ہیں۔ اسی لئے میں نے کہا کہ اس کے اشعار میں ربط و تسلسل نہیں، ارتقائے خیال نہیں، ابتدا وسط اور انتہا میں کوئی ربط نہیں اور پھر میں نے کہا کہ ربط و تسلسل ہونا چاہیئے، ارتقائے خیال ہونا چاہیئے، ابتدا، وسط اور انتہا میں ربط کامل ہونا چاہیئے اور یہ بھی بتایا کہ یہ سب چیزیں غزل کے فارم کو قائم رکھتے ہوئے بھی حاصل ہو سکتی ہیں اسی لئے میں نے مسلسل غزلوں قطعہ بند غزلوں کی مثالیں پیش کیں اور نظیری کی ایک نظم کو توڑ مروڑ کر اسے نظم کی صورت میں پیش کیا۔ اسی طرح میں نے قصیدہ سے متعلق کہا کہ اس کے چار حصے ہیں تشبیب، گریز، مدح، دعا۔ اہم حصہ مدح کا ہے جس میں ناموزوں، مبالغہ آمیز مداحی ہوتی ہے، جو مذاق سلیم پر گراں گزرتی ہے اور پھر یہ بھی بتایا کہ قصیدہ سے ode کا کام لیا جاسکتا تھا خصوصاً اس کا پہلا حصہ جسے تشبیب کہتے ہیں اس میں کافی گنجائش ہے اور کبھی کبھار اس گنجائش سے اچھا کام بھی لیا گیا ہے لیکن اسے قصیدہ کے اور اجزا سے الگ کر کے مختلف و متنوع مضامین پر نظمیں لکھی جاسکتی ہیں۔

یہ رہی صنف کی مثالیں۔ اسی طرح میں نے میر سے متعلق لکھا کہ ان کی قوت حساسیت تیز تھی اور ان کی تلخ و غم انگیز جذبات اور احساس تھے۔ لیکن غزل کی ریزہ کاری کی وجہ سے ان کے شدید جذبات اور احساس کو پھلنے پھولنے کا موقع نہیں ملا اگر وہ انہیں کو مرتب و منظم صورت میں پیش کرتے تو وہ دنیا کے ایک بہترین شاعر ثابت ہوتے یا میں نے غالب سے متعلق لکھا ہے "شاعر اپنے زمانے میں ادراک کے سب سے اونچے مقام پر ہوتا ہے۔۔۔ غالب اپنے زمانے میں ادراک کے اسی بلند مقام پر تھا وہ اس جگہ سے زندگی، احول، پیش منظر اور آنے والی ہونے والی چیزوں کو دیکھتے تھے۔ لیکن اپنے تاثرات کے لئے انہیں ایک سانچہ ملا یعنی غزل اور وہ بھی ناقص اس لئے وہ اتنے بلند و بزرگ کارنامے نہ پیش کر سکے، جو ان کی شان کے شایاں تھے" کیا آپ کہہ سکتے ہیں کہ یہ نری تجزیاتی تنقید ہے۔ یہاں دوسرے لفظوں کے الفاظ میں میں نے غالب کو وہی

بھی خطا ہے اور خود اپنے سے بدتر کی خطا ہے۔ اس لئے اخلاق خطا پوشی اچھی بات ہو اور خطا بینی بری
لیکن تنقید میں خطا پوشی اصل ایمان نہیں بلکہ ایک قسم کا گناہ ہے اور خطا بینی کی ضرورت آپڑتی ہے البتہ
اگر اچھائی سے چشم پوشی کی جائے یا اچھائی کو برائی بنا کر پیش کیا جائے تو وہ گناہ ہے۔ کہہ سکتے ہیں
کہ مشرقی افتاد طبیعت بت گری اور بت پرستی کی طرف مائل ہے تو بات یہ ہے کہ اسی افتاد طبیعت کی
وجہ سے ہم اپنے شعراء کی پوجا کرتے ہیں۔ ہم اسے مانیں یا نہ مانیں۔ میرؔ، غالبؔ، انیسؔ، اقبالؔ وغیرہ
ہمارے لئے دیوتاؤں کی حیثیت رکھتے ہیں اور یہ فطری بات ہے کہ کوئی اپنے دیوتاؤں کی نکتہ چینی برداشت
نہیں کر سکتا اور برداشت کرے تو کیسے۔ اس کے پرستارانہ جذبات کو زبردست ٹھیس لگتی ہے اور
یہ دیکھ کر اور شق گراس کی مقدس ہستیوں کو ہدف ملامت بنایا جا رہا ہے اس کی رگ حمیت جوش میں آتی
ہے اور وہ ہر جائز و ناجائز طریقے سے مخالفت پر آمادہ ہو جاتا ہے اور یہ ناگزیر ہے کیونکہ اگر وہ ایسا
نہ کرے تو پھر اس کے ایمان میں خلل پڑ جائے گا۔ اس کی ساری ذہنی اور جذباتی دنیا متزلزل ہو جائے گی
یہی وجہ ہے کہ وہ کھلے ذہن سے نہ کسی بات کو سن سکتا ہے اور نہ اسے سمجھنے کی کوشش کرتا ہے
بلکہ اس کا اور اس کی گروہ کا ایک ہی ردعمل ہے۔ جیسا کہ کالزوڈی نے کہا ہے: 'heads
down, horns pointed' مخالف کو کچل ڈالنا چاہتے ہیں۔ اب ان پجاریوں کو یہ کون
بتائے کہ شاعر دیوتا نہیں وہ ہم آپ جیسا انسان بھی ہے اور کوئی شاعر وہ شیکسپیئر ہی کیوں نہ ہو ہمیشہ اچھی
نظمیں نہیں لکھ سکتا اس لئے اس کی کچھ نظمیں اچھی ہوتی ہیں تو کچھ بری بھی ہوتی ہیں اور یہ تنقید کا فرض ہے کہ
وہ اچھے برے میں امتیاز کرے، ان کے فرق کو واضح کرے، اس کے لئے منطقی دلیلیں پیش کرے تو اگر آپ اس
بات کو مان لیں کہ شاعر دیوتا نہیں، شاعر ہے اس میں خوبیاں بھی ہوتی ہیں اور خامیاں بھی ہو سکتی ہیں۔ اگر آپ
اس بات کو مان لیں تو میری باتیں طبع نازک پر گراں نہ گزریں گی کیونکہ میرا شیوہ بت گری یا بت پرستی نہیں
اور میں قصداً بت شکنی بھی نہیں کرتا۔ میں شاعر کو شاعر سمجھتا ہوں اس کی نظموں کو پوری توجہ سے پڑھتا ہوں
اس کی خوبیوں کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہوں اور انہیں بیان بھی کرتا ہوں۔ البتہ اسی پر اکتفا نہیں کرتا
بلکہ اگر اسی کی نظموں میں کچھ خامیاں ہیں، اگر شاعری کی کچھ حدود ہیں تو انہیں بھی بیان کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں
اب اسے آپ بت شکنی کہئے تو کہئے میں اسے حق بینی کہتا ہوں۔

جہاں میری تنقید سے متعلق بہت سی باتیں کہی گئی ہیں وہاں ایک بات یہ بھی ہے کہ میری تنقید

کا تفصیلی تجزیہ کیا جو مجھ سے پیشتر کسی نے نہیں کیا تھا اور بہت سارے قطعے پیش کئے اور ان کے ساتھ کچھ مسلسل یا قطعہ بند غزلوں کے بھی نمونے پیش کئے۔ میر کو بالقوہ بہترین شاعر پاس کیا اور درد، مومن، ذوق کی ستائش کی۔ غالب کے قصیدہ تہنیت کا مطلع ہے:

ہاں مہ نو سنیں ہم اس کا نام جس کو تو جھک کے کر رہا ہے سلام

اس قصیدہ کے حسن کا پہلی بار تفصیلی جلوہ دکھایا۔ ہجو کو جسے گالی کا مرادف سمجھا جاتا تھا۔ اس کا جائز ادبی مقام دیا اور اپنے ایک دوسرے مضمون اردو ادب میں طنز و ظرافت میں ہجو، طنز اور ظرافت کی تعریف و تشریح کی انہیں ترتیب وار Irony، Satire اور Humour کا مرادف بتایا اور ذہنی پراگندگی و انتشار کے عوض سمجھ کی روشنی دکھائی۔ میر کی مثنوی معاملات عشق کی اہمیت بتائی اور مرزا شوق لکھنوی کی مثنویوں کی خوبیوں کی نشاندہی کی اور یہ افسوس ظاہر کیا کہ شوق کی ادبی جدت کی وہ قدر نہیں ہوئی جس کے وہ مستحق تھے اور نظیر کی طرف قارئین کی خصوصی توجہ منعطف کی، اس لئے نہیں کہ وہ عوامی شاعر تھا، بلکہ اس لئے کہ انہوں نے ایک طرف تو مسلسل اور قطعہ بند غزلیں لکھیں اور دوسری طرف انہوں نے نظموں کی راہ لی اور ربط و تسلسل کی طرف خاص دھیان دیا۔ اسی طرح اکبر کو ان کا جائز مقام دیا اور شوق کی دو نظموں 'عالم خیال' اور 'نیرنگ خیال' پر تفصیلی تجزیاتی تنقید لکھی اور بتایا کہ شوق نے ایک قسم کا اجتہاد کیا ہے جس کی مثال اردو میں کم ملتی ہے۔ پرانی لکیر کو چھوڑ کر انہوں نے نیا راستہ نکالا تھا۔ یہی ان کی جدت تھی اور اس کی جس قدر تعریف کی جائے کم ہے۔ اقبال کے 'ساقی نامہ' پر خصوصاً تفصیلی تنقید لکھی اور اس کے محاسن پر روشنی ڈالی اور پھر اقبال کی غزلوں کو بڑا کارنامہ کہا۔ جوہر کے خلوص کی نشاندہی کی اور حسرت اور فراق کو غزل گو شاعروں کی فہرست میں ان کا جائز مقام دیا۔ یہ مشتے نمونہ از خروارے ہے۔ کیا یہ سب تجزیہ تنقید تھی اور ان کے علاوہ اس بسیط پیمانہ پر تجزیاتی اور تقابلی تنقید کا نمونہ پیش کیا جو پیشتر کسی نے نہیں کیا تھا۔ یہ جو کچھ میں نے کہا ہے اس کا مقصد نہ تو اعتذار ہے اور نہ تعلی فقط حقیقت کا اظہار ہے۔

اب میں ایک بات اور کہہ دوں جس سے نہ صرف ادب شناسی کو سمجھنے میں آپ کو مدد ملے گی۔ بلکہ میرا تنقیدی نقطۂ نظر بھی واضح ہو جائے گا۔ یہ بات میں نے اپنے ایک مقالہ کچھ اصول تنقید میں

مقام دیا ہے جو ایک بڑے شاعر کا ہوتا ہے۔ یہاں ان کے ساتھ انصاف ہے یا نا انصافی نہیں لیکن کیا کیجئے کہ زمانے کے تقاضے سے مجبور ہو کر غالب نے بھی غزل کو اپنے تجربات کے اظہار کا ذریعہ بنایا اس نے تو وہی کہا جو ہونا تھا یعنی وہ اتنے بلند و بزرگ کارنامے نہ پیش کر سکے جو ان کے شان کے شایان تھے۔ مغربی نظم نہ سہی، اگر وہ نظیر کی طرح مخمس، مسدس، مثلث وغیرہ میں اپنے تجربات کو پیش کرتے تو ان کے کارنامے زیادہ وقیع، زیادہ رفیع، زیادہ وسیع ہوتے لیکن انہوں نے اس طرف توجہ نہ کی اور تنگنائے غزل ہی سے دل بہلاتے رہے۔ یہ چند مثالیں سرسری طور پر پیش کی گئی ہیں ورنہ ہر جگہ میں نے یہی دکھانے کی کوشش کی ہے کہ کیا ہے، کیا کمی ہے اور کیا ہونا چاہیئے۔

اس کے علاوہ اگر آپ اردو شاعری کو پڑھے، جھنجھلایئے نہیں تو آپ کو ان گنت تعمیری باتیں ملیں گی۔ جن کا میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو احساس ضرور ہے لیکن آپ میرے چند جملوں سے اس قدر برافروختہ ہو جاتے ہیں کہ اور باتوں کو بالکل فراموش کر دیتے ہیں، آیئے دیکھئے:

میں نے شاعری کی اہمیت پر زور دیا اور اسے وہ مقام دیا جو شاید اسے اردو میں حاصل نہ تھا۔ پھر شاعری کی جامع تعریف پیش کی اور شاعر کی بھی۔ پھر تخیل کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور قوت حاسہ کی اہمیت پر بھی جو اردو تنقید کے لئے نئی چیز تھی اور پھر یہ بتایا کہ نظم کیا ہے۔ اردو میں نظم کے لفظ سے یا تو:

رب کا شکر ادا کر بھائی   جس نے ہماری گائے بنائی

یا قصیدہ، مثنوی، مسدس وغیرہ کی شکل نظر کے سامنے آجاتی تھی اور آزاد اور حالی نے مغرب کے زیر اثر نظمیں لکھیں اور نظم لکھنے کی ترغیب دی لیکن ان کے ذہن میں نظم کا صاف و صحیح conception نہیں تھا۔ میں نے پہلی بار واضح طور پر بتایا کہ نظم کیا ہے اور یہ conception عام ہو گیا ہے، مجھے یاد آتا ہے کچھ عرصہ ہوا میں نے سوغات کے ایک خاص نمبر میں دیکھا کہ سید صاحب اور خلیل الرحمٰن اعظمی نے نظم سے متعلق وہی باتیں لکھی تھیں جو میں نے ۱۹۴۰ء میں لکھی تھیں۔

میں نے قطعوں کی اہمیت پر زور دیا اور باب دوم کا ایک حصہ اس کے لئے وقف کر دیا۔
غالب کا مشہور قطعہ:

اے تازہ واردان بساط ہوائے دل   زنہار اگر تمہیں ہوس نائے و نوش ہے

۲

آپ نے دیکھا کہ میرے ایک جملہ کا کیا شدید ردِعمل ہوا۔ "غزل نیم وحشی صنفِ شاعری ہے" یہ جملہ کوئی ۳۸ اڑتیس سال پہلے لکھا گیا تھا، لیکن لوگ آج تک اسے نہیں بھولے ہیں اور شاید جب تک اردو میں غزل لکھی جاتی رہے گی اس وقت تک یہ جملہ دلوں میں کھٹکتا رہے گا۔ یہی اثر ایک دوسرے جملے کا بھی ہوا، وہ جملہ جس سے "اردو تنقید" کی ابتدا ہوتی ہے: "اردو میں تنقید کا وجود محض فرضی ہے۔ یہ اقلیدس کا خیالی نقطہ ہے، یا عنقا کی موہوم کمر"۔ کسی نے کہا اس میں لطفِ زبان تو ہے، لیکن صحت نہیں۔ کسی نے کہا یہ مبالغہ ہے۔ کسی نے کہا یہ سنسنی خیزی ہے اور کچھ نہیں۔ لیکن اسے کیا کیجیے کہ میں تنقید میں لطفِ زبان سے دور بھاگتا ہوں، مبالغے سے پرہیز کرتا ہوں اور سنسنی خیزی میری سرشت میں نہیں۔ میں نے جو کچھ لکھا ہے سوچ سمجھ کر لکھا ہے، اس کے Implications کو جانچ پرکھ کے بعد لکھا ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ اگر اردو میں تنقید کا وجود محض فرضی ہے تو اس موہوم شے کو موہوم ثابت کرنے کے لئے میں نے تقریباً چار سو صفحے برباد کیوں کئے۔ لیکن ذرا سوچیے تو نئے اور پرانے تذکرے کتنے ہیں۔ برائے نام تنقیدیں کتنی ہیں۔ اگر آپ اس میز پر تذکروں کو ایک دوسرے کے اوپر رکھتے جائیں پھر آبِ حیات، گلِ رعنا، شعر الہند اور پھر شبلی و حالی اور حالی کے پیروؤں کی تصنیفوں سے علی سردار جعفری کی ترقی پسند ادب تک تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ کتابیں اس میز سے اٹھتے اٹھتے چھت کو چھو لیں گی یعنی سوچیے تو جہاں ہزار صفحے تنقید کے نام پر سیاہ کر دیئے گئے ہیں اگر میں ۴۰۰ صفحوں میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کروں کہ یہ تنقیدیں نہیں کچھ اور چیزیں ہیں، تذکرے ہیں، تعریفیں ہیں، تنقیصیں ہیں، رائیں ہیں، پُرلطف یا بے مزہ باتیں تو اس میں کونسی تعجب کی بات ہے اور میں نے اردو تنقید کے دوسرے اڈیشن میں یہ بات واضح کر دی تھی۔ دیکھیے:

اصولِ تنقید سے عدم واقفیت میں۔۔۔ جو بات بھی کہی جائے گی وہ تنقید نہ ہوگی رائے زنی ہوگی، ممکن ہے کہ بعض صائب ہوں لیکن یہ اتفاقی بات ہوگی۔

پہلی بحثی اور وہ یہ ہے : " نقاد کو اپنے دماغ کی کھڑکیوں کو کھلا رکھنا چاہیئے تاکہ اس میں نئے، تازہ، زندہ، زندگی بخش اور ان جانے خیالات بے تکلف سما سکیں۔ وہ خیالات جو دوسرے ادبوں اور کلچروں میں رواں دواں ہیں بقول آرنلڈ اپنے خیالات کے ذخیرے میں صحت مند اور تازہ خیالات کا اضافہ کرتے رہنا چاہیئے۔ کیونکہ وہی فیصلہ خود اعتماد ہے جو صاف، غیر جانبدار اور پُر از معلومات دماغ کرتا ہے۔ نقاد کو ہمیشہ علم تازہ علم کی پیاس چاہیئے۔ کیونکہ دنیا کے بہترین خیالات و تصورات و معلومات سے واقفیت ہی اسے آزادیٔ خیال عطا کر سکتی ہے اور آرنلڈ کے خیالات کو توسیع دے کر ہم کہہ سکتے ہیں کہ وہ تنقید مفید اور اہم ہے، جو دنیا کو روحانی اور دماغی مقاصد کے لئے ایک واحد مملکت سمجھتی ہے اور خصوصی اور مقامی اور عارضی رشتوں سے آزادی اختیار کر لیتی ہے۔ دنیا کے ادب، دنیا کے خیالات ایک ہے۔ اس کو مختلف حصوں میں تقسیم کرنا، مختلف قسم کی رکاوٹیں پیدا کرنا خودکشی کرنا ہے۔ اس مصنوعی تقسیم کا نتیجہ ہے کہ ہمارے فیصلے جزئی ہوتے ہیں، ہمارے خیالات کی دنیا تنگ ہو جاتی ہے اور ہم ایک قسم کی جامد دماغی اور روحانی نخوت کا شکار ہو جاتے ہیں جو غول بیابانی کی طرح ہماری تباہی کا سبب ہوتی ہے۔ کوئی شاعر، کوئی فن کار اپنا علاحدہ وجود نہیں رکھتا۔ اس کی صحیح قدر و قیمت اسی وقت معلوم ہوتی ہے جب ہم اسے دوسرے شعراء اور فن کاروں کی صف میں لا کھڑا کریں۔"

پانے کا سوال ہے ان تذکروں سے بہت زیادہ مدد نہیں ملتی، اگر تذکرہ نگاروں نے شعراء کی شاعری کو خود شعراء کے انفرادی یا اجتماعی شعور سے متعلق کرنے کی کوشش نہیں کی۔ اگر ان سے فلسفۂ نقد کے اہم اصول مرتب نہیں کئے جا سکتے، اگر ان اصولوں کی مدد سے ہم شاعر کے نہاں خانۂ دل میں جھانک کر نہیں دیکھ سکتے تو؟

آب حیات، گل رعنا، شعر الہند سے متعلق جو کچھ میں نے لکھا ہے اس سے غالباً لوگوں کو زیادہ اختلاف نہیں۔ یوں تو اختلاف ضرور ہے۔ چونکہ میری ہر بات سے اختلاف کرنا شیوۂ اہلِ نظر ہو گیا ہے۔ لیکن شاید میں نے پہلی بار بتایا کہ آب حیات، کی اہم خصوصیات، مثلاً عبارت آرائی، واقعہ نگاری، مبالغہ یہ چیزیں انہوں نے تذکروں سے سیکھی ہیں اور اس سے بھی کسی کو انکار نہیں کہ آزاد قیاس کے گھوڑے دوڑاتے تھے لیکن میں نے جب لکھ دیا کہ آب حیات کا اہم ترین عیب اس کی انشا ہے، تو کوئی صاحب بپھر گئے اور دانستہ میرے جملے کا غلط مطلب نکالا کہ میں آزاد کی زبان پر اعتراض کر رہا ہوں۔ حالانکہ اگر آپ پوری عبارت پڑھیں تو میرا مطلب بالکل واضح ہے۔ دیکھئے:

"ان کی عبارت آرائی دو خامیوں کا سرچشمہ ہے۔ ایک تو یہ ہے کہ نقاد اپنے موضوع کو پسِ پشت ڈال کر الفاظ کے حسن اور عبارت کی رنگینی میں جا پھنستا ہے اور دوسری خامی یہ ہے کہ اس قسم کے اسلوب میں خیالات اور ان کے مختلف پہلوؤں کو صاف محکم اور منطقی طور پر بیان کرنا ناممکن ہو جاتا ہے۔ آب حیات میں یہ دونوں خامیاں موجود ہیں۔ انشاء کے لحاظ سے یہ بلند پایہ ہو۔ کم سے کم اس کی شہرت اور عام مقبولیت کا سبب اس کی انشا ہے لیکن اسی وجہ سے اس کی تنقیدی اہمیت کم ہو جاتی ہے۔" مطلب بالکل صاف ہے کہ آزاد کی زبان تنقید کی زبان نہیں اور بس۔ بہرکیف 'گل رعنا' اور شعر الہند کو میں سمجھتا ہوں کہ اقرار کرے یا نہ کرے کوئی ان دونوں کتابوں کو تنقیدی کارنامہ نہیں سمجھتا۔

یہ تو پرانے تذکرے تھے اور میں نے ان میں جو تنقید ملتی ہے اسے ایک جملے میں مجمل طور پر بیان کر دیا ہے "یہ لفظ صحیح نہیں یہ محاورہ غلط ہے۔ یہ بحر ناجائز ہے بس یہی پرانی تنقید کی بساط ہے۔" لیکن اردو تنقید کے جس حصہ کا شدید ردِ عمل ہوا، وہ حالی سے متعلق ہے۔ وجہ وہی ہے جو میں نے پہلے لیکچر میں بیان کی تھی۔ یعنی یہاں عقیدہ یہ ہے کہ خطائے بزرگاں گرفتن خطاست۔ حالی بھی بزرگان ادب میں ہیں اس لئے ان کے خلاف کچھ کہنا کفر ہے اور چونکہ میں اس کفر کا مرتکب ہوا مجھے زمرۂ مومنین سے خارج سمجھا گیا تو بات یہ ہے کہ میں نے حالی کی اسی قدر تعریف کی جس کے وہ مستحق تھے اور شاید اس سے زیادہ تعریف ان کے مداحوں نے بھی نہیں کی

اگر آپ کشت کاری کے اصول سے واقف نہیں، تو آپ کسان نہیں بن سکتے۔ اسی طرح اگر آپ اصول تنقید سے واقف نہیں تو آپ نقاد نہیں بن سکتے۔ اُردو میں اصولِ تنقید کی ترتیب و تشریح ابھی تک نہیں ہوئی ہے۔ میں نے بتایا ہے کہ تذکروں میں کیا ہے اور کیا نہیں ہے: (۱) شعراء کا ذکر باعتبار حروفِ تہجی ہے اس لئے پراگندگی لازمی نتیجہ ہے (۲) شعراء کی زندگی ناکافی ہے، اس میں بے جا اختصار ہے، کبھی کبھار شاعر کا صرف تخلص ہوتا ہے۔ (۳) شعراء کی شخصیت کی تعمیر بھی ناکامیاب اور ناکافی ہے۔ (۴) تنقیدی حصہ بھی نہ ہونے کے برابر ہے۔ بہت سے شعراء ایسے ہیں جن کے کلام پر رائے زنی نہیں ہوتی۔ ان اجزاء کے علاوہ ادبی، سیاسی، معاشرتی، نفسیاتی نکتے بھی ملتے ہیں اور شعراء سے متعلق کچھ دلچسپ واقعات بھی جن کی اہمیت ان ادبی، سیاسی، معاشرتی، نفسیاتی نکتوں سے زیادہ ہے۔ تذکروں کا ایسا تفصیلی تجزیہ پہلے کسی نے نہیں کیا تھا اور کوئی یہ بھی نہیں کہتا کہ جو اجزاء میں نے بتائے ہیں ان سے زیادہ یا کم اجزاء تذکروں میں پائے جاتے ہیں۔ پھر بھی گلہ ہے کہ میں نے تذکروں کے ساتھ انصاف نہیں کیا ہے۔ میں نے خاتمہ میں لکھا ہے:

"تذکرہ نویس تنقید، ادب، شاعری سے کوئی لگاؤ نہیں رکھتے تھے۔ وہ شاعر ہوتے تھے لیکن کبھی اپنے فن اور فن کے پیچیدہ مسائل پر غور و فکر نہیں کرتے تھے اور کبھی کبھار غور و فکر کرتے بھی تھے، تو غور و فکر کا کوئی روشن نتیجہ نہ ہوتا تھا اور ان کے پیشِ نظر چند اصول تو تھے لیکن یہ اصول بہت محدود تھے۔ زبان اور عروض سے متعلق تھے۔ شاعری سے نہیں۔ شعر کی تعریف، زبان کی صفائی، محاوروں کی چستی، بندشوں کی درستی سے متعلق ہوتی تھی۔ صنائع اور بدائع اچھے سمجھے جاتے تھے۔"

اسی صورتِ حال کی وجہ سے میں نے کہا تھا کہ "تذکرے بیاضیں ہیں، تنقیدیں نہیں۔ ان میں بہت کچھ خام مواد ہے۔ جس سے نقاد کام لے سکتا ہے۔ اُردو شاعروں کے احوال، نقطۂ نظر، طرزِ معاشرت وغیرہ سے متعلق بہت کچھ لکھ سکتا ہے اس لحاظ سے یہ تذکرے مفید ہیں۔ لیکن اس افادیت کی وجہ سے انہیں تنقیدی کارنامہ سمجھنا صحت سے دور ہے۔"

یعنی تذکرے تنقید نہیں، اُردو شاعری کی تاریخ کے لئے Source Material ہیں اور یہی ان کی اہمیت ہے اور یہی میں نے کہا ہے اور جو میں نے لکھا ہے، وہی دوسرے بھی لکھتے ہیں۔ دیکھئے اردو تنقید کا پانچواں باب جس کا عنوان ہے "غلطہائے مضامین" اور احتشام صاحب بھی جو تذکروں سے متعلق کہتے ہیں اس کا منطقی نتیجہ یہ ہے: اگر تذکروں کا تنقیدی حصہ بہت کم ہو اور تشنہ ہے اگر یہاں تک اصول تنقید کا ...

اس کی تشریح کرتے ہیں، وہ کہتے تو ہیں کہ سادگی اضافی ہوتی ہے۔ لیکن جو سادگی کا معیار پیش کرتے ہیں وہ ہے کہ "خیال کیسا ہی بلند اور دقیق ہو، مگر پیچیدہ اور ناہموار نہ ہو اور الفاظ جہاں تک ممکن ہو محاورہ اور روزمرہ کی بول چال کے قریب قریب ہوں جس قدر شعر کی ترکیب معمولی بول چال سے بعید ہوگی اسی قدر سادگی کے زیور سے معطل سمجھی جائے گی۔" وہ یہ سوال نہیں اٹھاتے کہ شاعری ہمیشہ ان کی تعریف کے مطابق simple نہیں ہوتی۔ بات یہ ہے کہ یہ simple ہوتی بھی ہے اور نہیں بھی ہوتی ہے۔ مثلاً ورڈزورتھ کی یہ سطریں:

Will no one tell me what she sings ?
Perhaps the plaintive numbers flow
For old, unhappy, far-off things
And battles long ago.
Or is it some more humble lay,
Familiar matter of today,
Some natural sorrow, loss or pain
That has been and may be again.

شیکسپیر کی یہ سطریں جب King Lear ٹریجڈی کے نقطۂ عروج پر کہتا ہے۔

Pray you, undo this button. Thank you sir

ملٹن کی نظم Comus سے Comus کی مشہور تقریر کی یہ سطریں لیجئے جس میں وہ Lady اپنے دام تزویر میں پھنسانا چاہتا ہے۔

Wherefore did Nature poure her bounties forth
With such a full and unwithdrawing hand,
Covering the earth with odours, fruits and flocks
Thronging the seas with spawn innumerable
But all to please and sate the curious taste

سے دیکھئے :

"اردو تنقید کی ابتدا حالی سے ہوتی ہے ۔۔۔ حالی نے سب سے پہلے جزئیات سے قطع نظر
بنیادی اصول پر غور و فکر کیا۔ شعر و شاعری کی ماہیت پر کچھ روشنی ڈالی اور مغربی خیالات سے استفادہ
کیا۔ اپنے ماحول میں حالی نے جو کچھ کیا وہ بہت تعریف کی بات ہے۔ وہ اردو تنقید کے بانی بھی ہیں اور اردو
بہترین نقاد بھی۔ ان کی تاریخی اہمیت اظہر من الشمس ہے۔ ان کی نثر بلند پایہ ہے۔ ان کا خلوص زبردست۔

اور دیکھئے : "ان کا کارنامہ یہی ہے کہ وہ تا مقدور مغربی ادب سے استفادہ کرنے میں منہمک
ہو گئے اور جو کچھ اچھا یا برا، تھوڑا یا بہت انہوں نے سیکھا اس کو شرح و بسط کے ساتھ بیان کیا اور اس
روشنی میں اردو شاعری کو دیکھا اور اردو شاعری میں جو خامیاں نظر آئیں انہیں دور کرنا چاہا۔ یعنی جو بات
لوگ چاہتے تھے اور کہتے تھے اس کو انہوں نے عملی طور پر کر دکھایا اور یہی ان کی اہمیت ہے اور کسی میں یہ سکت
تھی کہ وہ ان باتوں کو اس تفصیل کے ساتھ بیان کرے اور ان کو اردو شاعری پر منطبق کرے" اور سنئے :

"دوسری بات یہ ہے کہ وہ کام کی باتیں کام کی زبان میں کرتے ہیں۔ حالی نے صاف اور سادہ طرز ادا ایجاد کیا
لیکن اس طرز میں بے رنگی نہیں، پھیکا پن نہیں۔ اس میں ایک لطافت ہے، ایک جاذبیت ہے، ایک
ہے اور پھر یہ تنقیدی مسئلوں پر بحث کرنے کے لئے موزوں بھی ہے ۔۔۔ حالی کی یہی خصوصیت ہے کہ انہوں
نے نثر کو اپنایا، یا اس میں کوشش کی کہ جو کچھ لطف ہو وہ صرف مضمون کے ادا کرنے میں ہو۔ جو اپنے دل میں ہو
دوسروں کے دل میں پڑے تاکہ دل سے نکلے اور دل میں بیٹھے۔ اور پھر اس نثر کو انفرادی خصوصیتیں عطا کیں اور
انفرادی رنگ میں جو کچھ وہ کہنا چاہتے تھے، اسے حسن و خوبی کے ساتھ ادا کیا اور یہی ان کی نثر کی ادبی اہمیت ہے"

شاید بیشتر حضرات کو تعجب ہوگا کہ میں نے یہ باتیں بھی کہی ہیں۔ لیکن یہ ساری باتیں اردو تنقید میں موجود
ہیں لیکن قارئین کی نظروں میں تو صرف ایک جملہ گھومتا ہے اور وہ یہ ہے : "خیالات ماخوذ، واقفیت محدود، نظر
سطحی، فہم و ادراک معمولی، غور و فکر ادنیٰ، دماغ و شخصیت اوسط یہ تھی حالی کی کائنات" اسی ایک جملے
سے قارئین اس قدر برہم ہو جاتے ہیں کہ وہ اور کسی بات کو سننے اور سمجھنے کے لئے تیار ہی نہیں ہوتے
اگر جو کچھ میں نے حالی سے متعلق لکھا ہے، اسے آپ غور سے پڑھیں، تو آپ بھی اس نتیجہ پر پہنچیں گے۔ ایک مثال
سے یہ بات واضح ہو جائے گی۔ حالی ملٹن کا قول نقل کرتے ہیں :

Poetry should be simple, sensuous and passionate

"آزاد و حالی کی کچھ مجبوریاں اور معذوریاں ہیں، وہ مغرب سے متاثر ہونے کے باوجود آگے بہت دور تک نہیں جاتے، کچھ تو اس لئے کہ ان کو شعری اصول تنقید سے واقفیت بہت کم ہے۔ کچھ اس لئے کہ وہ زندگی کے کسی شعبے میں بھی معمولی اصطلاحات سے آگے بڑھنا نہیں چاہتے تھے۔ آزاد تو بزرگوں کا ادب اس حد تک کرنا چاہتے تھے کہ جب ان کی خامیاں نکالنے کا وقت آتا تو ان کی زبان گنگ ہو جاتی تھی اور حالی پر ایک اخلاقی نقطۂ نظر اس طرح مسلط تھا کہ وہ کسی قیمت پر اس سے دستبردار ہونے کو تیار نہ تھے بلکہ شاید یوں کہنا بہتر ہوگا کہ انہوں نے شعر کی حسین دیوی کو اخلاق کی چٹان سے باندھ رکھا تھا اسی طرح (وہ) عملی تنقید کی طرف متوجہ ہوئے اور اپنے اپنے انداز میں انہوں نے مختلف شعرا کے کلام کا تجزیہ کیا حالانکہ سوا معمولی اشاروں کے کہیں بھی یہ شعرا کے خیالات کی بنیادوں یا شعور کے سرچشموں تک نہ پہنچ سکے اور نہ اسے واضح شکل میں زندگی کے میلانات سے متعلق کر سکے۔ تجزیہ کی یہ کمی ان علوم سے ناواقفیت یا سطحی واقفیت کی غمازی کرتی ہے تنقید میں جن کی ضرورت ہے۔"

میں ساری باتیں نقل کر کے آپ کا وقت برباد کرنا نہیں چاہتا لیکن جیسا کہ میں نے اردو تنقید میں لکھا ہے۔ احتشام صاحب کی باتوں کا ماحصل یہ ہے:

"آزاد، حالی، شبلی، مغربی اصولی تنقید سے واقفیت بہت کم رکھتے تھے۔ سوا معمولی اشاروں کے کہیں بھی یہ شعراء کے خیالات کی بنیادوں یا شعور کے سرچشموں تک نہیں پہنچ سکے۔ وہ ان علوم سے ناواقف تھے جن کی تنقید میں ضرورت پڑتی ہے۔ دوسرے نقادوں نے بھی ایسے اصول نہیں بتلائے جو شمع راہ بن سکیں یا جنہیں آگے بڑھنے کے لئے بنیاد بنایا جا سکے۔ سب اپنی اپنی جگہ پر چھوٹی یا بڑی چمکتی ہوئی چنگاریاں ہیں، جو شعلہ نہیں بنتیں۔ بعض باتوں کی طرف معمولی اشارے اور بات ہے اور مکمل یا واضح تجزیہ اور استدلال کی کسوٹی پر پورا اترنے والا تنقیدی نقطۂ نظر دوسری بات۔ اگر یہ سب باتیں صحیح ہیں تو کیا یہ کہنا ہٹ دھرمی نہیں کہ اردو تنقید کی ابتدا گذشتہ انیسویں صدی کے آخر اور بیسویں صدی کے ابتدائی حصے میں ہوئی۔ ان باتوں سے ایک ہی نتیجہ نکل سکتا ہے جدید تنقید میں معمولی اشارے البتہ ملتے ہیں لیکن استدلال کی کسوٹی پر اترنے والا تنقیدی نقطۂ نظر نہیں ملتا اور مکمل نقد واضح اور استدلال کی کسوٹی پر پورے اترنے والے اصول تنقید بھی نہیں ملتے یعنی اردو میں تنقید مشتق کا مبہم کرے ہے۔

And set to work millions of spinning worms
That in their green shop weave the smooth-haired silk
To deck her sons; and that no corner might
Be vacant of her plenty, in her own loins
She hutched the all worshipped ore and precious gems
To store her children with.

اس پر simple کا اطلاق نہیں ہوتا اور اگر حالی ان سطروں یا ان جیسی سطروں سے واقف ہوتے تو انہیں sensuous کے معنی سمجھنے میں کوئی دشواری نہ ہوتی اور وہ اس کا ترجمہ اصلیت نہ کرتے۔ اس کا مفہوم حسی یا حسیاتی ہے یعنی حواس خمسہ کی تیزی ہے۔ اردگرد کی چیزوں سے اثر پذیری کا نتیجہ ہے۔ جو اس مثال میں واضح طور پر موجود ہے۔

یہ ایک مختصر اقتباس ہے۔ لیکن اسے آپ خود سے پڑھیں، تو آپ پر sensuous کے معنی واضح ہو جائیں گے۔ جو حالی پر واضح نہیں تھے۔ یہ spawn یہ odours 'fruits and flock' اور خصوصاً innumerable

millions of spinning worms

That in their green shop weave the smooth-haired silk

tactile image جسے انگریزی میں smooth haired silk کہتے ہیں۔ اور ان سب کے علاوہ سونا اور جواہرات۔ غرض ان سطروں میں آپ کے حواس خمسہ کی انگیزش اور تشفی کے سارے سامان موجود ہیں اور ملٹن کی sensuous سے یہی مراد تھی اصلیت نہیں۔ اس کے علاوہ ان سطروں کو آپ simple بھی نہیں کہہ سکتے ورنہ simple کے لئے نئے معانی وضع کرنے ہوں گے۔
پھر اگر کہا جائے کہ حالی کے خیالات ماخوذ تھے، واقفیت محدود تھی۔ کیونکہ انہوں نے کسی سے ملٹن کا یہ جملہ تو سن لیا تھا، لیکن ملٹن کی نظموں تک ان کی رسائی نہیں تھی۔ نظر سطحی تھی وہ سنی سنائی باتوں کی سطح پر پھسلتی تھی ان کی تہوں کو ٹٹول نہیں سکتی تھی۔ فہم و ادراک معمولی اور غور و فکر ادنیٰ سے تھے ورنہ تہہ دار باتیں کہتے اور جو باتیں میں نے کہی ہیں وہی باتیں احتشام صاحب نے بھی آزاد و حالی کے متعلق کہی ہیں سنئے :

ہوں۔ میری تنقید تخریبی ہوتی ہے وغیرہ وغیرہ۔

ترقی پسند تحریک اور ترقی پسند نقادوں پر میں نے قدرے تفصیل سے کام لیا۔ یہ اس لئے کہ اس وقت ترقی پسند تحریک عروج پر تھی اور اس نے ہندوستان میں اودھم مچا رکھا تھا۔ اردو شاعری میں میں نے ترقی پسند نظموں کا مفصل جائزہ لیا تھا اور اس نتیجہ پر پہنچا تھا کہ ان میں چیخ پکار، نعرہ بازی، پروپگنڈا زیادہ اور شاعری کم ہے۔ اردو تنقید میں میں نے ان کے نظریوں کا جائزہ لیا اور ان کے کھوکھلے پن کو واضح کیا۔ اس پر ترقی پسند قسم کے لوگ برافروختہ تو بہت ہوئے لیکن کسی نے مفصل اور مدلل جواب دینے کی ضرورت نہ سمجھی اور میں سمجھتا ہوں کہ عام طور پر میری تنقید کو پسند کی نگاہوں سے دیکھا گیا۔ خصوصًا محمد احسن فاروقی نے اس باب کی تعریف کی، جس میں میں نے ترقی پسند تحریک سے بحث کی تھی اور کہا:

"وہ زمانہ دور نہیں جب کلیم الدین احمد صاحب کی رایوں کو مشاہدہ حرف بحرف ثابت کر دے گا۔"

اور بھی لوگوں نے اتفاق ظاہر کیا۔ بہرکیف میں نے ترقی پسند تحریک کے علاوہ کچھ ترقی پسند نقادوں پر بھی لکھا اور جو کچھ میں نے لکھا اس کا بظاہر ردعمل زیادہ نہیں ہوا شاید اس لئے میری باتیں زیادہ قارئین کے لئے قابل قبول تھیں۔ جن نقادوں پر میں نے لکھا تھا انہوں نے بھی جواب دینے کی ضرورت نہ سمجھی شاید اس لئے کہ جو کچھ میں نے لکھا تھا وہ ہرزہ سرائی تھی یا شاید اس لئے کہ مفصل اور مدلل اور منطقی جواب دینا ان کے بس کی بات نہ تھی۔ البتہ احتشام صاحب کا ردعمل ہوا۔ ہونا بھی واجب تھا۔ کیونکہ میں نے ان پر نسبتاً زیادہ لکھا تھا۔ کیونکہ میں انہیں ترقی پسند نقادوں کی صف میں زیادہ اہم سمجھتا تھا۔ لیکن یہ ردعمل سخت برہمی سے زیادہ نہ تھا، وہ لکھتے ہیں:

"میری تنقیدات پر سب سے زیادہ مفصل تنقید پروفیسر کلیم الدین احمد کی ہے۔ اپنے طنزیہ اور تحقیر آمیز انداز کی وجہ سے وہ بہت جلد اپنی طرف متوجہ کر لیتی ہے۔ کلیم الدین احمد نے جو کچھ میری تنقیدوں کے متعلق ارشاد فرمایا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ میں نے جو کچھ لکھا ہے وہ مارکس کا عطیہ ہے میرے پاس کہنے کو خود کچھ نہیں۔۔۔ مجھے صرف اتنا کہنا ہے کہ اگر یہ سارے الزامات صحیح ہیں اور میری تحریروں سے یہی نتیجہ نکلتا ہے، تو مجھے لکھنا پڑھنا چھوڑ کر کوئی اور کام سنبھالنا چاہیئے۔ لیکن ان کی ساری کتابیں اور سارے مضامین کچھ سیکھنے کے لئے اور اپنی اصلاح کرنے کے لئے بار بار پڑھتا ہوں، تو مجھے محسوس ہوتا ہے کہ ہم دونوں کی تخلیق بالکل دو طرح ہوئی ہے اور ہم کبھی ایک دوسرے سے ادبی مسائل کے متعلق متفق نہیں ہو سکیں گے۔ کچھ تسکین اس بات

کیا ہے۔ تاثراتی تنقید کی انگریزی میں ایک مشہور مثال Walter Pater کی ہے جس نے Leonardo da Vinci کی مشہور تصویر La Gioconda پر اپنے تاثرات بیان کیے تھے۔ کچھ جملے آپ بھی سنئے:

She is older than the rocks among which she sits; like the vampire, she has been dead many times, and learned the secrets of the grave; and has been a diver in deep seas, and keeps their fallen day about her, and trafficked for strange webs with eastern merchants and as Leda, was the mother of Helen of Troy, and as Saint Anne, the mother of Mary; and all this has been to her but as the sound of lyres and flutes, and lives only in the delicacy with which it has moulded the changing lineaments and tinged the eyelids and the hands.

یہ تنقید نہیں۔ اس سے صرف یہ معلوم ہوتا ہے کہ Pater اس تصویر سے متاثر ہوا تھا اور اس تصویر میں اس نے اپنے معانی پہنائے جن کا شاید وہم و گمان بھی مصور کو نہ ہوا ہوگا۔ یہی حال فراق اور حسن عسکری کا ہے وہ تنقیدیں نہیں کرتے اپنے تاثرات بیان کرتے ہیں اور ظاہر ہے کہ یہ تاثرات کچھ بھی ہو سکتے ہیں متعلق بھی اور غیر متعلق بھی اور ان کا جواز صرف ان کی شخصیت کے عناصر میں پایا جا سکتا ہے، یا لکھتے وقت وہ کس mood میں تھے۔ ظاہر ہے کہ اگر mood بدل جائے تو پھر رد عمل بھی بدل جائے گا اور جو چیز پہلے بھلی لگتی تھی وہ بری لگنے لگے گی۔ بہرکیف میں نے جو کچھ ان دونوں سے متعلق کہا اس کا شدید رد عمل ہوا۔ شاید اس وجہ سے کہ فراق زیادہ مشہور شاعر کی حیثیت سے ہیں نقاد کی حیثیت سے نہیں۔ رہے حسن عسکری تو ان کا کیا رد عمل ہوا اس کا مجھے علم نہیں۔ یوں عام طور سے یہ بات مزید کہی گئی کہ میں ہر شخص کا تمسخر کرتا

کا ذکر کیا گیا ہے۔ مختصراً یہ ان پر مبنی ہے۔"

۳۔ ذرائع پیداوار اور انسانی شعور کے عمل اور ردعمل سے زندگی آگے بڑھتی ہے۔

۴۔ لینن نے کہا ہے کہ طبقاتی شعور جبلی یا پیدائشی نہیں ہوتا بلکہ حاصل کیا جاتا ہے۔

۵۔ حقیقت کو اس کی مختلف شکلوں میں پہچاننے کے لئے ہر افسانے کے مواد کا مطالعہ سماجی معاشی رجحانات، طبقاتی تضاد اور جدلیت کی روشنی میں کرنا چاہیئے۔

۶۔ مادی انقلاب کے بغیر تہذیب کی قدریں نہیں بدلتیں۔

یہ مارکسی خیالات نہیں ہیں تو اور کیا ہیں اور یہ تو صرف ایک مثال تھی۔ اس قسم کی بہت سی مثالیں میں نے پیش کی تھیں۔ میری باتیں باد ہوائی نہ تھیں اور صرف احتشام صاحب ہی نہیں سب اسی مارکسی رنگ میں رنگے ہوئے ہیں۔ ایک رنگریز تھا اس کے پاس جب کوئی ساڑی رنگوانے کے لئے لے جاتا تو وہ کہتا اعوا رنگ بہت اچھا ہوتا ہے اور اسی رنگ میں ساڑیوں کو رنگ دیتا۔ تو ترقی پسند تنقید کا بھی ایک اعوا رنگ ہے۔

اب رہے سرور صاحب، تو میں انہیں بالقوہ سب نقادوں سے بہتر سمجھتا تھا۔ پھر وہ مشرقی ادب اور مغربی ادب پر عبور رکھتے ہیں۔ ان کو وہ وسعت نظر ہے جو آزاد، شبلی، حالی، عبدالحق کو میسر نہ تھی۔ اردو تنقید کو کیا کچھ نہ دے سکتے تھے، لیکن انہوں نے اس کی طرف وہ توجہ نہ کی جس کی یہ مستحق تھی۔ میں نے سرور صاحب پر بہت تفصیل سے لکھا تھا اور جو summing میں نے کی تھی وہ آج بھی ان پر صادق آتی ہے۔ سنئے:

"سرور صاحب غور و فکر کرتے ہیں لیکن غور و فکر سے سر میں درد ہونے لگتا ہے۔ وہ خیالات کی لطیف پھوار چاہتے ہیں۔ خیالات کی گولہ باری کو ایٹم بم کے زمانے میں برداشت نہیں کر سکتے ۔۔۔ وہ بھونرے کی طرح ہر پھول پر منڈلاتے ہیں لیکن پھول کے رس سے شہد نہیں بناتے۔ وہ دسترخوان کی مکھی ہیں شہد کی مکھی نہیں۔ ان کی تنقید میں خیال نہیں خیالوں کا رنگین غبار ہے۔ وہ شرافت اور مروت کا پہلے خیال کرتے ہیں اور بعد میں ادب کا۔ وہ ادب پر طائرانہ نظر ڈالتے ہیں، جزئیات پر زیادہ توجہ نہیں کرتے اور جزئیات سے زیادہ دلچسپی نہیں رکھتے۔ وہ جوش پر جوشِ بیان کو ترجیح دیتے ہیں۔ ان کا طرز بھی کام کی بات کا نہیں مزے کی بات کا ہے۔ کہیں کہیں ان کی تحریروں میں ابہام پیدا ہو جاتا ہے اور الفاظ کے طلسم میں حقیقت کا پہچاننا مشکل ہو جاتا ہے۔ ان کے اسلوب میں بھی ایک خاص شوخی ہے، اس میں خشکی بالکل نہیں

سے بھی ہوتی ہے کہ جن کی کسوٹی پر میر، غالب، سودا، مومن، جوش، فیض، فراق، کلیات حالی، شبلی، مجنوں، سردار سب ناقص ٹھہرتے ہیں ممکن ہے کہ اس کی کسوٹی ہی میں کوئی خرابی ہو اور اس نے لکھنے والے کے مافی الضمیر کو ہی سمجھنے کی کوشش نہ کی ہو یا نفسیاتی طور پر وہ ایک ایسی شخصیت رکھتا ہو جو متوازن اور صحت مند نہیں ہے بلکہ احساس برتری یا کمتری نے اسے مریض بنا دیا ہے۔ اس لئے خاص طور پر ان الزامات یا اعتراضات کا جواب دینے کی ضرورت نہیں محسوس ہوتی۔"

یہ بھی ظاہر ہے لیکن میں نے احتشام صاحب کی تنقیدوں کو حرف بہ حرف پڑھ کر اپنا مضمون لکھا تھا اور جو باتیں میں نے لکھی تھیں ان کے ثبوت میں ان کی تحریروں سے اقتباسات پیش کئے تھے اور ان اقتباسات سے جو نتیجہ نکلتا تھا وہی نکالا تھا ان میں اپنے معانی نہیں پروئے تھے۔ وہ خاص طور سے ان الزامات یا اعتراضات کا جواب دینے کی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔ کیونکہ ان کے خیال میں میری شخصیت متوازن اور صحت مند نہیں ہے بلکہ احساس برتری یا کمتری نے اسے مریض بنا دیا ہے۔ جو "جواب" احتشام صاحب نے دیا ہے وہی جواب سارے نقاد دیتے ہیں، کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ اس طرح وہ اپنی ذمہ داری سے آسانی سے عہدہ برآ ہو سکتے ہیں۔ انہیں point by point میری ہر بات کو پڑھنے، اس کو سمجھنے، اس پر غور و فکر کرنے اور پھر اسی طرح point wise جواب دینے کی زحمت اٹھانی نہیں پڑے گی۔

احتشام صاحب کہتے ہیں کہ جو کچھ میں نے کہا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ انہوں نے جو کچھ لکھا ہے وہ مارکس کا عطیہ ہے ان کے پاس کہنے کو خود کچھ نہیں؛ میں نے لکھا تھا: وہ جو کچھ کہتے ہیں مارکس کی زبان سے کہتے ہیں، جو کچھ دیکھتے ہیں مارکس کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ اس کے بعد میں نے بلا تخصیص چھ مثالیں ان کی تحریروں سے پیش کی تھیں، وہ یہ تھیں:

۱۔ "زندگی کے بھیدوں کو سمجھنے کی طاقت اور انہیں فاش کرنے کا یقین اس وقت پیدا ہوتا ہے جب انسان شعوری طور پر سماج کی رفتار ارتقا اور فلسفۂ تغیر سے واقف ہو، مارکس کے فلسفے اور دوسرے فلسفیوں کے افکار میں ایک امتیازی فرق یہ ہے کہ اور لوگ فلسفے کی مدد سے محض دنیا کو سمجھنا چاہتے ہیں اور مارکس اس کی مدد سے دنیا کو بدلنا چاہتا ہے۔"

۲۔ "جس فلسفے نے کل طور پر دونوں کو الگ کر دیا ہے اور تغیر کا ایسا مادی اور سائنٹفک نظریہ پیش کیا ہے جس سے ہر جگہ ان کی شکلیں پہچانی جا سکیں، وہ مارکسزم ہے۔ اس وقت تک جس ادبی نقطۂ نظر

طرف وہ التفات نہیں جس کی یہ اپنی اہمیت کی وجہ سے مستحق ہے۔ شاعری کی کیا اہمیت ہے؟ اس کا انسان کے مختلف داخلی، دلی، روحانی، جسمانی اعمال سے کیا تعلق ہے؟ یہ کسی ذی شعور اور ذکی الطبع فرد کی زندگی میں کیا مرتبہ رکھتی ہے؟ ان مباحث پر کہیں صاف اور عمیق خیالات کا اظہار نہیں دستیاب ہوتا۔ خیالات اگر ملتے ہیں تو مثل زلف شام تاریک، جو عموماً مستعار لئے گئے ہیں اور بغیر توازن و تفرقہ یکجا بہم کر دیئے گئے ہیں۔ تنقید کی محیط و غائر نظر سے انہیں پرکھ سکے، اتنی بھی امید افزا صلاحیت کہیں رونما نہیں ہوتی۔ پھر وہ کہتے ہیں۔ یہ اردو کے نقاد کی ان سوالات کی بابت رایوں کی نہایت ہی صحیح تصویر ہے۔ پھر کلیم الدین صاحب مختصر طریقے پر ان سوالات کا جواب ایسا صحیح و صاف دیتے ہیں ویسا اردو میں کہیں اور نہیں ملتا۔ اس کے بعد وہ ایک لمبا اقتباس اردو شاعری سے پیش کرتے ہیں۔ آپ اسے اردو شاعری میں دیکھ سکتے ہیں۔ اس لئے میں اسے یہاں دہرانا نہیں چاہتا۔ اس کے بعد وہ کہتے ہیں "اس مختصر مگر جامع و واضح بیان کو پڑھ کر یہ محسوس ہوتا ہے کہ جن باتوں کو پیش کرنے میں آزاد، حالی، شبلی اور انگریزی کتابوں کا آنادگر مبہم ترجمہ کرنے والے مطلبین صفحوں پر صفحے سیاہ کر گئے یا کرتے ہیں ان کا منظر یہ ہے اور اس کو ایک سچا معلم ادب اس طرح پیش کر سکتا ہے اسی طرح وہ شاعر کی فطرت اور شاعری کے فن کو بھی واضح کرتے ہیں۔ اس لئے اردو شاعری پر ایک نظر کا باب (۱) اردو تنقید نگاری میں اپنا مثل نہیں رکھتا۔ اس کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے نظریئے پر جو کچھ اردو میں لکھا گیا ہے وہ مضحکہ خیز معلوم ہونے لگتا ہے"۔

کہنے کا مقصد یہ ہے کہ اردو شاعری میں صرف تجزیاتی تنقید ہی نہیں بلکہ اصولی باتیں بھی ہیں۔ وہ مشعر ہی ہیں۔ اس طرح اردو تنقید میں بھی میں نے صرف دوسروں پر منفی تنقید نہیں کی ہے بلکہ کچھ اصولی باتیں بھی کہی ہیں۔ پھر محمد احسن فاروقی کی زبان میں:

اسی طرح تنقید کی ماہیت اور اہمیت کے بارے میں بھی سارے معلمین نے طومار باندھ رکھا ہے۔ اس سب کو چھانٹ کر کلیم الدین صاحب اردو تنقید پر ایک نظر میں مختصر طور پر بنیادی باتیں صاف کر کے رکھ دیتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں "مصنف کے مقصد کو سمجھنا، اس کے کارنامے کی قدر و قیمت کا اندازہ لگانا، پھر یہ دیکھنا کہ حصول مدعا میں اسے کہاں تک کامیابی حاصل ہوئی ان چیزوں کی طرف جو اصل تنقید ہیں کسی کا خیال بھی نہیں جاتا۔ سبحان اللہ ایک طرف تو استغفراللہ دوسری طرف بس یہی اردو تنقید کی بساط ہے اور پھر وہ تبلیغ ہی کا عمل ہے تنقید کیا ہے۔ تنقید کوئی کھیل نہیں جسے ہر شخص بآسانی کھیل سکے۔ یہ ایک فن ہے، ایک

پتہ نہیں بلاغت بھی ہے اور شاعرانہ لطف و انبساط بھی۔ وہ یقین اور بے یقینی کے درمیان ڈانواں ڈول ہوتے رہتے ہیں۔ تنقید کی آتشِ نمرود کا نظارہ دُور سے کرتے ہیں، اس میں بے خطر کود نہیں پڑتے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے لئے آگ گلزار نہیں بن جاتی۔"

سرور صاحب میری باتوں سے برہم نہیں ہوئے۔ کم از کم کبھی برہمی کا اظہار نہیں کیا۔ لکھا تو یہ لکھا، ہرچہ از دوست می رسد نیکوست۔ البتہ کبھی ان کو میری تنقید گلستاں میں کانٹوں کی تلاش نظر آئی اور کبھی ان کے خیال میں میری تیشہ زنی نے ایک قصر کو کھنڈر بنا دیا لیکن وہ یہ بھی لکھتے ہیں: "اردو تنقید میں کلیم الدین کی ایک خاص اہمیت ہے اور انہیں محض مغرب کا اندھا مقلد اور مارکسی تنقید کا کٹر مخالف کہہ کر ٹالا نہیں جا سکتا۔ کلیم الدین ایف آر لیوس کے شاگرد ہیں۔ لیوس کی طرح ان کے یہاں ادب کے ایک انسانی اور اخلاقی پہلو سے گہری شیفتگی ہے۔ ان کے یہاں Scrutiny کی close study یعنی گہرے اور غائر مطالعے کی روایت ہے اور اس کے ساتھ ایک ادعائیت اور بت شکنی بھی ہے، جو بعض اوقات ناگوار بھی ہوتی ہے لیکن ان کی انتہا پسندی سے چڑنے کے بجائے اگر ان کا سنجیدگی سے مطالعہ کیا جائے تو عالمی معیاروں کے مطابق ان کی اردو ادب کو پرکھنے کی کوشش مستحسن ہے۔"

بہرکیف میں نے اردو تنقید میں یہ دکھانے کی کوشش کی کہ اردو تنقید کی کیا بساط ہے اور اس میں کیا کمی ہے۔ کمی سب سے بڑی اس بات کی تھی کہ اس میں اصول کی تدوین نہیں تھی، اصولی باتیں کم تھیں اور جو تھیں وہ تشفی بخش نہیں تھیں۔ میں نے اپنی کتابوں میں تجزیاتی تنقید کے علاوہ برابر اصولی باتیں بھی کیں، کہیں تفصیل سے تو کہیں اختصار سے لیکن کیں ضرور اور جو کچھ عملی تنقید میں نے کی ان کے پیچھے چند واضح اصول کارفرما تھے۔ یہ محض باتیں نہ تھیں۔ دل خوش کن یا دل آزار بلکہ تفصیلی تجزیے تھے، پرکھ تھی، علامتیں تھے اور یہ سب کچھ بغیر اصول کے ناممکن تھا۔ محمد احسن فاروقی نے لکھا ہے: 'اردو شاعری پر ایک نظر' کے پہلے باب میں شاعری کی حقیقت، ضرورت، ماہیت، وغیرہ پر اختصار کے ساتھ جو کچھ کہا گیا ہے وہ اردو تنقید میں اہم اضافہ ہے۔ وہ پھر لکھتے ہیں: پروفیسر کلیم الدین اپنی تنقیدوں میں بنیادی امور پر بہت زور دیتے ہیں۔ مثلاً شاعری کی بابت کچھ سوالات حالی نے اٹھائے تھے اور ان کا جواب وہ کم علمی کی وجہ سے مبہم دے گئے ہیں۔ ان امور پر اب تک لوگ نہ معلوم کیا کیا لکھتے رہے ہیں۔ کلیم الدین صاحب نے اختصار کے ساتھ تمام باتوں کو 'اردو شاعری پر ایک نظر' کے پہلے باب میں ایسا صاف کر دیا ہے کہ شاعری کی ہندوستان میں [illegible] نہیں۔ ان کی

یاد ہوگا کہ اس سے پہلے حصے میں میں نے Eliot کے اس جملہ criticism is as inevitable as breathing کی تشریح کی تھی اور اس کی اہمیت بتائی تھی اور یہ بھی کہا تھا کہ شاید خود الیٹ کو اس جملہ کی معنی خیزی سے پوری واقفیت نہیں تھی۔ اس پر احتشام صاحب نے اپنی برہمی ظاہر کی تھی اور کہا تھا کہ میں نے خواہ مخواہ اس معمولی سے جملے میں اپنے معانی پرو دیئے ہیں۔ اور اب کوئی صاحب یہ بتا کر فخر محسوس کرتے ہیں کہ Eliot سے بہت پہلے Dryden نے کہا تھا To breathe is to criticise جیسے یہ کوئی revelation ہو۔ لیکن بات یہ ہے کہ نہ تو ڈرائیڈن اور نہ الیٹ نے اس بات کی وضاحت کی اور جو باتیں میں نے کہی ہیں وہ بالکل نئی ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ آپ ان باتوں سے متفق نہ ہوں یا آپ انہیں لغو سمجھیں لیکن یہ تو آپ کو ماننا پڑے گا کہ یہ باتیں میں نے نکالی ہیں۔ ان کی خبر نہ تو ڈرائیڈن کو تھی اور نہ الیٹ کو تھی۔ اس کے علاوہ اس مضمون میں کئی حصے ہیں جن میں تنقید اور تعلیم، تنقید اور دماغی صحت، تنقید اور کلچر وغیرہ پر پہلی بار روشنی ڈالی گئی ہے اور یہ ساری باتیں نظریاتی ہیں، اصولی ہیں اور مجھے کہنے دیجئے کہ اردو تنقید کے لئے بالکل نئی ہیں۔ بات یہ ہے کہ میرا ارادہ فنِ تنقید پر ایک کتاب لکھنے کا تھا اور تنقید کیا ہے اس کتاب کا مقدمہ ہوتا۔ اصل موضوع پر آنے سے پہلے میں یہ بھی کہہ دوں کہ ایک اور تعمیری کام جو میں نے کیا وہ معیار میں تبصرہ کا نمونہ پیش کر کے۔ یہ نہیں کہ میں نے تبصرہ لکھنے کی ابتدا کی۔ لیکن پہلے تبصرے جو لکھے جاتے تھے وہ عموماً یا تو تقریظ ہوتے یا تنقیص یا کچھ گول قسم کے بیانات۔ میں نے پہلی بار یہ بتانے کی کوشش کی کہ تبصرہ بھی تنقید کی ایک شاخ ہے جو پڑھ کے لکھا جائے وہی تبصرہ ہے۔ جو غور و فکر کے بعد لکھا جائے وہی تبصرہ ہے۔ جس میں زیرِ نظر تصنیف کا تنقیدی تجزیہ ہے، وہی تبصرہ ہے، جس میں تصنیف کی جانچ پرکھ ہے، اس کی خوبیوں یا خامیوں کے متعلق فیصلہ ہے وہی تبصرہ ہے۔ چار تبصرے کافی اہمیت رکھتے ہیں۔ پہلا تبصرہ تھا پنڈت کیفی کی مثنوی 'جگ بیتی' پر۔ دوسرا عظمت اللہ خان کی کتاب 'سریلے بول' پر۔ تیسرا فراق کی مشہور کتاب 'اردو کی عشقیہ شاعری' پر اور چوتھا آصف علی صاحب کی 'پرچھائیں' پر۔ انہیں پڑھنے کے بعد معلوم ہوگا کہ تبصرہ بھی ایک فن اور مشکل فن ہے۔ 'نغمہائے گفتنی' کے ان حصوں کے بعد میں ایک تحریر کا ذکر کروں۔ ابھی بیگم صالحہ عابد حسین کی دعوت پر میں نے سیدین میموریل لیکچرز دیئے تھے۔ وہ لیکچر نئے۔ پہلا لیکچر نظریوں سے متعلق تھا جیسا کہ آپ جانتے ہیں الیٹ نے کہا ہے کہ ادبی تنقید کی دو حدیں ہیں [illegible]

مثالی بصیرت ایک فن ہی نہیں بلکہ ایک مشکل ترین فن ہے جس کی طرح اس کے بھی اصول و ضوابط اور اغراض و مقاصد ہیں۔ ادب و زندگی میں اس کی مخصوص اور قیمتی جگہ بھی ہے اسی لئے ہر شخص ایک نقاد کے فرائض کو انجام نہیں دے سکتا ہے نقاد شاعر و انشا پرداز کی طرح چند مخصوص اوصاف کا حامل ہوتا ہے جو اسے عوام سے ممیز کرتے ہیں۔ اسے فن تنقید کے ہر پہلو سے واقفیت ہوتی ہے۔ شاعر کی طرح وہ بھی ایک لطیف قوت حاسہ کا مالک ہوتا ہے اس کی نظر وسیع ہوتی ہے۔ وسعت نظر کا صرف یہ مفہوم نہیں کہ وہ بہترین ادبی کارناموں یا مختلف زبانوں کے ادب سے واقف ہو امر ضروری یہ بھی ہے کہ وہ جو کچھ بھی پڑھے اس سے متاثر ہونے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ اپنے تاثرات کو محفوظ رکھ سکے اور انہیں دوسرے تاثرات کے ساتھ ترتیب دے کر ایک مرتب و مرکب نقش کامل تیار کر سکے۔ نقاد میں یہ طاقت ہوتی ہے کہ وہ شاعر کے دماغ میں سما کر اس کے تجربے کے ہر عنصر کو سمجھ سکتا ہو اور خود سمجھ کر دوسروں کو سمجھا بھی سکتا ہو۔ وہ اس کے تجربے کی قدر و قیمت کا اعلان کرتا ہے اور اس سلسلے میں اپنے ذاتی خیالات، جذبات اور رجحانات کو وقتی طور پر فراموش کر دیتا ہے۔ اس کے علاوہ وہ کہتے ہیں کہ یہاں بھی ایسی بات بتائی گئی ہے جس کو جانے بغیر تنقید نگاری کرنا کفر ہے۔ تنقید کی ماہیت کو سمجھنے اور سمجھانے کی کوشش ہمارے پرانے انشا پردازوں نے نہیں کی۔ دور جدید میں کچھ لوگوں نے کچھ معمولی انگریزی کتابوں کی بے تکی ترجمانی کی ہے۔ کلیم الدین صاحب کا بیان ان کی تنقیص کرتا ہے وہ پھر لکھتے ہیں۔ اردو تنقید پر ایک نظر میں بنیادی امور پر اس قسم کے بصیرت افروز بیانات ہر جگہ پر نظر آتے ہیں[؎] اور وہ بہت سے اقتباسات پیش کرتے ہیں لیکن میں ان اقتباسات کو پیش کر کے آپ کا وقت ضائع نہیں کروں گا۔ یہ بات بھی یاد رہے کہ یہ باتیں محمد احسن فاروقی نے اردو شاعری اور اردو تنقید کے پہلے ایڈیشن سے متعلق کہی تھیں۔ اردو شاعری کے تیسرے اور اردو تنقید کے دوسرے ایڈیشن میں بنیادی امور پر کچھ اور زیادہ تفصیل سے باتیں ملیں گی۔ شرط یہ ہے کہ آپ تعصب کی عینک اتار کر انہیں پڑھنے کی زحمت گوارا کریں۔

ان دونوں کتابوں کے علاوہ سخنہائے گفتنی کے بعض حصوں میں بھی میں نے اصولی باتیں کی ہیں۔ یہ مضامین معاصر میں وقتاً فوقتاً چھپتے رہتے تھے ان اداریوں کو دیکھئے جو میں نے خاص طور سے لکھے تھے جہاں کہیں کسی بنیادی امر پر باتیں کی گئی ہیں یا اپنے نقطۂ نظر کی وضاحت کی گئی ہے وہ مختصر ہیں لیکن خود طلب ہیں۔ اس طرح "فوریت" کیا ہے یا الفاظ اور شاعری میں بھی بنیادی باتیں ہیں اور پھر تنقید کیا ہے میں قدرے تفصیل سے تنقید کے معنی، اس کی وسعت، اس کی اہمیت پر روشنی ڈالی گئی ہے [illegible]

ایک لطف ہوتا ہے، ایک تازگی ہوتی ہے، ایک یکتائی ہوتی ہے، یہ خوبیاں روزمرہ کی باتوں میں نہیں ہوتیں۔ اگر شاعر وہی کہے جو ہم آپ کہہ سکتے ہیں، اگر اس کے تجربے ایسے ہوں جن سے ہم اپنی زندگی میں دوچار ہوتے ہیں تو پھر ہم اس کے شعروں کو کیوں سنیں۔ شعروں میں نئی باتیں ہوتی ہیں، کام کی باتیں ہوتی ہیں، پُرلطف باتیں ہوتی ہیں ان میں رنگین و دلکش تجربے ہوتے ہیں، جن سے دل و دماغ کو نئی گرمی اور روشنی ملتی ہے۔ جن سے زندگی بارونق ہو جاتی ہے۔ ہاں تو زیادہ سے زیادہ شعروں میں کوئی تاثر، کوئی احساس کوئی جذبہ ہوتا ہے۔ میں نے کہا کہ شاعر ہم آپ جیسا انسان تو ضرور ہوتا ہے لیکن کچھ غیر معمولی قسم کا۔ بے حسی سے اس کو قطعاً کا واسطہ نہیں وہ کسی حساس آلہ کی طرح تھرتھراتا رہتا ہے اور ہونے والے واقعات اس پر برابر اثر ڈالتے رہتے ہیں۔ یعنی قوت حاسہ کے ذریعہ اثرات و حسیات کی بارش ہوتی رہتی ہے۔ اس کے دل میں بوقلموں جذبات اور کوائف ابھرتے اور رنگین اور دلکش تجربات گزرتے رہتے ہیں۔ پھر میں نے بتایا ہے شاعر کے تجربوں کو وہ خیال کی صورت میں ہوں، ذہنی نقش کی صورت میں ہوں یا تاثر کی صورت میں ہوں کیسے جانچ پرکھ کی جائے، کیسے ان کی قدر و قیمت کا تعین کیا جائے۔ کیسے بھیڑ بکروں میں فرق کیا جائے۔ یہ بحث تقریباً ۴۴ صفحوں پر پھیلی ہوئی ہے اور ہر بات کے لئے مثالیں پیش کی گئی ہیں۔ شعروں کا تجزیہ کیا گیا ہے۔ تقابلی تنقید کی گئی ہے جنہیں آپ عملی تنقید میں دیکھ سکتے ہیں۔ جو باتیں کہی گئی ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے

(۱) شعر میں ایک تجربہ ہوتا ہے، یگانہ و یکتا۔ یہ یاد رہے کہ شعری تجربہ ہے۔

(۲) یہ تجربہ کوئی خیال ہو سکتا ہے، کوئی ذہنی نقش ہو سکتا ہے یا کوئی احساس یا جذبہ۔

(۳) تجربہ اچھا بھی ہوتا ہے اور برا بھی، قیمتی بھی اور کم قیمت بھی۔

(۴) یہ تجربہ اگر خیال ہے تو اس میں نیاپن، باریکی، گہرائی، پیچیدگی لازمی شرطیں ہیں۔ اگر یہ چیزیں ہیں، تو اس تجربے سے ذہنی بصیرت میں اضافہ ہوتا ہے اور ذہنی انبساط حاصل ہوتا ہے، ورنہ نہیں۔ اگر خیال معمولی قسم کا ہے، پیش پا افتادہ ہے، شعرا کی عام ملکیت میں ہے، اس میں کوئی نئی بات نہیں ہو پاتی تو اس کی کوئی قدر و قیمت نہیں۔

(۵) اگر کسی ذہنی نقش میں (وہ تشبیہ و استعارہ کے روپ میں ہو یا آزاد ہو) نئی بات پیدا کی گئی ہو اس سے کام لیا گیا ہو، اس کے ذریعہ کوئی نئی بات کہی گئی ہو یا پرانی باتوں سے نئی بات نکالی گئی ہو، اگر اس میں احساس کی تیزی سے نئی جان ڈال دی ہو، یا وہ نقش نیا ہو جس کا شمار عام ملکیت میں نہ ہو۔ ان

کی تعریف نہیں۔ سوال یہ ہے کہ شاعری اور زندگی میں کیا تعلق ہے، زندگی اور سماج میں شاعری کی کیا جگہ ہے؟ میں نے پہلے مجرمیں انہی اصولی باتوں سے دست و گریباں ہونے کی کوشش کی ہے اور جو باتیں میں نے کہی ہیں ان سے آپ اتفاق کریں یا نہ کریں انہیں پڑھ لینے کے بعد آپ کو یہ کہنے کا حق حاصل نہ ہوگا کہ میں آرٹ یا ادب یا شاعری سے متعلق کوئی نظریہ نہیں رکھتا اور اپنا سارا وقت تجزیاتی تنقید میں صرف کرتا ہوں۔ یہ کہنے کا حق تو آپ کو اب بھی نہیں ہے۔ اگر آپ نے عملی تنقید پڑھی ہے مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جن لوگوں نے عملی تنقید پڑھی ہے انہوں نے بھی اس کے مقدمہ کو نہیں پڑھا ہے اور اگر پڑھا ہے تو اس کی طرف دھیان نہیں دیا ہے۔ حالانکہ اس کتاب کا اہم حصہ مقدمہ ہے۔ لیکن زیادہ سے زیادہ لوگ مقدمے کو نظر انداز کر دیتے ہیں اور کتاب کے متن پر سارا وقت صرف کر دیتے ہیں جس میں صرف تجزیاتی تنقید یا تقابلی تنقید ہے اور شاید یہ خیال بھی ان کے دل میں نہیں ہوتا کہ جو تجزیہ یا تقابل کیا گیا ہے وہ کس اصول کے پیش نظر ہے اور جو اصول پیش نظر رہے ہیں انہیں کی وضاحت مقدمہ میں کی گئی ہے۔ اگر مقدمہ نہ ہوتا تو کتاب کا بقیہ حصہ بے معنی ہوتا، اس کا کوئی جواز نہیں ہوتا۔ اس لئے میں کہوں گا کہ آپ متن کتاب کو بالکل بھول جائیں اور دھیان دیں تو صرف مقدمہ پر کیونکہ اگر میں نے اپنی دوسری کتابوں میں صرف تجزیاتی تنقید کی ہے (اگرچہ یہ درست نہیں جیسا کہ میں مثالیں دے کر ثابت کر چکا ہوں) تو یہ کوئی نہیں کہہ سکتا مقدمہ بھی صرف تجزیاتی تنقید ہے۔ سرور صاحب نے لکھا ہے کہ "میرے نزدیک ان کا سب سے بڑا کارنامہ عملی تنقید ہے"۔
انہوں نے اپنے اس خیال کی توجیہہ نہیں کی ہے لیکن غالباً وجہ یہی ہے کہ اس میں اصول تنقید کا واضح، معین، بسیط بیان ہے اور بیان ایسی صاف، سادہ آسان زبان میں ہے کہ سرسری طور پر پڑھنے والوں کو یہ گمان بھی نہیں ہوتا کہ کیسی تہہ دار، کیسی نئی (اردو تنقید کے لئے) کیسی فکر انگیز باتیں کہی جا رہی ہیں اور جو کچھ میں نے کہا ہے اس کی تلخیص یہ ہے۔

"دیکھنا یہ چاہئے کہ شاعر کیا کہتا ہے اور کیسے کہتا ہے۔ کیا یعنی مضمون = تاثر، ذہنی نقش یا خیال اور کیسا یعنی اسلوب = نقوش (تشبیہات و استعارات)، الفاظ، آہنگ، لب و لہجہ۔ ہر شعر ایک اکائی ہوتا ہے یعنی کیا اور کیسے مضمون اور الفاظ کچھ ایسے گھل مل جاتے ہیں، ان میں کچھ ایسا کیمیاوی تغیر ہو جاتا ہے کہ ان کے میل سے ایک نئی چیز بن جاتی ہے۔ دوئی وحدت میں تبدیل ہو جاتی ہے کہ [illegible]
اہم [illegible] کہ شاعر اپنے جذبے [illegible]

اہمیت ظاہر ہے۔ اگر الفاظ نہ ہوں تو شعر کا وجود بھی ممکن نہیں۔ کہہ سکتے ہیں کہ شعر خاص خاص لفظوں کا مجموعہ ہے لیکن یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ لفظوں کا ہر مجموعہ شعر نہیں ہوتا۔ اگر ہم ان دو باتوں کو دھیان میں رکھیں تو تنقید کے کام میں بہت سہولت ہو جائے گی وہ دونوں باتیں یہ ہیں:

(۱) شعر خاص خاص لفظوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔

(۲) لفظوں کا ہر مجموعہ شعر نہیں ہوتا۔

شعر تجربہ ہے، شعر میں تجربے کا بیان ہوتا ہے لفظوں کی زبانی۔ الفاظ تجربہ کو بیان کرتے ہیں، تجربہ میں اضافہ یا تبدیلی کرتے ہیں اور بذات خود تجربہ بھی ہوتے ہیں۔ کوئی خیال، ذہنی نقش یا احساس شاعر کو متاثر کرتا ہے۔ اس خیال، ذہنی نقش یا احساس میں زور وقوت ہوتا ہے لیکن وضاحت نہیں ہوتی۔ یہ کچھ مبہم اور غیر متعین سا ہوتا ہے۔ لفظوں میں جب کسی تجربہ کا بیان ہوتا ہے، تو اس میں وضاحت آجاتی ہے، اس میں اضافہ ہوتا ہے، تبدیلی ہوتی ہے، نئے نئے تجربے آتے ہیں اور اس کی پیچیدگی، رنگینی قدر و قیمت بہت بڑھ جاتی ہے گویا اس کی صورت کچھ اور ہو جاتی ہے۔ یہ سب باتیں کہی جا چکی ہیں لیکن ان پر بار بار زور دینا ضروری ہے۔ ورنہ شعر میں لفظوں کی جو جگہ ہے، جو اہمیت ہے، جو جادوگری ہے، وہ نمایاں نہیں ہو پاتی۔ جگر کا ایک شعر ہے:

تصور رفتہ رفتہ اک سراپا بنتا جاتا ہے وہ اک شے جو کبھی میں ہے مجسم ہوتی جاتی ہے

شعر میں کچھ اسی طرح کی بات ہوتی ہے۔ تجربہ رفتہ رفتہ لفظوں کی مدد سے سراپا بن جاتا ہے۔ جو چیز غیر مرئی تھی وہ مجسم ہو جاتی ہے۔

شعر میں لفظوں کی اہمیت کیا ہے اسے پوری طرح سے سمجھنے کے لئے دو متضاد حقیقتوں کو سمجھنا ضروری ہے۔ ایک طرف تو ہمیں یہ سمجھنا چاہیئے کہ لفظوں کی کوئی اپنی ادبی خصوصیت نہیں ہوتی وہ نہ تو حسین ہوتے ہیں اور نہ تو بدصورت، نہ تو خوشگوار ہوتے ہیں اور نہ مکروہ۔ لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ شعری لفظ اور نثری لفظ میں فرق ہوتا ہے۔ آسمان زمین کا فرق ہوتا ہے۔ نثری لفظ چپٹا اور مفید ہوتا ہے اسے دوسری طرح سے بھی کام میں لایا جا سکتا ہے لیکن شعری لفظ آپ اپنا وجود ہے اور ایک دنیائے معانی اس میں پنہاں ہوتی ہے۔ ہر شعری لفظ غالب کے لفظوں میں گنجینۂ معانی کا طلسم ہوتا ہے۔ پھر ہر لفظ کا ایک پیکر ہوتا ہے۔ اسے پڑھتے ہیں تو اس کی ساخت کو ہم ذہن میں محسوس کرتے ہیں، سنتے ہیں تو ایک خاص پیکر کا احساس ہوتا ہے،

صورت میں سے کوئی صورت ہو نقوش کامیاب ہے ورنہ نہیں۔ یہ بات نقوش جو شاعری کے عام دائرہ اپنی کوئی خاص قدر و قیمت نہیں رکھتے اور اگر ان میں کوئی حد سے ایچ پیچ تاب ہے، وہ ادا کار صنعتیں ہیں تو ہم کوئی قدر و قیمت نہیں۔

(۶) اگر تجربہ کوئی احساس یا جذبہ ہے تو بے حسی، خامی، عمومیت، سطحیت، چھچھورا پن، سے بازاری قسم کا ہوتا ہے — یہ عیوب اس کی بے لطفی کا سبب بن جاتے ہیں۔ شرط یہ ہے کہ اس میں خلوص ہو ہو، سچائی ہو، تازگی ہو، لطافت یا تیزی ہو، شدت یا گہرائی ہو، پیچیدگی ہو۔ یعنی مختلف اجزا احساس اور جذبات کو ملا کر ایک نیا پیرہن بنایا گیا ہو۔ اس کیا کے بعد کیسے کی بات آتی ہے میں جیسا کہ میں نے کہا ہے چار اجزا ہوتے ہیں: (۱) نقوش (۲) الفاظ (۳) آہنگ (۴) لب نقوش بذات خود بھی اہم ہو سکتے ہیں اور ان کی اہمیت اس لئے بھی ہوتی ہے کہ ان سے کوئی خ دیا گیا ہے۔ لیکن ابھی زیر بحث یہ بات ہے کہ وہ کس کام آتے ہیں۔ شعر میں ان کی کاریگری کس قسم ہے۔ میں نے کسی جگہ کہا ہے شعری تجربہ کا بیان براہ راست نہیں بالواسطہ ہوتا ہے۔ اگر کہنا ہو کہ میں سویا ہو میری روح سوئی ہوئی تھی تو ورڈز ورتھ کہتا ہے میری روح پر نیند نے مہر لگا دی تھی اور نقش بیکار نہیں با یہ کوئی زیور یا آرائش نہیں ہوتا بلکہ تجربے کا جزو لاینفک ہوتا ہے۔ لیکن یہ کام آسان نہیں۔ کبھی یہ نقو بیکار نہیں ہوتے، کبھی یہ زیور یا آرائش کا کام دیتے ہیں۔ کبھی یہ بذات خود اہمیت اختیار کر لیتے ہیں یہ تجربے کا جزو نہیں بن پاتے اور اس کے حسن، اس کی لطافت اس کی پیچیدگی میں اضافہ نہیں کرتے میں نے مثالیں دے کر یہ باتیں واضح کر دی ہیں۔ نتیجہ یہی ہے کہ نقوش میں اگر کوئی خامی رہ جاتی ہے تو با خود اچھا ہوتے ہوئے بھی ان کا اثر، ان کا نتیجہ اچھا نہیں ہوتا۔ شعر میں وسعت کم ہوتی ہے اس لئے نقو زیادہ پھیلنے پھولنے کا موقع نہیں ملتا ہے اس لئے شعروں میں جو نقوش ملتے ہیں ان میں پھیلاؤ نہیں ہوتا نہیں ہوتی۔ نظموں میں پھیلاؤ کی صورت پیدا ہو جاتی ہے، پیچیدگی آ جاتی ہے اور جذبات کی رنگینی ا زرخیزی میں اضافہ ہوتا ہے۔

یہ تو نقوش کی بات ہوئی اب دیکھئے کہ دوسرے جزو کو لیجئے یعنی الفاظ۔ شعر لفظوں سے بنتا ہے شاعر کچھ کہتا ہے وہ خیال ہو، ذہنی نقش ہو یا تاثر ہو اور جو وہ کہتا ہے وہ لفظوں میں کہتا ہے اور لفظوں میں کہہ سکتا ہے۔ وہ رنگوں یا سروں یا پتھر سے کام نہیں لیتا اور نہ لے سکتا ہے۔ اس لئے شعر میں الفاظ

تک یہ لہجہ شاعر کی شخصیت پر منحصر ہے۔ شخصیت ہی کی بنا پر تجربوں کی تشکیل ہوتی ہے اور جس لہجہ میں شاعر بات کرتا ہے اس میں اس کی شخصیت کا پرتو نظر آتا ہے۔ میر کی شخصیت سودا سے مختلف تھی اس لئے ان کے ہوں میں مشابہت ممکن نہ تھی لیکن ابھی یہ فرق زیر بحث نہیں۔ بات یہ ہے شعر میں جن تجربوں کا بیان ہوتا ہے ان کی جذباتی سطح بدلتی رہتی ہے اور اس تبدیلی کا اثر لہجہ میں بھی نمایاں ہوتا رہتا ہے۔ کبھی لہجہ بلند ہوتا ہے تو کبھی دھیما ہو جاتا ہے، کبھی بات آہستہ آہستہ ہوتی ہے تو کبھی لہجہ میں تیزی آجاتی ہے کبھی نرمی ہوتی ہے تو کبھی کرختگی، کبھی شیرینی ہوتی ہے تو کبھی تیکھا پن غرض حرکت سے قطع نظر لہجہ میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے جذبات کا مد و جزر برابر اثر ڈالتا رہتا ہے۔ میں نے کہا ہے تجربے کو ایک چشمہ سمجھئے۔ اس چشمے کا پانی ایک طرح سے نہیں بہتا۔ کبھی تیزی سے بہتا ہے تو کبھی آہستہ سے کبھی ایسا نرم سیر ہو جاتا ہے کہ جیسے تصویر آب ہو، کبھی ہلکی ہلکی لہریں چلتی ہیں، تو کبھی یہ لہریں بلند ہو جاتی ہیں اور کبھی بھنور کی کیفیت پیدا رہتی ہے کبھی ہلکے ہلکے بلبلے بنتے ہیں اور بگڑتے ہیں تو کبھی جھاگ کا ابھار ہوتا ہے، کبھی دھیمی دھیمی سرسراہٹ کی آواز آتی ہے، تو کبھی آواز کی لے تیز ہو جاتی ہے۔

میں نے تقریباً دو سو صفحوں کو چھ صفحوں میں سمیٹنے کی کوشش کی ہے لیکن اس سے بھی آپ کو اندازہ ہو سکتا ہے کہ میں نے اصول باتیں کی ہیں اصول منضبط کئے ہیں، کمی صرف یہ ہے کہ مثالیں میں نے صرف غزلوں سے دی ہیں۔ چونکہ میرا ارادہ دو اور جلدیں لکھنے کا تھا، جلد دوم میں قصیدوں، مثنویوں اور مرثیوں سے بحث ہوتی اور تیسری جلد میں نظموں سے لیکن اصول وہی ہیں جو میں نے پہلی جلد کے مقدمے میں بیان کئے ہیں۔ یہ حقیقت مثل روز روشن ہے کہ میں نے صرف دوسرے نقادوں پر نکتہ چینیاں نہیں کی ہیں بلکہ مثبت باتیں کی ہیں اور کیا ہونا چاہیئے یعنی اصول تنقید پر اس کتاب میں مفصل بحث کی اور دوسری کتابوں میں بھی اصولی باتوں سے متعلق اجمالی لیکن واضح اشاروں کی کمی نہیں۔

سوچتے ہیں تو آنکھوں کو' اندرونی آنکھوں کو' اس کا صوتی پیکر نظر آتا ہے۔ ظاہر ہے کہ ہر لفظ کا ایک پیکر ہوتا ہے اور یہ پیکر کئی پیکروں سے مل کر بنتا ہے۔ اس کی مختلف کیفیتوں کو اپنے حواس خمسہ کی مدد سے ہم محسوس کر سکتے ہیں۔ مرئی بھی اور صوتی بھی' اسے ہم چھو سکتے اور سونگھ بھی سکتے ہیں اور زبان و لب اس کی ساخت کا لطف بھی اٹھا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہر لفظ میں ایک مخصوص جوہر ہوتا ہے جو دوسرے لفظوں میں نہیں ہوتا۔ ممکن ہے کئی الفاظ ہم معنی ہوں لیکن ہر لفظ کی ایک انفرادی خصوصیت ہوتی ہے' جو اس کے مرادف لفظوں میں نہیں پائی جاتی۔ ہر لفظ کی اپنی ایک ذہنی اور جذباتی فضا ہوتی ہے' ہر لفظ کا ایک ذہنی پس منظر ہوتا ہے۔ ہر لفظ میں احساس کی ایک مخصوص لہر پوشیدہ ہوتی ہے لیکن احساس کی بے حسی' خیال کی کم نظری' تخئیل کی سستی کی وجہ سے گنجینۂ معنی تک رسائی نہیں ہوتی۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ الفاظ چپٹے ہو جاتے ہیں۔ مختلف معانی گویا گھس کر ایک شکل کے بنا دیئے جاتے ہیں۔ ان کی انفرادیت مٹ جاتی ہے اور ان پر ایک قسم کی مفلسی سی چھا جاتی ہے۔ ان میں جو فطری رنگینی یا رنگینی ہے وہ مٹ جاتی ہے اور وہ مجلس شعر میں مفلس کی چراغ کی طرح شام ہی سے بجھے بجھے سے دکھائی دیتے ہیں۔ الفاظ کے بعد آہنگ کی باری آتی ہے۔ یوں تو شعر میں وزن ہوتا ہے لیکن وزن ایک ہوتے ہوئے بھی آہنگ مختلف ہو سکتا ہے۔ اس لئے وزن کی زیادہ اہمیت نہیں جو چیز اہم ہے وہ لفظوں کی موجِ خرام ہے۔ لفظوں کا چلتا پھرتا جلوس ہے وہ ہمیشہ بدلتا ہوا متحرک نظام ہے' جو ہمیشہ نئے نئے ڈھنگ سے حسن خرام کے نئے نئے جلوے دکھاتا رہتا ہے۔ انگریزی میں ایک لفظ ہے Rhythm یہ وزن نہیں کچھ اور چیز ہے وزن کو metre کہتے ہیں۔ اردو میں Rhythm کو آہنگ کہتے ہیں۔ دشواری یہ ہے کہ اردو میں آہنگ کا تصور ذرا مشکل ہے۔ بہت ممکن ہے کہ دو شعروں میں وزن ایک ہو لیکن آہنگ مختلف ہوتا اور ہو سکتا ہے۔ لفظوں کا رقص مختلف ہوتا ہے اور یہ فرق اس لئے ہے کہ لفظوں کے حروف۔ وہ حرف صحیح ہو یا حرف علت سب کی آواز الگ الگ ہے اور دو شعر یا دو مصرعوں میں حروف کا پیٹرن ایک نہیں ہو سکتا پھر لفظوں کا جو قدموں کا مجموعہ بنتا ہے اور یہ الفاظ کبھی آہستہ چلتے ہیں تو کبھی تیز تیز۔ کبھی بہکتے ہیں تو کبھی لڑکھڑاتے ہیں اور کبھی سنبھلتے اور رکتے رکھاؤ کا خیال رکھتے ہیں اس لئے نغمہ اور رقص دونوں لحاظ سے اثر پڑتا رہتا ہے۔

وزن' آہنگ حرکت کے بعد لہجے کی بات آتی ہے۔ انگریزی میں ایک لفظ ہے Tone اور شعر میں اس کی خاص اہمیت ہے۔ شاعر کچھ کہتا ہے اور اس کے کہنے کا ایک خاص لہجہ ہوتا ہے ایک

طلسم ہوشربا یا باغ و بہار، فسانۂ عجائب۔ یا گلزارِ نسیم تحریریں داستانیں نہ تھیں۔ میں نے جلد کے کچھ اشعار بھی نقل کیے ہیں جن کا پہلا مصرع ہے: لکھی جو لسے جاہ داستان عجب معرکے کی حکایتیں ہیں۔ اگر یہ باتیں ذہن میں رہیں تو بہت سے اعتراضات بے محل ثابت ہوں گے۔ دوسری بات یہ ہے کہ مجھے یہاں بھی یہ شکایت ہے کہ لوگ پڑھتے ہیں لیکن سمجھتے نہیں ہیں۔ چند جملوں کو متن سے الگ کر کے ان پر اعتراض کرنا اصولی طور پر غلط ہے۔ اگر کسی کو اختلاف ہو تو اسے پورے باب کو پڑھنا چاہیئے اور دیکھنا چاہیئے کہ وہ all of a piece ہے یا نہیں۔ اسی طرح جہاں میں نے عیاروں کو موجودہ زمانے کی secret service کہا ہے اس میں سے کسی ایک حصہ کو لے کر اعتراض کرنا درست نہیں۔ یہ تو درست ہے اور اس کا میں نے اعتراف بھی کیا ہے کہ داستان نویس کا تخیل پرزور ہے لیکن اس کا execution کمزور ہوتا ہے۔ اسی طرح میں نے کنگ آرتھر اور اس کے نائٹوں کا امیر حمزہ اور ان کے جانبازوں سے مقابلہ کیا ہے۔ اسے بھی لوگ سمجھ نہیں پائے ہیں حالانکہ معنی بالکل واضح ہے۔ دیکھئے "آرتھر محض ایک انگریزی بادشاہ نہیں وہ ایک مخصوص بہادر، مہذب، فیاض ہستی نہیں۔ وہ نیکی کا حامی ہے۔ دیو، اژدہے، بدکار نائٹ جن سے وہ جنگ آزما ہوتا ہے بدی کے مجسمے ہیں اور جو معرکے ہوتے ہیں وہ معنی خیز ہیں۔ ان میں نیکی اور بدی، روشنی اور تاریکی، سفیدی اور سیاہی کی کشمکش کا نقشہ کھینچا گیا ہے۔ یہی بات طلسم ہوشربا میں بھی ملتی ہے۔ امیر حمزہ اور ان کے سردار نیکی کے پتلے اور نیکی کے حامی ہیں۔ افراسیاب اور اس کے سردار و مددگار دراصل بدی کی طاقتیں ہیں اور نیکی بدی کی طاقتوں میں زبردست تصادم ہوتا ہے۔" [illegible] all of a piece ہوتا ہے۔ اس کے ایک حصے سے بحث کرنا درست نہیں۔ اب اسے کیا کیجیئے۔ مجھے نہ ہم تو فہم کا اپنی قصور تھا۔

بہرکیف۔ جیسا کہ میں نے کہا ہے کہ اس کتاب کو لوگوں نے نظرِ تحسین سے دیکھا۔ گرچہ اس کے بعض حصوں سے بہت بحث بھی ہوئے۔ یہاں چند صاحب جنہیں اس کتاب کی بعض باتوں سے سخت اختلاف ہے پھر بھی کہتے ہیں:

"اردو زبان اور فن داستان گوئی اردو داستانوں کے موضوع پر پہلا بھرپور تنقیدی کتاب ہے ——

[illegible] افسانہ میں داستانوں کے بارے میں

۳

"اُردو شاعری"، "اُردو تنقید"، "سخنہائے گفتنی" اور "عملی تنقید" کو آپ دیکھ چکے۔ اب "اردو زبان اور فن داستان گوئی" کو دیکھئے۔ اس کی میری نظر میں زیادہ اہمیت نہیں لیکن اسے عموماً نظر استحسان سے دیکھا گیا۔ یوں سرور صاحب نے لکھا "جادو پر ایمان کون لائے" اور گیان چند صاحب نے کچھ اعتراضات کئے جن میں کچھ غلط فہمی پر مبنی ہیں اور کچھ اختلاف رائے ہے جس کا انہیں حق حاصل ہے لیکن عام طور پر انہوں نے بھی اس کی تعریف کی ہے خصوصاً اس کے اسلوب کی۔ دو تین جملوں سے یہ بات واضح ہو جائیگی۔

(۱) کلیم الدین صاحب نے اس کتاب میں کئی جگہ انسانی نفسیات اور سماجی زندگی کی ایسی حسین حقیقتیں واشگاف کی ہیں کہ انہیں پڑھ کر وجد آتا ہے۔

(۲) دو تین مثالوں سے قطع نظر کتاب زبان و بیان کے لحاظ سے بے داغ ہے۔ کلیم الدین احمد صاحب پر کوئی مقالہ لکھا جائے تو اس میں زیر نظر کتاب کو اہم مقام دینا ہوگا۔

(۳) کلیم الدین احمد صاحب کی اس کتاب نے داستان جیسی فرسودہ صنف کو اُردو ادب میں اس کا مقام دلایا۔ اس صنف پر یہ ان کا سب سے بڑا احسان ہے۔

بہر کیف۔ یہ تاریخی حقیقت ہے کہ اس کتاب کے خلاف وہ شدید ردعمل نہیں ہوا جیسا "اُردو شاعری" اور "اُردو تنقید" کے خلاف ہوا تھا۔ وجہ شاید یہ تھی کہ اس میں تخریبی یا منفی تنقید نہیں تھی مثلاً "غزل نیم وحشی صنف شاعری ہے" یا "اُردو میں تنقید کا وجود محض فرضی ہے" یہ اقلیدس کا خیالی نقطہ ہے یا معشوق کی موہوم کمر" جیسے کھٹکتے ہوئے جملے نہیں تھے۔ پہلے میں چند باتیں واضح کردوں جن سے کچھ غلط فہمیاں دور ہو جائیں گی۔ "فن داستان گوئی" تحقیقی کتاب نہیں۔ یہ اُردو کی اہم داستانوں کا تنقیدی تجزیہ ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ میں نے فارسی originals سے واسطہ نہیں رکھا ہے۔ صرف اُردو داستانوں سے۔ تیسری بات یہ ہے کہ میں نے کہا ہے کہ لکھنؤ میں داستان گوئی کا چرچا تھا۔ لیکن میں نے کہیں نہیں لکھا کہ

ڈوب سے شاداب کر دیں۔"

ان سطروں میں سے کچھ سطریں نقل کر کے گیان چند صاحب لکھتے ہیں:

"آخری دو اقتباسات میں انہوں نے ادب کے تغیرات اور قارئین ادب کی مزاج دانی کے مکمل ادراک کا ثبوت دیا ہے۔ پھر آخر کتاب میں وہ یہ تقاضا کیوں کرتے ہیں کہ آج کے قارئین افسانوں اور ناولوں کو چھوڑ کر (داستانوں میں) ڈوب جائیں۔"

میں نے کہیں یہ نہیں لکھا ہے کہ قارئین افسانوں اور ناولوں کو چھوڑ کر داستانوں میں ڈوب جائیں۔

جو میں نے لکھا تھا وہ یہ ہے:

"داستان کی جگہ پہلے ناول اور پھر مختصر افسانے نے لے لی ہے۔ اُردو داستان تو ختم ہو چکی اور ناول بھی دم توڑ رہا ہے۔ آج کل کچھ لوگوں نے ہمت کی ہے اور ناول کو موت سے بچانے کی کوشش کی ہے لیکن نتیجہ تشفی بخش نہیں۔ جہاں غزل کو بہترین صنف شاعری اور شعر مفرد کو شاعری کی معراج شمار کیا جاتا ہو، وہاں ناول جیسی مشکل صنف میں کامیابی معلوم! ناول کے لئے کچھ نہیں تو کافی طویل محنت اور دماغ سوزی کی ضرورت ہے اور طبیعت اس کی عادی نہیں۔ اس لئے کام میں ہر قسم کے جھول رہ جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج اردو میں سب سے زیادہ مقبول عام شئے مختصر افسانہ ہے۔ جو شہرت غزل کی تھی وہی اب افسانے کی ہے۔ جیسے پہلے لوگ غزل لکھتے اور پڑھتے تھے آج افسانے لکھتے اور پڑھتے ہیں .. .. .. اور ہمارے انشار پرداز اس صورت حال سے بظاہر مطمئن ہیں لیکن مجھے اطمینان کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی۔"

یہ باتیں ۱۹۴۴ء میں لکھی گئی تھیں اور جو ناول اور افسانے اس وقت لکھے گئے تھے ان سے میں نے اپنی بے اطمینانی ظاہر کی تھی اور بس۔ جہاں تک داستان کا تعلق ہے میں نے صرف یہ کہا تھا — اور ان جملوں کو گیان چند صاحب نے حذف کر دیا تھا کہ "کوئی کامیاب فنی کارنامہ پرانا یا مردہ نہیں ہوتا ... ... داستان گوئی اب زندہ فن نہیں لیکن کامیاب داستانیں زندہ ہیں اور زندہ رہیں گی۔"

کسی پر اعتراض کرنے سے پہلے اس کی پوری باتوں کو سمجھ لینا چاہیے لیکن جہاں ریزہ خیالی میں فرصت والے خیالات کے گھنے جنگلوں سے نکلنا ناممکن نہیں تو دشوار ضرور ہو جاتا ہے۔

مختصر لکھا تھا اور فوق الفطرت داستانوں کو سراہا تھا لیکن کلیم الدین صاحب نے داستانوں کی اس شد و مد سے قدر شناسی کی کہ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ ان کی کتاب کی اشاعت کے بعد ہی اُردو ادب میں صنف داستان کو اس کا جائز مقام حاصل ہوا۔ ان کے بعد اس موضوع پر کئی تحقیقی مقالے، کئی دوسری کتابیں لکھی گئیں جن میں سے بعض ابھی تک لباسِ طبع سے محروم ہیں۔"

ظاہر ہے کہ میں نے پہلی بار اُردو کے اس قیمتی سرمایہ کی طرف لوگوں کی توجہ کو مبذول کیا۔ جو سر گوشۂ گمنامی میں پڑا ہوا تھا اور جسے لوگ بھول چکے تھے یا بھول چلے تھے پھر اس سرمایہ کی خوبیوں اور خامیوں دونوں سے قارئین کو باخبر کیا اور یہ بھی کہا:

"داستانوں کا یہ سرمایہ کسی دوسری زبان کی داستانوں کے مقابلے میں بلا تامل پیش کیا جاسکتا ہے اور یہ بھی بلا تامل کہا جا سکتا ہے کہ یہ کسی دوسری زبان کے سرمایہ کے مقابلے میں ہیچ نہیں۔ لیکن یہ تو اُردو دنیا کا شیوہ ہے کہ اچھی چیزوں سے واقفیت نہیں اور کم قیمت چیزوں کی تشہیر کی جاتی ہے۔"

جہاں میں نے داستان کی خوبیوں کا بالتفصیل ذکر کیا ہے وہاں میں نے یہ بھی لکھا ہے:

"یہ فطرت کا قانون ہے کہ زمانے کے تغیرات کے ساتھ ہماری قدریں بدل جاتی ہیں اور نئی نئی چیزیں ہماری دلچسپی اور تشفی کا سامان ہوتی ہیں۔ ادب میں بھی یہی قانون جاری و ساری ہے۔ بعض صنفیں زمانے کے تقاضے کے مطابق پرانی ہو جاتی ہیں اور انہیں ہم پس پشت ڈال دیتے ہیں اور نئی صنفیں ایجاد کرتے ہیں۔ مثلاً ایپک اب کوئی نہیں لکھتا مدت سے یہ صنف ادب بے کار پڑی ہے۔ اسی طرح داستان گوئی بھی اب زندہ صنف ادب نہیں رہی۔ لیکن ہمیں یہ نہ بھولنا چاہیے کہ کوئی کامیاب فنی کارنامہ پرانا یا مردہ نہیں ہوتا۔ ہومر کی ایلیڈ، دانتے کی ڈوائن کومیڈی، شیکسپیر اور راسین کے ڈرامے آج بھی زندہ ہیں اور ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ اسی طرح داستان نویسی اب زندہ فن نہ ہو لیکن کامیاب داستانیں زندہ ہیں اور زندہ رہیں گی۔ انہیں ہم مردہ سمجھ کر دفن نہیں کر سکتے۔ خصوصاً اردو ادب کا سرمایہ کچھ اتنا زیادہ نہیں کہ ہم ان داستانوں کو حقیر سمجھ کر انہیں ادب سے

، جائے۔ اب شگفتہ۔ ابتدا میں میں نے چند سطریں لکھ دی تھیں جس میں کریم کا قول نقل کیا تھا کہ کریم نے
تذکرہ کی تاریخ ترتیب غلط دی تھی۔ ۱۲۱۸ھ۔ اور میں اس سے واقف تھا، اسی لئے میں نے عکس
رہ کے آخری صفحہ کی عکسی تصویر دے دی تھی جس میں صحیح تاریخ ۱۲۱۹ھ صاف دی ہوئی تھی۔ سالہا سال
ہمارے دوست عطاء الرحمٰن صاحب نے غلطیہائے مضامین میں اس بات کی نشاندہی کی کہ کریم نے غلط
یخ دی ہے اور تصحیح ضروری تھی۔ اگر وہ آخری صفحہ کی عکسی تصویر دیکھ لیتے تو اعتراض کی ضرورت محسوس
ہیں کرتے۔ بات یہ ہے کہ اوڈیسس کی طرح میرے مخاطب وہی قارئین ہیں جنہیں میں سمجھتا ہوں کہ وہ میری
تیں غور سے پڑھتے اور سمجھتے ہیں اس لئے میں چھوٹی چھوٹی باتوں میں پڑنا نہیں چاہتا۔

اس سلسلے کی دوسری کڑی "دو تذکرے" ہے جس میں تذکرۂ شورش اور تذکرۂ عشقی کے انتخابات
آپ کے سامنے پیش کیا گیا ہے۔ یہاں ایک نئی راہ نکالی گئی ہے۔ مجھے تو نہیں معلوم کہ مجھ سے پہلے کسی نے
دو یا دو سے زیادہ تذکروں کو اس طرح پیش کیا ہو۔ سید حسن صاحب نے لکھا ہے :

"ابھی کلیم صاحب کی تنقیدی تالیفات کے متعلق لوگ بحث و مباحثے میں مشغول ہی تھے کہ یکایک تنقید کے میدان سے نکل کر تحقیق کے اسٹیج پر نمودار ہو گئے اور ان کی بغل میں ان کی نئی تالیف دو تذکرے تھی۔ یہ کتاب ان کا پہلا تحقیقی کارنامہ ہے اگرچہ اس میں تحقیقی مواد قدرے قلیل ہے لیکن اس کتاب نے تحقیق کی دنیا میں ایک نئی روش ایجاد کی جس کی اور بھی دوسرے محققین نے تقلید کی ہے۔ تذکرۂ شورش اور تذکرۂ عشقی کو ایک ساتھ اس طرح شائع کرنے کا کہ ایک شاعر کے متعلق دونوں تذکرہ نگاروں کے بیانات آمنے سامنے کے صفحوں پر ہوں۔ مقصد یہ ہے کہ دونوں تذکروں کے اختلافات نمایاں ہو جائیں اور قارئین خود فرق معلوم کر لیں۔ دونوں تذکروں کے زمانۂ تالیف میں تقریباً پچیس سال کا فاصلہ ہے۔ اس فاصلے نے کیا فرق پیدا کیا ہے اور دونوں تذکرہ نگاروں کے طرز نگارش اور موضوع کو پیش کرنے کے خاص طریقے کیا ہیں ان باتوں کی کلیم صاحب نے وضاحت نہیں کی ہے بلکہ انہیں خود قاری کو سمجھنے اور سوچنے کے لئے چھوڑ دیا ہے۔ اس کتاب کو مکمل تحقیقی کارنامہ اس لئے بھی نہیں کہہ سکتے کہ تذکرہ نگاروں نے کسی شاعر کے متعلق جو معلومات فراہم کی ہیں وہ کہاں تک صحیح یا غلط ہیں ان کو جانچنے کی کوشش نہیں کی گئی ہے۔"

میرے خیال میں "فنِ داستان گوئی" کی اہمیت تاریخی ہے اور کچھ تنقیدی بھی۔ تاریخی اس لئے کہ یہ اُردو داستانوں کے موضوع پر پہلی بھرپور کتاب ہے۔ تنقیدی اس لئے کہ داستانوں کے بہت ایسے گوشے جو تاریکی میں پڑے ہوئے تھے، وہ پہلی بار منور ہوگئے اور بہت سی ایسی باتیں جنہیں داستانوں کا عیب کہا گیا ہے وہ حسن نظر آنے لگیں۔ ایک دوسری اہم بات میں نے کہی تھی اس کی طرف افسوس کہ کسی نے توجہ نہ کی اور وہ یہ کہ اگر اُردو انشا پرداز داستان امیر حمزہ کی طرف توجہ کرتے تو انہیں بے شمار نقوش، تصاویر، تلمیحات پر دسترس ہوتی اور ان چیزوں سے مصرف لے کر وہ اپنی تصنیفوں کو سجا سکتے تھے۔ ہر زبان میں اساطیر اور داستانوں کا ایک ذخیرہ ہوتا ہے۔ شعراء اور انشا پرداز اس ذخیرے کی قیمتی چیزوں کو اپنے تصرف میں لاتے ہیں ...... یونانی اساطیر، یونانی دیوتاؤں اور دیویوں اور ان کی دلچسپ کہانیوں کا اثر یورپ کے ہر ادب میں نمایاں ہے۔ اُردو میں داستان امیر حمزہ خصوصاً طلسم ہوش رُبا سے یہی کام لیا جا سکتا ہے اور اگر مصرف لیا جاتا تو اُردو ادب اور اردو زبان میں ایک جان پڑ جاتی لیکن اردو ادب میں داستان امیر حمزہ سے گویا بالکل عدم واقفیت ظاہر ہوتی ہے شاید کہیں ایک آدھ مثال مل جائے۔ ع سینہ میرا غم گیتی سے عمرو کی زنبیل۔ لیکن یہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ ایک عمرو کو لیجئے۔ ان کی صورت، ان کی زنبیل، گلیم عیاری، جال الیاسی، ان کا لحنِ داؤدی، ان کی حکایات اور خصوصاً ان کی حیرت انگیز عیاریوں سے ہم بیشمار نقوش و استعارے اختراع کر سکتے ہیں۔ ضرورت ہے کہ داستان امیر حمزہ سے مختلف قصے لے کر سیدھی سادی آسان زبان میں کامل اختصار کے ساتھ بچوں کے لئے لکھے جائیں۔ اس طرح یہ چیزیں ہماری زبان، ہمارے شعور میں رچ جائیں گی پھر بہ آسانی یہ ادب کا جزو بن جائیں گی۔

اب فنِ داستان گوئی کو یہیں چھوڑیئے۔ میں نے چار تذکرے بھی شائع کئے ہیں۔ پہلا دیوان جہاں ہے۔ اس کی شانِ نزول یہ تھی کہ میں پرنسپل پٹنہ کالج تھا۔ کسی صاحب کو ــــ اب نام یاد نہیں، اس کی ضرورت ہوئی اور کہا کہ اسے Royal Asiatic Society سے منگوا دیجئے۔ چنانچہ میں نے ان لوگوں کو لکھا اور انہوں نے بھیج دیا۔ میں نے بھی اسے دیکھا اور گرچہ اس میں کوئی خاص بات نہ تھی لیکن اس کا ہندوستان میں اور نسخہ Royal Asiatic Society میں تھا۔ میں نے سوچا اسے شائع کر دیا جائے۔ ان دنوں میں Current Studies نکالا کرتا تھا۔ چنانچہ میں نے اس کا ایک خصوصی ایڈیشن نکالا، نقل بصورت اصل کے طور پر شائع کر دیا۔ مقصد اس کے سوا کچھ اور نہ تھا کہ اس کا متن لوگوں کے سامنے

علاوہ علاوہ بھی شائع کر سکتا تھا اور میں نے قارئین کی سمجھ پر بھروسا کیا کہ جو فرق ہے وہ اسے خود دیکھ لیں گے۔ وہ شعرا کے حالات میں ہو، اشعار میں ہو، طرزِ نگارش میں ہو یا واقعات کو پیش کرنے کے طریقے میں۔ میری برابر یہ کوشش رہی ہے کہ جو کچھ میں لکھوں اس سے قارئین سوچنے پر مجبور ہو جائیں۔ یہ نہیں کہ جو بات کہی جائے اسے وہ بغیر غور و فکر مان لیں۔ میں نے قصداً یہ دکھانے کی کوشش نہ کی کہ ان تذکروں میں تذکرہ نگاروں نے کسی شاعر کے متعلق جو معلومات فراہم کی ہیں وہ کہاں تک صحیح یا غلط ہیں۔ یہ کوئی omission نہیں بلکہ ارادی ہے۔

اور سید حسن صاحب کو اس کی وجہ کا بھی تھوڑا بہت علم ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

"درحقیقت کلیم صاحب نے سارے تذکروں کو جمع کر کے ان کے ذریعہ اردو شاعروں کا ایک ایسا تذکرہ تیار کرنے کا منصوبہ بنایا تھا جو سارے تذکروں کا نچوڑ ہو۔ ظاہر ہے کہ یہ تذکرہ کئی جلدوں پر مشتمل ہوگا۔"

سید محمد حسنین کو بھی میرے اس منصوبے کا علم تھا۔ لکھتے ہیں:

"ان کے شوقِ تحقیق کا ایک شاندار و بے مثال نمونہ تذکروں کا ایک نادر و نایاب گنجینہ ہے۔ ان کے پاس شعرائے ریختہ کے تقریباً کل معروف و گمنام قلمی زیرِ مطبوعہ تذکروں کا ذخیرہ جمع ہے۔ ان تذکروں کی دستیابی و فراہمی میں کلیم الدین نے حیرت ناک مستعدی دکھائی اور جانفشانی اٹھائی ہے۔ کچھ تذکروں کی عکسی نقلیں زرِ کثیر خرچ کر کے لندن اور برلن سے منگوائی ہیں۔ دو چار تذکرے ایسے بھی ہیں جنہوں نے ان کی نیند حرام کر ڈالی ہے۔ راتوں رات جاگ کر ان کی نقل اُتارنے میں کلیم الدین نے خاندانی اور پیدائشی کاتبوں کے بھی کان کاٹ دیئے ہیں۔"

مبالغے سے قطعِ نظر، میرا ارادہ تھا کہ سارے تذکروں کو اکٹھا کر کے ہر شاعر کے جو حالات مختلف تذکروں میں ملتے ہیں انہیں ترتیب وار جمع کر دیا جائے ــــ اور ان کے شعروں کو بھی۔ اس طرح اگر آپ یہ جاننا چاہتے کہ کسی شاعر سے متعلق تذکروں میں کیا معلومات ہیں اور ان کے کون سے اشعار نقل کئے گئے ہیں تو وہ بیک نظر آپ کو مل جاتے۔ پھر یہ بھی ارادہ تھا کہ چار پانچ جلدوں میں ان تذکرہ نگاروں کے حالات اور ان کے تذکروں پر مفصل تنقید بھی کی جائے اور یہ کام بہت آگے بڑھ بھی چکا تھا۔ تقریباً سارے مطبوعہ تذکرے اور قلمی تذکروں کی نقلیں یا ان کے زیراکس اسٹیٹ میں نے جمع کر لئے تھے اور ۵۰ فی صد کام ختم بھی ہو گیا تھا لیکن ۱۹۷۵ء کے سیلاب میں [illegible] تباہ ہو گئی وہاں۔ مسودے، فائلیں برباد ہو گئیں اور اب نہ اتنی

سید حسن صاحب نے میرا مقصد بھی ہمارا نہیں سمجھا ہے۔ میرا مقصد تحقیق نہیں تھا۔ میرا مقصد یہی تو تھا کہ "دونوں تذکروں کے اختلافات نمایاں ہو جائیں اور قارئین خود فرق معلوم کر لیں۔ دونوں تذکروں کے زمانۂ تالیف میں تقریباً پچیس سال کا فاصلہ ہے۔ اس لئے فطری طور پر اس فاصلے نے فرق پیدا کیا ہے اور پھر دونوں تذکرہ نگاروں کے طرزِ نگارش اور موضوع کو پیش کرنے کے خاص طریقوں میں بیّن فرق ہے۔ اس لئے میں نے ان کی تفصیل ضروری نہیں سمجھی بلکہ قارئین کے ذوقِ صحیح پر بھروسا کر کے ان باتوں کو انہی کو سمجھنے اور سوچنے کے لئے چھوڑ دیا ہے۔ یہ تحقیقی نہیں تنقیدی کارنامہ ہے اور اس میں محققوں کی عام ڈگر سے ہٹ کر الگ راہ نکالی گئی ہے اس لئے سید حسن صاحب کا یہ اعتراض غیر متعلق ہے کہ یہ مکمل تحقیقی کارنامہ اس لئے بھی نہیں کہ تذکرہ نگاروں نے کسی شاعر کے متعلق جو معلومات فراہم کی ہیں وہ کہاں تک صحیح ہیں یا غلط ہیں ان کو جانچنے کی کوشش نہیں کی گئی ہے۔

اس سلسلے کی چوتھی کڑی گلزارِ ابراہیم ہے اور بقول سید حسن صاحب کلیم صاحب کا یہ بھی اُردو ادب پر ایک بڑا احسان ہے۔ گلزارِ ابراہیم کو ایڈٹ کرنے میں البتہ کاوش کی گئی ہے۔ پہلے تو کلیم صاحب نے پورے تذکرے کو اپنے ہاتھ سے نقل کیا اور پھر دو قلمی نسخوں اور گلشن ہند سے مقابلہ کر کے اس کا متن درست کیا۔ اس کے مقدمے میں تحقیق سے خاصا کام لیا گیا ہے۔ اس تذکرے کی خصوصیات کی نشاندہی اور اہمیت کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ یہ تذکرہ رسالہ معاصر کے دو خصوصی شماروں میں شائع ہوا ہے۔"

میں یہ بات واضح کر دوں کہ ان چار تذکروں کی اشاعت محض اتفاقی امر ہے۔ 'دیوانِ جہاں' کیسے اور کس مقصد سے شائع ہوا اس کی میں نے تشریح کر دی ہے۔ قاضی عبدالودود صاحب کی فرمائش پر میں نے تذکرۂ شورش اور تذکرۂ عشقی کی فوٹو اسٹیٹ کاپیاں پٹنہ یونیورسٹی لائبریری کے لئے منگوائی تھیں اور مجھے امید تھی کہ قاضی صاحب ان دو تذکروں کی طرف توجہ خاص کریں گے۔ جب انہوں نے اپنی دوسری مصروفیتوں کی وجہ سے توجہ نہ کی تو مجھے خیال ہوا کہ یہ دونوں عظیم آبادی تذکرے ہیں اور ان کی ترتیب میں تقریباً پچیس سال کا فرق ہے۔ میں نے یہ ترکیب سوچی کہ کیوں نہ مشترک شعرا کے حالات کو آمنے سامنے شائع کر دیا جائے۔ اس طرح شائع کرنے سے بہت سی باتیں واضح ہو جائیں گی جو انہیں الگ الگ پڑھنے سے واضح نہیں ہوتیں۔ اسی لئے میں نے یہ طریقہ اختیار کیا ... نہیں

پیش کیا شاہوں کی وہ حیثیت رہ گئی تھی کہ وہ Titular King رہتے اور ان کے سارے اخراجات انہیں ملتے رہتے۔ صرف سلطنت کے انتظامی امور Administration پر انگریزوں کا کامل دخل ہوتا۔ واجد علی شاہ نے تخت چھوڑنا پسند کیا لیکن اس Treaty پر دستخط کرنے سے انکار کر دیا۔ بات یہ ہے کہ کوئی شخص بالکل لچر نہیں ہوتا اور نہ کوئی شخص کامل ہوتا ہے۔ ایک لچر آدمی بھی جرأت با ہوشمندی کا کام کر سکتا ہے اور ایک بظاہر کامل آدمی سے بھی غلطیاں سرزد ہو سکتی ہیں اور جہاں تک دو سو بیویوں کا سروکار ہے تو ہندوستان کے راجاؤں، مہاراجاؤں اور نوابوں کے یہاں ایسی بہت سی مثالیں ملیں گی۔ آخر شرر نے دربار حرام پور کس لئے لکھا۔

بہرکیف! ان کتابوں سے زیادہ اہم میں تین مضامین کو سمجھتا ہوں جو ابھی کتابی شکل میں شائع نہیں ہوئے ہیں اور وہ یہ ہیں: (۱) تذکروں کی جنگ (۲) شاعروں کی نوک جھونک (۳) شاعر لوگ۔ میں نے کہا ہے کہ تذکروں میں شاعر کی زندگی، شخصیت، تنقید اور اس کے نمونۂ کلام کے علاوہ اور بھی دلچسپ باتیں ملتی ہیں جیسے سیاسی، تاریخی یا معاشرتی اشارے یا تصویریں اور ان کے علاوہ شاعروں کے متعلق بہت سے دلچسپ قصے بھی ملتے ہیں۔ لیکن لوگ تذکروں کی ورق گردانی کرتے ہیں اور ان سے اپنے کام کے اقتباسات لے لیتے ہیں۔ جو لوگ تذکروں کو ایڈٹ کرتے ہیں ان کی توجہ بھی ان باتوں کی طرف نہیں جاتی، یا جاتی ہے تو کم جاتی ہے، یا وہ ان کی اہمیت کو نظرانداز کرتے ہیں۔

سید حسن صاحب نے دو مقالوں کا ذکر کیا ہے۔ شاعروں کی نوک جھونک اور شاعر لوگ۔ غالباً پہلا مقالہ جو ان دو مقالوں سے پہلے شبخون میں شائع ہوا تھا ان کی نظر سے نہیں گزرا۔ یہ مقالہ مجھ سے مظہر امام صاحب نے لے کر شمس الرحمٰن فاروقی صاحب مدیر شبخون کو بھیج دیا تھا اور انہوں نے یہ بات نوٹ کی تھی کہ کسی نے اس طرح تذکروں پر نظر نہیں ڈالی ہے۔ یہ مقالہ اس وقت پیش نظر نہیں کیونکہ شبخون کی کاپی تو نذر سیلاب ہو گئی اور تلاش کے باوجود مجھے شبخون کا وہ شمارہ ابھی تک نہیں مل سکا ہے جس میں یہ مضمون شائع ہوا تھا۔ بہرکیف اپنی یاد کی بنا پر میں کچھ باتیں اس مقالے سے متعلق کہوں گا۔

میر نے نکات الشعراء کیا لکھی کہ اس کا ردعمل فوری ہوا اور تا دیر قائم رہا۔ بات صرف اتنی تھی کہ جہاں میر نے بہت سے شاعروں کی تعریف و تحسین کی تھی، وہاں انہوں نے بعض شعراء کی تنقیص بھی کی تھی۔ شفیق

حالت بگڑ رہی ہے اور نہ اتنی سکت باقی ہے کہ دوبارہ اس کام کو شروع کیا جائے ۔

سید حسن صاحب نے میری ایک اور کتاب کا ذکر کیا ہے وہ ہے تاریخ نور۔ وہ کہتے ہیں،

"کلیم صاحب کا ایک اور تحقیقی کارنامہ تاریخ نور کی اشاعت ہے جو معاصر کے ایک شمارہ میں شامل ہے۔ تاریخ نور سابق نواب اودھ واجد علی شاہ کے ان خطوط کا مجموعہ ہے جو انہوں نے اپنی محبوبہ نواب نور زماں بیگم کو لکھے تھے۔ کلیم صاحب نے اس کے دو نفیس نسخوں کی مدد سے یہ کتاب مرتب کی ہے اور اس میں ایک مقدمہ کا بھی اضافہ کیا ہے جس سے کلیم صاحب کے تحقیقی انداز نظر کا پتہ چلتا ہے۔"

سید حسن صاحب کے اس بیان میں ایک غلطی ہے۔ تاریخ نور میں نے اس کے "دو نفیس نسخوں کی مدد سے" مرتب نہیں کی ہے۔ تاریخ نور کے صرف ایک واحد نسخے کا مجھے علم ہے جو میری ملکیت ہے اور میں نے مسعود حسن رضوی صاحب سے بھی دریافت کیا تھا کہ ان کی نظر سے اس کا کوئی دوسرا نسخہ گزرا ہے یا نہیں۔ انہوں نے جواب دیا تھا کہ اس کا واحد نسخہ میں نے آپ ہی کے گھر میں دیکھا تھا۔ بات یہ ہے کہ 'تاریخ نور' خطوط کے دو مجموعوں کا نام ہے۔ پہلا مجموعہ تو وہی ہے جسے میں نے ایڈیٹ کیا ہے جس میں واجد علی شاہ کے وہ خطوط ہیں جو انہوں نے نواب نور زماں بیگم کو لکھے تھے۔ اسی نام کا دوسرا نسخہ خدا بخش لائبریری میں موجود ہے جس میں وہ خطوط ہیں جو نواب نور زماں بیگم نے واجد علی شاہ کو لکھے تھے۔ میرا ارادہ تھا کہ ان خطوط کو بھی شائع کر دوں اور اس کی نقل بھی محبوب حسین صاحب نے کی تھی لیکن بات یہ تھی کہ نواب نور زماں بیگم ناخواندہ تھی اور یہ خطوط اس کے لکھے ہوئے نہیں تھے بلکہ اس کی طرف سے اس کے رشتہ داروں نے لکھے تھے۔ اسی لئے میں نے اسے قابل توجہ نہیں سمجھا۔ ایک بات اور کہہ دوں۔ میں نے تاریخ نور کی ایک کاپی محترمی قاضی عبدالودود صاحب کو بھی دی۔ اس کے بعد دائرۂ ادب کی میٹنگ تھی، اس میں قاضی صاحب فرمانے لگے کہ واجد علی شاہ نہایت لچر آدمی تھا۔ اس کی دو سو بیویاں تھیں۔ میں نے کہا وہ لچر آدمی سہی لیکن جو کچھ اپنے مقدمے میں میں نے لکھا ہے وہ دستاویزی ثبوت پہ مبنی ہے۔ یہ کتاب مجھے ڈاکٹر کے۔ کے۔ دت سے ملی تھی اور یہ واحد کتاب واجد علی شاہ پر تھی جس میں ان دستاویزوں سے مدد لی گئی تھی اور اقتباسات پیش کئے گئے تھے جو آج بھی National Archives میں محفوظ ہیں۔ بات یہ تھی کہ انگریزوں نے واجد علی شاہ کے سامنے ایک new Treaty

متعلق وہ صرف اسی قدر لکھتے ہیں :

" فقیر سیراشارتش نمودہ و چشمے آب دادہ۔ حقاکہ دراں تلاش معنیٔ بیگانہ کردہ است وحرف آشنارا بروئے کار آوردہ۔"

انہیں نقطوں میں حشمت کا بھی ذکر ہوتا ہے اور جہاں سجاد کے کلام کا نمونہ گیارہ صفحوں میں پیش کیا گیا ہے وہاں میر کا صرف ایک مبتذل شعر نقل کیا گیا ہے۔

جب نکات الشعرا حیدرآباد پہنچی اور شفیق کی نظر سے گذری جو یقین کا مداح تھا۔ اس نے میر پر سخت اعتراضات کئے۔ تفصیل کی ضرورت نہیں، نکات الشعرا کا ایک ردعمل تذکرۂ شورش میں بھی ہے۔ ایک مختصر سے اقتباسات سے یہ بات ظاہر ہو جائے گی۔

" میر۔ شاعر بے نظیر محمد تقی میر تخلص شاگرد خانِ آرزو متوطن اکبرآباد فی الحال در شاہجہان آباد تشریف می دارد۔ خود فخر شاعران دہلی خود را می دانند چنانچہ در تذکرہ خود شعر شاعرانِ ہندوستانی غلط تلاش نمودہ، مرقوم ساختہ۔ اگر غلط بدست نیامدہ تاہم اعتراض بیجا و اصلاح خود جاری نمودہ در زندہ و مردہ کسے را بسلامت نہ گزاشتہ۔ بعضے اعزہ کہ از و مربوط بودند آں را محفوظ داشتہ۔ غرض عجب کسے است و در تذکرہ مذکور خود را سید نوشتہ اند۔ مردماں می گویند کہ شیخ است چنانچہ کسے گفتہ :

شیخ تقی نام ہو اور میر کہاوے

از وست :

سیر کے قابل ہے دل صد پارہ اس نخچیر کا جس کے ہر ٹکڑے میں ہو پیوستہ پیکاں تیر کا

در مصرع اول قطع اضافت درست داشتہ اند نزدیک شاعران دہر درست نیست :۔

یہ بھی ایجاد میر صاحب ہے

ازیں قبیل۔ نکات الشعرا کا ردعمل اور اس کے Reverberations آب حیات میں بھی ملتے ہیں۔ آزاد لکھتے ہیں : " دیباچہ میں فرماتے ہیں کہ اردو کا پہلا تذکرہ ہے اس میں ایک ہزار شاعر کا حال لکھوں گا۔ مگر ان لوگوں کا نام نہ لوں گا جن سے دماغ پریشان ہو۔ ان ہزار میں ایک بیچارہ بھی طعنوں اور ملامتوں سے نہیں بچا۔ ولی کہ بنی نوع شعرا کا آدم ہے اس کے حق میں فرماتے ہیں :

(۱) خاکسار۔ شعر ریختہ می گوید و خود را دور می کشد و بسیار سفلگی می کند بلکہ از نکستہ آں بنائے ریختہ را آب رسانیدہ۔

(۲) ثاقب۔ در ہمہ چیز دست دارد و ہیچ نمی داند۔

(۳) یک رو۔ دو سہ مرتبہ در مجالس ریختہ دیدہ ام باآنکہ بیگانہ از فن ریختہ بود لیکن خود را ہمہ داں می شمرد۔

یہ تو عام باتیں تھیں۔ میر خاص خاص نکتوں پر بھی اپنی رائے دیتے ہیں۔ مثلاً:

(۱) حاتم: دیکھو طور اس دور کا حاتم نہیں کی ترک شراب ۔ یاد کر کر سبز ردیاں کو وہ اب پیتا ہے بھنگ

میر لکھتے ہیں: در لفظ سبز رویان تامل کردن ضرور است زیرا کہ آشنائے گوش ہیچ مدلول نیست۔

(۲) محمد شاکر ناجی: دیکھ ہم صحبت کی دولت سے نہ رکھ چشم کرم ۔ لب صدف کے تر نہیں ہر چند گوہر آب ہیں

میر کہتے ہیں: بر متامل پوشیدہ نیست کہ پیش مصرع این چنیں می بائیست ع مت رکھے چشم کرم دولت سے اپنے خورد کی۔

(۳) یقین: مجنوں کی خوش نصیبی کرتی ہے داغ مجھ کو ۔ کیا عیش دے گیا ہے ظالم دوانہ پن میں

میر کہتے ہیں: اگر بجائے خوش نصیبی خوش معاشی می گفت این شعر بسیار بامزہ می باشد۔

اس قسم کے اور بہت سے اعتراضات تھے لیکن میر کا اصل جرم یہ تھا کہ انہوں نے یقین سے متعلق لکھا تھا کہ لوگوں کا خیال ہے کہ یقین کو مرزا مظہر جان جاناں غزلیں لکھ کر دے دیا کرتے ہیں اور یہ بھی لکھا تھا کہ یقین سے لوگوں نے غزل کہنے کی فرمائش کی لیکن وہ ایک شعر بھی موزوں نہ کر سکے۔

اس قسم کے اعتراضات سے ان شعرا کے احباب فطری طور پر برافروختہ ہوئے، خصوصاً یقین پر جو انہوں نے حملہ بول دیا تھا اس کا شدید ردعمل ہوا۔ اس کا فوری اثر یہ ہوا کہ فتح علی حسینی نے فوراً نکات الشعرا کا جواب لکھا۔ میر کا ذکر نہیں کیا لیکن روئے سخن میر کی طرف ہے کہتے ہیں کہ: "تذکرہ ہائے اخوان زمان" کے دیکھنے سے یہ پتہ چلتا ہے کہ ان کی تالیف کی علت غائی "خردہ گیری ہمسراں و ستم ظریفی با معاصر است" انہوں نے فیصلہ کیا کہ وہ بھی ایک تذکرہ لکھیں جس کی بنا انصاف پر ہو۔ بہرکیف مقصد جو کچھ بھی ہو ان کے تذکرے کی بنا نکات الشعرا پر ہے اور اکثر شعرا کے ترجمے انہوں نے نکات الشعرا سے نقل کر لیے ہیں اور اپنے دوست یقین کی تعریف مبالغہ آمیز طور سے کی ہے اور میر کے تذکرے کا جواب دینا چاہا ہے۔ میر سے

اگر آپ کولرج سے واقف ہیں تو آپ دیکھیں گے کہ یہاں کولرج کی خوبیاں اور اس کی کمزوریاں دونوں کا بے مثل بیان ہے اردو شعرا کی صورت حال کچھ اور ہے۔ اس مقالے کے آخر میں ساری بحث کا میں نے خلاصہ پیش کر دیا ہے۔ یہاں اس خلاصے کا بھی خلاصہ پیش کرتا ہوں۔

ولی اور ناصر کی نوک جھونک مشکوک ہے۔ مظہر جان جاناں اور آبرو کا معاملہ بھی کچھ یوں ہی سا ہے۔ ضاحک نے مظہر جان جاناں کی شان میں ہزل کہی۔ سودا نے البتہ جان جاناں کی زبان پر اعتراض کیا کہ یہ نہ فارسی ہے نہ ریختہ۔ ضاحک نے سودا کی ہجو کہی لیکن اس میں تنقید بس اسی قدر ہے۔ "فال کا قافیہ ہلال کرے۔ اور "بحر و تقطیع کی نہیں ہے خبر"۔ سودا نے قائم کی ہجو میں کام کی بات صرف یہ کہی۔ اس کی سات بیتوں میں "پانچ ہیں مبتذل بے معنی دو"، اور مکین اور اس کے متبعین پر اعتراضات کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ تلازم الفاظ کے مہمل حد تک دیوانے تھے۔ ندرت کشمیری کی ہجووں میں اس کی زبان "لب و لہجہ" تلفظ پر اعتراض ہے لیکن سب سے زیادہ زور قلم سودا نے سبیل ہدایت میں صرف کیا جس میں ایک سالم دیوان کی بالتفصیل خامیاں دکھلائیں۔ میر کا میدان ہجو نہ تھا۔ بقا کی ہجو میں بھی ادبی نکتے نہیں ملتے البتہ جام کے ساتھ ساتھ کچھ چھینٹے سودا پر بھی پڑ گئے ہیں۔ بقا نے میر پر سرقہ کا الزام لگایا اور سودا اور میر پر اعتراض کیا۔

شعر سودا و میر کے دیکھے   وہ "تو" "تو تو کریں ہیں" یہ "میں میں"

مصحفی نے سودا کے خلاف خوب زہر اگلا — ان کی وفات کے بعد — سودا کم علم تھے فارسی دانی میں ناقص تھے۔ ان کی تعریف بازاریوں تک محدود تھی لیکن مصحفی نے خیالیں نہیں دیں اس لئے ان کی نکتہ چینی کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ سودا کے شاگردوں نے مصحفی کا جواب دیا ان کے شعروں پر اس قسم کے اعتراضات کئے جو اس زمانہ میں رائج تھے۔

مصحفی و انشاء میں سخت نوک جھونک ہوئی بلکہ جھگڑا نوک جھونک کی حد سے بڑھ گیا لیکن اس میں تنقید کا حصہ نہ ہونے کے برابر تھا۔ البتہ گردن والی غزل پر نکتہ چینی ہوئی۔ انشاء کی نکتہ چینی بس اسی قدر ہے:

بلوہ گو مدحت ہو لیکن ضرور کیا   خواہی نخواہی اس کو غزل میں کھپائیے

اور مصحفی کی بھی اسی قدر ہے:

"ہمہ شاعریست از شیطان مشہور تذکرے میر کی شخصیت کو بہت ناگوار بنا دیتے ہیں۔ ان کی خود پسندی، خود بینی، بدمزاجی تذکروں نے اس قدر اُچھالا ہے کہ میر کی شخصیت ناگوار اور بدنما ہو گئی ہے۔ ایک مثال:

"اگر یہ غرور اور بے دماغی فقط امرا کے ساتھ ہوتی تو معیوب نہ تھی۔ افسوس یہ ہے کہ اوروں کے کمال بھی انہیں دکھائی نہ دیتے تھے۔ خواجہ حافظ شیرازی اور شیخ سعدی کی غزل پڑھی جائے تو وہ سر ہلا نا گناہ سمجھتے تھے۔ کسی اور کی کیا حقیقت تھی"

اختصار کے باوجود بھی مضمون لمبا ہوتا جا رہا ہے۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ تذکرہ گو بھی انسان تھے۔ ان میں انسانی کمزوریاں تھیں۔ آپس میں چشمکیں تھیں اور یہ چشمکیں تا دیر ہوتی رہیں۔

تذکرہ نگاروں کی طرح اور ان سے زیادہ شاعروں میں چشمکیں ہوتی رہیں۔ اس سلسلے کی دوسری کڑی کا میرا لمبا مقالہ شاعروں کی نوک جھونک ہے۔ جس میں میں نے یہ دکھانے کی کوشش کی ہے کہ انگریزی میں جہاں اس طرح کی نوک جھونک کا نتیجہ کوئی فنی کارنامہ ہوتا ہے یا کوئی گہری تنقید، اردو میں اس قسم کی چیز نہیں ملتی۔ مقالہ بہت طویل ہے۔ اس لئے میں صرف اپنے conclusions بیان کروں گا۔

شیلی نے Peter Bell the third لکھی اور اس میں کولرج اور ورڈز ورتھ پر طنز کی لیکن یہ طنز تنقید تھی۔ ایک مثال دیکھئے۔ یہ کولرج ہے:

He was a mighty poet-and
A subtle-souled psychologist!
All things he seemed to understand
Of old or new-of sea or land
But his own mind which was a mist

He was a man who might have turned
Hell into Heaven and so in gladness
A heaven unto himself have made
But he in shadows undiscerned
Trusted-and damned himself to madness

باتوں کا اشتہار ہوتا تھا اور بُری باتوں کی پردہ داری۔ نتیجہ یہ ہوا کہ بزرگوں کی خطاؤں، ان کی کمزوریوں پر پردہ ڈال دیا گیا۔ پھر بھی جب یہ خطائیں حد سے گذر جاتی ہیں، جب ان کی کمزوریوں کا گلی کوچوں میں چرچا ہونے لگتا ہے، جب کجروی اتنی بڑھ جاتی ہے کہ چھپائے نہیں بنتی تو اس کی طرف اشارہ ناگزیر ہو جاتا ہے۔ تذکروں کی ورق گردانی کیجئے تو ایسے ہی کچھ اشارے مل جاتے ہیں۔ ان اشاروں کو نظر انداز کرنا حقیقت سے گریز کرنا ہے۔ ان اشاروں سے پتہ چلتا ہے کہ ہمارے شعراء بھی "سیدھے اور تنگ رستے" سے بہت بھٹکتے رہے ہیں۔ اس بات کا احساس ہوتا ہے کہ فن کی ضرورتوں کو پورا کرنے میں ان کی شخصیتوں میں کیسے پیچ وخم پیدا ہو گئے ہیں وہ فن کے سہارے اُبھرتے ہیں، بلند پروازی کرتے ہیں اور پھر اسی فن کی بدولت قعرِ مذلت میں بھی گرتے ہیں۔

ایک میرؔ کو لیجئے۔ ان کی شاعری ایک ناقابلِ انکار حقیقت ہے۔ لیکن اس بات سے بھی انکار ممکن نہیں کہ میرؔ کی شخصیت میں بہت ساری ایسی کجرویاں تھیں جنہیں سراہنا مشکل ہے۔ ان کی بد دماغی اور نازک مزاجی افسانہ بن گئی تھی جس کی تفصیل کی ضرورت نہیں۔ میرؔ کو بھی اس بات کی خبر تھی:

ہے مجلسوں میں نام مرا میرؔ بے دماغ ۔۔۔ از بسکہ کم دماغی نے پایا ہے اشتہار

لیکن صرف یہی نہیں۔ کہتے ہیں کہ Genius اور دیوانگی میں حدِ فاصل بہت کم ہے اور میرؔ کے متعلق روایتیں ملتی ہیں کہ عنفوانِ جوانی میں وہ اپنے دماغ کا توازن کھو بیٹھے تھے۔ دوسری کجروی عشقِ سادہ رویاں تھی۔ میرؔ خاکسار کے منظورِ نظر تھے اور جن لفظوں میں وہ میر عبدالحی تاباںؔ کا ذکر کرتے ہیں ان سے ان کی افتادِ طبیعت کا پتہ چلتا ہے۔

شہروں میں جو عشقِ سادہ رویاں کی مثالیں ملتی ہیں وہ صرف رواجِ زمانہ کے مطابق نہیں۔ ان کی بنا حقیقت پر تھی۔ میرزا مظہر جانِ جاناں کی خانقاہ حسن وجمال بڑی پُر کیف تھی۔ ایک سے ایک حسین اور جمیل شاگرد اور حلقہ بگوش کا جمگھٹا رہتا۔ یقینؔ، فقیہہؔ، دردمندؔ، تاباںؔ تو ان کے منظورِ نظر ہی تھے۔ میر عبدالحی تاباںؔ معشوق عاشق مزاج تھے۔ بقول قاسم "آخر ہائے روزہا امردانِ شیریں ادا وسادہ رویانِ ملاحت آمادر خانہ وے بزور زیور آراستہ وپیراستہ می شوند وحسب الطلب امرائے قزلباش در حیا فہا نشستہ بشب مہمان می رفتند"۔ اور تاباںؔ خود بھی ایک سلیمان نامی لڑکے پہ عاشق تھے۔ میرزا محمد یارؔ، ذکرؔ، غلام احمد دوستؔ، ذکیؔ، رستمؔ، رسواؔ، رضاؔ، شوقؔ، تمکینؔ،

• گردن کو صراحی کے لئے وضع بنا لواں بے جلہ خم بادۂ انگور کی گردن

انشاء نے عظیم بیگ کے ایک مصرعے پر جو اعتراض کیا کہ دوسری بحر میں جا پڑا ہے : "بحر رجز ڈال کے بحر رمل چلے"، اس کا جواب عظیم بیگ سے نہ بن پڑا۔ جرأت اور نوا کے معارضے میں کوئی خاص نہیں۔ ناسخ و آتش میں بھی نوک جھونک ہوئی اور خوب ہوئی لیکن مفید نکتے نہیں ملتے۔ ناسخ کے متبعین نے بقول آزاد جو اعتراضات آتش پر کئے وہ کسی حد تک درست تھے لیکن ان کی نوعیت لفظی گرفت سے زیادہ نہیں۔ نمش، بیگم (بفتح کاف فارسی)، پیشگی وغیرہ۔ نصیر و ذوق میں بھی نوک لیکن نوعیت یہ تھی کہ سنگ میں آتش کا ثبوت چاہیئے، اس شعر میں روانی کا ثبوت نہیں ہے پھول بڑے میں ڈال کر نہیں بھیجتے، دونے میں ڈال کر زیادہ مناسب ہوگا۔ مومن پر بھی اعتراضات ہوئے کہ شمر کو شمرؔ نظم کیا اور نو عروساں کی نئی ترکیب استعمال کی۔ غالب کی مشکل پسندی پر خوب لے دے ہوئی۔ حکیم آغا جان عیش نے یہ قطعہ کہا:

اگر اپنا کہا تم آپ ہی سمجھے تو کیا سمجھے مزا کہنے کا جب ہے اک کہے اور دوسرا سمجھے
کلام میر سمجھے اور کلام میرزا سمجھے مگر ان کا کہا یہ آپ سمجھیں یا خدا سمجھے

اور غالب نے اس قسم کی ساری شکایتوں کا جواب ایک شعر میں دے دیا :

دستائش کی تمنا نہ صلے کی پروا گر نہیں ہیں مرے اشعار میں معنی نہ سہی

آپ نے دیکھا کہ شاعروں کی نوک جھونک میں کوئی خاص ادبی نکتے یا تنقیدی اشارے نہیں ملتے ان کی شخصیت پر البتہ روشنی پڑتی ہے جس کی تفصیل میں میں سر دست جانا نہیں چاہتا۔

اس سلسلے کی تیسری کڑی "شاعر لوگ" (تذکروں کی روشنی میں) ہے۔ اس مضمون کو پڑھ کر سید حسن صاحب نے کہا کہ آپ نے character assassination کیا ہے۔ حالانکہ میں نے جو کچھ لکھا ہے اسے حسب دستور تذکروں سے متعدد اقتباسات دے کر ثابت کر دکھایا ہے۔ میں نے کہا ہے کہ اردو شاعروں کی زندگی کے نجی واقعات نہیں ملتے یا ملتے ہیں تو اس قدر کم کہ نہ ہونے کے برابر۔ اس لئے جو حالات بھی مل جائیں ان کی اہمیت ظاہر ہے۔ اردو میں یہ شیوہ رہا ہے کہ خطائے بزرگاں گرفتن خطاست، اور پھر یہ بھی ہے کہ مُردوں کو خیر کے ساتھ یاد کرو اور جیسا کہ میں نے لکھا ہے : "طرز عمل کچھ اردو ہی تک محدود نہیں۔ انیسویں صدی تک یورپ میں بھی پردہ داری ہوتی تھی۔"[۱۱]

میر حسن، خواجہ حسن، احسن اللہ خاں احسن، شیخ ظہور الدین حاتم، فضائل علی خاں فضائلی، جرأت، مومن، شیفتہ، غالب؛ ان کے علاوہ نہ جانے کتنے عشق پیشہ، حسن پرست، عیاش، اوباش، رند مشرب گذرے ہیں۔ تفصیل کی ضرورت نہیں اشارے کافی ہیں۔ بوالہوسی کی طرح بادہ خواری کی مثالوں کی بھی کثرت ہے۔ عبدالحی تاباں کی ایک extreme مثال ہے لیکن تنہا نہیں۔ جرأت، سکندر، حاتم، رسوا، غالب، اقبال، وغیرہ وغیرہ۔ غرض اچھا شاعر اخلاقی نقطۂ نظر سے اچھا انسان نہیں تھا۔ جلوس شاعراں میں ہر قسم کے لوگ ہیں۔ امرد پرست، رند، عیاش، اوباش، قلندر، سر و پا برہنہ، اندھے، بہرے، پاگل، جذامی، مخنث، ہزال، غرض۔ گلہائے رنگ رنگ سے ہے زینت چمن۔

میں نے ان تین مضامین، "تذکروں کی جنگ"، "شاعروں کی نوک جھونک"، "شاعر لوگ" کا ذکر کچھ تفصیل سے اس لئے کیا کہ ایک تو وہ ابھی کتابی شکل میں شائع نہیں ہوئے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ یوں تو تذکروں کی ورق گردانی سبھی کرتے ہیں لیکن ان مضامین میں انداز نظر جدا ہے، طریق کار بھی جدا ہے اس لئے ان میں ایک قسم کا نیاپن ہے جو دلچسپی کا سبب بن جاتا ہے۔

تنقید کے سلسلے میں صرف ایک اور کتاب کا ذکر کروں گا اور وہ کلیات شاد کا اڈیشن ہے۔ پرانے شعرا کے دواوین یوں تو تحقیقی کام کرنے والوں کا تختۂ مشق ہیں۔ عموماً طریقۂ کار یہ ہے کہ کسی شاعر کے دیوان کے جتنے نسخے مل سکے انہیں اکٹھا کیا اور اختلاف نسخ کی بصد احتیاط حواشی میں نشاندہی کی۔ مجھے اس طریقۂ کار میں بہت کچھ سعیٔ لاحاصل معلوم ہوتی ہے۔ میرا خیال ہے کہ وہی نسخے اہمیت رکھتے ہیں جو شاعر نے خود لکھے ہوں یا جو اس کی نگرانی میں لکھے گئے ہوں، یا جو اس کی زندگی میں لکھے گئے ہوں یا زیادہ سے زیادہ جو اس کے قریبی دوستوں یا عزیز شاگردوں یا معاصرین نے لکھے ہوں یا ان کی نگرانی میں لکھے گئے ہوں۔ ورنہ ایسے نسخے جو نقل در نقل ہوں اور وہ بھی جو شاعر کی زندگی میں نہیں لکھے گئے ہوں ان کی کوئی خاص تحقیقی یا تنقیدی وقعت نہیں۔ یہ جانی بوجھی بات ہے کہ کاتب نقل کرنے میں غلطیاں کرتے ہیں۔ کچھ تو کام کی یکسانی کی وجہ سے طبیعت اکتا جاتی ہے اور sheer boredom کی وجہ سے توجہ بھی چوک جاتی ہے اور نظر بھی۔ کچھ اس وجہ سے بھی کہ ایک پورے دیوان کو نقل کرنے میں غلطیوں کا ارتکاب فطری ہے کاتب کا ہاتھ اور قلم

میر علی نقی کافر سپاہی، شاغل، فدوی لاہوری، شاہ وارث اللہ ہدایت، شاہ محمد واقف واقف، میر بھیکا، ثابت، محمد امام بخش دل، سید نور الحق منعم، خواجہ بخش منتظر، نور اللہ مرزا، میاں امانت۔ غرض کس کس کا نام لیا جائے۔ ظاہر ہے کہ عشق سادہ رویاں شہروں کی حدود سے گذر کر زندگی کا جزو بن گیا تھا اور لطف یہ ہے کہ تذکرہ نگار بھی اسے برا نہیں سمجھتے تھے۔ زیادہ سے زیادہ تذکروں میں ایسے حسین الفاظ اور ایسی رنگین عبارت کا استعمال ہوتا ہے جس سے لذتیت ظاہر ہوتی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سب کے سب فراق کے ہمنوا ہیں۔

"اور امرد پرستی کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے کیونکہ خواہ آپ اسے غیر فطری کہیں، خواہ مکروہ اور ذلیل، خواہ آپ تعزیرات ہند کا سہارا لیں۔ یہ یاد رہے کہ جو لوگ امرد پرستی کے مرتکب رہے ہیں، وہ نہ تو خود جرائم پیشہ ہوتے ہیں، نہ ذلیل نہ رذیل، نہ کمینے نہ عام طور سے خراب آدمی ہوتے ہیں۔ بلکہ کئی امرد پرست تو اخلاق و تمدن اور روحانیت کی تاریخ کے مشاہیر رہے ہیں جیسے سقراط، سیزر، مائیکل اینجلو، سرمد، شیکسپیر، اور دنیا بھر میں جو لکھو کھا آدمی امرد پرست رہے ہیں، وہ نہایت شریف آدمی رہے ہیں۔"

اب ایک دوسری کجی کو لیجئے۔ سوسائٹی کا کچھ ایسا حال تھا کہ عشق اور ہوس پرستی میں کوئی فرق نہیں تھا جس طرح امرد پرستی کا رواج تھا اسی طرح ہوس پرستی عام ہو گئی تھی۔ یعنی ہر بوالہوس نے حسن پرستی شعار کی۔ اردو شاعروں کا معشوق بیسوا ہے اسی لئے اس کے چلن برے ہیں۔ جس قسم کے عشق کی رنگین داستانوں سے اردو شاعری بھری پڑی ہے وہ عشق extra-marital ہے۔ وہ غالب ہوں یا داغ، سبھی اسی عشق کی غزل خوانی کرتے ہیں:

غالب: مانگے ہے پھر کسی کو لب بام پر ہوس — زلف سیاہ رخ پہ پریشاں کئے ہوئے
اک نوبہار ناز کو تاکے ہے پھر نگاہ — چہرہ فروغ مے سے گلستاں کئے ہوئے

داغ: بھنویں تنی ہیں خنجر ہاتھ میں ہے تن کے بیٹھے ہیں — کسی کی آج آئی ہے جو وہ یوں بن کے بیٹھے ہیں
یہ اٹھنا بیٹھنا محفل میں ان کا رنگ لائیگا — قیامت بن کے اٹھیں گے بھبھوکا بن کے بیٹھے ہیں

اور صرف یہ شہروں تک محدود نہیں۔ یہ بوالہوسی زندگی کا جزو بن گئی تھی۔ میر مظفر علی آزاد، شیخ برکت اللہ فریاد، میر حسین حسینی، مولوی سر اللہ منعم، محمد عابد زخشاں، میر مہدی داغ، میر قمر الدین منت،

سے زیادہ اختلافات جو درج کئے گئے ہیں وہ دراصل اصلاحیں ہیں جو شاد اپنے شعروں پر کرتے رہتے تھے۔

"عام نقطۂ نظر کے مطابق شاعر محض ایک ساز ہے جس کے پردے وجدان کی ہوا سے بجتے ہیں۔ وہ نغموں کا خالق نہیں ہے، محض ایک حساس آلہ ہے، تشنۂ مضراب ساز ہے اور جس کی تشنگی کو وجدان اپنے من کی موج کے مطابق رفع کرتا ہے۔ یہ نقطۂ نظر حقیقت سے دور ہے۔ کم سے کم یہ پوری یا ادھوری حقیقت بھی نہیں۔ اگر شاعروں کے اوتکمل مسودوں کو دیکھا جائے تو یہ بات بیّن طور پر واضح ہو جائے گی کہ شاعر مجبور نہیں مختار ہے۔ وہ صرف وجدان پر بھروسا نہیں کرتا، بلکہ شعوری طور پر غور وفکر کرتا ہے، کاوش کرتا ہے، فنی نکتوں، بیان اور حسن بیان کی دشواریوں سے واقف ہوتا ہے۔ انگریزی شعرا کے بہت سے اوتکمل مسودے محفوظ ہیں اور انہیں دیکھنے سے ان کی ذہنی کاوشوں کی تصویر اجاگر ہو جاتی ہے۔ کیسے اور کتنے مرحلوں سے گذر کر نظمیں اپنی آخری کامیاب صورتوں تک پہنچی ہیں۔ الغرض شعر مسلسل ذہنی جد وجہد کا نتیجہ ہے۔ کلیات شاد سے اس حقیقت پر کافی روشنی پڑے گی۔ گرچہ سارا مواد نہ مل سکا لیکن جتنی اصلاحیں یا اختلافات حواشی میں درج ہیں۔ ان سے مسلسل شعری کوشش کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔ اقبال نے کہا ہے۔ سعیٔ پیہم ہے ترازوئے کم وکیف حیات۔ کہہ سکتے ہیں کہ سعیٔ پیہم ترازوئے کم وکیف شاعری ہے۔ ان اصلاحوں کی اہمیت یہی ہے کہ ان سے ثابت ہوتا ہے کہ شاد سعیٔ پیہم کی اہمیت سے واقف تھے اور اس پر عمل بھی کرتے تھے۔ الغرض فن کارانہ حیثیت سے شعر کو انہوں نے اپنا آرٹ بنا لیا تھا۔ یہ نہیں کہ شاد آرٹ برائے آرٹ کے قائل تھے۔ لیکن شاعری کو وہ ایک ریاضت سمجھتے تھے۔ ریاضت، جانکاہی، ہنر یہ الفاظ (اور ایسے بہت سے الفاظ ان کے شعروں میں بھی ملیں گے) اس حقیقت کا بیّن ثبوت ہیں۔ ان میں بھی Tennyson کی طرح ایک قسم کا lapidarian discontent تھا۔ وہ تکمیل کے خواہاں تھے۔ خوب کو خوب تر بنانا چاہتے تھے۔ یہ اور بات ہے کہ کبھی ان کی کاوش کامیاب ہوتی تھی تو کبھی ناکام۔ لیکن ان کی اہمیت یہی ہے کہ وہ تکمیل کے متلاشی تھے اور ریاضت وجانکاہی کا خیر مقدم کرتے تھے۔

کلیات شاد کی حیثیت سنگ میل کی ہے۔ اس میں پہلی بار اس وسیع پیمانے پر مختلف نسخ نہیں بلکہ شاعر کی اپنے شعروں پر اصلاحوں کو، اس کی اپنے شعروں کو خوب سے خوب تر بنانے کی کوششوں کو یکجا کیا گیا ہے۔ دوسری اہمیت اس کی یہ ہے کہ اس حقیقت کو پایۂ ثبوت تک پہنچا دیا گیا ہے کہ

دونوں تھک جاتے ہیں۔ یعنی یہ غلطیاں غیر شعوری ہوتی ہیں۔ کچھ غلطیاں شعوری بھی ہوتی ہیں۔ یعنی کاتب قصداً تغیر و تبدل کر دیتے ہیں۔ خصوصاً پڑھے لکھے کاتب جان بوجھ کر شاعر کے کلام پر اصلاح کر دیتے ہیں۔ اس کے شعروں کو بہتر بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایسے اختلافات جو شعوری یا غیر شعوری طور پر کاتب کے زائیدہ ہوتے ہیں ان کی کوئی اہمیت نہیں اور ایسے اختلافات کو گنانا صرف وقت کی بربادی ہے۔ مثلاً خدا بخش لائبریری میں راسخ کے دو نسخے ہیں۔ میں نے ایک نسخہ دیکھا جو ان دو نسخوں میں سے ایک کی نقل ہے۔ اس نسخے اور اوریجنل نسخے میں کچھ اختلافات ہیں لیکن یہ اختلاف صرف کاتب کے سہو قلم کا نتیجہ ہیں اس لئے ان کی کوئی اہمیت نہیں۔ جب اوریجنل تک رسائی ممکن ہو تو پھر نقل کی طرف توجہ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ کاتب مصرع کا مصرع بدل دیتا ہے۔ دو شعروں سے ایک شعر بنا لیتا ہے۔ الفاظ کا ردوبدل تو اس کے بائیں ہاتھ کا کرتب ہے۔ کاتب کی شعوری یا غیر شعوری تحریف کو نوٹ کرنا لاحاصل ہے۔ البتہ اگر اس بات کی نشاندہی کی جائے کہ کہاں کہاں غیر شعوری یا ارادی تحریف ہوئی ہے، تو وہ ایک مفید چیز ہو سکتی ہے۔ خیر یہ تو جملہ معترضہ تھا۔

کلیات شاد میں مجھے حسن اتفاق سے سید نقی احمد ارشاد سے چند قابل وثوق نسخے مل گئے۔ ایک تو کلیات شاد جلد سوم بخط شاد، دوسرا ناقص نسخہ دیوان اول ہے جس میں شاد نے پہلی بار اپنی غزلوں کو ترتیب دیا تھا۔ تیسری چیز بیاض شاد مملوکہ پروفیسر ذکی الحق تھی جس میں شاد کے مراثی کی اولین شکلیں ہیں، لیکن کچھ غزلیں بھی ہیں۔ چوتھا نسخہ ریاض عمر کے دو جز تھے۔ جو شاد نے خود شائع کئے تھے۔ لیکن دیوان دو جز سے آگے نہ بڑھ سکا۔ پانچواں نسخہ کلام شاد مع اصلاحات شاد۔ قاضی عبدالودود صاحب نے شاد کے منتخب کلام کی اشاعت کا ذمہ لیا تھا۔ یہ اس سلسلے کی پہلی کڑی تھی جس پر شاد بہت برہم ہوئے تھے اور اس کے ایک نسخے کو بقول خود خرید کر انہوں نے اصلاحوں سے رنگ دیا تھا۔ چھٹا نسخہ دیوان ضخیم ہے جسے شاد کے بھانجوں نے کل سات دیوانوں سے ملا کر اشعار ردیف الف کو مرتب کیا تھا۔ ساتواں مطبوعہ دیوان ناکمل مع فارسی دیباچہ ہے جس میں صرف آٹھ غزلیں ہیں۔ ان کے علاوہ وہ اصلاحات ہیں جو شاہ عطاء الرحمٰن صاحب نے شاد کی زبانی سن کر قلم بند کر لی تھیں۔ کہنے کی غرض یہ ہے کہ یہاں کاتب درمیان نہیں اور زیادہ

سال فروری میں میں نے میٹرک کا امتحان دیا تھا۔ محمد حسن صاحب اس کتاب پر ریویو کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"ان کی ذاتی زندگی کی معمولی تفصیلات بھی یا تو سرے سے موجود ہی نہیں ہیں اور اگر ہیں تو بہت دب کر رہ گئی ہیں۔ مثلاً ان کی شادیوں کا تذکرہ صرف اس قدر ہے کہ دو شادیاں بھی ہوئیں اور کیمبرج کا ذکر صرف اتنا ہوا ہے کہ مجھے ۱۹۳۰ء میں اسٹیٹ اسکالر شپ مل گئی اور ستمبر میں ام۔اے کے امتحان کے بعد ہی انگلینڈ روانہ ہو گیا۔

اور وہ پھر لکھتے ہیں:

سب سے بڑی کمی یہ رہ گئی کہ کلیم الدین احمد کی ادبی رایوں کی تشکیل کا کچھ احوال اس آپ بیتی سے نہ کھلا۔ یہ مانا کہ قدیم بیاضوں سے ان کی ادبی پسند اور ناپسند کا کچھ سراغ ملتا ہے لیکن ادبی تنقید اور اقدار کا جو پورا انظام ان کے نام سے پہچانا جاتا ہے اس کے فروغ کا حال اس آپ بیتی میں درج نہیں۔

میں کہہ چکا ہوں کہ پہلی جلد میں ۱۹۲۴ء تک کے واقعات ہیں۔ جس وقت میری عمر ۱۵½ سال کی تھی۔ اس وقت میری شادی نہیں ہوئی تھی اس لئے میری شادیوں کا بیان محمد حسن صاحب کیسے ۱۹۲۴ء میں ڈھونڈھتے ہیں۔ پھر کیمبرج جانے کی بات بھی ضمنی طور پر آ گئی جس نے "اپنی تلاش میں" دیکھی ہے اسے معلوم ہوگا کہ میں اپنی جنم کنڈلی میں جو پیشین گوئیاں تھیں ان کا ذکر کر رہا تھا اور اس سلسلے میں شادیوں اور کیمبرج جانے کا ذکر آ گیا۔

پھر یہ بھی غور طلب ہے کہ پندرہ سال کی عمر میں میں "ادبی تنقید اور اقدار کا جو پورا انظام" میرے نام سے پہچانا جاتا ہے اس کے فروغ کا حال اس آپ بیتی میں کیسے درج کر سکتا تھا۔ شاید محمد حسن صاحب کو یہ خود احساس ہوا کہ یہ demand غلط ہے کیونکہ انہوں نے ایک جملے کا اضافہ کر دیا: ممکن ہے اس آپ بیتی کی اگلی جلد میں ان امور کی طرف توجہ کی جائے۔

یہ تھی مختصر سی باز دید ـــــ میں صاف کہہ دوں کہ میں ادب میں chauvinism کا قایل نہیں۔ مقامی ذہنیت، مقامی تعصب، مقامی تنگ خیالی، مقامی غرور ـــــ ان کی ادب میں کوئی جگہ نہیں۔ سیاسی دنیا میں ابھی تک H.G. wells کا one-world state کا خواب تشنۂ تعبیر ہے۔ لیکن دنیائے ادب، دنیائے تنقید ایک ہے۔ اس میں — many

شاعری وجدان نہیں، الہام نہیں، وحی نہیں بلکہ ذہنی کوہکنی ہے ـــــ جیسا کہ ایلیٹ نے کہا ہے:

> *Probably, indeed the larger part of the labour of an author in composing his work is critical labour, the labour of sifting, combining, constructing, expunging, correcting, testing.*

اور یہ محنت تنقیدی محنت تخلیقی عمل کے وقت بھی ہوتی ہے اور اس کے بعد بھی ہوتی رہتی ہے۔

اب میں ایک اور کتاب کا ذکر کروں گا اور وہ ہے "اپنی تلاش میں"۔ اس کی ابھی ایک ہی جلد شائع ہوئی ہے لیکن دوسری اور تیسری جلدیں بھی لکھی جا چکی ہیں، چوتھی اور آخری جلد ابھی باقی ہے۔ گرچہ یہ خود نوشت سوانح حیات ہیں لیکن اس کتاب سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ میں نے تنقید کی راہ کیوں اور کیسے اختیار کی اور میری تنقید پر کون کون سے شعوری اور غیر شعوری اثرات پڑے ـ جسے میری تنقیدوں سے دلچسپی ہے اس کے لئے اس کتاب کا مطالعہ ناگزیر ہے۔ لیکن اس وقت میں نے اس کا ذکر صرف اس لئے کیا کہ جیسا کہ میں نے کہا ہے میری کتابوں کو پڑھنے، شروع سے آخر تک پڑھنے اور سمجھنے کی کوئی ضرورت نہیں سمجھتا اور مجھے غالب کے لفظوں میں یہ کہنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی کہ:

کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی ـ

'اپنی تلاش میں' کی جلد اوّل میں ۱۹۰۸ء سے ۱۹۲۴ء تک کے واقعات ہیں۔ بعض باتوں کے ساتھ یہ البتہ ہوا ہے کہ ابتدا کرنے کے بعد میں نے انہیں تکمیل تک پہنچا دیا ہے جیسے وہ حصہ جو وہابی تحریک سے متعلق ہے یا وہ حصہ جو ساغر کی نظموں سے متعلق ہے ـ کچھ دن ہوئے میں دلی گیا تھا ـ حمیدہ سلطان صاحبہ نے چائے پر بلا لیا اور مہمانوں میں ساغر صاحب بھی تشریف رکھتے تھے۔ انہوں نے فرمایا: میں نے آپ کا کوئی مضمون دیکھا تھا جس میں طالب علمی کے زمانے میں آپ نے میری ۱۶ نظموں کو پسند کیا تھا اور اپنی بیاض میں نقل کر لیا تھا ـ پھر بعد میں آپ نے انہیں خارج کر دیا تو میں نے بھی ان ۱۶ نظموں کو اپنے دیوان سے خارج کر دیا ہے۔

یہ تو جملۂ معترضہ تھا ـ میں کہہ چکا ہوں کہ اس جلد میں ۱۹۲۴ء تک کے واقعات ہیں ـ اسی

پروفیسر کلیم الدین احمد

تاریخ پیدائش ۱۵ ستمبر ۱۹۰۹ء ابتدائی تعلیم روایتی قاعدے کے مطابق ہوئی، بعد کو محمڈن اینگلو عربک اسکول پٹنہ سٹی، سابق نیو کالج پٹنہ اور پٹنہ کالج میں انگریزی کی تعلیم حاصل کی۔ ۱۹۲۸ء میں پٹنہ یونیورسٹی سے بی۔اے (آنرز)(انگریزی) اور ۱۹۳۰ء میں ایم۔اے (انگریزی) کیا۔ حکومت بہار سے اسٹیٹ اسکالرشپ ملی۔ ۱۹۳۲ء میں کیمبرج یونیورسٹی سے TRI POS (ٹرائی پوس)، اور ۱۹۳۳ء میں جدید زبانوں میں ٹرائی پوس کیا۔ اگست ۱۹۳۳ء میں پٹنہ کالج میں انگریزی کے اسسٹنٹ پروفیسر مقرر ہوئے اور جون ۱۹۳۷ء میں پروفیسر ہوئے۔ ۱۹۵۲ء میں پٹنہ کالج کے پرنسپل مقرر کئے گئے اور ۱۹۵۸ء میں بہار کے ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن مقرر ہوئے۔ ڈائرکٹری کے دوران میں دو بار بھاگلپور یونیورسٹی کی وائس چانسلری کے فرائض انجام دیئے۔ اکتوبر ۱۹۶۴ء سے ستمبر ۱۹۶۷ء تک بہار سکنڈری اسکول اگزامنیشن بورڈ کے اعزازی چیرمین رہے۔ ۱۴ ستمبر ۱۹۶۷ء کو سرکاری ملازمت سے سبکدوش ہوئے اور ۱۵ ستمبر ۱۹۶۷ء سے ۱۷ جنوری ۱۹۷۰ء تک بہار اسکول اگزامنیشن بورڈ کے کل وقتی چیرمین رہے، اس کے بعد فروری سے اگست ۱۹۷۲ء تک خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری کے ڈائرکٹر کی حیثیت سے کام کرتے رہے۔ ۱۹۷۳ء میں 'غالب ایوارڈ' ملا۔ ۱۹۷۴ء سے ترقی اُردو بورڈ کے انگریزی اردو لغت پروجیکٹ کے چیف اڈیٹر ہیں اور پانچ جلدوں کے منجملہ چار مکمل کر چکے ہیں۔

تصانیف: (۱) ڈاکٹر عظیم الدین احمد کے مجموعہ کلام 'گل نغمہ' کا مقدمہ ۱۹۲۹ء؛

اُردو شاعری پر ایک نظر ۱۹۴۰ء؛ دوسرا ایڈیشن، دو جلدوں میں، پہلی جلد ۱۹۵۲ء؛ دوسری جلد ۱۹۵۶ء؛ تیسرا اڈیشن، ترمیم و اضافہ کے ساتھ، دو جلدوں میں، پہلی جلد ۱۹۶۴ء، دوسری ۱۹۶۶ء

اردو تنقید پر ایک نظر: ۱۹۴۲ء؛ دوسرا ایڈیشن (ترمیم و اضافہ کے ساتھ ۱۹۵۷ء؛

اردو زبان اور فن داستان گوئی: ۱۹۴۴ء؛ دوسرا ایڈیشن ۱۹۶۵ء؛

تحلیل نفسی اور ادبی تنقید (انگریزی) ۱۹۴۸ء Psycho Analysis and Literary Criticism؛ سخنہائے گفتنی (مجموعہ مقالات) ۱۹۵۵ء

goodly states and Kingdoms کی علاوہ علاوہ گنجائش نہیں یہ حقیقت مثل روز روشن ہے لیکن :

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم　　چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

نقاد کا فرض ہے کہ وہ آفتاب سے آنکھیں ملائے، سیارہ کو سیارہ سمجھے اور چنگاریوں کو چنگاریاں سمجھے، شعلہ نہیں۔ کبھی کبھی مجھے ایسا لگتا ہے کہ زیادہ سے زیادہ قارئین دل و دماغ سے میری باتوں کو مان لیتے ہیں لیکن زبان سے 'نہیں' رہے نہیں، کہنا اپنی ادا سمجھتے ہیں ۔

●●

خود نوشت : اپنی تلاش میں (جلد اول)، ۱۹۷۵ء (دوسری اور تیسری جلد زیر طبع)

تذکروں کی ترتیب : دیوانِ جہاں، مؤلفہ بینی نرائن ۱۹۵۹ء

دو تذکرے، تذکرۂ شورش اور تذکرۂ عشقی، ۱۹۶۱ء، ۱۹۶۲ء

تذکرہ گلزار ابراہیم، مؤلفہ علی ابراہیم خان خلیل، دو جلدیں، ۱۹۶۸ء، ۱۹۷۲ء

دواوین کی ترتیب : کلیاتِ شاد عظیم آبادی، ۳ جلدیں، ۱۹۷۵ء، ۱۹۷۷ء

دیوانِ جوشش عظیم آبادی ۱۹۷۷ء

رقصِ شرر : مسلم عظیم آبادی کی غزلوں اور نظموں کا مجموعہ ۱۹۷۷ء

ایک اور ترتیب : تاریخ نور (واجد علی شاہ کے خطوط، بیگمات کے نام) ۱۹۷۳ء

نظمیں (مجموعۂ کلام) : ۳۲ نظمیں : (۱۹۶۵ء)، ۲۵ نظمیں (۱۹۶۵ء)

قاضی عبدالودود پر : معاصر قاضی عبدالودود نمبر ۱۹۷۶ء

مقالاتِ قاضی عبدالودود (پہلی جلد) ۱۹۷۷ء (مزید جلدیں زیر طبع، بقیہ ۳ زیر ترتیب)

زیر طبع : Glassory of Literary terms

English Urdu Dictionary تین جلدیں (چوتھی، پانچویں

جلدیں زیر ترتیب -

عابد رضا بیدار

فیروز آباد کا رسالہ

ادیب

[یادش بخیر ! بیس بائیس سال قبل کی بات ہے اپنے عزیز دوست ڈاکٹر اعجاز احمد (جواہر لال نہرو یونیورسٹی) کے ساتھ ان کے وطن فیروز آباد جانا ہوا، وہاں جن ممتاز لوگوں سے بھائی صاحب رفیع الدین احمد (مصنف آنکھوں کے شہتیر) نے ملاقات کرائی ان میں اختر حسین انصاری صاحب (فیروز آباد کے معروف سوشل ورکر) اور رتن لال بنسل صاحب (ہندی کے مشہور ادیب) بھی تھے۔ انصاری صاحب کو متعارف کراتے ہوئے ان کے ساتھ ایک لاحقہ یہ بھی لگایا گیا کہ وہ اردو کے ایک اہم رسالہ ادیب (فیروز آباد) کے مالک میر اکبر علی کے نواسے ہوتے ہیں۔ بعد میں رشتہ کی تفصیل اس طور پر سامنے آئی کہ : میر صاحب کے خسر غلام عابد صاحب تھے۔ غلام عابد صاحب کے ایک بھائی غلام حیدر صاحب تھے۔ غلام حیدر صاحب کے پوتے صفدر حسین صاحب کے فرزند اختر حسین صاحب ہیں جو اپنے نام کے ساتھ انصاری بھی لکھتے ہیں۔ انصاری صاحب کی پیدائش ۱۹۰۱ء میں ہوئی۔ گویا میر صاحب کی وفات کے وقت ان کی عمر ۲۱ سال کی تھی۔ ذیل میں میر اکبر علی کے جو حالات درج کیا وہ انصاری صاحب ہی کے فراہم کیے ہوئے اس مواد پر مبنی ہیں جو میری گزارش پر رتن لال بنسل صاحب نے قلمبند کرکے بھیجا ہے اور جس کے لئے انصاری صاحب اور بنسل صاحب کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے]

(بیدار)

عظیم آباد کے مجاز سیدان کے سید علی نقی جو کسی عربی مدرسہ میں معلم تھے، ان کے تین بیٹے تھے۔ سید تقی علی، سید غلام مصطفیٰ اور سید اصغر علی۔ یہ تینوں بھائی تلاش معاش میں عظیم آباد کی سکونت ترک کرکے الہ آباد چلے آئے، جہاں سید تقی علی نے دیوانی کچہری میں وکالت شروع کر دی، غلام مصطفیٰ ان کے منشی کے طور سے کام کرنے لگے اور اصغر علی عدالت میں اہل کار ہو گئے۔ کچھ عرصہ بعد یہ پیدا خاندان



میر اکبر علی
ایڈیٹر ادیب فیروزآباد

عہدے پر پہنچ گئے۔

اس کے بعد زمانۂ قیام حیدرآباد کی بقیہ کہانی قریب وہی ہے، جو متعدد دوسرے غیرملکیوں کے ساتھ پیش آتی رہی ہے۔

"اسی زمانے میں میر اکبر علی کے مرکزی پولیٹیکل ڈیپارٹمنٹ میں اثر و رسوخ کو استعمال کر کے نواب سرور جنگ نے منسٹر ہو جانے میں کامیابی حاصل کر لی۔ سرور جنگ نے وعدہ کیا تھا کہ اگر وہ منسٹر ہو گئے، تو میر اکبر علی کو بھی منسٹر بنانے میں پوری مدد کریں گے۔ مگر اتفاق سے میر صاحب اور نواب سرور جنگ میں ناچاقی ہو گئی اور دونوں حضرات کا جھگڑا مرکزی حکومت تک پہنچ گیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ نواب سرور جنگ اور میر اکبر علی کو حیدرآباد بدر ہونا پڑا۔ نواب سرور جنگ کو ان کے اثر کے تحت پنشن مل گئی مگر میر اکبر علی خالی ہاتھ حیدرآباد چھوڑ کر چلے آئے۔"

"حیدرآباد سے آنے کے بعد وہ کچھ عرصے راجہ صاحب ناپارہ کے سکریٹری رہے۔ مگر راجہ صاحب کے انتقال ہو جانے پر میر صاحب فیروزآباد چلے آئے۔"

"فیروزآباد آنے کے بعد دو موضع ہمایوں پور اور کرٹھی کو پا خریدے۔ ساتھ ہی شہر کے اندر بھی کافی جائداد خریدلی۔ وہ فیروزآباد میونسپل بورڈ کے سکریٹری بھی رہے اور بعد میں میونسپل کمشنر بھی۔"

اختر حسین انصاری صاحب کے بیان کے مطابق میر صاحب مندرجہ ذیل کتابوں کے مصنّف تھے:

(۱) تذکرۂ دلچسپ : راجستھان اور مدھیہ پردیش کے علاقوں کی پسماندہ اور قدیم اقوام کے رہن سہن، معتقدات اور حالات کے بارے میں۔

(۲) تذکرہ شاہ ابوالعلا اکبرآبادی۔

(۳) تذکرہ شاہ صوفی فیروزآبادی۔

رسالہ "ادیب" جنوری ۱۸۹۸ء سے دسمبر ۱۸۹۸ء تک جاری رہا۔ یہ ایک سال چل کر اس وجہ سے بند ہو گیا کہ اس سال ان کے نو سالہ تنہا فرزند امجد علی کا انتقال ہو گیا تھا۔"

میر صاحب کا انتقال ۳ جون ۱۹۳۲ء کو ہوا۔ ان کی قبر اختر حسین صاحب کے خاندانی قبرستان میں ٹھیک مسجد کے سامنے تھی۔ قبر کا کوئی نشان تو باقی نہیں، مگر وہ جگہ اختر حسین انصاری صاحب کو یاد ہے۔

آگرہ چلا آیا جہاں تقی علی ہائیکورٹ میں پریکٹس کرنے لگے۔

آگرے میں ۱۸۴۷ء کے آس پاس سید غلام مصطفیٰ کے فرزند میر اکبر علی کی پیدائش ہوئی اور اس دوران سب سے چھوٹے بھائی سید اصغر علی کے فرزند لیاقت علی پیدا ہوئے۔ ان دونوں بچوں کی ماؤں کا شیر خوارگی ہی میں انتقال ہو گیا۔ اس لئے دونوں بچوں کی پرورش سید تقی علی کی بی بی نے کی جو خود لاولد تھیں۔

میر اکبر علی، چچا تقی علی کے یہاں پروان چڑھے۔ میر اکبر علی کی پہلی شادی چھوٹے چچا اصغر علی کی بیٹی سے ہوئی جو جلد ہی فوت ہو گئیں۔ ان کے بعد دوسری شادی سید غلام عابد ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس (رئیس محلہ کوٹلہ، فیروز آباد) سے ہوئی۔ دو بچے ہوئے: بڑی بیٹی اصغری بیگم اور چھوٹا بیٹا امجد علی۔ بیٹے کا بچپن ہی میں نو سال کی عمر میں انتقال ہو گیا۔ اصغری بیگم کی شادی چچا زاد بھائی لیاقت علی کے ساتھ ہوئی۔ اصغری بیگم لاولد تھیں۔ ۱۹۴۲ء میں فیروز آباد میں وفات پائی۔

میر اکبر علی کی سروس بک سے پتا چلتا ہے کہ ان کی تعلیم آگرہ کالج آگرہ میں ہوئی جہاں سے ۱۸۷۱ء میں کلکتہ یونیورسٹی کا دسویں درجہ کا امتحان پاس کیا۔ بورڈ کے اس سرٹیفکٹ کے علاوہ آگرہ کالج کے اساتذہ کی جانب سے ملا ہوا ایک اور سرٹیفکٹ بھی ان کے کاغذات میں محفوظ ہے جس میں انگریزی، فارسی اور ریاضی کے اساتذہ نے ان مضامین میں میر صاحب کی ذہانت اور دلچسپی کا ذکر کیا ہے۔

میر صاحب کی زندگی کا بہترین حصہ سرکاری اور نیم سرکاری ملازمت میں گزرا۔ ۱۸۷۶-۱۸۷۷ء میں بورڈ آف ریونیو، الٰہ آباد میں کلرک رہے۔ ۱۸۷۷-۱۸۷۸ء میں اجمیر میں چیف کمشنر کے دفتر میں مترجم (ٹرانسلیٹر) ہو گئے۔ ۱۸۷۹ء میں عدالت خفیفہ، اجمیر میں کلرک ہوئے۔ ۱۸۸۳ء میں اجمیر ہی میں تحصیلداری کے عہدہ پر تقرر ہو گیا۔ کچھ عرصے بعد اجمیر کے چیف کمشنر کو، جس کے ساتھ یہ کام کر چکے تھے، نظام حیدر آباد کے یہاں ریزیڈنٹ مقرر کیا گیا، اور وہ میر صاحب کو اپنے ساتھ لیتا گیا جہاں یہ ریزیڈنٹ کے میر منشی کے طور سے کام کرنے لگے۔ کچھ مدت بعد وزیر اعظم حیدر آباد نواب خورشید جاہ بہادر نے میر صاحب کو ریزیڈنٹ سے مانگ کر اپنا پرسنل اسسٹنٹ مقرر کر دیا۔ وہاں سے ترقی کرتے ہوئے یہ پہلے تعلقدار (یعنی کلکٹر!) ہوئے اور پھر صوبہ صاحب (یعنی کمشنر!) ہو گئے اور بالآخر حکومت نظام کے شعبۂ امور مذہبی کے ڈائرکٹر کے

۱۔ سروس بک کے بموجب سال پیدائش ۱۸۵۲ء ہے۔ لیکن اختر حسین انصاری صاحب کو وہ خود بتایا کرتے تھے کہ زمانۂ غدر میں ان کی عمر دس سال تھی۔

نائن ٹینتھ سینچری، ریویو آف ریویز، چیمبرس جرنل، نیچر وغیرہ کو حاصل ہے۔ انہیں رسایل سے چیدہ آرٹیکل بھی نہایت سلیس اور عام فہم عبارت میں وقتاً فوقتاً ترجمہ ہوا کریں گے۔

(۲) فلسفہ، تاریخ، اخلاق، طبیعیات، تجارت، صنعت و حرفت کے متعلق اعلیٰ مضامین لکھنا۔

(۳) وقتاً فوقتاً ہر قوم اور ملک کے مشاہیر کی زندگی کے حالات شائع کرنا جس سے ہمارے ہموطنوں کو معلوم ہو کہ ہمارے اسلاف کیا تھے اور ہم کیا ہوئے جا رہے ہیں۔

(۴) مختلف ملکوں کے باشندوں کے اخلاق، عادات طرز معاشرت وغیرہ کے دلچسپ حالات طبع کرنا۔

(۵) نامور سیاحوں کے کارناموں کو اشاعت دینا اور اس کے ذریعہ ناظرین کو کبھی عرب کی مقدس سرزمین، کبھی وسط ایشیا کے سبزہ زار کوہستان کبھی افریقہ کے ریگستان اور کبھی یورپ و امریکہ کے مشہور مقامات کی سیر کرانا۔

اُس کے ایک حصہ میں (علاوہ) ولایت کے میگزین و رسایل کے ترجموں کے، چیدہ چیدہ مضامین اردو کے خاص اخباروں اور رسالوں سے مثل اودھ اخبار، روداد، پیسہ اخبار، اخبار عام، چودھویں صدی، حبل المتین، رہبر، نیر اعظم، مفید عام، راجپوتانہ گزٹ، وکٹوریہ پیپر، ہندوستانی، رفیق، نسیم، مخبر دکن، معارف، مرقع عالم، الاسلام، تحفۂ حنفیہ، اصلاح وغیرہ کے منقول ہوا کریں گے ...“ (ادیب: مقاصد: بطور اداریہ) ۱/۱

مندرجہ بالا باتوں میں بعض کو خلاصتہً اور بعض کو مجملاً کہنے کے ساتھ ساتھ بعض امور کا اضافہ اس شمارہ میں شامل ایک اشتہار میں پایا گیا جو اس طرح ہے:

”مقاصد۔ ادیب جو ہندوستان بھر میں اپنی خاص طرز کا ایک بالکل جدید علمی میگزین ہے، عمدہ کاغذ کے پچاس صفحے ہر مہینے میں ایک بار شائع ہوا کرے گا۔ پولیٹیکل معاملات سے مطلق بحث نہ کی جائے گی کیونکہ یہ اخبارات کے لئے موزوں ہیں نہ کہ علمی رسالہ کے لئے۔ اس کی بڑی غرض یہ ہے کہ ملک میں اعلیٰ لٹریچر کا مذاق پیدا کیا جائے اور مغربی فلسفہ اور نیچرل سائنس کے جو حملے آج کل مذہب پر ہو رہے ہیں وقتاً فوقتاً ان کی تردید خود یورپ کے مستند عالموں اور مشہور فلاسفروں کی تصانیف و اقوال سے کی جاوے اور ناظرین کے لئے علوم و فنون تاریخی واقعات اور کار آمد معلومات کا ایک مفید اور دلچسپ ذخیرہ فراہم ہو۔ اس کی ترتیب میں مضامین مندرجہ ذیل کا لحاظ رکھا جائے گا گو یہ ضروری نہیں ہے کہ ایک ہی پرچے میں سب مضمون آجاویں۔

(۱) ولایت کے نامور میگزین اور رسالوں کے آرٹیکلوں کے ترجمے؛ (۲) فلسفہ، اخلاق، تاریخ، طب، طبیعیات، تمدن، معاشرت، صنعت و حرفت، تجارت کے متعلق مضامین؛ (۳) والیان ملک اور ہر قوم کے

(۲) ادیب کے مقاصد:

پہلے شمارہ میں ادیب کی خاص پالیسی یا مقاصد کو اس طرح واضح کیا ہے:

"ماشاءاللہ یوں تو ہندوستان کا کون سا شہر اور قصبہ ایسا باقی رہا ہے، جہاں کوئی نہ کوئی اخبار یا کسی نہ کسی علم و فن کا رسالہ یا کسی نہ کسی سوسائٹی یا انسٹی ٹیوٹ کی جانب سے کوئی میگزین یا جرنل شائع نہ ہوتا ہو۔ یہاں تک کہ اگر ہم اس عام اشاعت کے لحاظ سے ہندوستان کے قدیم حدود اربعہ کی جگہ اب یہ حدود قائم کر دیں کہ اتر میں پنجابی اور پیسہ اخبار، دکھن میں مرہٹہ اور شمس الاخبار، پورب میں بنگالی اور اودھ اخبار، پچھم میں گجراتی اور راست گفتار تو شاید ہر شخص کو اس بات کی منصفی کرنی آسان ہوگی کہ ہندوستان کے چاروں کھونٹ میں ہر مختلف مذہب و ملت کے ہندوستانی سیکڑوں نہیں ہزاروں قوم اسی پریس کے کام میں مصروف ہیں ... لیکن ... جہاں تک ہمارا علم ہے ان اخباروں اور رسالوں میں کوئی پرچہ ایسا (نہیں) ہے جس کی توجہ اب تک اس امر کی طرف رجوع ہوئی ہو کہ موجودہ تعلیم سے جس قدر صدمہ مذہب کو پہنچ رہا ہے، اس کے اندفاع اور انسداد کی کیا تدبیر کی جائے۔ ہمارے محبانِ ملک اور اہل الرائے خاموشی اور افسوس کے ساتھ دیکھ رہے ہیں کہ انگریزی تعلیم کا کیڑا ہمارے ہرے بھرے مذہبی درخت کو اندر ہی اندر کھوکھلا کر رہا ہے اور اس وقت مسلمان اور ہندو دونوں فرقوں کے انگریزی خوانوں میں یہ تمام خیال بڑے شد و مد سے پھیلا ہوا ہے کہ یورپ کے بڑے بڑے فلاسفر اور عقلاء نہ خالقِ عالم کے قائل ہیں اور نہ کسی مذہب کے پابند۔ اس کا (نتیجہ) یہ ہے کہ ملک میں عام طور سے بے دینی روز بروز پھیلتی جاتی ہے اور الحاد و ارتداد مسلط ہوتا جاتا ہے۔ عام تعلیم یافتہ نوجوان جن کو شومیِ بخت سے مذہبی تعلیم کا کوئی حصہ نہیں ملا یہ سمجھ کر کہ یورپ میں بڑے دانشمند اور محقق ہیں ہم کو بھی ان کی تقلید کرنا چاہیے، مذہب کو خیرباد کہتے اور مسلمان روزہ (و نماز) اور ہندو پوجا پاٹ ترک کرتے چلے جاتے ہیں ... ادیب کے جاری کرنے کے دیگر اغراض و مقاصد کے علاوہ سب سے بڑی غرض یہ ہے کہ اس کے ذریعہ یہ ثابت کیا جائے کہ سائنس اور مذہب میں فی الاصل کوئی (تضاد) نہیں ہے ..."

"یہ تو ادیب کی خاص پالیسی ہوگی۔ اس کے علاوہ دیگر مقاصد یہ ہیں:

(۱) اردو زبان کے اعلیٰ درجہ کے لٹریچر کا مذاق پیدا کرنا اور اس وقت ہمارے ملکی تعلیم یافتہ خصوصاً نوجوانوں کے خیالات پر جو خراب اثر گندے ناولوں اور قصہ کہانیوں کی اشاعت سے پڑ رہا ہے اس کے انسداد کی امید نیز اس امر کی کوشش کرنا کہ ادیب اردو زبان میں وہی رتبہ حاصل کرے جو ولایت کے میگزین اور رسالے

وفنون کی کتابوں کے مطالعہ کا عام شوق پیدا ہو۔ اس لئے جو صاحب ہم کو کسی جدید تصنیف یا تالیف سے اطلاع دیں گے ہم اس کی اشاعت میں بشرطیکہ وہ قابل قدر ہو ہر طرح سے مدد دیں گے۔ (اشتہار ۱/۳)

ادیب کے چوتھے شمارہ میں :

"... ایک اور مژدہ یہ دیا گیا ادیب کی اشاعت اب اس حد تک پہنچ گئی ہے کہ آئندہ ششماہی سے اس سال کے لئے اس کی قیمت میں ایک روپیہ کی تخفیف کی گنجائش ان لوگوں کے لئے نکل آئی ہے، جو شروع سال سے درخواست خریداری بھیج کر پچھلے پرچے طلب فرماویں۔ (اداریہ) ۱/۴

شمارہ ۱۲ کے اداریہ میں اڈیٹر کی کم فرصتی اور رسالہ کے بند ہونے کے آثار تھے :

ادیب کا پروگرام' بابت ۱۹۰۰ء کے عنوان کے یہ سطریں بھی تھیں :

"... مجھ کو بعض ضروری مشاغل کے باعث فی الحال اس قدر فرصت نہیں ہے کہ ماہوار اشاعت کا انتظام قائم رہ سکے۔ اس لئے اب یہ تجویز ہے کہ اس سال کی رواں سہ ماہی سے ادیب بطور کوارٹرلی ریویو کے پانچ جز کی ضخامت پر سہ ماہی میں ایک بار شائع کیا جاوے؛ اور اس کے دو جز میں علمی، تاریخی، اخلاقی، تمدنی، مذہبی مضامین، جدید سائنٹفک تحقیقات و علمی ترقیات وغیرہ کے حالات اسی ترتیب سے شائع ہوتے رہیں گے جیسا کہ گذشتہ میں ہوتے رہے ہیں۔ باقی تین جز یعنی ۴۸ صفحوں میں ایک کتاب موسومہ مرقع صد سالہ یعنی ۱۹ ویں صدی کے تاریخی واقعات' علمی و عملی ترقیات' ایجادات و اختراعات وغیرہ کی یادگار شائع کی جاوے ..." (ادیب ۱/۱۲)

یہ ادیب کا آخری شمارہ تھا۔

(۳)

پرچہ کا ایک عام اندازہ کرنے کے لئے ادیب کے اولین شمارے کے مشتملات ملاحظہ ہوں :

ادیب کے مقاصد (اڈیٹوریل) (ذکاء اللہ)؛ علامہ ابن خلدون (ملخص)؛ سال نو کا خیر مقدم (نہال احمد علوی عیدی)؛ برفستان کے باشندے اور ان کی عادتیں (مترجمہ اڈیٹر)؛ عجائبات عالم؛ اشتہارات کتب و رسائل: حامد لے طرائی المعروف بہ الیڈ مصنفہ ہومر ملک الشعرائے یونان ... مولف و مشتہر محمد یاسر علی خاں ولد مولوی احمد صاحب صوفی مرحوم' مہتمم مطبع مفید عام آگرہ؛ رسالہ الاسلام الہ آباد۔ اشتہارات متعلق توسیع اشاعت ادیب؛ ملک کے مشہور مضامین نگار' مصنفین اللہ علمی [illegible] ... التماس۔

مشاہیر کے تذکرے؛ (۴) دنیا کے بڑے بڑے شہروں کی عمارتوں کا ذکر؛ (۵) نامور سیاحوں کی سیر و سیاحت اور مختلف ملکوں کے باشندوں کے رسم و رواج کے متعلق دلچسپ حالات؛ (۶) مہینے بھر کے اخباری یادگار واقعات؛ (۷) نیچرل نظم؛ (۸) کسی مضمون پر اعلیٰ لٹریچر کا نمونہ؛ (۹) نامی اُردو اخباروں اور رسالوں کے اعلیٰ مضامین کا اقتباس؛ (۱۰) کتب مفید اور تصانیف جدید پر ریویو۔

"اس رسالہ میں علاوہ اور امور کے بعض باتیں بڑی مفید و کار آمد ہوں گی۔ مثلاً ایک یہ کہ اس میں ہر مہینے کے اہم یادگاری واقعات درج ہوا کریں گے جو سال تمام کے بارہ پرچوں میں یکجا کتاب کی صورت میں فراہم ہو کر اس سال کے واقعات کی ایک مکمل تاریخ کا حکم رکھیں گے جس کے نشان و حوالہ دینے کی ضرورت ہر زمانہ میں ہوا کرتی ہے۔ دوسرے یہ کہ اس کے ایک حصہ میں علاوہ ولایت کے میگزین اور رسالوں کے ترجموں کے چیدہ چیدہ مضامین اُردو کے نامی اخبارات و رسایل سے منقول ہوا کریں گے۔ اس طریقے سے ہمارے ہمعصروں کے وہ منتخب مضامین جو ان کی اعلیٰ درجے کی علمی قابلیت، محققانہ رائے اور پاکیزہ خیالات کا نتیجہ ہوتے ہیں لیکن پڑھنے کے بعد اخباروں کے ساتھ بیدردی سے ردّی کے حوالے کر دیئے جاتے ہیں معرض اتلاف سے نکل کر ادیب کے صفحوں میں جس کی سالانہ جلد بندی بآسانی ہو سکے گی، ہمیشہ کے لئے محفوظ رہیں گے۔" (اشتہار) ۱/۱

"ادیب کے مضامین میں اس بات کا خاص خیال رکھا جاتا ہے کہ عبارت ایسی صاف سلیس، مغلق اور ثقیل الفاظ سے پاک اور عام فہم ہو کہ معمولی لیاقت سمجھ کے آدمی جو اُردو میں کچھ بھی شد بد رکھتے ہوں، ہر مضمون کو آسانی سے سمجھ سکیں۔" (اشتہار) ۱/۳

لکھنے والوں کو دعوت دی گئی کہ:

"ملک کے مشہور مضامین نگار، جو مضامین ادیب کے لئے عنایت فرما دیں گے وہ شکریہ کے ساتھ طبع کئے جا دیں گے۔ اگر کوئی صاحب کسی خاص مضمون کے لئے نقد معاوضہ چاہیں گے وہ بھی مضمون کی حیثیت اور عمدگی کے لحاظ سے ادیب کی طرف سے پیشکش کیا جائے گا، مگر شرط یہ ہے کہ وہ مضمون کسی دوسرے اخبار یا رسالہ میں ان کی طرف سے شائع نہ ہوا ہو۔ معاوضہ کا تصفیہ پرائیویٹ خط و کتابت سے ہو سکتا ہے۔" (اشتہار) ۱/۳

مصنفوں اور مطبع والوں کو مژدہ دیا گیا کہ:

"ادیب کا ایک بڑا مقصد یہ بھی ہے کہ ملک میں قابل قدر کتابوں کی اشاعت میں کامل مدد کی جائے، تاکہ بجائے گندے ناولوں اور فضول قصے کہانیوں کے اُردو خواں پبلک میں علم، ادب، تاریخ، علوم

یہ منظومہ ایک ہندو شاعر (قرآن) کا ایک منظوم ترجمہ لیکن سات ۲۱ء میں کہا گیا تو محزن قبل الذکر پر چوں کی ایک بار آور شاخ تھا۔ دنیا میں چراغ سے چراغ جلتا آیا ہے ۔

'ادیب' کی نسبت عام رائیں کے عنوان سے مندرجہ ذیل مشاہیر کی چند سطری رائیں دوسرے شمارے میں درج کی گئی ہیں :

محسن الملک ، نذیر احمد ، حالی ، شاہ محمد اکبر ابو العلائی ، عبد الرزاق صاحب البرامکہ ، منشی محمد جان شوخ ظریف عظیم آبادی ، شبلی ۔

(۴)

ادیب کے ۲۷ پرچوں میں بہت کم ایسی چیزیں ہیں جنہیں نظر انداز کیا جا سکے ۔ ذیل میں ہم صنف وار ان کے اہم مشمولات کا تجزیہ پیش کر رہے ہیں جو تحریریں زیادہ مفید اور کار آمد ہیں ان کے اقتباسات بھی دیے جا رہے ہیں ۔ مفید اور کار آمد تحریروں کو تمام و کمال نقل کیا جا رہا ہے :

مذہبیات :

خدا کی نسبت حکمائے قدیم کے خیالات (ماخوذ از کرزن گزٹ) ۱/۵ ؛ تخلیق انسان مطابق قرآن مجید (محمد اکبر ابو العلائی) ۱/۷ ؛ ذات باری تعالیٰ کے متعلق اقوام کے ضرب الامثال ۱/۷ (ملخص از کتاب فلسفۂ امثال ، مولفہ مولوی ذکاء اللہ دہلوی) چینیوں کے بعض مذہبی عقائد (ایڈیٹر) ۱/۳ ؛

فلسفۂ مذہب : خدا ہے اور ایک ہے (سید اعجاز علی اشہری) ۱/۲

الروح ما الروح : اعلم (محمد اکبر ابو العلائی دانا پوری) ۱/۲

۔ آخر میں 'لا اکبر المحبوب' کے عنوان سے اپنی ایک مسلسل غزل بھی دی ہے

قادیانی : مثیل مسیح (محمد مظہر الہادی سہیل) ۱/۳ ؛

۔ مخالفانہ مضمون ، مرزا صاحب کے تازہ دعویٰ مثیل مسیح ہونے پر

عورتوں کا پردہ : نیچر ، سائنس ، مذہب ، استدلال : اجواب ثبوت (سید اعجاز علی اشہری مجوزہ ، ملی العمد ۱/۴) ذیلی عنوانات : پردہ کی تعریف ، فرضیت ، مختلف مذہبوں ؟ جمادات اور حیوانات میں پردہ ؛ سائنس ، مذہب ، علما اور مجتہدین کی رائیں ، سوال جواب ، پردہ کی حمایت میں ایسوا مضمون ؛

دلچسپ و مفید مکالمات (متعلقہ بعلم ہیئت، علم الارض، علم نباتات)؛ کارآمد معلومات؛ ایجاد و اختراع صنعت و حرفت وغیرہ؛ متفرق علمی نوٹس وغیرہ، قیمتی باتیں؛ نصیحت کے عنوان سے ایک نظم با اسم شاعر؛ یادگاری واقعات؛ ریویو: ایک رسالہ البصائر؛ ایک کتاب بحر الحیات — ضخامت: ۳۲ ص + اول و آخر کے چار صفحات۔

اس رسالہ کا سرورق اس طور پر تھا:

ادیب

ایک بالکل نئی طرز کا ماہوار علمی میگزین

زیر ایڈیٹری سید اکبر علی اکبر آبادی

سند یافتہ کلکتہ یونیورسٹی

مطبع مفید عالم آگرہ میں باہتمام محمد قادر علی خاں صوفی چھپ کر مقام فیروز آباد ضلع آگرہ سے شائع ہوا۔

عام قیمت مع محصول ڈاک للعہ / سالانہ، ششماہی ۸/ فی پرچہ (بشرطیکہ موجود ہو) ۸/ "

ادیب کا جو درجہ اپنے معاصر ادب دوستوں اور صحافیوں کے ذہن میں تھا اس کا کچھ اندازہ اس امر سے ہو سکتا ہے کہ مخزن کے اپریل ۱۹۱۰ء کے شمارے میں ایڈیٹر شیخ عبدالقادر نے الٰہ آباد سے جاری ہونے والے اسی نام کے رسالہ ادیب پر جو تبصرہ کیا اس پر خود ادیب کے ایڈیٹر نوبت رائے نظر نے ادیب کے مئی ۱۹۱۰ء کے شمارے میں تبصرہ کرتے ہوئے لکھا تھا:

"ہمارے طباع دوست نے ادیب نام کی فرسودگی پر بھی توجہ فرمائی ہے اور اسے حیدرآباد کے مرحوم ادیب کا محل تناسخ قرار دیا ہے۔ تعجب ہے کہ وہ ایک پرانے اور مشہور ادیب کو بھول گئے جو سید اکبر علی صاحب کی ایڈیٹری میں غالباً فیروز آباد سے شائع ہوا تھا۔ خوش قسمتی سے اس وقت خدنگ نظر نکلتا تھا اور سید صاحب نے ہمیں بھی اس کے تبادلے میں اپنے قابل تعریف پرچے سے سرفراز فرمایا تھا۔ اس کی زندگی بہت تھوڑی ہوئی مگر بارہ تیرہ سال کا عرصہ منقضی ہونے پر بھی اہل نظر اب تک اسے بھولے نہیں ہیں۔ اس طرح ہمارے ادیب پر تناسخ در تناسخ کا مسئلہ صادق آتا ہے، جو دنیا کے ہر نام اور ہر چیز میں موجود ہے۔ ہم اسی کے قائل کرنے

علمِ ہیئت (دنیا الادب، اعظم گڑھ ... الجبیر) ... مضمون نگار سید بیں علی گوہر کے دانش پانے
ہوئے ہیں اور مضمون غالباً اداروں کے الشیر سے نقل ہوا۔

دلچسپ مفید نکات : — متعلق بہ علمِ ہیئت: کیا آفتاب فی الذاتہ سرد ہے؛ ایک نیا ستارہ۔
— متعلق بہ علم الارض: کرہ آتش فشاں؛ — متعلق بہ علم نباتات : سونے والے درخت
(مترجمہ و ملخصہ ایڈیٹر) ۱/۱؛ حیوانات باجے سے متاثر ہوتے ہیں ۱/۳؛ ہوا سے الکٹرسٹی (برقی
قوت) اور اسٹیم (دھواں) کا کام لینے کا حیرت انگیز ایجاد ۱/۴

جدید طبی تحقیقاتیں (کذا) : بعض امراض کا علاج ۱/۷؛ — دق کا علاج؛ جذام کی دوا۔
تردید خوف ۱۸۹۹ء: دافع وہم با دلائل (بقا حسین خاں فلکی منجم اعلیٰ کا نپور) — انتہ نجوم
کرۂ ارض کی ہیئت مجموعی (مرزا مہدی خاں کوکب) ۱/۱۱؛ عجائبات آفرینش: کوہ آتش فشاں
(غالباً خود ایڈیٹر کے قلم سے) ۱/۱۱؛ جیالوجی یا علم ارض (مرزا مہدی خاں کوکب حیدر آباد) ۹/۱

عجائبات عالم : — آسٹریا میں ایک علم دوست امیر کونٹ زیلین نے ۴۰ ہزار پونڈ خرچ
کر کے ایک ایسا جہاز بنایا ہے، جو ہوا میں مثل پرندوں کے اڑے گا ... رفتار فی گھنٹہ ۲۵ میل ہوگی؛
— جاپانیوں نے زلزلہ سے محفوظ رہنے کے لئے ایک طریقہ اختیار کیا ہے جس سے ان کو معلوم ہو جاتا ہے کہ
کب زلزلہ آئے گا۔ ایک آہنی سیخ وہ چھت پر لٹکا دیتے ہیں۔ مقناطیس کی گولی اس کے ساتھ ہوتی ہے۔ زمین
پر تھالی ہوتی ہے، جب زلزلہ آنیوالا ہوتا ہے تو چند منٹ پیشتر گولی تھالی میں گر پڑتی ہے اور یہ لوگ فوراً اپنے اپنے
مکانوں سے باہر آ جاتے ہیں؛ — پروفیسر ناگیندرا چندر ناگ نے آگرہ کالج میں بے تار کے خبر رسانی
کی آزمائش کی ... یہ کام اسی کام کے سلسلہ میں ہے جو وہ بشرکت مسٹر اور ریلی متعلقہ محکمہ گورنمنٹ تار برقی کرتے ہیں۔

- دنیا کا سب سے بڑا نقشہ؛ • دنیا میں سب سے بڑا اُپل؛ • دنیا میں سب سے بڑی نہر؛
- دنیا میں توپ کا نشانہ کا سب سے زیادہ فاصلہ؛ • دنیا میں سب سے بڑا کتب خانہ - ۱/۱
- نینی تال کے واٹر ورکس کا افتتاح نواب لفٹننٹ گورنر بہادر نے فرمایا۔ ۱/۵-۴

ایجاد و اختراع صنعت و حرفت؛ ۴/۱
- بے تار کے پیام برقی بھیجنے کی جدید ایجاد کے تجربے آجکل انگلینڈ میں بڑی کامیابی کے ساتھ جاری
ہیں۔ ایک موقع پر بڑے بڑے سرمایہ داروں، ڈاکخانہ، تار گھر اور جہازوں کی کمپنیوں کے موجود تھے اور باوجود

پہلو۔ (مع افضل الدین الطبیب ؛ ۱/۸ جلالہ القیع و تشبیہ دیا) ، ۱/۲ ۱ بیلیاتہ
(آغا بیگم، نامہ نگار تہذیب نسواں، لکھنؤ) نے ۔ بہت اچھی نسوانی زبان استعمال
سجاد حیدر، 'معارف' کے مضمون مطبوعہ 'چودھویں صدی' (راولپنڈی)، مورخہ ۲۳ مئی کے جوا
'اسلام کی کثرت ازدواجی پر یورپین فاضلوں کی رائیں' ــــ ڈیون پورٹ، کارلائل
آئزک ٹیلر۔

ریویو کتاب - حقیقۃ الازدواج فی اباحۃ الازدواج، مصنفہ منظور الحق آزاد، تعلقہ
احکام الطاعون - بنگلور کے ابوالبرکات مولوی شیخ احمد درویش صاحب قادری متولی مسجد
استفتا کے جواب میں بحوالہ احادیث معتبرہ یہ ثابت کیا ہے کہ جان بچانے کی غرض سے طاعون زدہ شہر کو چھوڑ کر
کوئی شرعی ممانعت نہیں ہے۔ اور یہ خیال جو عوام میں پھیلا ہوا ہے کہ طاعون سے مرنے والے کو بدرجہ مجبو
درجہ شہادت ملتا ہے صحیح نہیں ہے"۔

فسادات پر ــــــــ ۔ بڑی خوشی کی بات یہ ہے کہ بخلاف ماضی اس سال
دخوبی ختم ہوا اور اہل ہنود و اہل اسلام دونوں اس سالانہ تقریب میں اتحاد اور خلوص دل سے شریک
کسی جگہ کسی قسم کا فساد نہیں ہوا۔ ان دونوں قوموں کا اتفاق ملک کے لئے نیک فال ہے۔ اللھم ...
ــــ مدراس پریسیڈنسی کے ضلع تناول میں ہندو مسلمان قوموں میں فساد عظیم ہوا۔ قریب سو آدمیوں کے ...
اور ایک بڑا مندر شیو کاشی کو لوٹ لیا گیا اور کئی گاؤں جلا دیے گئے۔ اب مفسدین گرفتار ہوتے جاتے ہیں

سائنس وغیرہ :

نیچر : ہوا، آگ ؛ پانی، خاک (ذکا راللہ) ۱/۱، ۲، ۳، ۵، ۴) ۳۱ صفحات پر مشتمل
عالمانہ مضمون ـــ
"ـــ میرا مقصود ... یہ نہیں ہے کہ نیچرل سائنس سکھاؤں بلکہ ... اردو زبان کے علم و ادب میں
معلومات کی ایک نئی طرز کی بنا رکھوں اور اپنے ملک کے سرمایۂ دانش کو بڑھاؤں"

ڈارون اور اس کا مسئلہ ارتقا (ایڈیٹر) ۱/۱۱ ؛ مادہ کی حقیقت (منقول ...
شہاب ثاقب : یعنی آسمانی آتشبازی (ایڈیٹر) ۱/۸ ــــ ...
... ہونے والا ہے ... جس کے دیکھنے کے لئے ایک سائنٹفک جم ...

اِس ہفتہ کی اموات: ۱/۷ — ولیم ہنٹر رکسن؛ سابق چیف جسٹس کلکتہ۔ سرا ولیش چندر؛ سوامی بھاسکرانند؛ لکھنؤ کے رئیس الشعراء شمس العلماء سید محمد مہدی؛ آخری شاہ دہلی بہادر شاہ کی بیگم شاہ زمانی بیگم
وفیات ماہ ستمبر بذیل یادگاری واقعات ۸/۱: پنڈت اوتار کرشن آغا؛ مالک اخبار نجم الہند مراد آباد؛ نواب یار جنگ محمد اکرام اللہ خان رئیس کاکوری سابق صوبہ دار گلبرگہ؛ حاجی ہارون جعفر یوسف سیٹھ رئیس پونا؛ دیوان بوٹا سنگھ مالک اخبار آفتاب پنجاب لاہور؛ —
مختصر حالات زندگی، تھیوڈور بک مرحوم سابق پرنسپل محمڈن اینگلو اورینٹل کالج علیگڑھ:
۲ ستمبر ۱۸۹۹ء (منقول از اودھ ریویو) ۱۰/۱
مسٹر گلیڈ اسٹون کی زندگی کے بعض دلچسپ حالات (ایڈیٹر) ۲/۱

سوانح حیات:

حضرت امام علی رضاؑ بن امام موسیٰ کاظمؑ (ابوالمؤید محمد مظہر الباری سہیل امروہوی) ۵/۱؛ علامہ ابن خلدون: ایک مشہور مسلمان مورخ کی دلچسپ سوانح عمری (ملخص) ۱/۱
شمرو کی بیگم کے دلچسپ حالات زندگی ۱۲/۱ — چونکہ شمرو کی بیگم کا ایک باغ اور مقبرہ وغیرہ چند عمارتیں پہلے شہر آگرہ میں شاہ گنج کے متصل واقع ہے اور اس وجہ سے بیگم مذکور کے نام سے بچہ بچہ تک واقف ہے اور اس کی زندگی کے حالات نہایت دلچسپ اور حیرت انگیز ہیں۔ لہٰذا ہم ان کو ... حیدرآباد کے مشہور و ممتاز اخبار مشیر دکن سے اخذ کرکے ذیل میں درج کرتے ہیں تاکہ وہ اخبار کے کالموں کے معرض اتلاف سے نکل کر ادیب کے صفحوں میں مستقل طور پر محفوظ رہیں۔

تعلیم و متعلقات تعلیم:

یونیورسٹی قاہرہ موسومہ الازہر (ایڈیٹر) ۱/۵-۶
لنگٹ سنگھ کالج مظفر پور: سائنٹفک سوسائٹی مظفر پور بنگال کی طرف سے جو اسکول اب تک جاری تھا، اس کو کالج بنانے کے لئے بابو لنگٹ سنگھ زمیندار و ٹھیکہ دار ریلوے نے ۵۰ ہزار روپیہ اور چودھری مکوناتھ دواس زمیندار جینت پور نے ۳۰ ہزار روپیہ کی دو بڑی رقمیں چندہ میں دی ہیں، اولوالعزمی اور توجہ بہ درجہ کی ہے کہ جلد اسکول مذکور ماہ جون میں کالج کے مرتبہ کو پہنچ جائے گا۔ ۱/۵-۶

...نے موسم کے تغیر تارکے رقیہ پیام آمت و کامیابی کے ساتھ پہنچ گئے۔

مفید و دلچسپ معلومات: ۸/۱ ٭ مرض نقرس کا عجیب دفع ...؛
مصر حبل المتین کا ایرانی نامہ نگار لکھتا ہے کہ ... " • چاند میں آبادی؛ • ...
ہونے لگا؛ • کرنیا سے شکر نکالنے کا تجربہ کیا جا رہا ہے؛ • آفتاب کی حدت خانگی اور تجارتی
کے لئے پنڈت شریکا سرکرشن، بنگال نے ایک کل ایجاد کی ہے۔

سیاحت وغیرہ:

عجائبات عالم، ۱/۱؛ • برفستان کے باشندے اور ان کی عادتیں (مرحوم
۱/۱؛ • مسٹر سون ہیڈن کا سفر وسط ایشیا میں (محمد فضل الدین الطیب۔ از بنگال ...)

تعمیرات:

• فن عمارت کے کمال و زوال کا تذکرہ (منشی معین الدین اکبر آبادی) ۱/۳-۴
• مدینہ منورہ میں آنحضرت صلعم کے مزار مبارک پر جو جواہرات لگے ہوئے ہیں۔ ان کی مالیت ۳۰
یعنی قریب تین کروڑ روپے کے شمار کی جاتی ہے۔ ۱/۲ • ڈھاکہ کے مشہور رئیس نواب سر
خان نے حسینی دالان امام باڑہ ڈھاکہ کی مرمت کے لئے دو لاکھ روپے عنایت فرمائے۔ ۱/

وفیات:

• اس مہینہ میں انتقال ۱/۳ مولوی عبدالحق خیرآبادی؛ مولوی عبدالرحمن ...
سپرنٹنڈنٹ پولیس اودھ سے پنشن (صاحب تصنیف و تالیف تھے)؛ ڈاکٹر لائٹنر کالج ...
پنجاب یونیورسٹی کے بانی۔

امواتِ مشاہیر: ۱/۵-۶: آنریبل نواب محمد علی خاں رئیس ... اکبر آباد
شیفتہ (م-۲۰ مئی ۱۹۰۰ء)؛ سید فضل رب قرشی خانہ پور ... بمقام حیدرآباد
سوانح لیتو دھانند سرتی، (۱۸۳۳–۱۸۹۹ء) ۱/۷ (م ... ۱۸۹۹ ... ضیاء ...
کے ... فقیر ... ؛ نواب سید ولایت علی خاں بہادر رئیس اعظم پٹنہ (...)

میں مسلمانوں کی تعداد صرف ۲۶ ہے - ۵/۱-۶

تصنیف و تالیف : • مہاراجہ گائیکواڑ، بڑودہ نے ایک کتاب "از قیصر تا سلطان" ولایت کے مشہور مطبع مسٹر فشر انون کے چھاپہ خانہ میں طبع کرائی ہے؛ • مہاراجہ جے پور نے ایک نہایت دلچسپ کتاب شائع کی ہے - یہ کتاب دربارہ ان زبانوں کے ہے، جو ریاست جے پور میں بولی جاتی ہیں، اور جن کی تعداد ۱۵ ہے - اس کتاب کی صرف سو جلدیں چھپی ہیں؛ • مسٹر جسٹس امیر علی ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کی تاریخ لکھ رہے ہیں - جس میں وہ رسم و رواج اور طرز حکومت بھی لکھا ہے - وہ آج کل رخصت لیکے ولایت گئے ہوئے ہیں اور وہیں اس کتاب کو ختم کریں گے؛ • ریاست جودھپور کے فاضل مصنف کویراج مرار جی نے ایک مذہبی کتاب تصنیف کے صلہ میں فرمانروائے جودھپور سے ۵ ہزار روپیہ کی سالانہ جاگیر حاصل کی • دہلی کی لٹریری سوسائٹی جس کی کارروائیاں عرصہ سے موقوف تھیں پھر جاری ہو گئی ہیں - پہلا لکچر سقراط کی معذرت پر پادری رائٹ صاحب ایم اے نے دیا تھا • اورینٹل کانفرنس جو امسال روما میں ہوگی اس میں شریک ہونے کے لئے حیدرآباد گورنمنٹ کی طرف سے شمس العلما مولوی سید علی بلگرامی ڈیلیگیٹ مقرر ہو کر روانہ ہو گئے (علمی نوٹس) ۵/۱-۶

یادگاری واقعات : • شمس العلما مولوی سید علی بلگرامی کو حضور نظام نے ۲۵ اشرفیاں اور دو مرصع پوشش عنایت فرمائے، جن کی قیمت دو ہزار روپیہ ہے؛ • ندوہ کا سالانہ جلسہ بڑی دھوم دھام سے سہارنپور میں منعقد ہوا - ۴۵ ہزار کے قریب چندہ جمع ہوا؛ • دہلی میں مدرسہ طبیہ کا سالانہ جلسہ ہوا - یہ مدرسہ ہندوستان کے مشہور طبیب حاذق الملک جناب حکیم عبدالمجید خاں صاحب کی ذاتی کوشش اور ہمت سے عمل ہوا ہے - اس وقت ۷۰ طلبا زیر تعلیم ہیں - (یادگاری واقعات) ۳/۱

- دہلی کے خان بہادر سید محمد ضیاء الدین خاں کو اڈنبرا یونیورسٹی نے ایل ایل ڈی کی آنریری ڈگری دی؛
- مہاراجہ صاحب کوچ بہار نے بابو پرسنو کمار سین کلکتہ کے مشہور عالم آٹھ ہزار روپے اس غرض سے عطا فرمائے ہیں کہ اورینٹل کانفرنس میں شریک ہوں اور انگلینڈ جا کر علوم و فلسفہ جدید تحصیل کریں؛
- لکھنؤ کا امیر علی یونیورسٹی میں بمبئی سے کرشنا جی واجے کل یوجاری نامی طالب علم پہنچ کر داخل ہوئے ہیں
- ۱۹۰۶ء کا آخری ہفتہ بخیر و خوبی ختم ہوا - قومی جلسوں کی بڑی دھوم دھام رہی - لکھنؤ میں نیشنل کانگریس، [illegible] کانفرنس، ایریگیشن یونیورسٹی کانفرنس، میرٹھ میں بہادر گڑھ کانفرنس اور کلکتہ میں ایجوکیشنل کانفرنس ہوئی

تحفظ نسل یا انتظام ؛ لاہور کے کھتریوں نے ایک ریزولیوشن پاس کیا ہے کہ ایک عورت کی موجودگی میں دوسری عورت سے شادی کسی طرح مناسب نہیں ہے۔ دوسری شادی کے لئے برادری سے اجازت حاصل کرنا ضروری ہے، جو اس صورت میں دی جائے گی کہ امید اولاد منقطع ہوگئی ہو اور مرد کی عمر ۴۰ سال سے زائد نہ ہو (یادگاری واقعات) ۱/۵ ؛ — راے بہادر گنگا پرشاد نے دربھنگہ کی سرائے میں ایک شفاخانہ کی تعمیر کے واسطے ۳۱ ہزار روپیہ چندہ دیا ہے۔ گورنمنٹ نے اس فیاضی کا شکریہ ادا کیا ہے۔ (یادگاری واقعات) ۱/۵ : ہندی :— مہاراجہ صاحب بیکانیر نے حکم دیا ہے کہ آئندہ سے کل دفاتر ریاست میں ناگری حروف میں کارروائی کی جاوے (یادگاری واقعات) ۱/۵ ؛ آرٹ : — نمائش بمبئی میں مشہور دکنی مصور راجہ روی ورما نے اعلیٰ انعام حاصل کیا۔ (یادگاری واقعات) ۱/۴

• کرزن کا دورۂ ہندوستان کے ان علاقوں کا جو طاعون و قحط زدہ ہیں؛ • راجہ صاحب جنید کو لفٹنٹ گورنر پنجاب نے اختیارات ریاست عطا کئے ؛ • مہاراجہ صاحب بھرت پور کے یہاں فرزند ارجمند تولد ہوا ؛ • مہاراجہ گوالیار نے طوفان زدگان دارجلنگ کے لئے ۵ ہزار روپیہ دیا ؛ • مہاراجہ جے پور نے قحط زدوں کی امداد کے لئے ۲۲ لاکھ دیا اور ۲۵ لاکھ تک کا وعدہ کیا ؛ • مہاراجہ بہاولپور نے لاہور ایچیسن کالج میں مسجد تعمیر کرنے کے لئے ۴ ہزار دیا ؛ • بابو رامچندر ملدوالی کی کوشش سے کلکتہ میں ۲۰ ہزار کا ایک فنڈ ہندو بیواؤں کے لئے قائم کیا ؛ • جگناتھ پوری میں جاتریوں کی آسائش کے لئے کلکتہ کے ایک سیٹھ کنھیالال بوگلا نے ۲۵ ہزار دیا ؛ • علاقہ مدراس کے شہر ... میں سخت طوفان و باران کئی لاکھ کا نقصان ؛ • جنگ ٹرانسوال جاری ، • قحط و طاعون جاری — (یادگاری واقعات) ۱/۴

• حاجی محمد محمود علی خاں صاحب مرحوم و مغفور، رئیس چھتاری کی وفات کے بعد نوابی کا خطاب ان کے فرزند اکبر خان بہادر محمد لطف علی خاں صاحب بہادر کو عطا ہوا۔ (یادگاری واقعات) ۲/۱

راجپوت سبھا کا ایک بڑا مفید کارآمد جلسہ آگرہ کالج بورڈنگ ہاؤس میں ہوا، جس کے پریسیڈنٹ ہمارے شہر کے رئیس اعظم ٹھاکر امراؤ سنگھ صاحب تھے۔ اس جلسہ میں کثرت الاولاد، صغر سنی کی شادی، شادیوں میں فضول خرچی اور بیزاری کے انسداد کے متعلق رزولیوشن پاس ہوئے۔ ۳/۱

مسلمان تعلیم یافتہ : — کلکتہ یونیورسٹی کے امتحانات کا نتیجہ شائع ہوگیا۔ انٹرنس میں ہر قوم کے پاس شدہ طلبا کی مجموعی تعداد ۲۰۵۳ ہے، جن میں ۲۲۳ مسلمان ہیں ... ایف-اے کے ۲۴۸ پاس شدہ

جسٹس امیر علی اس کالج کے ٹرسٹی مقرر ہوئے اور آنریبل جسٹس بدرالدین طیب جی نے ۲ ہزار روپے سرسید میموریل فنڈ کو عطا فرمائے (یادگاری واقعات) ۲/۱؛ — شیخ اصغر علی مشہور سوطین پنجاب نے اپنی پوری تنخواہ ایک مہینہ کی سرسید میموریل فنڈ میں بطور چندہ کے دیدی (یادگاری واقعات) ۵/۱

• ٹھاکر درگا پرشاد سنگھ، رئیس اعظم تعلقہ ملا نیل گاؤں ضلع سیتاپور، سیدھی اور اولوالعزم رئیس ہیں، جنہوں نے نہایت سیر چشمی سے سرسید میموریل فنڈ میں ڈیڑھ سو ہزار روپے کا چندہ عنایت فرما کر ملک کو اس بات کا ثبوت دیدیا کہ سچی فیاضی کے لئے مذہبی یا قومی امتیاز کی ضرورت نہیں ہے۔ ۱/۷

• علی گڑھ کالج میں ۲۵ تاریخ کو چیف جسٹس سر آرتھر اسٹریچی کی صدارت میں مسٹر بیک کی یادگار کے قیام کے لئے جلسہ ہوا، جس میں ۲۵ ہزار چندہ سے جمع کرنا تجویز ہوا، جس کے وظیفے سے کالج کا ایک طالب علم اس شرط پر تکمیل علم کے لئے انگلینڈ بھی جائے گا کہ وہاں سے آکر علی گڑھ کی پروفیسری قبول کرے۔ اب تک ۸ ہزار روپیہ جمع ہوا ہے۔ (یادگاری واقعات) ۱۱/۱

الہ آباد یونیورسٹی میں امتحانات ڈگری ۱۸۸۹ء سے شروع ہوئے۔ گیارہ سال کی گزشتہ مدت میں ۹۱ طلبا نے امتحان ایم اے پاس کیا، ۱۳۹۸ طلبا نے امتحان بی اے پاس کیا اور ۳۳۶ نے امتحان ایل، ایل، بی۔ منجملہ اس تعداد کے ۱۸ ایم اے، ۲۷۲ بی اے اور ام ایل، ایل، بی مسلمان ہیں؛ — ہمارے نئے گورنر جنرل نے مشہور پنڈت کیسری موہن گنگولی کو جو مہابھارت کے مترجم ہیں ۵۰ روپے مہینہ کی پنشن عنایت فرمائی؛ — مدراس یونیورسٹی نے حال ہی میں چار مدرتوں کو ایم اے کی ڈگری دی ہے؛ — مدراس پریذیڈنسی کالج کے ہونہار طالب علم مسٹر رامی مین کو انگلستان جانے کے قصور میں برادری سے خارج کر دیا گیا۔ راجہ صاحب کوچین نے جن کی وہ رعایا میں سے ہیں حکم دیا کہ مسٹر رامی مین اور اس کی زوجہ کسی مندر میں نہ جائیں اور نہ کسی کنوئیں یا تالاب کو چھوئیں۔ نیز اس کے اور اس کی بیوی کے رشتہ دار کسی مندر میں نہ جائیں، جب تک برہمن لوگ اس معاملہ میں آخری فتویٰ نہ دیں۔ ۸/۱

مشہور شاعر رڈیارڈ کپلنگ کو ۵ ہزار پونڈ ملتے تھے کہ آٹھ سطروں کی عبارت دستخطی خود ایک دوا کی تعریف میں لکھ دے، مگر شاعر نے انکار کر دیا۔ اسی شاعر کو لارڈ کا خطاب ملنے والا ہے (علمی نوٹس) ۸/۱

علمی نوٹس ۱۰/۱:— کپلنگ مشہور شاعر و ناولسٹ جس کو لارڈ کا خطاب ملنے والا ہے، پہلے ہندوستان میں اخبار پایونیر الہ آباد کا سب اڈیٹر تھا؛ — ہندو کالج بنارس میں ولایت سے ایک لیڈی پروفیسر بلا تنخواہ کام کرنے آئے؛ — نواب بیگم صاحبہ مرشد آباد نے تعلیم نسواں کے مضامین

• نواب سر حسن اشرف خان بہادر رئیس ڈھاکہ بابو جی گوبند لال کی میعاد ختم ہونے پر بمبئی لیجسلیٹو کونسل کے ممبر مقرر ہوئے • جدید مہاراجہ صاحب دربھنگہ نے اپنے برادر عزیز بہادر مرحوم کی یادگار میں ۵۷ ہزار روپیہ کا چارہ خیراتی کاموں کے لئے عطا فرمایا • مہاراجہ قاسم بازار نے مسلم زنانہ اسکول کے لئے ۱۰ ہزار روپیہ کا چندہ دیا • کلکتہ کے ایک نامی مہاجن لالہ پیارے لال نے چار لاکھ روپیہ کی وصیت مرنے کے قبل کر دی تھی۔ یہ روپیہ ایک جین کالج قائم کرنے میں صرف ہوگا • بنارس ہندو کالج کے لئے چھ لاکھ روپیہ کی ضرورت ہے • اسی مہینہ ہز ہائینس نواب شاہجہاں بیگم صاحبہ والیہ ریاست بھوپال فرمانروائے مدار المہام حاجی عبد الجلیل خان بہادر کو صلہ حسن خدمات بجا لانے پر دو ہزار روپیہ ماہوار کے ڈھائی ہزار روپیہ مشاہرہ مقرر فرمایا • اسی مہینہ نواب صاحب بہاولپور نے عین عالم شباب میں انتقال فرمایا • اس مہینہ میں سلطان موسیٰ علی راجہ لکادیپ کا انتقال ہوا۔ (یادگاری واقعات) ۲/۱

ندوۃ العلما لکھنؤ اور یونیورسٹی علیگڑھ (امجد علی اشہری) ۳/۱

— ہمارے اتفاق نے جو کام کئے وہ کبھی تاثیر سے خالی نہیں رہے... لیکن بعض اتفاق نا اتفاق کے ہاتھوں (مدرسۃ العلوم علیگڑھ کی) اس محمود عمارت کو جس نقصان کا اندیشہ ہے وہ معمولی بھونچالوں بھی سال گزشتہ کے زلزلہ سلہٹ و آسام سے کم نہیں پایا جاتا۔ اسی طرح ہماری دوسری مقدس اور متبرک مجلس ندوۃ العلما، بعض اختلافوں سے جو مخالفت کے درجہ میں پہنچے ہیں اپنے اغراض و مقاصد کو پورا نہیں کر سکتی۔

• بابو بھگوان داس ایم۔ اے ڈپٹی کلکٹر نے اپنے عہدہ سے استعفا دے کر ہندو کالج بنارس کا عہدہ آنریری سکریٹری قبول کر لیا ہے۔ ۱/۵-۶؛ • ہندو کالج بنارس ۱۵ مئی کو کھولا گیا۔ ۱/۵-۶؛ • سنسکرت کالج دہلی میں ۱۵ مئی سے جاری ہو گیا۔ (یادگاری واقعات) ۱/۵-۶

علی گڑھ: — ملک و قوم کے لئے سب سے بڑا یادگاری واقعہ تصفیہ مسئلہ تقرر سکریٹری شپ محمڈن کالج علی گڑھ ہے، جو کالج موصوف کے ٹرسٹیوں کے سالانہ جلسہ میں تاریخ ۱۳ جنوری ۱۸۹۹ء کو نہایت اطمینان بخش طریقہ سے طے ہو گیا۔ اس جلسہ میں کثرت آرا سے مسٹر سید محمود کو لائف پریسیڈنٹ اور نواب محسن الملک بہادر کو سکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔ اختتام جلسہ پر سید محمود صاحب نے اپنی تقریر میں صدارت کو خوشی منظور اور نواب محسن الملک کی دوامی رفاقت کا وعدہ کیا۔ یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ آئندہ کل

قیمت مع محصول ڈاک صرف ۸؍ سالانہ مقرر ہے۔ منشی حامد حسین صاحب مالک رسالہ سے درخواست کرنے پر خریداروں کے نام جاری ہو سکتا ہے۔ (اشتہار) ۱/۱؛ — ممالک شمال و مغرب میں ۱۱۸ اخبار درج رجسٹرڈ ہیں، جن میں ۷۰ ہفتہ وار اور ۴۰ ماہوار اور صرف ۲ روزانہ ہیں؛ جلوۂ محبوب' حیدرآباد (ماہوار گلدستہ) مہتمم و ایڈیٹر غلام صمدانی خاں گوہر حیدرآبادی (ریویو' ۱/۵)' — اس کے دو نمبر موصول ہوئے ہیں۔ ایک حصہ میں دکنی اور ہندوستانی شاعروں کی غزلیں' دوسرے حصے میں لطیفے اور تیسرے حصہ میں ایک جھوڑ دو دو ناول ہیں۔ لیکن سب سے عمدہ حصہ اس رسالہ کا وہ ہے جس میں سریر آرایان سلطنت آصفیہ کا تاریخی سلسلہ شروع کیا گیا ہے؛ — المعلومات' جے پور ۱/۵' — اس بے نظیر علمی رسالہ کے چار نمبر لغایتہ ماہ اپریل ۱۸۹۹ء بڑی آب و تاب سے اس وقت تک شائع ہو چکے ہیں۔ فی الحقیقت ان کو تاریخیٔ معلومات کا ایک نایاب و بیش قیمت مخزن پایا۔ مطبع مفید عام آگرہ سے چھپ کر ریاست جے پور سے شائع ہوتا ہے۔ آخر کے ۲۰ صفحوں میں ایک انگریزی ناول موسومہ عشوہ کا سلیس و شستہ ترجمہ ہوتا ہے اور شروع کے ۱۶ صفوں میں انگلستان کے مشہور مورخ گبن کی تاریخ زوال و انتزاع سلطنت رومتہ الکبریٰ' کا با محاورہ نہایت عمدہ ترجمہ طبع ہوتا ہے۔ اس ترجمہ میں سب سے عمدگی یہ ہے کہ مترجم نے متن تاریخ کو جابجا محققانہ فٹ نوٹ (حواشی) سے مزین کر کے اصل کتاب کی خوبصورتی کو دوبالا کر دیا ہے؛ — شرارہ۔ مرادآباد'، شمس المطابع' باہتمام ایم فضل محمد ۱/۵' — یہ علمی رسالہ ۲۴ صفحوں پر چھپ کر مہینہ میں دو بار شائع ہوتا ہے۔ اس کے تین نمبر اس وقت دفتر ادیب میں آ چکے ہیں۔ اس رسالہ میں باستثنا پولٹیکل مباحث کے معلومات عامہ کے متعلق تازہ تازہ خبریں علمی چون و چرا' پند و نصائح' لطائف، تاریخی و جغرافیائی معلومات، سوانح عمریاں' عجائبات عالم، شعر و سخن، اسلامی معلومات، صنعت و حرفت، سیر دنیا' حفظ صحت' اور طالب علموں کے لئے مخصوص مضامین درج ہوتے ہیں؛ — رفیق ہند کا دوبارہ اجرا ماہ اکتوبر سے (ایڈیٹر محرم علی چشتی) ۱/۸؛ — گلزار ہند (ہفتہ وار) لاہور۔ باہتمام شیخ گلزار محمد ۱/۸؛ — پیام محبوب (ماہنامہ گلدستہ)؛ سرپرستی نواب شمس الملک ظفر جنگ۔ باہتمام غلام حسین داد' ۱/۷؛ — تفریح' (ہفتہ وار) باہتمام منشی راجندر اس بھارگو' مینجر اودھ ریویو ۹/۱ — پبلک گزٹ (ہفتہ وار)' پبلک پریس' امرتسر — اس سال کے جدید اخباروں میں ۱۷ اس (ریلیز) ۱/۱۲؛ — اصلاح (المشتہر: علی حیدر' پٹنہ' محلہ گزری (اشتہار)' ۱/۱۲)؛ — اخبار

ہر دو انعام آٹھ اور چار اشرفیوں کے مشتہر فرمائے ہیں۔ مضامین اجلاس ایجوکیشنل کانفرنس کلکتہ میں پیش ہو کر ان کی نسبت فیصلہ ہوگا ؛ — خواجہ حافظ کی قبر پر کوئی قبہ نہ تھا۔ کچھ عرصہ ہوا ایک دولتمند گبر نے منت مانی کہ اگر اس کی مراد پوری ہو جاوے گی، تو وہ ایک عالیشان قبہ حافظ کی قبر پر تیار کرے گا، جو ایک کھلے میدان میں ایک آہنی کٹہرے سے گھری ہوئی بالکل زمین کے ہموار ہے۔ اب اس کی آرزو پوری ہوگئی اور اس نے اپنے وعدہ کے موافق عالموں سے قبہ بنانے کی اجازت طلب کی۔ دو تین مجتہدوں نے فتویٰ دے دیا۔ اور اس نے کئی ہزار تومان کا مصالحہ وغیرہ جمع کر کے کام شروع کر دیا۔ لیکن سید علی اکبر مجتہد نے لوگوں کو بلا کر عمارت کو خراب کر دیا۔ مگر اخبار جامع العلوم میں سید ضمیر حسن صاحب سیتاپوری نے اس خبر کی تردید میں ایک مضمون چھپوا دیا ہے، خدا کرے وہ صحیح ہو۔

علمی نوٹس وغیرہ ۱/۱۱ • مشہور مالک مطبع الکزنڈر میکملن ۲۵ لاکھ روپیہ نقد چھوڑ کر مرا ؛ • ڈنمارک میں کوئی خاندان ایسا نہیں جس کے تمام آدمی لکھنا پڑھنا نہ جانتے ہوں ؛ • سیام کا ایک شہزادہ تحصیل علم کی غرض سے لندن میں وارد ہوا ؛ • سول سروس کے گزشتہ امتحان میں پاس شدگان کی تعداد ۶۳ ہے، منجملہ ان کے ۷ ہندوستانی ہیں۔ اس وقت ۲۷ دیسی سول سروس میں ہیں۔ اب ان کی تعداد ۳۴ ہو جائے گی ؛ • گورنمنٹ ہند نے مسٹر ٹاٹا کی مجوزہ یونیورسٹی کی سکیم منظور کر لی ہے، عنقریب کونسل میں پیش ہو کر قانون بن جائے گا ؛ • چین میں اخباروں کی قیمت عموماً ایک پائی کے قریب ہوتی ہے۔

اخبارات و رسائل : — (چند معزز اور نامی اخباروں کی رائیں)

ادیب کی تعریف میں منقول از دبدبۂ قیصری بریلی، معین الہند اجمیر؛ رہبر، مرادآباد

فن اخبار نویسی (ایڈیٹر) ۱/۱ ؛ — اخبار بینی کے فوائد (منور خاں) ۱/۲

بصائر ماہوار اسلامی رسالہ۔ باہتمام مولوی بقا حسین خاں فلکی منجم مالیجاہ بہادر (ریویو) ۱/۱

الاسلام، الہ آباد : یہ اسلامی رسالہ الہ آباد سے ہر انگریزی مہینہ کی ۲۵ تاریخ کو شائع ہوتا ہے اس میں اسلامی خبروں کے علاوہ مشہور مورخ علامہ ابن خلدون کی معتبر تاریخ کا اردو ترجمہ اور مشاہیر عالم کی سوانح بھی بہ صفو بندی جداگانہ شائع ہوتے ہیں۔ مسلمانوں کی ترقی اور تنزل کے اسباب ظاہر کر کے قوم کو اسباب ترقی کی طرف متوجہ کرنا اور مخالفین اسلام کے اعتراضات کا جواب دینا بھی اس کے مقاصد میں داخل ہے

جریات بوعلی سینا وغیرہ کی کچھ جلدیں پولیس نے برآمد کرکے جاہلانہ حماقت کی ہیں۔ ساتھ ہی اس کے یہ خبر بھی دیکھنے میں آئی کہ ڈاکٹر گنگا دین کی ایک طبی کتاب "ینگ مینس گائیڈ" کو کلکتہ ہائی کورٹ نے جائز قرار دیا اور عدالت ماتحت نے جو اس کو فحش قرار دیا تھا اس حکم کو منسوخ کر دیا۔ کلکتہ ہائیکورٹ کا یہ فیصلہ نہایت اطمینان بخش ہے۔ کیونکہ طبی کتب خاص کر طبابت پیشہ لوگوں یا اس فن کے عام شائقین کے لئے مخصوص ہوتی ہیں، جن کی تعداد انگلیوں پر گنی جا سکتی ہے۔ ان کے ناظرین کی تعداد ناول کے شائقین کی طرح محدود نہیں ہوتی اور اس لئے ان کا اثر عام نہیں ہوتا۔ اگر جریات بوعلی سینا کو جوڈیشیل نظر سے فحش قرار دیا جائے، تو انگریزی کتب اناٹمی (علم الابدان) کے ترجمے جن میں اعضاء انسانی کے ہر رگ و ریشہ کی تصاویر درج ہوتی ہیں اور جو طبی مدارس سرکاری میں پڑھائی جاتی ہیں بدرجہ اول فحش قرار دیئے جانے کی مستحق ہوں گی۔ ہم نہیں سمجھ سکتے کہ جس صورت میں رسائل مکہ فحش اور مخرب الاخلاق ناول اور ان کے ترجمے کھلے خزانے تین تین چار چار آنے بازاروں اور اسٹیشنوں پر بکتے پھرتے ہیں اور سرکار سے کوئی مزاحمت ان کی فروخت میں نہیں ہوتی، تو جریات وعلی سینا جو ایک خاص فن کی کتاب ہے کس اصول پر قابل اعتراض سمجھی جاتی ہے۔

طب یونانی اول تو ملک کی غفلت اور ناقدری سے یوں ہی نیم جان ہے، اگر اس کی یہ چند کتابیں بھی قانونی شکنجے میں پھنس کر ناقابل الاشاعت قرار پا گئیں تو فن مذکور رہا سہا بالکل نیست و نابود ہو جائے گا۔ یہ ایک بڑا اہم اور نازک مسئلہ ہے جس کو روز روشن میں لانا اور اس پر متانت اور سنجیدگی سے بحث کرکے گورنمنٹ کی توجہ معطوف کرانا اخباروں کا کام ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ ہمارے معزز ہمعصر جلد اس کا نوٹس لیں گے۔ اگر اس بارہ میں ایک خاص کمیٹی سرکار سے مقرر ہو کر رائے طلب کی جاوے اور ملک کے مشہور اطبا و اد باشل حاذق الملک جناب حکیم عبدالمجید خاں صاحب دہلوی، خان بہادر ڈاکٹر رحیم بخش صاحب لاہوری، ڈاکٹر پیارے لال صاحب سند یافتہ لندن، شمس العلماء مولوی محمد ذکاء اللہ صاحب، خان بہادر شمس العلماء مولوی حافظ نذیر احمد صاحب وغیرہ اس کمیٹی کے ارکان مقرر کئے جاویں، تو یہ اہم مسئلہ نہایت عمدگی اور اطمینان کے ساتھ طے ہو سکتا ہے۔" (متفرق علمی نوٹس: از ایڈیٹر) ۱/۴

گلدستۂ تمیز: مصنفہ نواب میر صدرالدین حسین خاں رئیس بڑودہ: ۲۹ مضامین انتظام امور خانہ داری اور دیگر ضروریات زندگی کے متعلق۔ اس سے پہلے مصنف چھوٹی چھوٹی کتابیں مثل گلدستۂ علوم و گلدستۂ وعظ تصنیف کر چکے ہیں۔ (ریویو) ۱/۳

لبسمل (اعظم گڑھ) - مہینہ میں چار بار (اشتہار) ۱/۱۲ -

ادیب کی نسبت چند معزز اور نامی اخباروں کی رائیں، کے عنوان سے کچھ اخبارات و رسایل سے رائیں دی ہیں۔ اس ذیل میں مندرجہ نام ملتے ہیں: ریویو ۱/۲

— اودھ اخبار، چودھویں صدی، راجپوتانہ گزٹ، روزانہ اخبار دہلی، مفید عام آگرہ، سول اینڈ ملٹری نیوز لدھیانہ، ریاض الاخبار، انیس ہند میرٹھ، حبل المتین، کلکتہ، نیر اعظم مراد آباد، مخبر دکن مدراس، جنرل و گوہر آصفی کلکتہ، شرارہ مراد آباد۔

المعلومات، جے پور ، نیرنگ جہاں، جے پور ۱/۲

یہ دونوں رسالے ماہ جنوری ۱۸۹۹ء سے جے پور سے شائع ہونا شروع ہوئے ہیں۔ شہر مذکور میں دو سوسائیٹیاں ہیں، جن میں سے ایک کا نام انجمن تعلیمی اور دوسری کا نام انجمن احباب ہے۔ یہ دونوں رسالے انہیں دونوں سوسائٹیوں کی مساعی جمیلہ کے نتیجے ہیں۔

• المعلومات ۳۲ صفحوں پر ماہوار شائع ہوتا ہے۔ جس کے ۱۶ صفحوں میں اماں جان کا راز نامی ایک ناول جو انگریزی ناول کا ترجمہ ہے طبع ہوتے ہیں اور دوسرے حصے میں گبن صاحب کی مشہور تاریخ کا اردو ترجمہ ۱۶ صفحوں میں شائع ہوتا ہے۔

• نیرنگ جہاں کے پہلے حصہ میں رسالہ کے اغراض و مقاصد کے علاوہ دو مضمون درج ہیں۔ جن میں سے ایک میں تو خاندان مغاربہ کے دو نامور ہیرو یعقوب و عمر کی سوانح عمری شروع کی گئی ہے اور دوسرا مضمون عقل و مذہب کے عنوان سے محمد زکی صاحب کا لکھا ہوا ہے۔ یہ مضمون نہایت دلچسپ اور قابل قدر ہے۔ دوسرے حصہ میں اسکاٹ لینڈ کے ایک مشہور شاعر و ناولسٹ کی لیڈی آف دی لیک کا ترجمہ ہے۔ اس رسالہ کی ضخامت ۳۸ صفحہ ہے۔ المعلومات کے منیجر منشی عاشق علی صاحب اور نیرنگ جہاں کے منیجر ولی محمد صاحب آزاد ہیں۔

کتابیں:

کیا طبی کتابیں داخل فحش ہیں؟

— لاہور کے بعض اخبارات سے معلوم ہوا کہ کشمیری بازار کے کتب فروشوں کی دکان سے

نحش تھا یا نہیں، اور نحش کی تعریف کیا ہے۔ اکثر مستند اہل زبان کی شہادت بھی لی گئی ہے
اور فیصلہ نہایت مدلل لکھا گیا ہے"۔ (ریویو) ۱/۱۰؛ — اردو رائٹر: یعنی نامہ نگار مصنفہ
راجہ جیداس بہار گو، ایڈیٹر و پبلشر اخبار التفریح لکھنؤ؛ — مطبع مفید عام آگرہ: تعریف
میں محسن الملک کے دو خطوط بھی دیے ہیں۔ (ریویو) ۱/۱۰؛ — ضیاء العین: مصنفہ حکیم سید
خورشید حسین لکھنوی، مطبع دبدبۂ احمدی لکھنؤ؛ — بڑی جنتری ۱۹۰۰ء: "ہمارے مخدوم منشی محمد
رحمت اللہ رعد کی اعلیٰ صنعت اور شاق محنت و دیانت کا نمونہ (ریویو) ۱/۱۱؛ —
انگلینڈ اینڈ انڈیا: مصنفہ رائے بہادر لالہ بیجناتھ صاحب، طابع منشی گلاب سنگھ، لکھنؤ؛
— سفرنامۂ انگلستان: فرانس، سوئٹزرلینڈ و سیلون وغیرہ؛ — ذکر رحمانی: مصنفہ قاضی
محمد ابرار احمد خاں، ناشر: نیر اعظم بک ایجنسی مراد آباد؛ — سوانح عمری حضرت گنج مراد آبادی؛
